سبکری کی سرکشی: اس واقعہ کے بعد عبدالرحمن بن جعفر کاتب نے سبکری کے دماغ میں بہت بڑا انقلاب پیدا کر دیا اور رفتہ رفتہ ریاست میں خود پیش پیش ہو گیا اور لوگوں کو یہ خیال گزرا [illegible] سب نے سبکری سے عبدالرحمن کی شکایت کر دی۔ سبکری نے عبدالرحمن کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا اور بجائے اس کے اسماعیل بن ابراہیم بمی کو عہدہ کتابت مرحمت کیا۔ اسماعیل نے نا عاقبت اندیشی کرتے ہوئے سبکری کو دربار خلافت سے مخالفت اور بغاوت پر آمادہ کر لیا اور سالانہ خراج جو بھیجا کرتا تھا اس کو بند کر دیا۔ عبدالرحمن نے جیل سے ایک پوشیدہ خط وزیر السلطنت ابن فرات کے نام لکھا کہ چونکہ میں نے سبکری کو بغاوت اور دربار خلافت سے سرکشی کرنے کی مخالفت اور ممانعت کی تھی اس وجہ سے سبکری نے مجھے قید کر دیا ہے چنانچہ اس سال سالانہ خراج بھی دار الخلافت میں نہیں بھیجا۔ ابن فرات نے مونس کو جب کہ وہ واسط پہنچ چکا تھا۔ سبکری کی سرکوبی اور اس کو گرفتار کر کے بھیجنے کی غرض سے فارس کی طرف واپس جانے کا حکم بھیج دیا۔ مونس اپنے رکاب کی فوج کے ساتھ لوٹ پڑا۔ سبکری کو اس کی اطلاع ہوئی تو تحائف بھیجے اور مونس کے ذریعہ سے اپنے قصور معاف کرانے کی کوشش کی۔ مگر ابن فرات نے ایک نہ سنی۔

سبکری کی گرفتاری: ابن فرات نے محمد بن جعفر کو ایک جرار لشکر سواروں کے ساتھ سبکری کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا اور مونس کو بھیجا کہ تم [illegible] کے بغداد واپس چلے آؤ۔ شیراز کے باہر محمد بن جعفر اور سبکری سے معرکہ آرائی کی نوبت آئی۔ پہلے ہی حملہ میں سبکری نے شکست کھائی اور قلعہ میں جا کر پناہ لی۔ محمد بن جعفر نے قلعہ پہنچ کر محاصرہ کر لیا۔ سبکری نے قلعہ سے نکل کر پھر مقابلہ کیا۔ محمد بن جعفر نے سبکری کو پھر شکست فاش دی۔ سبکری بھاگ کر خراسان کے پہاڑوں میں جا چھپا۔ اسماعیل سامانی والی خراسان نے اس کی جستجو کی اور اس نے ایک دستہ فوج بھیج کے گرفتار کر لیا اور پابہ زنجیر دار الخلافت میں بھیج دیا اور اپنی جانب سے فتح (افشین کا غلام تھا) کو مقرر کیا۔ کچھ عرصہ بعد یہ معزول کر دیا گیا اور بدر بن عبداللہ حمامی کو فارس کی سند گورنری مرحمت ہوئی۔

تبدیلی وزارت: آخری ۲۹۹ھ میں خلیفہ مقتدر نے وزیر السلطنت ابوالحسن ابن فرات کو گرفتار کر کے جیل میں بھیج دیا۔ اس کا مال و اسباب ضبط کر لیا اور اس کے متعلقین کو [illegible] بھی گرفتار کر کے قید کر دیا۔ تین دن تک بغداد میں وزیر السلطنت کے قید کر لینے سے فتنہ و فساد برپا رہا۔ تین برس تین مہینے ابن فرات نے وزارت کی۔ اس کے بعد قلمدان وزارت ابوعلی محمد بن یحییٰ بن عبیداللہ بن یحییٰ کے سپرد ہوا۔ چنانچہ اس نے امور سلطنت کی طرف توجہ کی اور دیوان مرتب کیا۔

ابو علی محمد کی آخری معزولی: چونکہ ابو علی محمد تنگ دل، خود رائے، امور ریاست سے ناواقف، ناعاقبت اندیش اور [illegible] کی وجہ سے [illegible] کام اور [illegible] لہو و لعب میں مصروف [illegible] تھا۔ اس وجہ سے خلیفہ مقتدر نے ابوالحسین بن ابی البغل کو عہدہ وزارت پر مقرر کرنے اور ابو علی محمد کو معزول کرنے کا قصد کیا۔ [illegible] مقصد کے لیے ابوالحسین کو اصفہان سے طلب فرمایا۔ ابو علی محمد نے [illegible] اس کا عزل اور ابوالحسین کی تقرری [illegible] کے [illegible] لہو و لعب [illegible] مصروف [illegible] انتظام سلطنت سے [illegible] وزیر [illegible] کے عہدوں کے [illegible] سلطنت [illegible] مراسم خلافت کے [illegible] تمام [illegible] پیش [illegible] گئے [illegible] چھپا دیا۔

ابن فرات کی رہائی: [illegible] خلیفہ مقتدر نے [illegible] سلطنت ابن فرات کو [illegible] کے [illegible] میں [illegible] سے [illegible] تھا [illegible] وزارت [illegible] علی بن عیسیٰ [illegible] سے طلب کرنے [illegible] عہدہ وزارت سے معزول فرمایا اور ابو علی محمد [illegible] عیسیٰ نے عہدہ وزارت [illegible] انتظام سلطنت کی طرف [illegible] ابو علی محمد نے [illegible]

اہل صقلیہ کی اطاعت و انحراف: [illegible] عبید اللہ مہدی نے [illegible] کی جانب سے [illegible] تھی چونکہ [illegible] تنگ [illegible] زیادہ تھا۔ اہل صقلیہ [illegible] اور ایک جلسہ عام منعقد کر کے احمد بن [illegible] کو اپنے [illegible] پر مقرر کیا [illegible] بغاوت [illegible] احمد بن [illegible] خلیفہ مقتدر کی خلافت کی [illegible] اہل صقلیہ نے [illegible] خطبہ [illegible] خلیفہ مقتدر کے نام کا خطبہ پڑھا [illegible] جہاز [illegible] مہدی کے جنگی جہاز [illegible] عبید اللہ مہدی [illegible] اہل صقلیہ [illegible] مہدی کا [illegible] خلیفہ مقتدر نے احمد کو [illegible] بھیجے۔ اس کے بعد مہدی نے ایک [illegible] اہل صقلیہ نے [illegible] بغاوت [illegible] احمد کو [illegible] مہدی کے پاس بھیج دیا۔ مہدی نے [illegible] قتل کر ڈالا۔

ولی عہدی: [illegible] خلیفہ مقتدر نے اپنے بیٹے ابو العباس کو ولی عہد مقرر کیا [illegible] خلافت پر [illegible] الراضی باللہ کے لقب سے ملقب کیا تھا۔ جس وقت خلیفہ مقتدر نے اس کی ولی عہدی کی بیعت کی تھی وہ چار برس کا بچہ تھا۔ ولی عہدی کی بیعت لینے کے بعد مصر اور مغرب کی گورنری مرحمت فرمائی اور مونس خادم کو اس کا نائب [illegible] مصر و مغرب روانہ کیا [illegible] دوسرے بیٹے [illegible] کی [illegible]

اطروش کا ظہور: یہ اطروش عمر بن علی زین العابدین کی اولاد میں سے تھا۔ نام اس کا حسن تھا۔ علی بن حسن بن علی بن عمر بن علی زین العابدین بن حسین بن علی بن ابی طالب کا بیٹا تھا۔ محمد بن زید کے قتل ہونے کے بعد دیلم چلا گیا اور انہیں لوگوں میں تیرہ برس تک رہا۔ وہاں اسلام کی دعوت اور تعلیم دیتا اور عشر لینے پر کفایت کرتا تھا اگرچہ ان کا بادشاہ ابن حسان اس کی مدافعت کرتا رہتا تھا مگر ایک گروہ کثیر اطروش کی ہدایت سے دائرہ اسلام میں داخل ہو گیا۔ اطروش نے ان لوگوں کے لئے مسجدیں بنوائیں اور ان کو مجتمع و مرتب کر کے ان سرحدی بلاد اسلامیہ پر حملہ آور ہوا جو ان کی سرحد سے ملتے تھے۔ مثلاً قزوین اور سالوس وغیرہ۔ ان لوگوں نے اطروش کی ہدایت قبول کر لی۔ اطروش نے سالوس کی شہر پناہ کو منہدم کرا دیا۔ بعد ازاں دیلم کو طبرستان پر حملہ کرنے کی ترغیب دی۔ چونکہ اس وقت طبرستان احمد بن اسماعیل بن احمد بن سامان کا مطیع تھا اور احمد بن اسماعیل نے محمد بن ہارون کو بوجہ سرکشی و بغاوت معزول کر کے ابو العباس عبد اللہ بن محمد بن نوح کو طبرستان کی حکومت پر مامور کیا تھا۔ اس نے اہل طبرستان کے ساتھ نہایت اچھے برتاؤ کئے۔ عدل و احسان سے اپنا گرویدہ اور ان علویوں کو جو طبرستان میں تھے اپنا ممنون احسان کر لیا تھا۔ انہیں وجوہات سے دیلم کو طبرستان پر حملہ کرنے کی جرأت نہ ہوئی اور اس نے اطروش سے صاف لفظوں میں انکار کر دیا۔

اطروش کا طبرستان پر قبضہ: کچھ عرصہ بعد احمد بن اسماعیل نے ابو العباس کو معزول کر کے سلام نامی ایک شخص کو مامور کیا۔ یہ نہایت کج خلق اور ظالم تھا۔ اس نے بیدار مغزی سے کام نہ لیا۔ اہل دیلم نے جو طبرستان میں تھے بغاوت کر دی۔ سلام اور اہل دیلم سے لڑائیاں ہوئیں فتنہ و فساد کا دروازہ کھل گیا۔ سلام نے مجبور ہو کے حکومت طبرستان سے استعفا دے دیا۔ احمد بن اسماعیل نے ابن نوح کو پھر حکومت طبرستان پر مقرر کر دیا۔ فتنہ و فساد فرو ہو گیا۔ بد انتظامی دفع ہو گئی تا آنکہ بعد چند روز کے ابو العباس مر گیا۔ بجائے اس کے محمد بن ابراہیم بن صعلوک مقرر کیا گیا۔ اس نے سلام کی چال اختیار کی اور اہل طبرستان و دیلم کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کئے۔ اطروش کو موقع مل گیا۔ دیلم کو غیرت دلائی اور طبرستان پر حملہ کرنے کی بھی ترغیب دی۔ اہل دیلم محمد کی کج خلقی سے تنگ آ کے تیار ہو گئے۔ محمد نے یہ خبر پا کے لشکر مرتب کر کے سالوس سے ایک منزل کے فاصلے پر بورخ کے دریا کے کنارے مورچہ قائم کیا۔ اطروش نے پہلے ہی حملہ میں ہزیمت دے دی اور اس کے ہمراہیوں میں سے چار ہزار کو تلوار کے گھاٹ اتار دیا۔ باقی لشکر نے بھاگ کے سالوس میں پناہ لی۔ اطروش نے بورخ کے محاصرہ ڈال دیا۔ تا آنکہ محصورین نے امان طلب کی۔ اطروش نے ان لوگوں کو امان دے کر آمل کی طرف واپس آیا۔ بعد اس کے حسن بن قاسم علوی (یہ اطروش کا داماد تھا) ان محصورین کے پاس آ پہنچا اور اس حیلہ سے کہ اس نے ان کو پناہ نہیں دی تھی ان کو مار ڈالا۔ اس فتح یابی کے بعد اطروش نے صوبہ طبرستان پر قبضہ کر لیا اور ابن صعلوک بھاگ کے رے چلا گیا۔ یہ واقعہ ۳۰۱ھ کا ہے۔

اطروش کا قتل: اطروش مذہباً زیدی شیعہ تھا اور جو لوگ سفید رود سے آمل تک کے رہنے والے اس کے ہاتھ پر ایمان لائے وہ بھی اسی کے پیرو ہو گئے۔ اطروش نے سالوس پر قبضہ حاصل کر کے آمل کی طرف کوچ کیا۔ ابن صعلوک نے ابن سامان کی پشت گری سے ایک فوج اطروش سے مزاحمت کرنے کو روانہ کیا۔ اطروش نے اس کو ہزیمت دے کر آمل کی جانب مراجعت کر دی۔ بعد ازاں ۳۰۴ھ میں سعید والی خراسان نے اطروش پر حملہ کیا اور اس کو مار ڈالا۔

---

۱ اصل کتاب میں اس مقام پر یونہی لکھا ہے۔ مترجم

اطروش کی سیرت و کردار اطروش بڑا [illegible] متقی اور [illegible] تھا ۔ چنانچہ [illegible] اس کی زندگی میں [illegible] تھی۔ کسی لڑائی میں اس نے [illegible] کا [illegible] نہ کیا تھا [illegible] اس [illegible] نے [illegible] ہے [illegible] حسن بن [illegible] حسن بن قاسم [illegible] کے [illegible] اطروش کے [illegible] بیٹے تھے حسن ابو القاسم اور حسین [illegible] کے [illegible] سالار [illegible] تھے ۔ [illegible] دیلم کے تھے [illegible] سالار [illegible] دیلمی تھے [illegible] زیادہ [illegible] کا صاحب تھا۔

مہدی کا اسکندریہ پر قبضہ ۳۰۲ھ میں عبید اللہ مہدی نے ایک عظیم الشان لشکر اپنے [illegible] بیٹے [illegible] سپہ سالار [illegible] کے ساتھ [illegible] اسکندریہ [illegible] خلافت [illegible] خلیفہ مقتدر نے [illegible] مونس خادم [illegible] ایک لشکر [illegible] روانہ کیا [illegible] مونس خادم نے ماہ جمادی الاولیٰ میں مصر کے قریب پہنچ کر [illegible] لڑائی [illegible] اور [illegible] شکست فاش دی [illegible] باقی لشکر [illegible] مغرب کا راستہ [illegible] مغرب [illegible] کے مقتولوں اور قیدیوں کی تعداد سات ہزار بیان کی جاتی ہے۔

حسین بن حمدان کی سرکشی اور گرفتاری حسین بن حمدان [illegible] پہلے مال [illegible] مطالبہ کیا [illegible] حسین نے [illegible] کر دیا [illegible] اس کی [illegible] ایک عظیم الشان لشکر کے [illegible] ۳۰۳ھ میں [illegible] مونس خادم کے نام [illegible] خلافت [illegible] حسین نے [illegible] مونس خادم کے پاس پہنچے [illegible] حسین [illegible] اس وقت [illegible] حسین [illegible] کی [illegible] عبد الوہاب کو گرفتار کر لیا [illegible] بغداد [illegible] خلیفہ مقتدر نے حسین کو [illegible] ساتھیوں کی گرفتاری کا حکم دیا [illegible] ۳۰۶ھ میں [illegible] حسین کے قتل کا حکم دیا۔

ابن فرات کی دوبارہ وزارت [illegible]

مصیبت جھیل رہا تھا مگر اس کے باوجود خلیفہ مقتدر اکثر اس سے امور سلطنت میں مشورہ کرتا اور اس کی رائے کے مطابق عملدرآمد کرتا تھا بعض درباری دوست خلیفہ مقتدر سے دوبارہ ابن فرات کو وزیر مقرر کرنے کی سفارش کرتے تھے رفتہ رفتہ اس کی خبر وزیر السلطنت علی بن عیسیٰ تک پہنچ گئی۔ اس نے بہ خیال انجام وزارت سے مستعفی ہونے کا قصد کیا مگر خلیفہ مقتدر نے منظور نہ فرمایا۔ کچھ عرصہ بعد یہ واقعہ پیش آیا کہ محل سرائے خلافت کی قہرمانہ وزیر السلطنت کے پاس کسی کام کی ضرورت سے آئی اتفاق سے اس وقت وزیر السلطنت سو رہا تھا۔ کسی نے اس کو نہ جگایا۔ قہرمانہ واپس آئی۔ خلیفہ مقتدر اور اس کی ماں سے وزیر السلطنت کی شکایت کی۔ خلیفہ نے اسی وقت وزیر السلطنت کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا (یہ واقعہ ماہ ذی قعدہ ۳۰۴ھ کا ہے) اور ابن فرات کو دوبارہ قلمدان وزارت سپرد کیا۔ اور یہ اقرار لیا گیا کہ ایک ہزار پانچ سو دینار روزانہ بیت المال میں داخل کیا جائے۔ علی بن عیسیٰ کے ساتھ خاقانی اور ان دونوں کے مصاحبوں اور نائبوں کو بھی گرفتار کرا لیا۔ ابو علی بن مقلہ جو اس زمانہ میں روپوش تھا جب سے کہ ابن فرات کو قید کیا گیا تھا تبدیلی وزارت کے بعد ہی ظاہر ہو گیا۔ ابن فرات نے اسے طلب کر کے اپنے مصاحبین خاص میں داخل کر لیا۔

یوسف بن ابی الساج کی گورنری: ہم اوپر تحریر کر چکے ہیں کہ محمد بن ابی الساج کے انتقال کے بعد یوسف بن ابی الساج ۲۸۸ھ میں صوبہ جات ارمینیا اور آذربائیجان کا گورنر مقرر ہوا۔ جنگی انتظامات اور مال کے محکمے اسی کے سپرد ہوئے۔ چنانچہ وہ خراج مقررہ برابر ادا کرتا تھا۔ جس وقت خاقانی اور علی بن عیسیٰ نے قلمدان وزارت پر قدم رکھا یوسف نے خراج کے بھیجنے میں پہلو تہی شروع کر دی کسی سال کچھ روانہ کر دیتا اور کسی سال مطلق روانہ نہ کرتا اس سے رفتہ رفتہ یوسف کی قوت بڑھ گئی اور جس امر کا وہ خواہاں تھا یعنی دولت اس نے فراہم کر لی۔ اسی اثناء میں یہ خبر گوش گزار ہوئی کہ وزیر السلطنت علی بن عیسیٰ عتاب شاہی میں گرفتار ہو کے جیل میں ڈال دیئے گئے۔ فوراً یہ ظاہر کر دیا کہ وزیر السلطنت علی بن عیسیٰ کی سفارش سے دربار خلافت سے مجھے حکومت رے کی سند عطا ہوئی ہے۔ ان دنوں رے کی حکومت محمد بن صعلوک کے قبضہ میں تھی۔ محمد بن صعلوک امیر نصر بن احمد بن اسماعیل سامانی کے سپہ سالاروں سے تھا اور اس کی طرف سے رے کی حکومت پر مامور تھا۔ مگر بعہد وزارت علی بن عیسیٰ محمد نے رے کو دبا لیا تھا اور براہ راست دربار خلافت سے خراج ادا کرنے کی شرط پر سند حکومت رے حاصل کر لی تھی۔ ۳۰۴ھ میں یوسف نے محمد پر فوج کشی کر دی۔ محمد بے خبر پا کر خراسان بھاگ گیا۔ یوسف نے بلا جدال و قتال رے، قزوین اور زنجان پر کامیابی کے ساتھ قبضہ حاصل کر لیا۔

صوبہ رے کے واقعات: یوسف نے اس فتح کامیابی کے بعد وزیر السلطنت ابن فرات کی خدمت میں فتح کا اطلاع نامہ روانہ کیا جس میں یہ تحریر کیا "میں نے حسب حکم وزیر السلطنت علی بن عیسیٰ باغیان دولت عباسیہ سے قابضان صوبہ رے کو خالی کرا لیا۔ اس مہم سے میری غرض یہ تھی۔ بعد خالی ہو جانے کے معروض ہوں کہ وزیر السلطنت نے اس صوبہ کی سند حکومت بھی مجھے عطا فرمائی ہے۔ خلافت مآب اس مضمون کو سن کر متعجب ہوئے حکم دیا کہ معزول وزیر علی بن عیسیٰ سے یہ معاملہ دریافت کیا جائے"۔ معزول وزیر نے لاعلمی ظاہر کی اور یوسف کو سند حکومت رے دینے کے معاملے سے انکار کیا اور یہ کہا" کہ یوسف سے دریافت کیا جائے کہ فرمان شاہی اور سند حکومت کون لے کر گیا تھا کیونکہ اس کو کوئی پیغامبر یا خدام دولت لے گئے ہوں گے اس سے اس کے جھوٹ سچ کی قلعی کھل جائے گی۔ وزیر السلطنت ابن فرات نے اس رائے کے مطابق یوسف کو

تحریر کیا تم نے ان بلاد سے بے جا خرچ کیا ہے تم کو ان پر قبضہ کر لینے کا حق تھا تم نے معزول وزیر علی بن عیسیٰ کے مکتوب اور اقرار کا طوق گردن میں ڈالا ہے۔ اس نے تم کو ان کی سند حکومت نہیں دی اور بعد ازاں مقتدر نے ایک لشکر بسر افسری خاقان مفلحی بھیجا پھر احمد بن مسرور بلخی، سیما خزری اور نحریر صغیر روانہ کیا۔ شروع ۳۰۶ھ میں یہ لشکر رے میں پہنچا۔ یوسف مقابلہ پر آیا۔ لڑائی ہوئی یوسف نے ان کو شکست دے کے ایک گروہ کو ان میں سے گرفتار کر لیا۔

تب خلیفہ مقتدر نے ایک عظیم الشان لشکر کے ساتھ مونس خادم کو یوسف کے مقابلہ پر روانہ کیا اور خاقان مفلحی کو صوبہ جبال سے معزول کر کے نحریر صغیر کو متعین فرمایا۔ جس وقت مونس رے کے قریب پہنچا تو احمد بن علی (صعلوک کا بھائی) حاضر ہوا اور امان کی درخواست کی۔ مونس نے امان دی عزت و احترام سے ٹھہرایا۔ بعد ازاں یوسف کا یہ پیغام آیا کہ مجھے صوبہ رے کی حکومت دربار خلافت سے عطا کی جائے تو میں علاوہ مصارف فوج کے سات لاکھ دینار خراج ادا کرتا رہوں گا۔ مونس نے اس کی درخواست دارالخلافت بغداد روانہ کر دی۔ چند دن بعد جواب آیا۔ چونکہ یوسف نے [illegible] نے حد سے زیادہ سرکشی کی ہے لہٰذا یہ درخواست منظور نہ کی جائے۔ یوسف نے یہ جواب پڑھ کر رے کو ویران و خراب کر کے چھوڑ دیا۔ دربار خلافت سے وصیف بکتمری کو اس صوبہ کی سند حکومت مرحمت ہوئی۔ اس کے بعد یوسف نے یہ درخواست کی کہ کل حکومت رے جو میرے قبضہ میں صوبجات آذربائیجان اور آرمینیہ تھے۔ انہیں کی سند حکومت مرحمت فرمائی جائے۔ خلافت مآب نے یہ جواب تحریر فرمایا کہ یہ درخواست اس وقت منظور کی جا سکتی ہے جب کہ یوسف بذات خود دولت و اقبال کی آستان بوسی کو حاضر ہو۔ یوسف نے اپنی کامیابی سے مایوس ہو کر مونس پر حملہ کر دیا۔ اردبیل میں گھمسان کی لڑائی ہوئی بالآخر مونس شکست کھا کے زنجان کی طرف بھاگا۔ اکثر امرا اس کے مارے گئے۔ چند ایک گرفتار ہو گئے جن کو یوسف نے اردبیل کی جیل میں قید کر دیا۔

ابن ابی الساج کی گرفتاری مونس اس شکست کے بعد زنجان میں ٹھہرا ہوا لشکر فراہم کرتا رہا اور دربار خلافت سے امداد کی درخواست کی۔ اس زمانہ میں یوسف مصالحت کے لئے سلسلہ جنبانی کرتا رہا مگر خلیفہ مقتدر نامنظور کرتا جاتا تھا تا آنکہ شروع ۳۰۷ھ میں مونس نے پھر عظیم الشان لشکر فراہم کر کے یوسف پر حملہ کیا۔ اردبیل میں لڑائی کی نوبت آئی ایک خونریز جنگ کے بعد یوسف کو شکست ہوئی اور یوسف گرفتار ہو گیا۔ مونس نے لشکر کو واپسی کا حکم دیا۔ جو تھوڑے دنوں کے بعد مسافت طے کر کے بغداد پہنچا۔ خلیفہ مقتدر نے یوسف کو قید کر دیا اور مونس کو اس حسن خدمت کے صلے میں رے، دنباوند، قزوین، ابہر، زنجان، اصفہان، قم اور کاشان کی سند حکومت مرحمت ہوئی۔ مونس نے اپنی طرف سے صوبجات رے، دنباوند، قزوین، ابہر اور زنجان پر علی بن وہسودان کو متعین کیا اور ہمدان کے [illegible] کو [illegible] دے دیا۔ اصفہان، قم اور کاشان کو احمد بن علی بن صعلوک کے سپرد کیا۔

سبک کا آذربائیجان پر قبضہ جونہی مونس نے آذربائیجان سے عراق کی جانب مراجعت کی سبک (یہ یوسف بن ابی الساج کا غلام تھا) نے بلاد آذربائیجان پر فوج کشی کر کے قبضہ کر لیا اور بہت جلد تھوڑی مدت میں ایک فوج بھی فراہم کر لی۔ مونس نے یہ خبر پا کر محمد بن عبداللہ فارقی کو امارت پر متعین کیا۔ سبک کو اس کی خبر لگی۔ لشکر آراستہ کر کے مقابلہ پر آیا اور پہلے ہی حملہ میں محمد کو شکست دے دی۔ محمد نے شکست کھا کے بغداد کا راستہ لیا۔ سبک نے کل صوبہ آذربائیجان پر قبضہ

دلیمیان وا استقلال سے قبضہ کر لیا اور دربار خلافت میں اس مضمون کی عرضی روانہ کی۔ کہ میں علم جو آپ کا مطیع اور خیر خواہ ہوں مجھے صوبہ قزوین و زنجان کی سند حکومت مرحمت فرمائی میں دو لاکھ بیس ہزار دینار سالانہ خراج ادا کرتا رہوں گا۔ خلیفہ مقتدر نے یہ درخواست منظور فرمائی۔ اس واقعہ کے بعد احمد بن مسافر نے اپنے برادر زادہ علی بن وہسوذان کو جس وقت کہ یہ قزوین میں مقیم تھا شب کے وقت حملہ کر کے مار ڈالا اور انتقام کے خوف سے بھاگ کر اپنے شہر چلا گیا۔ بجائے اس کے دربار خلافت سے وصیف بکتمری کو مامور کیا گیا اور محکمہ مال کو دیا اور سپہ سالار افواج محمد بن سلیمان ہوا۔

احمد بن علی کا رے پر قبضہ: احمد بن علی بن صعلوک والی اصفہان و قم نے اس تبدیلی سے مطلع ہو کے رے پر چڑھائی کر دی اور بزور تیغ اس پر قبضہ حاصل کر لیا مقتدر کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ سخت برہم ہوا لکھ بھیجا کہ فوراً رے چھوڑ کے قم واپس جاؤ۔ احمد الٹے پاؤں لوٹ گیا۔ کچھ عرصہ بعد لشکر فراہم کر کے پھر رے پر فوج کشی کر دی ادھر وصیف بکتمری بھی تیار ہو کر مقابلے کو روانہ ہوا۔ ادھر دربار خلافت سے نحریر صغیر کو وصیف کی کمک کا حکم صادر ہوا۔ مگر ان دونوں کے مقابلہ پر پہنچنے سے پہلے احمد نے رے پہنچ کے قبضہ کر لیا۔ محمد بن سلیمان افسر اعلیٰ محکمہ مال کو مار ڈالا۔ نحریر اور وصیف اپنا سا منہ لے کے خاموش ہو گئے۔ اس کے بعد احمد نے نصر حاجب سے خط و کتابت شروع کی کہ امیر المومنین سے میری صفائی کرا دیجئے اور رے کی سند حکومت جس طرح ممکن ہو دلوا دیجئے۔ ذیل کے کاموں کے علاوہ ہزار دینار سالانہ خراج ادا کرتا رہوں گا۔ چنانچہ نصر نے کہہ سن کر احمد کو صوبہ رے کی سند حکومت دلوا دی اور قم کی حکومت اس سے منتقل کر دی۔

والی سجستان کی سرکشی اور اطاعت: ۲۹۸ھ سے سجستان ابن سامان کے قبضہ میں تھا۔ بعد ازاں کثیر بن احمد بن صعفور نے ابن سامان سے سجستان چھین لیا۔ خلیفہ مقتدر نے گورنر فارس بدر بن عبداللہ حمامی کو لکھ بھیجا کہ ایک لشکر بسر افسری درک کثیر بن احمد سے جنگ کرنے کو سجستان روانہ کرو اور وہاں کے محکمہ مال کے عہدہ پر زید بن ابراہیم کو مامور کرو۔ چنانچہ بدر نے اس حکم کے مطابق لشکر روانہ کیا۔ اہل سجستان بے خبر پا کے مقابلہ پر آ گئے۔ ایک طویل جنگ کے بعد شاہی لشکر کو شکست ہوئی زید بن ابراہیم گرفتار ہو گیا۔ باقی فوج جان بچا کے بھاگ نکلی۔ کثیر بن احمد بن صعفور نے دربار خلافت میں عرضی بھیجی اور معذرت کی کہ میں اس فعل سے بری ہوں۔ اہل سجستان کی یہ ساری شرارت ہے۔ خلافت مآب نے اس پر کچھ توجہ نہ کی بلکہ بدر گورنر فارس کو لکھ بھیجا کہ تم خود ایک فوج کثیر مرتب و فراہم کر کے کثیر کی سرکوبی کو روانہ ہو جاؤ۔ کثیر یہ سن کر خوف سے کانپ اٹھا۔ درخواست کی بشرط ادائے خراج پانچ لاکھ درہم سالانہ مجھے سجستان کی سند حکومت مرحمت فرمائی جائے۔ خلیفہ مقتدر نے اس درخواست کو منظور فرما لیا۔ یہ واقعہ ۳۰۴ھ کا ہے۔

ابو یزید کی سرکشی: اسی سنہ میں ابو یزید خالد بن محمد مادرائی [illegible] کرمان نے دولت عباسیہ کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور فارس پر قبضہ کرنے کے لئے شیراز کی طرف قدم بڑھایا۔ بدر نے گورنری فارس سے شیراز کے باہر اس کے مقابلہ کو روانہ ہوا۔ فریقین میں گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ آخر الامر ابو یزید کو شکست ہوئی۔ ابو یزید گرفتار ہوا۔ بدر نے قتل کر کے اس کا سر اتار لیا اور فتح کی اطلاع کے ساتھ بغداد روانہ کر دیا۔

ابن فرات کی معزولی: ۳۰۶ھ میں لشکریوں نے تنخواہ ادا نہ ہونے کی وجہ سے شور و غل مچایا اور دربار خلافت میں

[illegible]

حامد بن عباس کی وزارت [illegible]

[illegible]

ابن فرات کی دوبارہ بحالی ۔ کچھ عرصہ بعد حامد نے معزول وزیر ابن فرات کو طلب کیا اور الزامات خیانت کے ثبوت [illegible] ۔ [illegible] علی بن احمد [illegible] [illegible] کرنے کا مظہر [illegible] ۔ ابن فرات کا [illegible] تیار شخص تھا۔ [illegible] کا ایک بھی جواب نہ دے سکا۔ حامد نے [illegible] ۔ ابن فرات نے نہایت متانت سے افسوس کرتے ہوئے نصیحت کی [illegible] بھی کہا "آپ نے شایان شان [illegible] ۔ آپ [illegible] وزارت پر [illegible] آپ [illegible] مناسب ہے"۔ حامد یہ سن کر خاموش ہو گیا۔ ابن فرات [illegible] سے طلب [illegible] [illegible] کر [illegible] مطالبہ [illegible] کیا جائے [illegible] وزارت کا عہدہ [illegible] اس امر [illegible] مظفر [illegible] ہے۔ حامد [illegible] کے اور [illegible] ۔ [illegible] ابن فرات کو [illegible] [illegible] اس کا [illegible] اور [illegible] کر دیا گیا۔

علی بن عیسیٰ کا اقتدار ۔ [illegible] کے بعد [illegible] کل [illegible] گئی۔ اس امر کا احساس ہوا کہ [illegible] کام [illegible] ہوں۔ حامد [illegible] علی بن عیسیٰ نے [illegible] دونوں [illegible] خیال کا قائم [illegible] خلیفہ مقتدر سے [illegible] انتظام [illegible] اجازت [illegible] خلیفہ مقتدر نے اجازت دے دی۔ [illegible] خلافت سے [illegible] مستقل [illegible] انتظام [illegible] علی بن عیسیٰ کے ہاتھ میں [illegible] ۔ خلیفہ مقتدر [illegible] [illegible] [illegible] علی بن عیسیٰ [illegible] خلیفہ مقتدر [illegible] [illegible] خلیفہ مقتدر نے [illegible] [illegible] علی بن عیسیٰ کو مقرر کیا۔ [illegible] حامد کے [illegible] کئے گئے۔

مصر پر عبید اللہ مہدی کی فوج کشی ۔ [illegible] ابو القاسم کو ایک عظیم الشان لشکر کے ساتھ مصر کی جانب روانہ کیا۔ [illegible] اسکندریہ [illegible] مصر کی طرف [illegible] [illegible] خلیفہ مقتدر نے مونس خادم کو [illegible] مقابلہ پر روانہ کیا [illegible] [illegible]

مظفر کا لقب دیا گیا۔ ۳۰۷ھ میں افریقیہ سے ایک بیڑا جہازات کا جس میں اسی جنگی کشتیاں تھیں۔ ابوالقاسم مصر تک آ پہنچا اور قریب اسکندریہ کے لنگر انداز ہوا۔ خلیفہ مقتدر نے طرسوس سے پچیس کشتیوں کا ایک بیڑا ابوالیمن کی ماتحتی میں روانہ کیا۔ دونوں میں اسکندریہ کے قریب مڈبھیڑ ہوئی۔ مقابلہ ہوا۔ آخر کار شکست ہوئی۔ افریقیہ کے بہت سے جہازات کی کشتیاں جلا دی گئیں۔ سلیمان خادم اور یعقوب گرفتار کر کے [illegible] لائے گئے۔ سلیمان تو مصر کی جیل میں ڈال دیا گیا اور یعقوب کو بغداد بھیج دیا گیا۔ کچھ عرصہ بعد یعقوب موقع پا کر جیل سے نکل کر افریقیہ کو بھاگ گیا۔

اس شکست سے عبیداللہ مہدی کو [illegible] اور [illegible] منتقل ہو گیا۔ [illegible] جہاں [illegible] گئے۔ [illegible] اور [illegible] مر گئے۔ آخر افریقیہ کی فوج نے [illegible] تعاقب [illegible] تک [illegible] سے نکال دیا۔

ابن ابی الساج کی بحالی: [illegible] یوسف بن ابی الساج سے [illegible] اس کو گرفتار کر کے بغداد بھیج دیا۔ چنانچہ بغداد میں قید رہا۔ یوسف بن ابی الساج [illegible] صوبہ [illegible] خلیفہ مقتدر [illegible] یوسف بن ابی الساج کو خلیفہ مقتدر نے ۳۱۰ھ میں رہائی دی۔ خلیفہ مقتدر نے اس کی رہائی سے یوسف کو قید سے [illegible] صوبہ آذربائیجان [illegible] اور اہم [illegible] کی حکومت مرحمت فرمائی۔ یوسف نے [illegible] خاص [illegible] کا اقرار کیا۔ چنانچہ یوسف نے حکومت حاصل کر کے [illegible] آذربائیجان کی جانب روانہ ہوا۔ [illegible] اور [illegible] کی جانب [illegible] آذربائیجان میں [illegible] اس وقت [illegible] پہنچا تھا۔ [illegible] آذربائیجان پر قابض ہو گیا۔ ۳۱۱ھ میں آذربائیجان سے [illegible] کا قصد کیا۔ [illegible] احمد بن علی [illegible] تھا۔ احمد بن علی جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں [illegible] خلافت سے [illegible] لی تھی۔ [illegible] بعد [illegible] کی اور [illegible] کا [illegible] جان [illegible] یوسف [illegible] احمد [illegible] یوسف نے اس [illegible] کو بغداد بھیج دیا۔ [illegible] ۳۱۳ھ [illegible] کامیابی کے [illegible] ۳۱۴ھ میں [illegible] کی جانب روانہ [illegible] اپنا نائب مقرر کیا۔ [illegible] یوسف [illegible] کے بعد [illegible] ۳۱۵ھ [illegible] کی جانب [illegible] پر قبضہ کر لیا۔

یوسف کی واسط میں آمد: [illegible] کے بعد ۳۱۵ھ میں خلیفہ مقتدر نے یوسف [illegible] کی حکومت [illegible] اور [illegible] واسط میں [illegible] قرامطہ [illegible] سے جنگ کرنے [illegible] کی طرف [illegible] چنانچہ یوسف [illegible] کے [illegible] واسط پہنچا۔ [illegible] یوسف واسط [illegible] مقتدر نے واسط [illegible] بغداد [illegible] کا [illegible] قرامطہ [illegible]

بصرہ، اہواز، کوفہ اور سبدان کے خراج کو بغرض تنظیم فوج و تیاری جنگ قرامطہ واسط میں یوسف کے لئے چھوڑ دیا۔

رے کے واقعات: جس وقت خلیفہ مقتدر نے یوسف کو رے سے واسط کی طرف بغرض جنگ ابوطاہر روانہ ہونے کو لکھا تھا۔ اسی زمانہ میں خلافت مآب نے سعید بن نصر بن سامان کو رے کی سند حکومت بھیج دی تھی اور یہ حکم دیا تھا کہ تو رے میں پہنچ کر رے کو فاتک (یوسف کے غلام) سے چھین لے۔ اوائل ۳۱۴ھ میں سعید نصر رے کو روانہ ہوا جس وقت کوہ قارن کے قریب پہنچا۔ ابونصر طبری نے راستہ روک دیا۔ سعید نصر نے خط و کتابت کر کے تیس ہزار دینار پر سودا طے کر لیا۔ ابونصر نے اس رقم کو وصول کر کے راستہ دے دیا۔ سعید نصر کوچ و قیام کرتا ہوا رے پہنچا اور اس کو فاتک کے قبضہ سے نکال لیا۔ دو ماہ تک وہاں قیام پذیر رہا۔ بعد ازاں سیمجور دواتی کو مقرر کر کے بخارا کی جانب لوٹ آیا۔ کچھ عرصہ بعد سیمجور کو معزول کر کے محمد بن علی صعلوک کو مامور کیا شعبان ۳۱۶ھ تک یہ رے کی مسند حکومت پر قائم رہا۔ اس کے بعد بیمار ہو گیا۔ حسن بن قاسم داعی اور ماکان بن کالی امیر دیلم کو رے پر قبضہ کرنے کی غرض سے بلا بھیجا۔ جب یہ دونوں رے میں آ گئے تو رے کو ان دونوں کے حوالے کر کے کوچ کر دیا۔ اثناء راہ میں دامغان پہنچ کر مر گیا۔ غرض حسن بن قاسم اور دیلم اس طرح سے رے پر قابض و متصرف ہو گئے۔

خلیفہ مقتدر کے وزراء: ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ حامد بن عباس کو قلمدان وزارت سپرد کیا گیا تھا۔ مگر اس کی نااہلی اور عہدۂ وزارت کی اہم ذمہ داریوں سے نا واقفیت کی وجہ سے علی بن عیسیٰ پیش پیش رہتا تھا۔ نام کو حامد وزیر تھا اور در حقیقت علی بن عیسیٰ وزارت کر رہا تھا۔ بسا اوقات علی بن عیسیٰ وزیر السلطنت حامد کے احکام کو رد و بدل کر دیتا اور اس کے فرمانوں کو جو عمال اور گورنران صوبہ جات کے نام بھیجے جاتے تھے۔ جو چاہتا گھٹا بڑھا دیتا۔ جب کوئی شکایت ہوتی تو یہ کہہ کر علیحدہ ہو جاتا کہ وزیر السلطنت اس کے ذمہ دار ہیں مگر اصل یہ ہے کہ ظالم کے ہاتھ کو رعایا پر ظلم کرنے سے روکنا چاہئے۔ وزیر السلطنت حامد ان واقعات سے کچھ ملول سا ہوا اور دربار خلافت سے اجازت حاصل کر کے جانچ پڑتال اور دیکھ بھال کی غرض سے واسط کی جانب روانہ ہو گیا۔

علی بن عیسیٰ: حامد کے چلے جانے کے بعد خدام دولت اور حاشیہ نشینان خلافت نے تنخواہیں اور وظائف وقت مقررہ پر نہ ملنے کی دربار خلافت میں شکایت پیش کی۔ کیونکہ علی بن عیسیٰ اکثر ان لوگوں کی تنخواہیں اور وظائف وقت مقررہ کے بعد دیا کرتا تھا اور کبھی کبھی ایسا بھی ہو جاتا تھا کہ جب کئی ماہ کی تنخواہیں چڑھ جاتی تھیں تو وہ ایک مہینے کی تنخواہ ضبط کر لیتا تھا۔ ملازمین شاہی اور عمال نے اس معاملہ میں بہت شور و غل مچایا۔ اہل وظائف نے مجتمع ہو کے یہ شکایت کی کہ ہر سال دو ماہ کا وظیفہ ہمارا ضبط ہو جایا کرتا ہے۔ اس سے حامد کی شکایتوں کا ایک طومار ہو گیا۔ اتفاق سے انہیں دنوں وزیر السلطنت حامد اور مفلح اسود کے مابین باتوں باتوں میں برہمی پیدا ہو گئی اگرچہ مفلح اسود کا غلام تھا۔ لیکن خلیفہ مقتدر کی ناک کا بال بنا ہوا تھا اور معزول وزیر السلطنت ابن فرات سے اس کو ایک خاص انس تھا۔ حامد نے وزارت کے گھمنڈ میں مفلح اسود سے سخت کلامی کی جس سے مفلح کو سخت برہمی پیدا ہوئی۔

ابن فرات: اسی اثناء میں محسن ابن فرات نے خلیفہ مقتدر کی خدمت میں اپنے باپ کے لئے وزارت کی درخواست پیش کی اور ضمانت بھی دے دی۔ خلیفہ مقتدر نے اس کے باپ ابن فرات کو قید سے رہائی دے کر دوبارہ عہدۂ وزارت سے سرفراز

فرمایا اور حامد کے بجائے ان کے علی بن عیسیٰ کو قید کر دیا۔ یہ واقعہ [illegible] کا ہے اس واقعہ کے بعد [illegible] (وزیر السلطنت) کے واسطے سے آ پہنچایا۔ ابن فرات نے اس کی گرفتاری پر [illegible] کو متعین کر دیا۔ حامد [illegible] پہنچ پایا تو حامد [illegible] راہ سے بھاگ کے بغداد میں روپوش ہو گیا۔ بعد ازاں چھپ کے رات کے وقت نصر حاجب کے پاس گیا اور اس کے ذریعہ سے خلیفہ مقتدر تک اپنا حال پہنچایا [illegible] کی التجا کی اور یہ بھی درخواست کی کہ مجھے [illegible] جانے دو [illegible] ابن فرات کی نگرانی اور سپردگی میں دے دیا جائے۔

حامد بن عباس کا انجام نصر حاجب نے حامد کی خطا معاف کرا دی۔ خلافت مآب نے ابن فرات [illegible] کی [illegible]۔ ابن فرات نے انجام دہی کے معاملہ میں بھی [illegible] کا اقرار کیا [illegible] خلافت مآب [illegible] حامد کی بدعنوانیوں کے خلاف اپنی [illegible] خلیفہ مقتدر نے حکم دیا کہ حامد کو قید کرنے کی غرض سے ابن فرات کے حوالے کر دیا جائے۔ ابن فرات [illegible] حامد کو [illegible] سے تکلیف میں رکھا۔ [illegible] کا اقرار کیا [illegible] حساب [illegible] کے لئے نصب کئے گئے۔ [illegible] بعض [illegible] و تصرف [illegible] کا اقرار کیا۔ [illegible] ابن فرات نے [illegible] لیا [illegible] کی تکالیف [illegible] اسباب سے [illegible] داخل [illegible] مر گیا۔

ابن فرات کی ریشہ دوانیاں ان کے بعد علی بن عیسیٰ سے [illegible] کا مطالبہ کیا گیا [illegible] ابن فرات نے [illegible] کی خلافت مآب نے [illegible] کی غرض سے [illegible] علی بن عیسیٰ نے زمانہ [illegible] ابن فرات [illegible] کئے تھے۔ اسی وجہ سے ابن فرات نے [illegible] علی بن عیسیٰ کو [illegible] ابن فرات کے [illegible] کیا گیا۔ محسن نے اس کو [illegible] اور اس کے مال [illegible] سے اس کا [illegible] ابن فرات نے اس کو [illegible] ابو علی بن محمد [illegible] آ گیا تھا۔ ابن فرات نے [illegible] گرفتار کر لئے گئے اور [illegible] علاوہ [illegible] ظلم [illegible] کیا [illegible] طلب کر لیا [illegible] ابن فرات کے ان افعال کی [illegible] اطلاع ہوئی [illegible] ابن فرات کو اس کی خبر [illegible] اس نے انجام کے خیال سے خلیفہ مقتدر [illegible] معاملہ [illegible] خلیفہ مقتدر نے اس کے [illegible] کے مطابق [illegible] ابن فرات نے [illegible] خلیفہ مقتدر کی خدمت میں [illegible] اور اس کی کثرت [illegible] کو [illegible] خلیفہ مقتدر [illegible] ابن فرات کی ایک بھی [illegible]۔

ابن فرات کی معزولی [illegible] ابن فرات [illegible] کے لوگوں کے دل [illegible]

امراء کا ایک گروہ ان کی مخالفت پر اٹھ کھڑا ہوا۔ ابن فرات کو اس سے خطرہ پیدا ہوا کہ مبادا دربار خلافت تک اس واقعہ کی اطلاع ہو جائے کہ جس سے جان کے لالے پڑ جائیں تو فوراً خلافت مآب کے گوش مبارک تک یہ اطلاع پہنچا دی کہ کچھ لوگ میرے پاس اپنے حقوق طلب کرنے کو آئے تھے اور ان کو مجھ سے کچھ غرض و معروض کرنا تھی۔ خلیفہ مقتدر یہ سن کر خاموش ہو رہا۔ ابن فرات مع اپنے بیٹے محسن کے سوار ہو کر ایوان شاہی میں گیا۔ خلیفہ مقتدر نے ان لوگوں کو اپنے پاس بٹھایا۔ ادھر ادھر کے حالات سے متعلق استفسار کرتا رہا جس سے ان دونوں کے دلوں کو اطمینان ہو گیا کہ خلافت مآب ہم لوگوں سے ناراض نہیں ہیں۔ رخصت ہو کر چلنے کا قصد کیا۔ نصر حاجب نے پیچ کر کے حراست میں لے لیا۔ اتنے میں مفلح آ گیا اور اس نے خلافت مآب کے کان میں جھک کے عرض کی کہ امیر المومنین ابن وزیر معزول میں عجلت سے کام نہ لیں ورنہ خطرہ کا اندیشہ ہے۔ اس بنا پر خلیفہ مقتدر نے اسی وقت ان دونوں کو چھوڑ دینے کا حکم دیا۔ محسن تو اسی دن بھاگ کے روپوش ہو گیا۔ باقی رہا ابن فرات دوسرے دن گرفتار کر لیا گیا۔ امراء اور جند ایک دستہ فوج لئے ہوئے ابن فرات کے مکان پر آئے۔ برہنہ پاؤں سر کھلا ہوا کشاں کشاں گھر سے نکال لائے اور اسی کو شہر ہلال بن بدر کے مونس مظفر کے پاس لے گئے۔ مونس نے شفیع لؤلؤی کے حوالہ کر دیا۔ شفیع نے قید کر دیا اور ایک لاکھ دینار کا اس سے مطالبہ کیا۔ یہ واقعہ ۳۱۲ھ کا ہے۔

ابو القاسم بن علی کی تقرری ابن فرات کی معزولی کے بعد ابو القاسم بن علی بن محمد بن عبد اللہ بن یحییٰ بن خاقان نے عہدہ وزارت حاصل کرنے کی کوشش کی اور ابن فرات سے لاکھ دینار وصول کرنے کی ضمانت دی۔ ہارون بن غریب الخال اور نصر حاجب وغیرہ نے بھی سفارش کی۔ خلیفہ مقتدر نے مجبوراً قلمدان وزارت ابو القاسم کے سپرد کیا اور اسی کے عہدہ وزارت میں اس کے باپ علی نے وفات پائی اور اس کے بعد مونس خادم نے خلیفہ مقتدر سے علی بن عیسیٰ کو صنعاء سے واپس بلا لینے کی سفارش کی۔ خلافت مآب نے واپسی کا فرمان بھیج دیا اور صوبجات مصر و شام کی نگرانی بھی عنایت فرمائی۔

محسن اور ابن فرات کا انجام ابن فرات وزیر ایک مدت تک روپوش رہا۔ ایک روز ایک عورت محل سرائے خلافت میں حاضر ہوئی اور یہ ظاہر کیا کہ میں خلافت مآب سے کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں۔ نصر حاجب نے خلیفہ مقتدر کے حضور میں پیش کر دیا۔ عورت نے دست بوسی کے بعد محسن کا پتہ بتایا۔ خلیفہ مقتدر نے اسی وقت نازوک افسر پولیس کو گرفتاری کا اشارہ کیا۔ نازوک نے تھوڑی دیر کے بعد اسے لا کے حاضر کر دیا۔ خلیفہ مقتدر نے وزیر السلطنت کے حوالہ کیا۔ وزیر السلطنت نے طرح طرح کی ایذا دیں اور تکالیف رسانی کا کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ مگر کچھ حاصل نہ ہوا۔ تب خلیفہ مقتدر نے اسے دارالخلافت میں اس کے باپ کے پاس بھیج دینے کا حکم دے دیا۔ وزیر السلطنت ابو القاسم کو اس سے خطرہ پیدا ہوا۔ مونس، ہارون اور نصر کے پاس دوڑا گیا اور اس واقعہ کو ظاہر کر کے ابن فرات کی چالوں سے ان لوگوں کو ڈرایا اور خلافت مآب کی طرف سے بھی کچھ کہا۔ ان کو بدظن کیا۔ وہ لوگ اس کی باتوں میں آ گئے۔ سب کے سب مجتمع ہو کے دربار خلافت میں گئے اور یک زبان ہو کر یہ درخواست کی کہ ابن فرات اور اس کے بیٹے محسن کے قتل کا حکم صادر کیا جائے۔ جب تک یہ دونوں بقید حیات رہیں گے ہم لوگوں کو خطرہ رہے گا۔ خلیفہ مقتدر نے سپہ سالاران لشکر اور اراکین دولت کی طرف رخ دینے کا اشارہ کر دیا۔ نازوک نے اسی وقت ابن فرات اور محسن کا سر اتار دیا۔ ہارون نے ایوان وزارت میں حاضر ہو کر ابو القاسم کو اس

حاشیہ اگلے صفحہ پر ....

فرات اور اس کے بیٹے محسن کے قتل کی خوش خبری سنائی۔ ابوالقاسم سنتے ہی بے ہوش ہو گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد ہوش آیا تو پاسداروں نے اس حسن خدمت کے صلے میں دو ہزار دینار ابوالقاسم سے وصول کر لئے۔ باقی رہے ابن فرات کے اور لڑکوں کے تو مونس نے اس کے دونوں لڑکوں عبداللہ اور ابونصر کی سفارش کی اور انہیں قید سے رہا کر دیا گیا۔ تین ہزار دینار بطور انعام مرحمت ہوئے۔

ابوالعباس خصیبی کی تقرری و معزولی: ان واقعات کے بعد ۳۱۳ھ میں ابوالقاسم بوجہ طویل علالت معزول کر دیا گیا۔ کیونکہ لشکریوں کی تنخواہیں اس کی علالت کی وجہ سے رک گئی تھیں۔ وظیفہ داروں کو وظائف نہیں دیئے گئے تھے۔ لشکریوں نے مجتمع ہو کر شور و غل مچایا۔ خلافت مآب کو اطلاع ہوئی تو انہوں نے فوراً معزولی کا حکم دے دیا اور بجائے اس کے ابوالعباس خصیبی کو عہدۂ وزارت عنایت کیا۔

ابوالعباس خلیفہ مقتدر کی ماں کا میر منشی تھا۔ خصیبی وزارت پانے کے بعد ایوان وزارت میں گیا۔ چارج لیا اور علی بن عیسیٰ کو صوبجات مصر و شام پر بدستور بحال رکھا۔ چنانچہ علی بن عیسیٰ اکثر اوقات ابوالعباس سے ملنے آتا۔ کچھ عرصہ بعد ابوالعباس کے انتظام میں گڑبڑ پیدا ہوئی۔ آمدنی بھی کم ہو گئی۔ روز و شب دور شراب نوشی میں مشغول رہتا تھا۔ امور سلطنت کی طرف کسی وقت توجہ کرتا تھا۔ مصادرہ کی غرض سے مکان کی جو روپیہ پیسہ اور جواہرات آتی تھیں۔ بجنسہ پڑی رہتی تھیں۔ اس نے ایک شخص اپنی طرف سے قائم مقام مقرر کر رکھا تھا جو سیاہ و سفید چاہتا تھا وہ کر گزرتا تھا جس سے مصالح ملکی کی قوت اور انتظامی امور درہم ہو گئے۔ مونس نے خرابی امور پر نظر کر کے خلیفہ مقتدر کو اس کی معزولی اور عہدۂ وزارت پر علی بن عیسیٰ کے تقرر کی رائے دی۔ چنانچہ خلیفہ مقتدر نے ابوالعباس کو اس کی وزارت کے ایک برس دو مہینے بعد معزول کر دیا۔

علی بن عیسیٰ کا تقرر: علی بن عیسیٰ عہدۂ وزارت دینے کی غرض سے دمشق سے طلب کیا گیا اور یہ حکم صادر فرمایا کہ جب تک علی بن عیسیٰ دارالخلافت میں حاضر نہ ہو اس وقت تک اس کا قائم مقام ابوالقاسم عبداللہ بن محمد کلوذانی وزارت کا کام انجام دیتا رہے۔ اوائل ۳۱۵ھ میں علی بن عیسیٰ دارالخلافت میں داخل ہوا اور اس نے مستقل طور سے وزارت کا کام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ انتظامی امور میں جو خلل واقع ہو گئے تھے رفتہ رفتہ سب کے سب درست ہو گئے۔ عمال اور گورنران صوبجات کی رپورٹوں اور درخواستوں پر مناسب حکم صادر ہونے لگے۔ سواد اہواز فارس اور مغرب کے بقایا محاصل یکے بعد دیگرے وصول ہو کر خزانہ عامرہ میں داخل ہونے لگے۔ لشکریوں کی تنخواہیں اور وظیفہ خواروں کے وظائف دے دیئے گئے۔ گویوں قصہ خوانوں اور درباری مسخروں اور خوشامدی مصاحبوں کی موقوفی کا حکم دے دیا گیا اور ان لوگوں کی تنخواہیں بند کر دیں۔ فوج نظام سے بوڑھوں اور چھوٹے چھوٹے لڑکوں کو جو آداب حرب نہیں جانتے تھے۔ چھانٹ دیا گیا۔ بذات خود ہر کام کو دیکھتا اور اس پر مناسب حکم صادر کرتا تھا۔ کفایت شعاری اور ہوشیاری سے ہر کام پر نظر ڈالا[2]۔ غرض تھوڑے ہی دنوں میں انتظامی امور ایسے درست ہو گئے کہ گویا ان میں کوئی گڑبڑ پیدا ہی نہیں ہوئی تھی۔

ابوالعباس خصیبی سے جواب طلبی: اس کے بعد علی بن عیسیٰ نے ابوالعباس خصیبی کو خلافت مآب کے حکم سے دربار

---

[1] یہ واقعہ ربیع الثانی ۳۱۲ھ کا ہے۔ ابن فرات کی عمر اس وقت ستر برس کی تھی اور محسن کی تینتیس برس کی (تاریخ کامل جلد ۸ صفحہ ۵۵)

[2] ماہ رمضان ۳۱۳ھ کا یہ واقعہ ہے۔ (تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۸ صفحہ ۵۸)

خلافت میں طلب کیا۔ فقہاء، قضاۃ اور ارکین سلطنت اور کتاب[1] جمع کیے گئے۔ مقدمہ پیش ہوا۔ استفسار کیا گیا ”ممالک محروسہ اور صوبجات مقبوضہ سے کس قدر خراج وصول ہو کر داخل خزانہ عامرہ میں ہوا؟ جرمانہ سے کس قدر مال وصول کیا گیا؟ اب کس قدر باقی ہے؟“ ابوالعباس نے سر نیچا کر کے جواب دیا ”میں کچھ نہیں جانتا“۔ پھر سوال کیا گیا ”تم نے ابن ابی الساج کو بلا ضرورت اس قدر مال کیوں دے دیا؟ اور کیا سمجھ کر تم نے اس کو صوبجات مشرقیہ کی حکومت دی؟ کیا تمہارا یہ گمان تھا کہ ابن ابی الساج اور اس کے ہمراہی جو محض جنگلی اور غیر تربیت یافتہ ہیں۔ ایسے صوبجات کا انتظام کر لیں گے؟“ جواب دیا ”ہاں میرا یہی گمان تھا“۔ اس قدر عرض کر کے خاموش ہو گیا۔ ابن ابی الساج کو بلا ضرورت مال کثیر دے دینے کا کچھ جواب نہ دیا۔ پھر یہ اعتراض کیا گیا کہ ”تم نے اس امر کو جائز قرار دیا کہ مسلمانوں کی عورتیں بلا اجازت شرعی دوسرے کے قبضہ میں دے دی جائیں۔“ اس اعتراض کا بھی جواب کچھ بن نہ پڑا۔ سکوت کے عالم میں کھڑا رہا۔ پھر اس سے عامل[2] اور خراج کا سوال کیا گیا۔ صاف صاف کچھ جواب نہ دے سکا۔ تب کہا گیا۔ ”تم نے امیر المومنین کو بھولے بھالوں میں پھنسا رکھا تھا اور آج یہ عذر کرتے ہو کہ میں کچھ نہیں جانتا۔“ ابوالعباس نے اس کا بھی کچھ جواب نہ دیا۔ تب خلیفہ مقتدر نے جیل کی طرف واپس کر دیا اور علی بن عیسیٰ اطمینان و استقلال کے ساتھ وزارت کرنے لگا۔

علی بن عیسیٰ کی معزولی: ایک مدت کے بعد علی بن عیسیٰ وزیر السلطنت کے انتظامی امور میں گڑبڑ پیدا ہوئی اور کچھ عمال نے اختلافات پیدا کیے۔ خراج کے وصول ہونے میں کمی آ گئی۔ کچھ مصارف کی زیادتی ہوئی۔ خلیفہ مقتدر نے خدام اور حرم سرائے دولت کا خرچ بے حد بڑھا دیا۔ اس اثناء میں اعراب سے لشکر آ گیا اور دو لاکھ پچاس ہزار دینار کا قرض چڑھ گیا اور سب کا نتیجہ یہ تھا کہ انتظامی امور میں خلل پیدا ہوا۔ علی بن عیسیٰ نے اس امر کا احساس کر کے اور اس سے مایوس ہو کر کہ یہ مصارف کم نہ ہوں گے اور نہ اس بار کا بوجھ خزانہ عامرہ برداشت کر سکتا ہے علاوہ ازیں مجھ میں اور نصر حاجب میں بوجہ مراسم مونس خادم شکر رنجی ہے۔ اس نے عہدہ وزارت سے استعفا پیش کیا اور عہدہ سے زیادہ علیحدگی کی کوشش کی۔ مگر مونس خادم نے سمجھا بجھا کے علیحدہ نہ ہونے دیا۔ وزیر السلطنت نے کہا بھائی تم تو رقہ چلے جاؤ گے۔ مجھے یہاں تمہارے بعد جان کے لالے پڑ جائیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی وقوع میں آیا۔ مونس کے چلے جانے کے بعد خلیفہ مقتدر نے نصر سے وزیر مقرر کرنے کی بابت رائے طلب کی۔ نصر نے ابوعلی بن مقلہ کی طرف اشارہ کیا۔

ابوعلی کی تقرری و معزولی: خلیفہ مقتدر نے اس وقت ۳۱۶ھ میں علی بن عیسیٰ اور اس کے بھائی عبدالرحمٰن کو گرفتار کر کے قلمدان وزارت ابوعلی کے سپرد کیا۔ چونکہ ابوعلی اور عبداللہ بریدی کے مابین دوستانہ تعلقات تھے اس لیے عبداللہ نے اس معاملہ میں خوب کوشش کی۔ ابوعلی دو برس چار مہینے تک وزارت کرتا رہا۔ کسی قسم کا خطرہ پیش نہ آیا۔ اس کے بعد خلیفہ مقتدر نے جب کہ مونس خادم سے نفرت اور کشیدگی پیدا ہو گئی تھی۔ اس الزام میں کہ ابوعلی وزیر السلطنت کا مونس سے میل جول ہے معزول کر دیا۔ جیسا کہ آئندہ ہم بیان کریں گے۔ اتفاق وقت مونس کسی ضرورت سے باہر چلا گیا۔ خلیفہ مقتدر نے موقع پا کے ابوعلی کو گرفتار کر لیا۔ جب مونس واپس آیا تو ابوعلی کو عہدہ وزارت پر مقرر کرنے کی تحریک کی۔ خلیفہ مقتدر نے منظور نہ

---

[1] کتاب، کاتب کی جمع ہے جس کے معنی محرر کے ہیں۔ مترجم

[2] عامل یعنی آمدنی تحصیل کرنے کی جگہ۔ مترجم

فرمایا۔ بلکہ اس کے قتل پر آمادہ ہو گیا مگر مونس کے منع کرنے پر باز آیا۔ البتہ دو لاکھ دینار کا ابو علی سے مطالبہ کیا۔

سلیمان بن حسن کی تقرری: ابو علی کے بعد قلمدان وزارت سلیمان بن حسن کے سپرد کیا گیا اور علی بن عیسیٰ کو حکم دیا گیا کہ اس کے ساتھ ساتھ وہ انتظامی امور کو دیکھتا بھالتا رہے۔ سلیمان ایک برس دو ماہ تک عہدہ وزارت پر رہا اور علی بن عیسیٰ کے ساتھ ہر کام کو دیکھتا اور رائے دیتا تھا۔ اس کے بعد آمدنی کم اور مصارف زیادہ ہونے کی وجہ سے مطالبات کی کثرت ہوئی۔ ہر کام میں دقت ہونے لگی۔ سلطانی وظائف بھی موقوف ہو گئے۔ علاوہ اس پر یہ ہوا کہ علی بن عیسیٰ نے سواد کے غلہ و مال کو تن تنہا اپنے قبضہ میں کر لیا۔ جس سے وزیر السلطنت کے ہاتھ پاؤں پھول گئے اور اس کی طرف سے ایسے ایسے آدمی وصول و تحصیل پر مامور کیے جاتے تھے جن کو وصول و تحصیل کا مطلق علم نہ تھا۔ مجبور ہو کر نصف حاصل پر ان حقوق کو فروخت کر ڈالتے۔ عمال، فقہاء اور حق داروں کے حقوق ادا کرنے اور ان کے وظائف دینے میں کوتاہی کرتے۔

سلیمان کی معزولی: ان میں سے کسی ایک کو مفلح خادم سے نیاز مندی ہو گئی تھی۔ اس نے مفلح کے ذریعہ سے خلیفہ کے کان تک ان واقعات کی خبر پہنچا دی۔ مفلح نے اشارہ کر دیا کہ تم لوگ اپنے حقوق حاصل کرنے میں سختی سے کام لو۔ خلافت مآب کا یہ منشا ہے کہ حق حقدار کو پہنچ جائے۔ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔ عوام الناس کا یہ منشا تھا کہ بگڑ گیا۔ نظم اور انتظامی امور میں سخت بدنظمی واقع ہوئی۔ چاروں طرف سے ایک ہنگامہ سا برپا ہو گیا۔ خواص اور حکام اپنے حقوق طلب کرنے لگے۔ امیدواران وزارت اس عہدہ جلیلہ حاصل کرنے میں ریشہ دوانی کرنے لگے۔ کوئی وظائف اور تنخواہ اور کل مصارف کی ذمہ داری کا وعدہ کرتا اور کوئی حاشیہ نشینان خلافت کو ہر روز نئی صورتیں دکھلا کے وزارت حاصل کرنے کا خواہش مند تھا۔

ابو القاسم کلواذی کی تقرری: غرض امیدواران وزارت کی بھرمار تھی اور درخواست پر درخواست چلی آتی تھی۔ مونس نے ابو القاسم کلواذی کو وزیر مقرر کرنے کی رائے دی۔ اسی رائے کے مطابق خلیفہ مقتدر نے ماہ رجب ۳۱۹ھ میں ابو القاسم کو خلعت وزارت سے سرفراز فرمایا۔ مگر صرف دو مہینے اس کی وزارت رہی۔

دانیال اور مفلح: دارالخلافت بغداد میں ایک شخص دانیال نام کا رہتا تھا جو بڑا چالاک، چلتا پرزہ، کاغذ ساز اور حیلہ ساز تھا۔ کاغذ کو دواؤں کے ذریعہ سے پرانا کر ڈالتا تھا اور اس پر خط قدیم کی عبارت اور رموز اپنے ہاتھ سے تحریر کرتا۔ جس میں ارباب دولت اور اراکین سلطنت کے ناموں کے متعلق اشارے و کنایے لکھے ہوتے۔ انہیں نظم و نثر کے اشاروں سے ان لوگوں کی حکومت، رتبہ اور تصرفات کا حال بتلاتا اور یہ ظاہر کرتا کہ یہ علم غیب کا ایک حصہ ہے۔ زمانہ قدیم کی تحریرات میں سے ہے۔ دانیال پیغمبر کے ماثورات میں سے ہے اور مجھ کو اپنے آباؤ اجداد سے وراثت میں ملا ہے۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ کاغذ پر م م م لکھ کر یہ حکم لگایا کہ ایسا ایسا ہو گا اور اس کاغذ کو مفلح کے حوالے کیا۔ مفلح نے دریافت کیا یہ کیا ہے؟ جواب دیا اس سے تم مقصود ہو۔ کیونکہ تمہارا نام مفلح ہے۔ خلیفہ مقتدر کے موالی ہو۔ اس قدر سمجھا کر اور علامات کو جو اس کاغذ پر لکھی ہوئی تھیں مناسبت کے ساتھ سمجھا دیا۔ مفلح ان کو سن کر خوش ہو گیا اور معتقد ہو گیا۔

حسین بن قاسم بن عبید اللہ بن وہب کی بھی آمد و رفت دانیال کے پاس تھی۔ اس کے نام کو بھی کنایتہ ایک ورق کاغذ پر تحریر کیا اور بعض علامات کا جو اس کے حسب حالت تھیں۔ ذکر کر کے یہ حکم لگایا کہ خاندان عباسیہ کا مختار ہو گا اور ان کا مدار

[illegible]

حسین بن قاسم کی تقرری [illegible]

حسین بن قاسم کی معزولی [illegible]

کے حوالہ کر دیا گیا۔ گو یہ وزیر ابن حسین کے ساتھ کسی قسم کا لحاظ نہ برتاؤ کیا اور اسی زمانہ سے یہ ایک عہدۂ وزارت پر رہا۔

ابو طاہر قرامطی: قرامطہ کا ایک گروہ بحرین میں جا کے قیام پذیر ہو گیا تھا۔ ابو طاہر سلیمان بن ابی سعید جنابی ان کا سردار تھا۔ ابو طاہر کو ان کی سرداری بذریعہ وراثت اس کے باپ سے ملی تھی اور اس صوبہ کو ان لوگوں نے دولت عباسیہ سے بالکل جدا اور علیحدہ کر لیا تھا۔ جیسا کہ ہم ان کے حالات علیحدہ مستقل طور سے بیان کریں گے۔

بصرہ میں قرامطیوں کی غارت گری: ابو طاہر نے ۳۱۱ھ میں بصرہ کا قصد کیا ان دنوں بصرہ میں سبک مفلحی امارت کے عہدہ پر تھا۔ ابو طاہر نے ایک ہزار سات سو فوج کے ساتھ رات کے وقت بصرہ پر حملہ کیا اور شہر پناہ کی دیواروں پر سیڑھیاں لگا کر چڑھ گیا اور محافظین کو تہ تیغ کر کے شہر میں گھس گیا اور دروازے کھول دیئے۔ قتل کا بازار گرم ہو گیا سبک اس سے مطلع ہو کر مقابلہ پر آیا۔ قرامطہ نے اس کو بھی قتل کر ڈالا اور عوام الناس پر ہاتھ صاف کرنا شروع کر دیا۔ شہر کے باشندے جان کے خوف سے بھاگ کے سینکڑوں پانی میں ڈوب کر مر گئے اور ہزاروں قرامطہ کی تیغ آبدار کی نذر ہوئے۔ سترہ یوم ابو طاہر بصرہ میں مقیم رہا۔ اٹھارہویں روز جس قدر مال و اسباب اور عورتیں بچے لے سکا لے کر بحرین کی جانب کوچ کیا۔ اسی زمانہ میں خلیفہ مقتدر نے محمد بن عبداللہ فاروقی کو بصرہ پر مقرر کیا۔ چنانچہ محمد بعد واپسی ابو طاہر بصرہ میں داخل ہوا۔

ابو طاہر قرامطی کا حجاج پر حملہ: ۳۱۲ھ میں ابو طاہر قرامطی نے حجاج سے بوقت واپسی چھیڑ چھاڑ کرنے کی غرض سے ایک عظیم الشان لشکر کے ساتھ ہبیر کی جانب کوچ کیا۔ ایک قافلہ سے جو سب کے آگے تھا مقابلہ ہوا۔ اہل قافلہ کو اس کی اطلاع تھی۔ یہ راستہ طے کرتے ہوئے فید میں منتظر رہے کہ دفعتاً ابو طاہر نے تیغ زنی شروع کر دی۔ اہل قافلہ مدافعت نہ کر سکے چنانچہ قافلہ لوٹ لیا گیا۔ اس وقت اس واقعہ کی خبر حجاج کو ہو گئی۔ جس وقت کہ وہ فید میں تھے چنانچہ قتل و غارت کے خوف سے قیام کر دیا۔ تا آنکہ زاد سفر تمام ہو گیا۔ ابو الہیجاء بن حمدان والی طریق کوفہ بھی اسی قافلہ میں تھا اس نے اہل قافلہ کو وادی القری کی جانب مراجعت کرنے کی رائے دی تھی۔ مگر اہل قافلہ نے دور نکل آنے کی وجہ سے منظور نہ کیا۔ بالآخر جب زاد سفر ختم ہو گیا تو کوفہ روانہ ہوئے۔ ابو طاہر نے یہ خبر پا کر اس پر بھی حملہ کر دیا اور ابو الہیجاء، احمد بن بدر (یہ خلیفہ مقتدر کا ماموں تھا) کو گرفتار کر لیا اور سب مال و اسباب کو لوٹ لیا۔ عورتوں اور بچوں کو قید کر کے ہجر کی جانب مراجعت کر دی اور حجاج کو اسی لق و دق میدان میں بے یار و مددگار چھوڑ دیا۔ جن میں سے اکثر شدت تشنگی و گرسنگی اور تمازت آفتاب سے مر گئے اور باقی ماندہ کا اکثر حصہ حجاز سے بہ ہزار خرابی بہ وقت بغداد واپس آیا۔

ان لوگوں کی عورتوں کو جن کو قرامطہ نے گرفتار کر لیا تھا اور وہ عورتیں جن کے مردوں کو ابن فرات نے اپنے عہد وزارت میں قید کیا تھا۔ مجتمع ہوئیں اور انہوں نے شور و غل مچایا یہ بھی ایک سبب ابن فرات کے ادبار اور معزولی کا تھا۔

ابو طاہر کا حجاج پر دوسرا حملہ: کچھ عرصہ بعد ابو طاہر نے ابو الہیجاء اور احمد کو مع ان کے تمام قیدیوں کے جو ان کے پاس تھے رہا کر دیا اور خلیفہ مقتدر سے بصرہ و اہواز کو طلب کیا۔ خلافت مآب نے منظور نہ فرمایا۔ اس بناء پر ابو طاہر نے ہجر سے بقصد تعرض قافلہ حجاج کوچ کیا۔ جعفر بن ورقاء شیبانی والی کوفہ نے طریق کو اس خطرہ کے پیش نظر ایک ہزار فوج کے ساتھ جو اسی قوم سے مرکب اور تیار کی گئی تھی قافلہ حجاج سے پیشتر روانہ ہو گیا تھا اور ثمال والی بحریہ صفوانی اور طریف یشکری وغیرہ چھ ہزار

کی جمعیت کے ساتھ بغرض حفاظت قافلہ حجاج کے ساتھ تھے۔ ان کی ابوطاہر اور مظفر سے مڈبھیڑ ہو گئی۔ اتفاق یہ کہ جعفر کو شکست ہوئی جس کا اثر قافلہ حجاج پر پڑا۔ شاہی فوج بھی بھاگ کھڑی ہوئی۔ بالآخر ہزارہا حجاج مارے گئے اور شاہی لشکر کے پیچھے چھوٹ گئے۔ اکثر کام آ گئے۔ باقی ماندہ لشکری بھاگ کھڑے ہوئے اور صفوانی گرفتار ہو گیا۔ ابوطاہر نے کوفہ پر قبضہ کر لیا۔ چھ روز تک کوفہ کے باہر پڑا رہا۔ تمام دن مسجد میں رہتا اور شب کو اپنی لشکر گاہ میں آ کر قیام کرتا۔ بعد ازاں حسب خواہش مال و اسباب لے کر ہجر کی جانب مراجعت کی۔

شکست خوردہ گروہ بغداد پہنچا۔ خلیفہ مقتدر نے مونس کو کوفہ کی جانب خروج کرنے کا اشارہ فرمایا۔ چنانچہ بعد روانگی قرامطہ مونس وارد کوفہ ہوا چونکہ قرامطہ کوفہ کو چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ اس وجہ سے کوفہ پر یاقوت کو مقرر کر کے واسط کے بچانے کو روانہ ہو گیا۔ اس سال ابوطاہر کے خوف سے کسی شخص نے حج کا قصد نہ کیا۔

ابوطاہر قرامطی کا کوفہ پر قبضہ ۳۱۵ھ میں خلیفہ مقتدر نے یوسف بن ابی الساج کو آذربائیجان سے دارالخلافت میں طلب فرما کے بلاد شرقیہ کی حکومت عنایت کی اور ابوطاہر سے جنگ کرنے کو واسط کی جانب روانگی کا حکم دیا۔ چنانچہ جس وقت یوسف واسط کے قریب پہنچا۔ مونس نے بغداد کا راستہ لیا۔ آٹھویں شوال ۳۱۵ھ کا واقعہ ہے۔ ابوطاہر نے لشکر مرتب کر کے کوفہ کی جانب خروج کیا۔ یوسف کو اس کی اطلاع ہوئی تو وہ آخر رمضان سنہ مذکور کو واسط سے کوفہ بچانے کو روانہ ہوا۔ اتفاق یہ کہ یوسف سے ابوطاہر ایک روز پیشتر کوفہ پہنچ گیا۔ شاہی عمال جان کے خوف سے کوفہ چھوڑ کے بھاگ گئے۔ ابوطاہر نے کوفہ اور کل علوفات اور رسد پر قبضہ کر لیا جو یوسف کے لئے پہلے سے فراہم کی گئی تھی۔ اس کے آٹھویں شوال کو ابوطاہر کے پہنچنے کے ایک دن بعد یوسف پہنچا اور پیام شروع ہوا۔ یوسف نے ابوطاہر کو خلیفہ عباسیہ کی اطاعت کا پیام دیا۔ ابوطاہر نے جواب دیا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی اطاعت ہم پر فرض نہیں ہے۔ یوسف نے اعلان جنگ کر دیا۔ اگلے دن صبح سے رات تک فریقین میں گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی۔ آخر کار یوسف کے رکاب کی فوج شکست کھا کر بھاگی۔ یوسف مع اپنے چند ہمراہیوں کے گرفتار ہو گیا۔ لڑتے لڑتے زخمی ہو گیا تھا۔ قرامطہ اپنے لشکر گاہ میں اٹھا لائے۔ ابوطاہر نے یوسف کا علاج کرنے پر ایک طبیب کو مامور کر دیا۔

انبار پر قبضہ منہزمین نے بغداد میں پہنچ کر دم لیا۔ مونس مظفر علم خلافت کی حمایت اور قرامطہ کی سرکوبی کی غرض سے کوفہ کو روانہ ہوا۔ اتنے میں یہ خبر آئی کہ قرامطہ کوفہ چھوڑ کر عین التمر کی جانب روانہ ہو گئے ہیں۔ مونس نے اسی وقت بغداد سے پانچ سو کشتیاں روانہ کیں جن میں ہزارہا آدمی اور آزمودہ سپاہی تھے تاکہ قرامطہ کو دریائے فرات عبور کرنے سے مانع ہوں اور براہ خشکی ایک فوج انبار کی حفاظت کو بھیجی۔ قرامطہ نے کوفہ سے روانہ ہو کر انبار کا رخ کیا۔ اہل انبار نے یہ خبر پا کر پل توڑ دیا اور کشتیاں ہٹا دیں اور ابوطاہر نے فرات کے غربی ساحل پر پہنچ کے قیام کیا۔ حدیثہ سے کشتیاں منگوائیں اور تین سو قرامطہ ان کشتیوں کے ذریعہ سے خشکی پر اتر آئے۔ شاہی لشکر مقابلہ پر آیا مگر پہلے ہی حملہ میں شکست کھا کے بھاگا۔ قرامطہ نے انبار پر قبضہ کر لیا۔ اس واقعہ المناک کی بغداد میں خبر پہنچی۔

یوسف بن ابی الساج کا قتل نصر حاجب ایک عظیم الشان فوج لے کر قرامطہ کی سرکوبی کو روانہ ہوا۔ کوچ اور قیام کرتا ہوا مونس مظفر تک پہنچا۔ چالیس ہزار فوج سے قرامطہ پر یوسف کی رہائی کی غرض سے حملہ کیا۔ قرامطہ بھی خم ٹھونک کر میدان

[illegible]

دمشق اور جزیرہ میں قرامطیوں کا قتل عام [illegible]

مونس و ہارون کی بغداد سے روانگی [illegible]

قرامطیوں کی پسپائی [illegible]

کو ایک لشکر جرار کے ساتھ ابن قیصر کی کمک پر روانہ کیا اور ان قرامطہ کی سرکوبی کے لئے جنہوں نے کوفہ کی طرف رخ کیا تھا، حاکم بصرہ کو مامور فرمایا۔ چنانچہ ان سپہ سالاروں نے ہر طرف سے قرامطہ کو گھیر کے جنگ شروع کی۔ قرامطہ گھبرا گئے کچھ مارے گئے اور شکست کھا کر بھاگ گئے۔ شاہی لشکر نے تھوڑی دور تک تعاقب کیا۔ ان کے پھریرے چھین لئے یہ پھریرے سفید رنگ کے تھے اور ان پر یہ آیت لکھی ہوئی تھی ﴿ونرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض و نجعلھم ائمۃ و نجعلھم الوارثین﴾ جس وقت بغداد میں یہ لشکر کامیاب ہو کر ان پھریروں کو سرنگوں کئے ہوئے داخل ہوا۔ عجیب چہل پہل تھی۔ نعرے اور عوام جوش مسرت سے خوشی کے نعرے بلند کر رہے تھے۔ اس واقعہ کے بعد سے قرامطہ کا سواد سے بالکل دخل گیا۔ ان کی ساری امیدیں بھی سلب ہو گئیں۔

حجر اسود کی بے حرمتی: ۳۱۷ھ میں ابوطاہر قرمطی نے مکہ معظمہ کی بے حرمتی کی۔ یہ کیا تھا کہ اس سال بغداد سے لوگوں کو حج کرانے کے لئے منصور دیلمی گیا ہوا تھا، راستہ میں کوئی واقعہ پیش نہیں آیا۔ قافلہ حج صحیح و سلامت مکہ معظمہ پہنچ گیا۔ یوم الترویہ کو ابوطاہر وارد مکہ ہوا اور پہنچتے ہی حجاج کی جان و مال پر ہاتھ صاف کرنے لگا۔ مال و اسباب جو پایا لوٹ لیا اور جس کو دیکھا قتل کر ڈالا۔ یہاں تک کہ مسجد حرام اور خانہ کعبہ میں بھی قتل عام کر دیا۔ حجر اسود کو اکھاڑ کر ہجر بھیج دیا، ابن محلب امیر مکہ، مکہ کا ایک گروہ لے کر ابوطاہر سے ملا اور اہل مکہ کے متعلق کچھ کہا اور سفارش کرنے لگا۔ ابوطاہر نے بجائے سفارش قبول کرنے کے قرامطہ کو اشارہ کر دیا۔ ایک گروہ ٹوٹ پڑا۔ ابن محلب نے مقابلہ کیا مگر بعد ایک گھنٹہ کے شہید کر دیا گیا تھا۔ سب کے سب اسی جگہ پر شہید ہو گئے، پھر کعبہ کا دروازہ توڑ ڈالا۔ ایک شخص میزاب اکھاڑنے کے لئے خانہ کعبہ پر چڑھا گر کر مر گیا۔ مقتولین کچھ تو زمزم میں پھینک دیئے گئے اور باقی ماندگان کو مسجد حرام میں جہاں جو مارا گیا تھا اسی مقام پر بلا غسل و کفن و نماز جنازہ دفن کر دیا۔ غلاف کعبہ اپنے ہمراہیوں میں تقسیم کر دیا اور اہل مکہ کے مکانات کو لوٹ لیا۔

عبید اللہ المہدی کی سرزنش: اس حادثہ کی خبر عبید اللہ مہدی والی افریقہ تک پہنچی چونکہ یہ لوگ اس کے معتقد تھے اور اس کے نام کا خطبہ پڑھتے تھے۔ اس نے ان کو اہل مکہ اور حجاج کے ساتھ ظلم کرنے پر سخت ملامت کی۔ حجر اسود واپس کرنے پر اپنی سطوت و جبروت سے ڈرایا۔ ابوطاہر نے حجر اسود کو ہجر سے واپس منگوایا اور جس قدر ممکن ہوا اہل مکہ اور حجاج کا مال و اسباب واپس کر دیا اور جو بوجہ تقسیم ہو جانے کے واپس نہ ہو سکا اس کی معذرت کی۔

خلیفہ مقتدر اور مونس کے مابین کشیدگی: خلیفہ مقتدر کی معزولی کا سبب اصلی یہ ہے کہ مابین ماجوریہ ہارون بن غریب اور نازوک افسر اعلیٰ پولیس میں ایک امرد لڑکے پر جھگڑا ہوا۔ نازوک نے ماجوریہ کو قید کر دیا۔ ماجوریہ کے سب ہمراہیوں کو جب اس کی خبر لگی مجتمع ہو کر پولیس چوکی کی جانب آئے۔ نازوک ٹال گئے تب یہ سب کے سب ٹوٹ پڑے اور اپنے دوستوں کو قید سے نکال لیا۔ نازوک نے اس واقعہ کو خلیفہ مقتدر کے حضور میں پیش کیا۔ خلیفہ مقتدر نے اس وجہ سے کہ ماجوریہ اور نازوک اس کے ناک کے بال ہو رہے تھے اس معاملہ میں کچھ دخل نہ دیا۔ نتیجہ اس کا یہ ہوا کہ ماجوریہ اور نازوک میں لڑائی ہوئی۔ فریقین کے کچھ آدمی زخمی ہوئے اور کچھ مارے گئے۔ خلیفہ مقتدر نے دونوں کو سخت ملامت کی۔ لڑائی تو موقوف ہو گئی مگر ماجوریہ کو اس سے سخت برہمی پیدا ہوئی اور وہ اپنے احباب اور ہمراہیوں کے ساتھ بغداد سے باہر نکل چلا

تو خلیفہ مقتدر نے [illegible]

[illegible]

[illegible] مونس تک پہنچا دی۔

مونس کی بغداد واپس آمد [illegible]

[illegible]

مصالحت و کشمکش [illegible]

[illegible]

خلیفہ مقتدر کی گرفتاری [illegible]

[illegible]

خلافت سے نکال کر اپنے مکان میں لے لیا اور وہیں قید کر دیا۔ رفتہ رفتہ اس کی خبر ہارون کو قطربل میں پہنچی تو وہ لوٹ پڑا۔ بغداد میں آیا اور وہ چپ ہو گیا۔ خلیفہ مقتدر کی گرفتاری کے بعد ابو الہیجاء بن حمدان، علی بن طاہر کے مکان پر گیا۔ محمد بن معتضد کو طلب کر کے اس کی خلافت کی بیعت کی اور "القاہر باللہ" کے لقب سے ملقب کیا۔

خلیفہ مقتدر کی معزولی: جمادی سے ... ہو کر خلیفہ مقتدر دربار خلافت میں معزولی کی غرض سے پیش کیا گیا۔ قاضی ابو عمر ... کو شہادت کے لیے طلب کیا گیا۔ ابو الہیجاء نے کھڑے ہو کر خلیفہ مقتدر کی حالت پر افسوس ظاہر کیا۔ آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور یہ کہتا جاتا تھا "میرے سردار! مجھے یہی روز بد دیکھنا تھا۔ آپ نے میری نصیحت نہ سنی اور میرے قول پر آپ نے عمل نہ کیا۔ ہمیشہ غلاموں اور عورتوں کے مشورہ سے خلافت کے اہم امور کو انجام دیتے رہے۔ آخر کار وہ روز بد جس کا خطرہ پہلے سے میرے پیش نظر تھا سامنے آ گیا اگرچہ ہم لوگ آپ کے مطیع اور فرمانبردار ہیں" "مجبوری ہے!" "جیسی آپ کی مرضی ہو"۔ ابو الہیجاء سکوت کے عالم میں بیٹھ گیا۔ مونس نے خلیفہ مقتدر سے مخاطب ہو کر کہا۔ "آپ خود کو معزول کیجیے اور محضر پر دستخط کیجیے"۔ خلیفہ مقتدر نے سر جھکا کر محضر پر دستخط کر دیئے اور قاضی ابو عمر نے شہادت میں اپنا نام لکھا باتفاق رائے حاضرین یہ محضر قاضی ابو عمر کے پاس امانتاً رکھ دیا گیا۔ کسی کو اس کی کانوں کان خبر نہ ہوئی۔ تا آنکہ جب خلیفہ مقتدر دوبارہ مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوا تو یہ محضر اس کو دے دیا گیا۔ خلیفہ مقتدر نے اس خدمت کے صلہ میں قاضی القضاۃ کا عہدہ عنایت فرمایا۔

عہدوں کی تقسیم: الغرض خلیفہ مقتدر کی معزولی کے بعد مونس دارالخلافت کی طرف آیا۔ جو کچھ پایا لوٹ لیا۔ ابن نفیس مادر مقتدر کے قبرستان چلا گیا اور بعض قبور سے چھ لاکھ دینار نکال کر نئے خلیفہ قاہر کے پاس لے آیا۔ بعد ازاں مونس نے علی بن عیسیٰ معزول وزیر کو جیل سے رہا کر دیا اور قلمدان وزارت ابو علی بن مقلہ کے سپرد کیا۔ نازوک کو افسری پولیس کے ساتھ عہدہ حجابت بھی دیا گیا اور ابن حمدان کو علاوہ جمیع ان بلاد کے جو اس کے زیر حکومت تھے حلوان، دینور، ہمدان، کرمان، صیمرہ، نہاوند، شیراز، دریمیان کی سند حکومت بھی دی گئی۔ یہ واقعات نصف ماہ محرم ۳۱۷ھ کے ہیں۔

دستہ فوج جاں نثاراں: نازوک نے عہدہ حجابت کا چارج لینے کے بعد دستہ فوج جاں نثاراں کو حکم دیا کہ وہ اپنے خیموں کو جو محل سرائے خلافت میں نصب ہیں اکھیڑ کے لے جائیں اور بجائے ان کے ان خیموں میں اپنے چاہنے والوں کو ٹھہرنے کی اجازت دی۔ اس سے دستہ فوج جاں نثاراں کو ملال پیدا ہوا۔ مگر نازوک نے یہ خیال نہ کیا۔ طرہ اس پر یہ ہوا کہ اپنے حاجبوں کو یہ حکم دیا کہ کوئی شخص کبھی محل سرائے خلافت میں سوائے ان لوگوں کے جو اعلیٰ عہدوں پر مامور ہیں داخل نہ ہونے دو۔ اس عرصہ میں ۱۷ محرم کی تاریخ آ گئی۔ یہ دن دوشنبہ کا تھا لوگ جمع ہو گئے۔ باریابی دربار خلافت میں حاضر ہونے کو لوگ محل سرائے خلافت کے دروازہ پر آتے جاتے تھے۔ تمام جمع ... دجلہ کے کنارے سے یہاں تک ہجوم تھا کہ تل رکھنے کو جگہ نہ تھی۔ دستہ فوج جاں نثاراں مسلح ہو کر محل سرائے خلافت کے دروازہ پر آیا۔ تخت نشینی کا انعام اور ایک سال کا ... طلب کیا۔ چونکہ نازوک سے ان لوگوں کو کشیدگی پیدا ہو گئی تھی اس لیے طلب انعام میں سختی اور تشدد سے کام لیا۔

نازوک کا قتل: حسن اتفاق سے اس دن مونس دربار خلافت میں حاضر نہ تھا۔ دستہ فوج جاں نثاراں اور نازوک کے سپاہیوں

کے مابین بحث و تکرار ہو رہی تھی کہ قصر الخلافت سے پیادوں نے غل مچایا۔ ان پیادوں کے ساتھ محلسرائے خلافت میں عوام الناس کا بھی گروہ گھس آیا۔ جو تماشا دیکھنے کی غرض سے دجلہ کے کنارے جمع ہو رہا تھا۔ انہوں نے نازوک کے حاجبوں اور دستہ فوج جاں نثاران کے مابین جھگڑا ہو رہا تھا۔ شور و غل سے کان کے پردے پھٹے جاتے تھے۔ اور دیوان خلافت میں خلیفہ قاہر رونق افروز تھا اور ابن مقلہ وزیر السلطنت، نازوک بیٹھا ہوا تھا۔ قاہر نے نازوک سے متوجہ ہو کر ارشاد کیا کہ جاؤ۔ جا کر اس شور و غل کو فرو کرو۔ نازوک اپنی جگہ سے اٹھا تمام رات سے مے نوشی کی گئی تھی۔ وہ وقت تھا۔ آنکھیں چڑھی ہوئی تھیں۔ پاؤں ڈگمگا رہا تھا۔ دستہ فوج جاں نثاران مرنے مارنے پر آمادہ تھے تو آگے بڑھا۔ نازوک ان کے ہاتھوں میں شمشیر برہنہ دیکھ کے بھاگ کھڑا ہوا۔ دستہ فوج جاں نثاران نے اس کا تعاقب کیا۔ اور مار ڈالا۔ اس کے خادم عجیف کو مار ڈالا۔ جوش مسرت میں "المقتدر یا منصور" چلا اٹھے۔ اس نعرہ کو بلند ہوتا سن کر محلسرائے خلافت میں جس قدر آدمی جس جگہ تھے گھبرا گئے۔ نازوک اور عجیف کی لاشوں کو جاں نثاران دجلہ پر پہنچا کے صلیب پر چڑھا دیا اور مونس کے مکان کی طرف جہاں خلیفہ مقتدر محبوس تھے، دوڑے۔ ادھر محلسرائے خلافت کے دربانوں نے دروازے بند کر لئے۔ یہ سب خلیفہ مقتدر کے خادم، غلام اور ممالیک تھے۔

ابن حمدان کا قتل: ابو الہیجاء بن حمدان نے اٹھ کے بھاگنے کا قصد کیا۔ تو نئے خلیفہ قاہر نے دامن پکڑ لیا۔ ابو الہیجاء سے کہا گھبرائیے نہیں میرے ساتھ رہئے میں آپ کا حامی و مددگار ہوں۔ دونوں دروازے پر آئے جو بند تھا۔ ابو الہیجاء بولا۔ آپ یہاں ٹھہریے۔ میں ابھی واپس آتا ہوں۔ قاہر تو دروازے کے قریب ٹھہر گیا اور ابو الہیجاء لوٹ کر ایک کمرہ میں آیا اور سادے دریائی کپڑے سے غلاموں کا لباس پہنا اور باب النوبی کی طرف آیا۔ اس کو بھی بند پایا۔ پھر آ رہا تھا لوٹ کر قاہر کی طرف آ رہا تھا اسی وقت خدام کی نظر پڑ گئی۔ شور و غل مچاتے ہوئے قتل کے قصد سے دوڑے۔ ابو الہیجاء نے بھی تلوار نیام سے کھینچ لی۔ ... نے ان لوگوں کو پیچھے ہٹا دیا۔ موقع پا کر ایک باغ میں جا چھپا۔ خادمان محلسرائے خلافت تلاش کرتے ہوئے پہنچ گئے۔ ابو الہیجاء جوش مردانگی میں نکل آیا۔ سب نے مل کر اس پر ٹوٹ پڑے، مار ڈالا اور سر اتار لیا۔

خلیفہ مقتدر کی بحالی: دستہ فوج جاں نثاران خلیفہ مقتدر کی تلاش میں مونس کے مکان کی جانب گیا تھا۔ مونس نے ان لوگوں کو دیکھ کر خلیفہ مقتدر کو ان کے حوالے کر دیا۔ ان لوگوں نے خلیفہ مقتدر کو ہاتھوں ہاتھ محلسرائے خلافت تک پہنچایا جس وقت خلیفہ مقتدر تسکین تسلی میں پہنچا۔ مطمئن ہو کر دریافت کیا۔ قاہر اور ابن حمدان کہاں ہیں؟ میں ان دونوں کو امان دیتا ہوں۔ حاضرین میں سے کسی نے گزارش کی۔ ابن حمدان تو مارا گیا۔ خلیفہ مقتدر کو یہ سن کر صدمہ ہوا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ پڑھ کر کہنے لگا۔ خدا کی قسم ابن حمدان جیسا اس سے زیادہ کوئی شخص میرے پاس نہ آتا تھا۔ اس کے بعد قاہر کو اپنے نزدیک بلا کر پیشانی پر بوسہ دے کر بولا۔ واللہ تمہارا کوئی قصور نہیں ہے اگر تم کو منصور کا لقب دیا جاتا تو قاہر کہلاتے سے قہار و منصور دیں ۔ قاہر شرم سے سر نیچا کئے ہوئے رو رہا تھا اور زار زار رو رہا تھا۔ تا کہ خلیفہ مقتدر نے تسلی دی۔ اس وقت قاہر کے قلب مضطرب کو سکون ہوا اور چہرہ پر بشاشت ظاہر ہوئی۔

ابو علی بن مقلہ کا تقرر: دستہ فوج جاں نثاران نے نازوک اور ابن حمدان کے سروں کو نیزوں پر رکھ کر تمام شہر میں تشہیر کی غرض سے پھرایا۔ ابن مقلہ ان واقعات سے واقف ہو کر رات کے وقت مکان سے چھپ کر موصل بھاگ گیا اور پھر موصل

سے اردبیل چلا گیا اور جب اردبیل میں بھی اس کو اطمینان حاصل نہ ہوا تو قسطنطنیہ جا پہنچا اور نصرانی ہو گیا۔ ابوالسرایا برادر ابوالہیجا موصل بھاگ گیا تو خلیفہ مقتدر نے ابوعلی بن مقلہ کو طلب کر کے عہدۂ وزارت سے سرفراز فرمایا۔ لشکریوں کو تحفے اور تحائف تقسیم کئے۔ خزانۂ شاہی کے قیمتی قیمتی اسباب و جواہرات کی فروخت کا حکم دیا۔ جو وظائف اور تحفے انہیں دینے کی غرض سے نہایت ارزاں فروخت کئے گئے مونس بدستور اپنے عہدہ پر بحال کیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ مونس در پردہ خلیفہ مقتدر کا خیر اندیش تھا۔ اسی نے دستۂ فوج پیادگان اور خادمان محل سرائے خلافت کو ہمت دی تھی اور اسی وجہ سے قاہر کی تخت نشینی کے بعد دربار میں حاضر نہیں ہوا۔

ان واقعات کے بعد خلیفہ مقتدر نے اپنے بھائی قاہر کو اپنی ماں کی نگرانی میں قید کر دیا۔ اس نے قاہر کے ساتھ بہت اچھا سلوک کیا۔ خدمت کے لئے لونڈیاں خرید دیں۔

سپہ سالاران دیلم•: دیلم کے حالات ہم اس کتاب میں متعدد مقامات پر بیان کر آئے ہیں طبرستان، جرجان، ساریہ، آمل اور استرآباد وغیرہ کو فتح کرنے اور اطروش کے ہاتھ پر ان کے اسلام لانے کے واقعات سے بھی آپ کو واقفیت حاصل ہو چکی ہے اور یہ بھی آپ پڑھ آئے ہیں کہ اطروش نے ان کو جمع کر کے بلاد طبرستان پر ۳۰۱ھ میں قبضہ کر لیا تھا۔ اطروش کے بعد اس کی اولاد اور حسن بن قاسم داعی اس کا داماد بعض بلاد پر متصرف ہوا۔ دیلم ہی کے سپہ سالاران بلاد مفتوحہ مقبوضہ کی حدود پر متعین ہوئے۔ ان میں جملہ لیلیٰ بن نعمان تھا حسن بن قاسم داعی نے اس کو ۳۰۸ھ میں جرجان کی حکومت دی تھی۔ بنی سامان اور بنی اطروش و حسن بن قاسم داعی و سپہ سالاران دیلم سے متعدد لڑائیاں ہوئیں چنانچہ انہیں لڑائیوں میں لیلیٰ بن نعمان ۳۰۹ھ میں ہلاک ہو گیا چونکہ عباسیوں کی حکومت خراسان سے اٹھ گئی تھی اور بنی سامان ان کی طرف سے اس صوبہ کے والی تھے اسی وجہ سے بنی سامان اور بنی اطروش کے ساتھ جو طبرستان پر قابض ہو رہے تھے لڑائیاں ہوئیں جن کا ہم اوپر تذکرہ کر آئے ہیں۔

ماکان کا جرجان پر قبضہ: لیلیٰ بن نعمان کے ہلاک ہونے کے بعد پھر بنی سامان اور بنی اطروش میں لڑائیاں شروع ہو گئیں۔ بنی اطروش کی طرف سے سرخاب بن وہسوذان اور ماکان بن کالی سپہ سالاران افواج دیلم ہو کر لڑنے آئے۔ سیمجور امیر لشکر بنی سامان کے مقابلہ پر آیا۔ اس نے ان کو شکست دی۔ اسی اثنا میں سرخاب بھی مر گیا۔ بنی اطروش نے ماکان کو استرآباد پر مامور کیا۔ نہایت قلیل مدت میں دیلم کا ایک گروہ ماکان کے پاس جمع ہو گیا اور اس نے ماکان کو اپنا سردار بنا کر جرجان پر قبضہ کر لیا جیسا کہ ان واقعات کو ہم دولت علویہ کے تذکرہ میں تحریر کریں گے۔

ابوعلی بن ابوالحسن کی امارت: ماکان کے مصاحبوں سے اسفار بن شیرویہ بھی ہے جو دیلم کا ایک سپہ سالار تھا مگر جب اسفار کو ماکان نے اپنے لشکر سے نکال دیا تو بکر بن محمد بن الیسع کے پاس نیشاپور چلا گیا۔ بکر نے اسفار کو ایک عظیم الشان لشکر [illegible] کے ساتھ جرجان سر کرنے کے لئے روانہ کیا۔ ان دنوں جرجان میں ابوالحسن بن کالی اپنے بھائی ماکان کی جانب سے مامور تھا اور ماکان طبرستان میں مقیم تھا۔ ایک روز ابوعلی بن ابوالحسین الاطروش اور ابوالحسن امیر جرجان شب کو ایک ہی مکان میں سوئے۔ ابوالحسن یہ خیال کر کے کہ ابوعلی مدہوش یا خواب میں ہے قتل کرنے کے ارادہ سے اٹھا۔ یہ خیال غلط ثابت ہوا۔ ابوعلی کو ابوالحسن کے ارادہ کا احساس ہو گیا اور وہ نہایت تیزی سے لپک کر دست بدست شمشیر ہو گیا اور قتل کیا ابوالحسن

• یہاں سے تذکرہ دولت دیلم کا مضمون تاریخ ابن خلدون اول جلد ۳ صفحہ ۲۹۵ سے نقل ہے۔

کو اسی جگہ پر ذبح کر دیا۔ ابو علی [illegible] کے خوف سے مکان سے نکلا اور کسی محفوظ مقام پر روپوش ہو گیا۔ [illegible] تو یہ سالاران دیلم کو اس سے مطلع کر کے بلا بھیجا۔ [illegible] سے بے حد خوش ہوئے۔ اسی وقت ابو علی کے پاس آ کے اور امامت کی کرسی پر بٹھا کے بیعت کر لی۔ ابو الحسین نے اپنی طرف سے جرجان کی حکومت پر علی بن خورشید کو مامور کیا۔ علی بن خورشید نے [illegible] اس واقعہ سے مطلع کر کے ماکان کے مقابلے پر امداد و حمایت کا خواستگار ہوا۔

ماکان کا جرجان پر قبضہ [illegible] اجازت حاصل کر کے علی بن خورشید سے سازش کر لی۔ رفتہ رفتہ ماکان کو اس کی خبر لگی [illegible] ایک لشکر مرتب کر کے طبرستان سے جرجان پر حملہ کر دیا۔ علی بن خورشید اور اسفار نے اس کو شکست فاش دے کر طبرستان پر قبضہ حاصل کر لیا۔ اس واقعہ کے چند روز بعد علی بن خورشید اور ابو علی کا انتقال ہو گیا۔ ماکان نے اس موقع کو غنیمت خیال کر کے اسفار پر فوج کشی کر دی۔ اسفار کو اس معرکہ میں شکست ہوئی۔ وہ طبرستان چھوڑ کر بکر بن محمد بن الیسع کے پاس جرجان چلا آیا اور ماکان نے طبرستان میں اپنی کامیابی و قبضہ کا جھنڈا گاڑ دیا۔ اس عرصہ میں [illegible] بکر بن محمد [illegible] امیر نصر بن احمد سامانی نے بجائے اس کے اسفار بن شیرویہ کو جرجان کی حکومت پر متمکن کیا۔

اسفار کا طبرستان پر قبضہ اسفار نے مرداویج زیاری کو امیر الجیش مقرر کر کے طبرستان کی طرف روانہ کیا۔ ماکان لشکر لے کر مقابلہ پر آیا۔ [illegible] میں ماکان کو شکست فاش ہوئی اور مرداویج نے طبرستان پر قبضہ حاصل کر لیا۔ [illegible] تاہم ابو علی کے [illegible] قبضہ و تصرف سے نکال لیا تھا۔ اس کا [illegible] ماکان [illegible] میں موجود تھا۔ چنانچہ حسن داعی نے طبرستان پر قبضہ حاصل کر لیا اور [illegible] اس واقعہ کی خبر [illegible] آ کے [illegible] اسی وقت لشکر مرتب کر کے [illegible] طبرستان پر چڑھ آیا۔ [illegible] شکست کھائی [illegible] جنگ میں [illegible] کے بعد اسفار نے [illegible] امیر نصر بن احمد سامانی والی خراسان کے نام کا خطبہ اس کی مساجد میں پڑھے جانے کا حکم دیا۔ [illegible] ہارون بن بہرام کو مقرر کیا۔

اسفار کی فتوحات [illegible] ماکان کے قبضہ سے [illegible] ماکان [illegible] جرجان کی طرف چلا گیا اور اسفار نے [illegible] زنجان ابہر قم [illegible] کامیابی کے ساتھ قبضہ حاصل کر لیا۔

ان فتوحات سے اسفار کی [illegible] عظمت و اقبال [illegible] خلیفہ مقتدر سے جنگ [illegible] خلیفہ مقتدر [illegible] ایک لشکر کے ساتھ [illegible] کی طرف [illegible] اسفار [illegible] اور اس کے بہت سے [illegible] احمد بن سامان [illegible] اسفار [illegible] حکومت پر مقرر کر کے [illegible] کی جانب مراجعت کر دی۔

اسفار کے خلاف سازش: اس واقعہ سے اسفار کی سطوت و جبروت اور بڑھ گئی۔ فوج کی کثرت نے جاہ و جلال کی ترقی نے دماغ میں تکبر و نخوت کا مادہ بھر دیا۔ اس کے سپہ سالاروں میں مرداویج ایک نامور سپہ سالار تھا۔ اسفار نے اس کو سلار والی شمیرم و طارم کے پاس روانہ کیا اور اپنی اطاعت و فرمانبرداری کی تحریک کی۔ سلار اور مرداویج نے متفق ہو کر اسفار کی مخالفت اور اس سے سرکشی کرنے کی رائے قائم کر لی اور در پردہ اس رائے و مشورہ میں اسفار کے دیگر سپہ سالاران لشکر کو بھی شریک تھے۔ ان میں اسفار کا وزیر محمد بن مطرف جرجانی بھی تھا۔ اتفاق سے اس کی خبر اسفار تک پہنچ گئی اور لشکریوں نے بغاوت کر دی۔ اسفار موقع پا کے بیہق بھاگ گیا اور مرداویج قزوین سے رے چلا آیا۔ ماکان بن کالی کو طبرستان سے بمقابلہ اسفار کے امداد و اعانت کی غرض سے بلا لیا۔

اسفار کا خاتمہ: چنانچہ ماکان نے اسفار کا قصد کیا۔ اسفار بیہق سے رے کی جانب اپنے اہل و عیال اور مال و اسباب کو سمیٹ لینے کی غرض سے بھاگا۔ یہ پہنچ نہ سکا اہل و عیال کو مع مال و اسباب کے قلعہ موت میں ٹھیرا آیا تھا۔ کسی نے مرداویج کو اس کی خبر پہنچا دی۔ اس نے محاصرہ کرنے کی غرض سے لشکر مرتب کر کے کوچ کر دیا اور اپنی روانگی سے پیشتر ایک سپہ سالار کو آگے بڑھنے کا حکم دے دیا۔ چنانچہ اس سپہ سالار نے اسفار کو اثنائے راہ میں گرفتار کر لیا اور پابہ زنجیر مرداویج کے پاس لا کے حاضر کر دیا۔ مرداویج نے اس کو قتل کر ڈالا اور رے کی جانب مراجعت کر دی۔ بعد ازاں قزوین چلا آیا۔ استقلال و استحکام کے ساتھ حکومت کرنے لگا۔ اکثر بلاد کو فتح کر لیا ہمدان، دینور، قم، کاشان اور اصفہان میں اپنی حکومت و سلطنت کا سکہ چلا دیا۔

مرداویج کی فتوحات: کچھ عرصہ بعد اس کا دماغ بھی تکبر و نخوت کا خزانہ بن گیا اور وہ ظلم اور بد خلقی کا خوگر ہو گیا۔ اہل اصفہان کے ساتھ ظلم و ستم کے برتاؤ شروع کر دیئے۔ جلوس کے لئے ایک تخت طلائی تیار کرایا۔ طبرستان اور جرجان کی طمع دامنگیر ہوئی۔ یہ دونوں بلاد ماکان کے قبضہ و تصرف میں تھے۔ طبرستان کے متعلق مرداویج اور ماکان سے لڑائی ہوئی۔ ماکان شکست کھا کر بھاگا۔ مرداویج نے طبرستان پر قبضہ حاصل کر کے جرجان کا قصد کیا اور اس پر بھی قبضہ کر کے فتح یاب ہو کر اصفہان کی جانب لوٹ آیا۔ ماکان دیلم چلا گیا۔ ابو الفضل سے امداد و اعانت کی درخواست کی۔ جو ان دنوں دیلم کو اپنے قبضے میں کئے ہوئے تھا۔ ابو الفضل نے ماکان کی معیت پر کمر باندھی اور اس کے ساتھ ساتھ طبرستان آیا۔ طبرستان میں مرداویج کی طرف سے بلقسم بن بانجین حکومت کر رہا تھا۔ بلقسم نے جمع ہو کر مقابلہ کیا۔ ابو الفضل اور ماکان کو شکست ہوئی۔ ابو الفضل تو بھاگ کر دیلم چلا آیا اور ماکان نیشاپور چلا گیا۔ پھر نیشاپور سے دامغان کی طرف روانہ ہوا۔ بلقسم نے اس کی فوج کو تتر بتر کیا ماکان مجبور ہو کر واپس چلا آیا۔

ہمدان پر قبضہ: اس واقعہ سے مرداویج کی حکومت و سلطنت اور ترقی پذیر ہو گئی۔ رے اور جبل کے کل بلاد پر قابض و متصرف ہو گیا۔ دیلم بھی آہستہ آہستہ اس کے پاس آ کر جمع ہو گئے۔ جس سے اس کی فوج کی تعداد بھی بڑھ گئی اور مصارف زیادہ ہو گئے۔ جس قدر بلاد اس کے قبضہ و تصرف میں تھے ان کے محاصل اس کے کثرت اخراجات کو پورا نہ کر سکے۔ ادھر ادھر ہاتھ پاؤں پھیلانے کی ضرورت ہوئی۔ ہمدان کی طرف ایک لشکر بسر افسری اپنے ہمشیرزادہ کے روانہ کیا۔ ہمدان میں شاہی فوج رہتی تھی جس کا سردار محمد بن خلف تھا۔ فریقین میں گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ بالآخر شاہی فوج کو شکست ہوئی۔ مرداویج کا بھانجا مارا گیا۔ مرداویج کو اس سے سخت اشتعال پیدا ہوا۔ لشکر مرتب کر کے رے سے ہمدان آ پہنچا۔ باب اسد پر لڑائی ہوئی

اور شاہی لشکر دو چار ہی حملوں کے بھاگ کھڑا ہوا۔ مرداویج نے ہمدان پر قبضہ حاصل کر کے قتل عام کا بازار گرم کر دیا۔ ایک عام خون ریزی کے بعد بقیہ لوگوں کو امان دی۔ ان واقعات کی خبر دربار خلافت تک پہنچی۔ خلیفہ مقتدر نے ہارون بن غریب الخال کو ایک لشکر کے ساتھ اس بغاوت کو فرو کرنے کے لئے روانہ کیا مرداویج مقابلہ پر آیا۔ اطراف ہمدان میں صف آرائی کی نوبت آئی ایک خون ریز جنگ کے بعد مرداویج نے ہارون کو شکست فاش دے کے کل بلاد جبل اور ماوراء ہمدان پر قبضہ کر لیا۔ اپنے ایک سپہ سالار کو دینور کی جانب روانہ کیا۔ چنانچہ اس نے بزور تیغ دینور کو بھی فتح کر لیا اور دوران کامیابی میں اس کا قتل و غارت اور قید کرتا ہوا حلوان تک چلا گیا۔

لشکری کا اصفہان پر حملہ: ہارون شکست کھا کر قرمیسین پہنچا اور وہیں قیام کر دیا اور دربار خلافت میں امداد طلب کرنے کی عرضی بھیجی۔ لشکری نامی ایک سپہ سالار جو اسفار کے سپہ سالاروں میں سے تھا بعد اسفار کے خلیفہ مقتدر سے امان حاصل کر لی تھی اور ہارون کے ساتھ اس مہم میں آیا ہوا تھا۔ قرمیسین پہنچ کے ہارون نے لشکری کو مال اسباب جنگ فراہم کرنے نہاوند کی جانب روانہ کیا۔ نہاوند پہنچ کر لشکری کی آنکھیں کھل گئیں۔ اہل نہاوند کا تمول اور ان کی سرسبزی اور شادابی دیکھ کر منہ میں پانی بھر آیا۔ تین لاکھ دینار ایک ہفتہ میں اہل نہاوند سے وصول کر کے جمعیت بنا ایک لشکر مرتب کر لیا اور ہارون سے علیحدہ ہو کر اصفہان چلا گیا۔ ان دنوں اصفہان پر احمد بن کیغلغ تھا احمد نے لشکری کے مقابلہ پر صف آرائی کی۔ لڑائی ہوئی بالآخر احمد شکست کھا کے اصفہان سے کسی دیہات کی طرف تیس سواروں کی جمعیت کے ساتھ بھاگا۔ لشکری فتح یابی کا جھنڈا لئے ہوئے اصفہان میں داخل ہوا اور سوار ہو کر شہر پناہ کے اندر گرد و نواح شہر دیکھنے کو چکر لگانے لگا۔ اتفاق یہ کہ احمد کو خبر پہنچ گئی۔ سنتے ہی سب ہمراہیوں کے دوڑ پڑا۔ دونوں میں لڑائی ہونے لگی۔ احمد نے لشکری پر تلوار چلائی۔ خود پھاڑ کے دماغ میں تیر گئی۔ چکرا کر گرا اور تڑپ کے دم توڑ دیا۔ احمد نے شہر اصفہان میں داخل ہو کر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعات اصفہان پر مرداویج کے قبضہ کرنے سے پیشتر کے ہیں۔

مرداویج کا اصفہان پر قبضہ: اس کے بعد مرداویج نے ایک دوسرا لشکر اصفہان کی طرف روانہ کیا۔ اس لشکر نے اصفہان پر دوبارہ قبضہ کر کے احمد بن عبد العزیز بن ابی دلف عجلی کے مکانات اور باغات کو از سر نو درست کرایا بعد ازاں مرداویج چالیس یا پچاس ہزار کی جمعیت کے ساتھ وارد اصفہان ہوا۔ اس نے ایک دستہ فوج اہواز پر قبضہ کرنے کو دوسرا دستہ خوزستان کی جانب روانہ کیا۔ ان دونوں مہموں نے فتح یابی کے ساتھ اہواز اور خوزستان پر قبضہ کر لیا۔ بہت سا مال اور خراج وصول کر کے مرداویج کے پاس بھیجا۔ مرداویج نے اس کے حصے کر کے اپنے ہمراہیوں پر تقسیم کر کے باقی کو داخل خزانہ کیا۔

مرداویج کی اطاعت: مرداویج کو ان فتوحات حاصل کرنے کے بعد یہ خیال پیدا ہوا کہ بغاوت اور سرکشی کوئی عقل مستحسن نہیں ہے۔ دربار خلافت سے اس کی سند حکومت حاصل کر لینی چاہئے تاکہ آئندہ خطرات کا اندیشہ نہ رہے۔ یہ سوچ کر ایک درخواست دربار خلافت میں روانہ کی اور استدعا کی کہ مجھے ان بلاد کی اور نیز ہمدان اور ماہ کوفہ کی سند حکومت عطا فرمائی جائے۔ دو لاکھ سالانہ خراج ادا کیا کروں گا۔ خلافت مآب نے منظور فرما کر سند حکومت کے ساتھ جاگیر کی خلعت بھیجی۔ یہ واقعہ ۳۱۹ھ کا ہے۔

۳۲۰ھ میں مرداویج نے اپنے بھائی اور شمگیر کو بلاد گیلان سے طلب کیا۔ وہ بادیہ نشینوں کی طرح بدن پر اوڑھے

[illegible] بادشاہوں کے حالات [illegible] میں ان کی کیفیت اپنی آنکھوں سے دیکھ آیا تھا [illegible] کے پاس [illegible] [illegible] ہو گیا۔

[illegible] **گرفتاری** [illegible]

[illegible]

[illegible] کے حالات [illegible] ۔

[illegible]

رومیوں کے [illegible]

[illegible] کی فتوحات [illegible]

[illegible] کی مصالحت [illegible]

[illegible] کے خلاف جہاد [illegible]

جہازات سے مڈبھیڑ ہوئی۔ ثمال نے ان کو شکست فاش دے کر ایک جماعت کو ان میں سے گرفتار کر لیا۔ جس میں مہدی کا ایک غلام بھی شامل تھا اور ۳۰۲ھ میں محمد بن نصر حاجب نے موصل سے بقصد جہاد قالی قلا پر فوج کشی کی اور اہل طرسوس نے ملطیہ کی طرف سے قدم بڑھایا۔ وہاں سے فتح یاب ہو کر مال غنیمت لے کے واپس آئے۔ ۳۰۳ھ میں مونس مظفر نے بلاد روم پر براہ خشکی اور ثمال خادم نے براہ دریا جہاد کیا۔ مونس نے متعدد مقامات فتح کئے اور ثمال ایک ہزار قیدی آٹھ ہزار گھوڑے اور دو لاکھ بکریاں اور بے شمار سونا اور چاندی لے کے واپس آیا۔

رومیوں کی بدعہدی: ۳۱۲ھ میں بادشاہ روم کا سفیر مع تحائف نذرانوں کے دربار خلافت میں حاضر ہوا۔ ابو عمر بن عبدالباقی اس کے ہمراہ تھا۔ مصالحت اور قیدیوں کی رہائی کی درخواست پیش کی گئی۔ جس کو خلیفہ مقتدر نے منظور فرمایا۔ مگر مصالحت کے بعد رومیوں نے لشکر صائفہ کے ساتھ بدعہدی کی تو عساکر اسلامیہ نے بلاد روم میں داخل ہو کر خاطر خواہ تاخت و تاراج کیا اور مظفر و منصور واپس آئے۔

رومیوں کا ملطیہ اور دبیل کا محاصرہ: ۳۱۲ھ میں رومیوں نے ملطیہ اور اطراف ملطیہ کی طرف خروج کیا۔ دمستق ان کے ساتھ اس معرکہ میں ملیح ارمنی بھی تھا۔ ملطیہ پہنچ کر رومیوں نے محاصرہ ڈالا۔ اہل ملطیہ شہر چھوڑ کر بغداد بھاگ گئے اور امداد کی درخواست کی۔ مگر سماعت نہ ہوئی۔ اسی سنہ میں اہل طرسوس نے لشکر صائفہ کے ساتھ بلاد روم پر جہاد کیا اور مظفر و منصور مال غنیمت لے کر واپس آیا۔ ۳۱۳ھ میں مسلمانوں کا ایک چھوٹا لشکر طرسوس سے بلاد روم میں داخل ہوا۔ رومیوں کو خبر لگ گئی۔ موقع پا کر حملہ کر دیا۔ چار سو سپاہی کام آ گئے۔ اسی سنہ میں دمستق ایک عظیم الشان رومی لشکر کے ساتھ شہر دبیل پر حملہ آور ہوا۔ نصر سبکی اس شہر کا والی تھا۔ رومیوں کا محاصرہ کئے رہا۔ شب و روز منجنیقوں سے سنگباری ہوتی رہی۔ تا آنکہ شہر پناہ کی دیوار میں دراڑ پڑ گیا۔ رومی لشکر یلغار کر کے گھس گیا۔ مسلمانوں نے متفقہ کوشش سے مدافعت کی اور ان کے ایک گروہ کثیر کو قتل کر کے نکال باہر کیا۔ پھر اسی سنہ کے ماہ ذی قعدہ میں رومی لشکر نے چڑھائی کی۔ مسلمانوں نے مجتمع ہو کر مقابلہ کیا۔ رومیوں کو اس معرکہ میں شکست ہوئی۔ مسلمانوں نے ان کے لشکر گاہ کو لوٹ لیا۔ تیس ہزار راس بکریاں غنیمت میں ہاتھ آئیں۔ جن کو مسلمانوں نے ذبح کر کے کھا لیا۔

مرتد ضحاک کا قتل: قلعہ جعفری میں ایک شخص رؤسائے اکراد سے ضحاک نامی رہتا تھا۔ اسی سال وہ مرتد ہو گیا والیٔ روم سے مل گیا۔ والیٔ روم عزت و احترام سے پیش آیا۔ خلعت و انعام مرحمت کر کے قلعہ جعفری کی طرف واپس کر دیا۔ مسلمانوں کو اس کی خبر لگ گئی۔ واپسی جہاد کے بعد قلعہ جعفری پر حملہ کر دیا۔ ضحاک کو مع ان لوگوں کے جو اس کے ہمراہ تھے۔ گرفتار کر لیا گیا اور قتل کر ڈالا۔

دمستق رومی کا خلاط پر قبضہ: ۳۱۴ھ میں دمستق رومی نے لشکر کے ساتھ پھر بلاد اسلامیہ کی طرف پیش قدمی کی۔ خلاط پہنچ کر محاصرہ کر لیا۔ اہل خلاط نے قتل و غارت ہونے کے خوف سے مصالحت کر لی۔ دمستق نے شہر خلاط میں داخل ہو کر صلیب کو جامع مسجد پر نصب کیا اور دو چار روز قیام کر کے بدلیس کی طرف گیا اور اہل بدلیس کے ساتھ بھی اسی قسم کا برتاؤ کیا۔ اہل ارزن ان واقعات سے مطلع ہو کر دار الخلافت بغداد بھاگ گئے۔ دربار خلافت میں استغاثہ پیش کیا۔ مگر کچھ شنوائی نہ ہوئی۔

[illegible] کی بلاد کے واقعات [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کی فتوحات [illegible]

[illegible] اور [illegible] پر مختصر بیان [illegible]

عہدِ مقتدر کے قتال اور اہم واقعات [illegible]

[illegible]

کردوں کی سرکوبی [illegible]

[illegible]

[illegible]

صوبہ فارس پر [illegible] کا قبضہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

بھیج دیا گیا۔ اور اصفہان میں ان کے بجائے علی بن وہسوذان مقرر کیا گیا۔ اسی سنہ میں بشر افشینی [illegible] طرسوس [illegible] ابو العباس بن مقتدر کو مصر و مغرب اور سبک خادم کو موصل کی حکومت مرحمت ہوئی چونکہ ابوالعباس اس وقت بچہ تھا لہٰذا اس کی طرف سے مونس مظفر مصر و مغرب کا والی مقرر کیا گیا۔ سبک خادم چند روز بعد معزول کیا گیا اور بجائے اس کے نحریر صغیر کو مقرر کیا گیا۔

ابوالہیجا کی سرکشی و اطاعت: اسی سنہ میں ابوالہیجا عبداللہ بن حمدان نے موصل میں علم بغاوت بلند کیا۔ مونس مظفر اس کی سرکوبی کو بھیجا گیا۔ ابوالہیجا نے بغیر جنگ کئے امان کی درخواست کی۔ مونس نے امان دے دی۔ بعد ازاں ۳۰۲ھ میں ابوالہیجا کو موصل کی سند حکومت مرحمت ہوئی۔ اس وقت یہ بغداد میں تھا۔ اس نے اپنی طرف سے موصل میں اپنے ایک نائب کو بھیج دیا۔ ۳۰۳ھ میں پھر حسین بن حمدان نے علم بغاوت بلند کیا۔ مونس مظفر اس بغاوت کو دور کرنے کو گیا۔ [illegible] حسین کو گرفتار کر کے بغداد لے آیا۔ جیل میں ڈال دیا۔ اسی سنہ میں خلیفہ مقتدر نے ابوالہیجا اور اس کے بھائیوں کو گرفتار کر کے قید کر دیا۔

رے: حسین بن محمد بن [illegible] نے اپنے باپ کے انتقال کے بعد اسی سنہ میں کل مال اور املاک سرکاری دبا لی۔ [illegible] کو والی مقرر کیا۔ ۳۰۴ھ میں علی بن وہسوذان اصفہان کا [illegible] بھی [illegible] احمد بن [illegible] پیدا ہو گئی [illegible] معزول [illegible] احمد بن [illegible] مقرر کیا گیا۔ علی بن وہسوذان بعد معزولی [illegible] جا کر مقیم رہا۔ بعد ازاں یوسف بن ابی الساج نے اصفہان وغیرہ کو دبا لیا۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ ۳۰۷ھ میں مونس نے یوسف کو شکست دے کر گرفتار کر لیا۔

ابن احمد والی کرج: اسی سنہ میں اصفہان، قم [illegible] کاشان اور ساوہ پر احمد بن علی صعلوک مقرر کیا گیا۔ رے [illegible] ابہر اور زنجان کی حکومت علی بن وہسوذان کو عنایت ہوئی۔ علی بن وہسوذان کو جبل سے غلبہ [illegible] کے صوبجات [illegible] حکومت دی گئی تھی اور اس کا چچا زاد بھائی احمد بن مسافر [illegible] ایک روز موقع پا کر علی پر حملہ آور ہوا اور علی کو مار کر اس کا کام تمام کر دیا۔ [illegible] سے [illegible] جنگ [illegible] یوسف [illegible] محمد بن [illegible] مقرر کیا گیا۔ احمد بن مسافر [illegible] کی طرف بڑھا۔ محمد [illegible] مقابلہ پر آئے۔ محمد [illegible] جنگ میں مارا گیا۔ [illegible] بھاگ نکلا۔ احمد نے دربار خلافت سے خط و کتابت کر کے ایک [illegible] سند حکومت حاصل کر لی۔ جیسا کہ بیان کیا گیا۔ [illegible] حاصل [illegible] فارس نے اس پر فوج کشی کی۔ [illegible] نے [illegible] مصالحت کر لی۔ [illegible] اطاعت [illegible] بعد نے [illegible] سند حکومت دربار خلافت سے [illegible] ۳۱۹ھ میں ابو [illegible] والی [illegible] شیراز چلا گیا۔ [illegible] مار ڈالا گیا۔

اسی سنہ میں مونس مظفر نے جس وقت [illegible] کے مقابلہ [illegible] اور [illegible] عثمان غزی [illegible] مصر [illegible] تھا۔ [illegible] عثمان [illegible] معزول کر دیا گیا اور بجائے [illegible] حسین بن [illegible] [illegible]

تھا۔ اتفاق سے ماہ جمادی [illegible] بیمار ہو گیا۔ [illegible] قائم ہو [illegible] کی [illegible] ہو گیا۔ [illegible] بصرہ سے [illegible] چلا گیا۔ خلیفہ مقتدر نے اس کی جگہ [illegible] ہاشم بن [illegible] مامور [illegible] کی جگہ [illegible] کی جانب سے [illegible] مامور فرمایا۔

ابن قیس اور دوانی شہرزور [illegible] افسر پولیس بغداد سے معزول ہو جانے [illegible] مقرر [illegible] تھا۔ اس نے پولیس [illegible] سے پولیس کا رعب و داب لوگوں کے قلب سے اٹھ گیا۔ [illegible] [illegible] اور [illegible] کی [illegible] [illegible] ابن قیس [illegible] ابن قیس [illegible] ابن قیس کی [illegible] قیس [illegible] کی [illegible] کی گئی۔

[illegible] کی معزولی اس سے پیشتر [illegible] تھا۔ [illegible] [illegible] کی طرف [illegible] خلیفہ مقتدر نے [illegible] ۳۱۷ھ [illegible] ۳۱۷ھ [illegible] محمد بن [illegible] ۳۱۷ھ [illegible] [illegible] اور ہو [illegible] ہیں۔

ام موسیٰ قہرمانہ کی گرفتاری اسی سنہ میں خلیفہ مقتدر نے ام موسیٰ قہرمانہ کو گرفتار کر لیا۔ [illegible] مال و اسباب اور [illegible] خلیفہ مقتدر سے [illegible] اس بیان کی [illegible] اس کی گرفتاری کا حکم صادر فرمایا [illegible] اسباب اور بے شمار جواہرات [illegible] محمد بن عمر حاجب کے [illegible] بغداد [illegible] کی طرف [illegible] کے قبضے [illegible]

اس معرکہ میں حمدی زندانی کا بھی خاتمہ ہو گیا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔

اسی سنہ میں خلیفہ مقتدر نے ابن کیغلغ کو جنگ اصفہان پر اور محمد بن جعفر کو حکومت فارس پر جب کہ ان کا باپ [illegible] انتقال کر چکا تھا، مقرر فرمایا۔ ۳۰۲ھ میں صوبہ اصفہان کی گورنری پر [illegible] اور معاون و جنگ نہاوند پر سعید بن حمدان مامور ہوا۔ اسی سنہ میں محمد بن نصر والی موصل اور شفیع لؤلؤی [illegible] نے وفات پائی۔ [illegible] ان کے [illegible] شفیع مقتدری کو مقرر کیا گیا۔ ۳۰۳ھ میں [illegible] گرفتار کر لایا۔ اسی سنہ میں [illegible] موصل کی حکومت [illegible] کی طرف سے موصل میں [illegible] نے [illegible] میں موصل اور [illegible] میں بغاوت کی۔ [illegible] نے اپنے باپ ابوالہیجا عبداللہ کو اس سے منع کیا۔ [illegible] کے مطابق ۳۱۱ھ میں ایک لشکر مرتب کر کے حکومت کی طرف آیا۔ [illegible] اور [illegible] ہوئی [illegible] گئے۔ اسی سنہ میں خلیفہ مقتدر نے یوسف بن ابی الساج کو [illegible] طلب فرما کر واسط کی جانب بغرض جنگ ابوطاہر قرمطی روانگی کا حکم صادر فرمایا۔ ہمدان [illegible] ہمدان کے خراج کو اس مہم میں صرف کرنے کی اجازت دی۔ [illegible] یوسف بن ابی الساج کی گورنری میں تھا۔ نصر بن [illegible] کو مامور کیا گیا۔ جس نے [illegible] پر قبضہ و تصرف کر لیا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ اسی سنہ میں جزیرہ اور موصل کے اکثر [illegible] کا والی ابوالہیجا عبداللہ بن حمدان [illegible] ہوا۔ بازبدی اور قردی مع اپنے مضافات کے صوبہ جزیرہ سے ملحق کر دیئے گئے۔ اسی سنہ میں ابن ابی الساج مارا گیا جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔

موصل کے واقعات ۳۰۶ھ میں [illegible] نے [illegible] میں وفات پائی [illegible] خلیفہ مقتدر نے آذربائیجان پر یاقوت [illegible] مقرر فرمایا۔ ۳۱۱ھ میں احمد بن نصر [illegible] موصل اور یاقوت مامور کیا [illegible] اس کے بجائے [illegible] مامور ہوا۔ اسی سنہ میں موصل اور مضافات موصل پر [illegible] کو متعین کیا گیا۔ اس کے بعد موصل پر ابن عبداللہ بن حمدان [illegible] ناصرالدولہ کے لقب سے مشہور ہے [illegible] کی وجہ سے [illegible] موصل سے بغداد چلا آیا۔ اسی سنہ میں [illegible] موصل پر [illegible] متعین کیا گیا۔ [illegible] سعید اور نصر پسران حمدان ([illegible] کے بھائی تھے) مقرر کئے گئے۔ [illegible] موصل [illegible] تمام مضافات دیار [illegible] کی گورنری [illegible] پہنچا گیا۔

فارس کے واقعات ۳۱۱ھ میں خلیفہ مقتدر نے [illegible] یاقوت [illegible] کے بیٹے مظفر کو اصفہان کی گورنری دی اور دوسرے بیٹے ابوبکر محمد کو [illegible] اور اس کے بیٹوں کے [illegible] چنانچہ [illegible] یاقوت [illegible] شیراز میں [illegible] خلافت میں خراج کا [illegible]

بند کر دیا۔ تا آنکہ علی بن بویہ نے بلاد فارس پر ۳۲۲ھ میں قبضہ کیا۔ اسی مدت میں مرداویج نے اصفہان، ہمدان، رے اور حلوان پر قبضہ کر لیا تھا اور بغرض ادائے خراج مقرر وہاں بلاد کی دربار خلافت سے سند حکومت بھی حاصل کر لی۔ یہ اسی زمانے سے ان صوبجات پر قابض و متصرف ہوا۔

حسین بن قاسم اور مونس میں کشیدگی حسین بن قاسم بن عبیداللہ بن وہب خلیفہ مقتدر کا وزیر تھا اور مونس اس سے وزارت سے قبل کشیدہ خاطر تھا۔ مگر بلیق نے حسین کو مونس کے پاس لے جا کر صفائی کرا دی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حسین کو عہدۂ وزارت سے سرفراز کیا گیا۔ اس نے عہدۂ وزارت حاصل کرنے کے بعد جوہری اور ابن فرات کو اسٹاف میں داخل کر لیا۔ کچھ عرصہ بعد مونس کے کانوں تک یہ خبر پہنچی کہ وزیر السلطنت حسین نے چند سپہ سالاروں کے ساتھ مل کر اس کے خلاف سازش کر لی ہے۔ اس خبر کا پہنچنا تھا کہ مونس کو سخت رنج پیدا ہوا۔ اسی اثناء میں کسی نے وزیر السلطنت حسین تک یہ خبر پہنچا دی کہ مونس ایوان وزارت کو لوٹنے کی تدبیریں کر رہا ہے۔ وزیر السلطنت جان کے خوف سے ایوان وزارت چھوڑ کے قصر سرائے خلافت میں چلا آیا۔ ایک خط علی کا ہارون بن غریب الخال کو لکھ بھیجا۔ وہ اس وقت مرداویج سے شکست کھا کر دیر عاقول میں مقیم تھا۔ دوسرا خط مشرقی علی محمد بن یاقوت کے پاس روانہ کیا۔ اس سے مونس کی سوء ظنی کو ترقی ہوئی بعد ازاں وزیر السلطنت حسین نے نوکر، پیادہ اور محافظین قصر سرائے خلافت کو جمع کر کے انعام دیے۔ مونس کو اس کی خبر لگی تو سخت نفرت پیدا ہوئی۔ اس عرصہ میں ہارون بھی بغداد پہنچ گیا۔

خلیفہ مقتدر اور مونس کے مابین مخاصمت مونس خلیفہ مقتدر سے ناراض ہو کر موصل کی جانب روانہ ہوا۔ وزیر السلطنت نے ان سپہ سالاروں کو جو مونس کے ہمراہ تھے واپس آنے کو لکھا۔ چنانچہ ان میں سے چند سپہ سالار واپس آ گئے۔ باقی ماندہ مالکوں کے ہمراہ تیس پیادوں سمیت موصل چلے گئے۔ وزیر السلطنت حسین نے روانگی موصل کے بعد ان کے اور ان کے ہمراہیوں کے مکانات اور جاگیروں کی ضبطی شروع کرا دی۔ جس سے کافی مقدار میں مال جمع ہو گیا۔ خلیفہ مقتدر نے خوش ہو کر عمید الدولہ کا خطاب مرحمت فرمایا اور اس کا نام سکہ پر مسکوک کرایا۔ عمال کی تقرری اور معزولی کے کامل اختیارات دے دیے۔ چنانچہ وزیر السلطنت حسین نے صوبہ بصرہ میں ابو یوسف یعقوب بن محمد بریدی کو بغرض وصولی خراج مامور کیا اور سعید و داؤد پسران حمدان اور ان کے بھتیجے ناصر الدولہ حسین بن عبداللہ بن حمدان کو مونس سے جنگ کرنے کو لکھ بھیجا چنانچہ سعید و ناصر الدولہ جمع ہو کر مونس سے جنگ کرنے کو نکلے اور داؤد نے اس مہم میں شرکت نہیں کی اس وجہ سے کہ مونس نے اس کے ساتھ بڑے بڑے احسانات کیے تھے اس کے باپ کے مرنے کے بعد اس نے اس کی پرورش کی تھی مگر پھر اپنے بھائیوں کے کہنے سننے سے آمادہ ہو گیا۔

مونس کا موصل پر قبضہ مونس نے اس سے مطلع ہو کر یہ چال چلی کہ اثناء راہ میں جس قدر روساء عرب تھے ان کو یہ کہہ دیا کہ خلیفہ مقتدر نے مجھے موصل اور دیار ربیعہ کی حکومت عنایت فرمائی ہے تم لوگ متفق ہو کر میرے ساتھ چلو۔ وہ لوگ آٹھ سو کی جمعیت کے ساتھ اس کے ہمراہ ہو گئے۔ قریب موصل بنو حمدان نے تیس ہزار فوج سے مونس پر حملہ کیا۔ مونس نے پہلے ہی حملہ میں ان کو شکست دے کر موصل پر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ماہ صفر ۳۲۰ھ کا ہے اس کے بعد بغداد، شام اور مصر کی فوجیں مونس کے پاس چلی آئیں۔ کیونکہ اس کے جود و بخشش اور احسانات نے ان کو گرویدہ بنا لیا تھا۔ ناصر الدولہ بن حمدان بھی اس سے آ ملا اور

اس کے پاس موصل میں آ پہنچا۔ باقی [illegible] بغداد بھیجا گیا۔

خلیفہ مقتدر کا قتل: مونس موصل پر قبضہ حاصل کرنے کے بعد نو روز تک مقیم رہا۔ اس اثناء میں بہت سی فوجیں اس کے پاس آ کر جمع ہو گئیں۔ اس وقت مونس نے موصل سے کوچ کیا اور خلیفہ مقتدر سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا۔ خلیفہ مقتدر کو اس کی خبر لگی تو چند فوجیں بسرداری ابوبکر محمد بن یاقوت اور سعید بن حمدان مونس کے مقابلہ پر روانہ کیں۔ مگر ان کو مقابلہ کی ہمت نہ ہوئی تھی کہ لشکریوں نے خبر دی کہ دجلہ پار کر کے مونس کا لشکر قریب آ پہنچا ہے۔ بغداد کی جانب [illegible] لشکر بھی بغداد پہنچ آئے۔ اور مونس نے [illegible] قیام کر کے باب شماسیہ پر پہنچ کر پڑاؤ کیا [illegible] مقابلہ پر موجود ہے تم [illegible] خلیفہ مقتدر نے ہارون بن غریب الخال کو میدان جنگ میں جانے کا حکم دیا۔ ہارون نے پہلے تو معذرت کی مگر خلافت مآب کے اصرار سے تیار ہو گیا۔ [illegible] خلیفہ مقتدر نے [illegible] کر کے [illegible] اور ان سے [illegible] واسط کی طرف چلے جانے کا قصد کیا۔ ابن یاقوت نے خلیفہ مقتدر کو واسط جانے سے روک دیا اور سمجھا بجھا کر میدان جنگ کی طرف لایا۔ آگے آگے فقہاء اور قراء تھے جن کے ہاتھ میں قرآن مجید تھا اور [illegible] تھی۔ خلیفہ مقتدر ایک بلند ٹیلے پر پہنچ کر ٹھہر گیا اور [illegible] اتفاق یہ کہ [illegible] اس کے لشکر کو شکست ہو گئی۔ خلیفہ مقتدر راستہ میں علی بن بلیق (یہ مونس کا مصاحب تھا) سے ملاقات ہوئی۔ علی بن بلیق نے [illegible] اور میدان جنگ سے واپس چلا [illegible] راستے [illegible] خلیفہ مقتدر لوٹ پڑا۔ [illegible] ایک گروہ [illegible] ان لوگوں نے خلیفہ مقتدر کو قتل کر کے سر اتار لیا اور لاش میدان میں چھوڑ دی [illegible]۔

بیان کیا جاتا ہے کہ علی بن بلیق نے مغاربہ اور بربر لوگوں کو خلیفہ مقتدر کے قتل کا اشارہ کر دیا تھا۔ مونس اس واقعہ کو دیکھ کر [illegible] ہوا [illegible] بول اٹھا "واللہ ہم سب کے سب قتل کر دیئے جائیں گے" [illegible] کے بعد [illegible] خلافت [illegible] خلیفہ مقتدر کی خلافت کے [illegible] ہو گیا۔ [illegible] دولت کی [illegible] خلیفہ مقتدر اپنے زمانہ خلافت میں [illegible] اور [illegible] کے [illegible] اور فضول خرچی [illegible] تھا۔

باب : ۲۲

ابو منصور محمد القاہر باللہ

۳۲۰ھ تا ۳۲۲ھ

بیعت خلافت: خلیفہ مقتدر کے قتل کے بعد اس کا بیٹا عبدالواحد ہارون بن غریب، محمد بن یاقوت اور ابراہیم بن رائق کے ساتھ مدائن چلا گیا۔ مونس نے اس کے بیٹے ابو العباس کو تخت خلافت پر متمکن کرنے کا قصد کیا جو اس وقت بہت کمسن تھا۔ اس کے وزیر ابو یعقوب اسحاق نوبختی نے مخالفت کی کہ ایسے کمسن کو مسند خلافت پر متمکن کرنا خلاف مصلحت ہے جو بتوزا تحکم ... بہتر یہ ہے کہ اس کا بھائی ابو منصور محمد بن معتضد مسند خلافت پر جلوہ افروز کیا جائے۔ مونس نے مجبوراً منظور کیا اور دارالخلافت میں اس کو طلب کر کے آخری شوال ۳۲۰ھ میں اس کی خلافت کی بیعت کی اور القاہر باللہ کے لقب سے ملقب کیا۔ بعد ازاں مونس نے اپنی ذاتی ... اس نے حاجب بلیق اور اس کے بیٹے علی کو ان کے ... خلیفہ قاہر نے ... یا۔ ابو علی بن مقلہ کو فارس سے طلب کر کے قلمدان وزارت سپرد کیا اور جب تک وہ آئے علی بن بلیق کو نائب کر دیا۔

مقتدر کے خاندان کی گرفتاری: تکمیل بیعت کے بعد خلیفہ مقتدر کی ماں گرفتار کی گئی۔ استحصال مال کے لئے سے مارا پیٹا گیا۔ جب اس سے کچھ وصول کی صورت نظر نہ آئی تو اس امر پر مجبور کی گئی کہ وہ قضاۃ کے روبرو اپنے اوقاف کی منسوخی کا اظہار کرے۔ مادر مقتدر نے انکار کیا۔ بالآخر قاضیوں کو طلب کر کے اس نے اوقاف کی منسوخی کی شہادت لی۔ ... اسی وقت ان اوقاف کو ... نے ... کیا ... جس کو ... اپنے ... سے ... کی۔ اس کے بعد ... خلیفہ مقتدر سے بطور جرمانہ روپے وصول کئے گئے اور پھر ابن مقتدر کی گرفتاری اور مستوری کا حکم دیا۔ چند دنوں کے بعد ابو العباس اپنے بھائیوں کے گرفتار کر آیا۔ اس سے روپیہ وصول کیا گیا۔ ... ابو علی بن مقلہ نے اپنے کاتب (...) حسین بن ہارون کے سپرد کر دیا۔ اس نے ان کو ... عزت و احترام سے رکھا۔ ان لوگوں کے گرفتار ہونے کے بعد وزیر السلطنت ابن مقلہ نے ... اور اس کے بھائیوں اور مصاحبوں کو گرفتار کر کے بے انتہا روپیہ وصول کئے۔

ہارون بن غریب کی تقرری: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ خلیفہ مقتدر کے قتل کے بعد اس کا بیٹا عبدالواحد مدائن چلا گیا تھا اس کے ہمراہ ہارون بن غریب الخال، محمد بن یاقوت اور ابراہیم بن رائق تھے۔ پھر عبدالواحد مدائن سے واسط چ

آ کے تھوڑے دنوں وہیں قیام پذیر رہے۔ اہل واسط نے ان لوگوں کو سمجھایا کہ یہ دولت جس پر تم لوگوں کی جان جانے کی آخر ایک نہ ایک روز زائل ہو جائے گی۔ اس وقت تمہاری جان کے لالے پڑ جائیں گے [illegible] بہتر ہے کہ تم لوگ خلیفہ قاہر سے امان حاصل کر لو اس رائے کو سب نے پسند کیا اور ان میں سب سے پہلے ہارون نے اس کی ابتدا کی اور ایک درخواست اس مضمون کی لکھ کر دارالخلافت بغداد روانہ کی کہ مجھے امان دی جائے اور مال و اسباب جو ضبط کر لیا گیا ہے مجھے دے دیا جائے [illegible] ادا کرنے کو تیار ہوں۔ خلیفہ قاہر اور مونس نے درخواست منظور کر لی۔ امان نامہ لکھ بھیجا اور [illegible] اس کے صوبجات [illegible] ماسبذان اور مہرجانقذق کی حکومت بھی مرحمت فرمائی۔ ہارون نے امان نامہ اور سند حکومت پانے کے بعد بغداد کی [illegible] آیا۔ [illegible] قیام کر دیا۔

عبد الواحد بن مقتدر سے حسن سلوک دربار خلافت تک اس واقعہ کی خبر پہنچی تو مونس نے ایک لشکر [illegible] کے ساتھ [illegible] روانہ کیا۔ اس لشکر کی روانگی کی خبر [illegible] عبد الواحد [illegible] حاصل کرنے میں [illegible] اس لشکر کے مصارف میں کام آ [illegible] قیام کرتا [illegible] روانہ ہوا عبد الواحد اس کی آمد سے مطلع ہو کر اپنے ہمراہیوں کے ہمراہ تستر چلا آیا تستر پہنچ کر اس کے [illegible] نے اس سے علیحدگی اختیار کر لی [illegible] امان کی درخواست کی [illegible] محمد بن یاقوت [illegible] عبد الواحد کا ساتھ [illegible] اس علیحدگی کا باعث محمد بن یاقوت تھا اس نے [illegible] پر قبضہ کر رکھا تھا۔ کوئی شخص بلا اجازت [illegible] کو حسد پیدا ہوا اور انہوں نے [illegible] مقتدر نے [illegible] پیچھے آئے۔ اس کے بعد محمد بن یاقوت نے بھی امان کی درخواست کی۔ خلیفہ قاہر اور مونس [illegible] ہو گئی۔ سب کے سب بغداد چلے آئے۔ خلیفہ قاہر عزت و احترام سے پیش آیا۔ [illegible] اور [illegible] اس کی ماں سے [illegible] وصول کیا تھا وہ بھی دے دیا۔ ان واقعات کے بعد [illegible] ہو گئے۔

عیسیٰ طبیب کی گرفتاری [illegible] خلیفہ قاہر [illegible] ۳۲۱ھ [illegible] کی قوت اور خلیفہ قاہر کی مخالفت پر متفق ہو گئے [illegible] عیسیٰ طبیب [illegible] مونس نے علی بن بلیق کو حکم دیا کہ عیسیٰ طبیب کو بلا لاؤ۔ عیسیٰ طبیب اس وقت خلیفہ قاہر کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ علی بن بلیق نے عیسیٰ کو گرفتار کر کے [illegible] روانہ کر دیا۔

خلیفہ قاہر کی نگرانی مونس نے عیسیٰ کو موصل بھیج دیا۔ بعد ازاں علی بن بلیق نے خلیفہ قاہر کی نگرانی پر [illegible] مقرر کیا۔ [illegible] خلافت میں آنے جانے والوں کی تلاشی لی جانے لگی۔ یہاں تک کہ عورتیں بھی [illegible] رفت [illegible] تھیں۔ [illegible] خیال [illegible] کہ کوئی خط [illegible] خلیفہ قاہر [illegible]

ہو گئی تھیں۔ جب ان کی تکلیف بہت بڑھ گئی تو قید سے [illegible] دار الخلافت سے علی بن بلیق نے اپنے مکان میں منتقل کرا لیا جہاں ان کی [illegible] تھی۔ علی نے اس کی بڑی عزت کی اور [illegible] ان کے پاس بھیجا۔[1] ماہ جمادی الثانی ۳۲۱ھ میں اس نے وفات پائی۔

خلیفہ قاہر کی حکمت عملی تھوڑے دنوں بعد خلیفہ قاہر کو اس امر کا احساس ہو گیا کہ ساری کارروائیاں مونس اور ابن مقلہ کی مرضی سے ہوتی ہیں اور حکومت اور تدبیر ملکی سے مجھ کو محروم رکھا جاتا ہے اور حکومت مجھ سے چھین لینا چاہتے ہیں۔ طریف سبکری اور بشریٰ مونس کے خادم تھے [illegible] اس لیے کہ اس نے بلیق اور اس کے بیٹے کو عہدے دیے جانے سے جلتے تھے۔ اس سے خلیفہ قاہر [illegible] زمانہ میں اکثر معاملات مونس سے [illegible] ہوا تھا۔ مونس نے حسب اقرار ان کو اقطاعات مرحمت کیے۔ جس سے [illegible] ناراض ہو گئے۔ خلیفہ قاہر نے ان لوگوں کو بلایا۔ مونس اور بلیق کی طرف سے [illegible] ان کو خوب بھڑکایا اور اس پر آمادہ کیا [illegible] محمد بن قاسم بن عبید اللہ جو وزیر السلطنت ابن مقلہ کا خاص مشیر اور معتمد تھا۔ یہ طے پایا کہ محمد بن قاسم [illegible] رازداری سے ان کو ابن مقلہ کے حالات اور ہدایات سے مطلع کیا کرے۔

خلیفہ قاہر کے خلاف سازش اتفاق سے ابن مقلہ کو ان امور کا احساس ہو گیا۔ اس نے مونس اور بلیق سے اس کا تذکرہ کیا۔ ان سب نے متفق ہو کر یہ طے کیا کہ خلیفہ کو بزور معزول خلافت سے علیحدہ کر دیا جائے۔ چنانچہ بلیق اور اس کے بیٹے علی اور [illegible] وزیر السلطنت ابن مقلہ اور حسن بن ہارون نے مشورہ کر کے ابو احمد بن مکتفی کی خلافت کی بیعت کر لی اور اس کی حمایت [illegible] اور خلیفہ قاہر کی مخالفت کی قسمیں کھائیں۔ پھر اس کے بعد یہ لوگ مونس کے پاس گئے اور ان واقعات سے مطلع کیا۔ مونس نے کہا [illegible] خلیفہ [illegible] مخالفت نہ کرو۔ جب تک کہ [illegible] معلوم نہ ہو [illegible] ابن مقلہ [illegible] خلیفہ قاہر سے سازش کرنے [illegible] دیگر ان لوگوں نے اس رائے پر عمل نہ کیا اور خلیفہ قاہر کی [illegible] مجبور ہو کر [illegible] آپ [illegible] جانے والا ہے۔ [illegible] اجازت [illegible] قصر خلافت میں جا کے وہ خلیفہ قاہر کو گرفتار کر لے۔

سازش کا انکشاف ابن مقلہ نے حالات [illegible] ایک عرضداشت خلیفہ قاہر کی خدمت میں بھیجی۔ اتفاق سے جب اس عرضداشت کا جواب دربار خلافت سے آیا اس وقت ابن مقلہ سو رہا تھا۔ بیدار ہو کر دوسری عرضداشت اسی مضمون کی روانہ کی۔ خلیفہ قاہر کو اس سے شبہ پیدا ہوا۔ اسی اثناء میں طریف سبکری مونس کا غلام [illegible] کے پاس حاضر ہو [illegible] کے بعد [illegible] مونس اور ابن مکتفی کی بیعت خلافت اور [illegible] کو قتل کرنے کے ارادے سے مطلع کیا [illegible] خلافت آپ [illegible] لیکن [illegible] خلیفہ قاہر [illegible] اتفاقات [illegible] ہوشیار ہو گیا۔ اسی وقت [illegible] قصر خلافت [illegible] دروازوں میں چھپا دیا۔

علی بن بلیق کا فرار اور گرفتاری بعد [illegible] علی بن بلیق اپنے چند مصاحبین کو لیے ہوئے قصر خلافت کے دروازہ پر حاضر

---

[1] [illegible]

[illegible] ۲۵۳

ہوا۔ حاضری کی اجازت طلب کی۔ خلیفہ قاہر نے اجازت نہ دی۔ شراب پیئے ہوئے تھے۔ بگڑ گیا۔ طیش میں آ کر دست کھینچنے لگا۔ خلیفہ قاہر نے فوج ساجیہ کو اشارہ کر دیا۔ جو شمشیر بکف قتل پڑی، گالیاں دیتی ہوئی آگے بڑھی۔ مصاحبین یہ رنگ دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ علی بن بلیق تن تنہا ایک چھوٹی سی کشتی میں بیٹھ کر دجلہ کو ساحل غربی کی جانب عبور کر گیا۔ وزیر ابن مقلہ اور حسن بن ہارون یہ خبر پا کر روپوش ہو گئے۔ طریف سبکری سوار ہو کر قصر خلافت کی طرف آیا۔ بلیق کو اس واقعہ کی خبر لگی۔ اپنے بیٹے کے قصر خلافت جانے اور ساجیہ کے گالیاں دینے سے بگڑ گیا۔ اور یہ کہتا ہوا کہ اگر درحقیقت ساجیہ نے ایسی گستاخی کی ہے تو میں ان کو وہ سزا دوں گا جس کے وہ مستحق ہیں۔ قصر خلافت کی جانب روانہ ہوا۔ اس کے ہمراہ مونس کے چند سپہ سالار بھی تھے۔ خلیفہ قاہر کو بلیق کی حاضری کی اطلاع کی گئی۔ حاضری کی اجازت نہ دی۔ بلکہ گرفتار کر لینے اور قید کر دینے کا اشارہ کر دیا۔ احمد بن زیرک افسر پولیس کو بھی اس کے ساتھ ہی گرفتار کر لیا گیا ہے۔ لشکریوں کو یہ امر ناگوار گزرا۔ وہ شور و غل مچاتے ہوئے قصر خلافت میں حاضر ہوئے۔ خلیفہ قاہر نے ان سب کو سمجھا بجھا کر اور یہ وعدہ کر کے کہ ان قیدیوں کو چشم نمائی کے بعد میں انہیں رہا کر دوں گا راضی کر دیا۔ لشکریوں کا مجمع منتشر ہو گیا۔

مونس کی معزولی و گرفتاری: بعد ازاں خلیفہ قاہر نے مونس کو مشورہ کرنے کی غرض سے بلا بھیجا۔ مونس نے حاضری سے انکار کر دیا۔ تب اس کو معزول کر کے بجائے اس کے طریف سبکری کو مامور فرمایا اور خاتم خلافت عنایت کر کے ارشاد کیا "میں نے اپنے بیٹے عبدالصمد کو وہ اختیار مرحمت کئے جو خلیفہ مقتدر نے اپنے بیٹے محمد کو دیئے تھے اور تم کو میں نے اس کی نیابت' عساکر شاہی کی افسری' امراء و ارکین دولت کی سرداری اور خزانوں کی نگرانی سپرد کی۔ جو اختیارات مونس کو حاصل تھے وہ سب میں نے تم کو مرحمت فرمائے تمہارا فرض یہ ہے کہ اس نمک حرام احسان فراموش مونس کو بلاؤ۔ ورنہ جب تک وہ اپنے مکان میں موجود رہے گا۔ اس وقت تک مفسدہ پردازوں اور بداطواروں کا وہاں جمگھٹا رہے گا اور طرح طرح کے فسادات اٹھتے رہیں گے"۔ طریف قصر خلافت سے نکل کر مونس کے مکان پر گیا اور یہ ظاہر کیا کہ خلیفہ قاہر نے تم کو اور تمہارے ہمراہیوں کو امان دی ہے تمہارے لئے مناسب یہ ہے کہ قصر خلافت میں حاضر ہو کر خلافت مآب کی دست بوسی کرو۔ ورنہ اس خانہ جنگی اور مخالفت کا نتیجہ اچھا نہ ہوگا۔ مبادا خلیفہ قاہر کو کوئی خیال پیدا ہو جائے اور بالفعل وہ تم کو کسی قسم کا صدمہ نہیں پہنچا سکتا ہے۔ مونس سوار ہو کر قصر خلافت میں داخل ہوا۔ خلیفہ قاہر نے قبل اس کے وہ روبرو آئے گرفتار کر کے قید کر دینے کا حکم دے دیا۔ طریف کو اس سے ایک گونہ ندامت ہوئی۔

ابوجعفر محمد کا وزارت پر تقرر: مونس کی گرفتاری کے بعد خلیفہ قاہر نے قلمدان وزارت ابوجعفر محمد بن قاسم بن عبیداللہ کے سپرد کیا اور مونس بلیق' علی بن بلیق' ابن مقلہ وزیر السلطنت ابن زیرک اور ابن ہارون کے مکانات کی نگرانی کا حکم صادر فرمایا۔ جس قدر مال و اسباب اور سامان ان کے مکانات میں تھا۔ ضبط کر لیا۔ ابن مقلہ کا مکان جلا کر خاک کر دیا گیا۔ محمد بن یاقوت دربار خلافت میں حاضر ہو کر عہدہ حجابت انجام دینے لگا۔ طریف اور فوج ساجیہ کو اس سے ناراضگی پیدا ہوئی۔ محمد بن یاقوت اس امر کا احساس کر کے روپوش ہو گیا۔ اور موقع پا کر اپنے باپ کے پاس فارس چلا گیا۔ خلیفہ قاہر نے اس حرکت پر محمد بن یاقوت کو عتاب آمیز خط تحریر فرمایا اور صوبہ اہواز کی گورنری عنایت کی۔

سبکری اور مونس کی رنجش کا سبب: طریف سبکری کے مونس اور بلیق سے منحرف اور کشیدہ ہو جانے کا یہ سبب ہوا کہ مونس، بلیق اور اس کے بیٹے علی کا رتبہ و عزت طریف سبکری سے زیادہ ہو چلا تھا۔ حالانکہ یہ دونوں طریف کے خادم اور ماتحت تھے۔ یہ دونوں اپنی قدر و منزلت سے ایسے اترائے کہ طریف کا پاس ادب تک چھوڑ بیٹھے تھے اور نوبت اس حد تک پہنچ گئی تھی کہ ابن بلیق نے طریف کو کل صوبجات کی حکومت سے معزول کر دیا تھا۔ بالآخر رفع ندامت کے خیال سے بلیق نے طریف کو مصر کی گورنری پر مامور کرنے کا قصد کیا۔ چنانچہ وزیر السلطنت ابن مقلہ سے طریف کی سفارش کی۔ وزیر السلطنت ابن مقلہ نے منظور فرمائی، علی بن بلیق کو اس کی خبر لگ گئی۔ اس نے طریف کو گورنری مصر پر بھیجنے سے روک کر اپنی درخواست پیش کر دی اور سند حکومت حاصل کر کے اپنے نائب کو وہاں بھیج دیا۔ طریف کو اس سے سخت رنجیدگی پیدا ہوئی اور وہ ان دونوں سے موقع و محل کا انتظار شدت کے ساتھ کرنے لگا۔

مونس اور فوج ساجیہ کی کشیدگی کی وجہ: فوج ساجیہ کی کشیدگی اور خلیفہ قاہر کی طرف مائل ہونے کی یہ وجہ ہوئی کہ یہ فوج مونس کے ساتھ موصل بھی گئی تھی، خلیفہ مقتدر کے قتل ہونے کے وقت بھی اس کی شریک و مددگار تھی۔ مونس اس سے ہمیشہ ترقی اور انعام کے وعدے کرتا آیا تھا۔ تا آنکہ خلیفہ قاہر مسند خلافت پر متمکن ہوا اور مونس کو امور سلطنت کے سفید و سیاہ کرنے کے اختیارات حاصل ہو گئے مگر اس کی فوج کے حقوق پر مونس کی نظر نہ پڑی۔

ساجیہ فوج کا سردار صندل: فوج ساجیہ کے سرداروں میں ایک شخص صندل نامی تھا۔ اس کا ایک خادم مؤتمن تھا۔ صندل نے اس کو فروخت کر دیا تھا، وہ رفتہ رفتہ خلیفہ قاہر تک پہنچ گیا۔ چنانچہ جس وقت خلیفہ قاہر مسند خلافت پر متمکن ہوا مؤتمن کو کل محل اور قصر خلافت کی سرداری عنایت کی۔ رفتہ رفتہ جب خلیفہ قاہر [illegible] ارکان دولت مونس اور بلیق کی سازشوں میں گرفتار ہوا۔ [illegible] تھا کہ یہ دونوں کے ذریعہ سے [illegible] جائے۔ مگر مجبوری تھی۔ ایک روز مؤتمن کو طلب کر کے کہا تم صندل کے پاس جاؤ جس نے تم کو فروخت کیا تھا۔ وہ فوج ساجیہ کا ایک سردار ہے اور اس سے میری شکایت کرو، اگر وہ میری شکایت کا جواب دے تو اس سے بلیق اور علی بن بلیق کی سازشوں اور بد معاملگی اور میری مجبوری کا حال بیان کر دینا اور اگر اس کے خلاف دیکھنا تو خاموش رہنا۔ مؤتمن رخصت ہو کر صندل کے پاس آیا اور جس طرح خلیفہ قاہر نے تلقین کی تھی ویسا ہی کہا۔ صندل نے جواب دیا کہ امیر المومنین امام ہیں، خلیفہ ہیں، وہ تمہارے ساتھ کیا سلوک کر سکتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ ان کی سازشوں سے جو ان لوگوں اراکین دولت کے بدولت ہو رہی ہیں نجات دے دے تو ہم تم اور ہر شخص اپنے حق کو پہنچ سکتا ہے۔ مؤتمن یہ سن کر خوش ہو گیا۔ لوٹ کر خلیفہ قاہر کی خدمت میں آیا، خلیفہ قاہر نے کل حالات سن کر تھوڑے سے تحائف مؤتمن کی معرفت صندل کی بیوی کے پاس روانہ کئے اور یہ کہہ دیا کہ تم میرے محاسن اخلاق اور سخاوت کو بیان کر کے یہ ظاہر کرنا کہ خلیفہ نے اپنے خدام کو بہت سی چیزیں عطا کیں، ان میں سے یہ بھی ہیں۔ یہ میں اپنی طرف سے آپ کو بطور تحفہ دیتا ہوں۔ اگر آپ سیدہ کی خدمت میں حاضری کا شرف حاصل کرو تو خدا جانے کیا سے کیا ہو جاؤ۔ صندل کی بیوی مؤتمن کی ترغیب سے قصر خلافت میں داخل ہوئی۔ خلیفہ قاہر نے بالمشافہ اس سے جو کہنا تھا کہا اور اس کے ذریعہ سے شوہر کے پاس اپنے قلم خاص سے ایک رقعہ لکھ کر روانہ کیا جس میں صندل اور اس کے ہمراہیوں کو جاگیرات انعامات [illegible] کا وعدہ تھا۔ صندل نے وہ رقعہ [illegible] سپہ سالار فوج ساجیہ سیما کو پڑھا کر

مرتب بنایا۔ پھر وہ ذی شان باتفاق رائے طریف سبکری کو اس راز سے آگاہ کیا۔ کیونکہ ان لوگوں کو یہ معلوم تھا کہ مونس سے کشیدگی ہے اور یہ موقع [illegible] کا منتظر ہے۔

خلیفہ قاہر اور طریف کے مابین معاہدہ: طریف نے اس شرط سے ان لوگوں کی ہم آہنگی منظور کی کہ مونس، بلیق اور ابن بلیق کو کوئی صدمہ جانی نہ پہنچنے پائے اور مونس کے مرتبہ اور عزت میں کوئی فرق نہ پڑے۔ سب نے تسلیم کیا۔ بعد ازاں طریف نے یہ اشتہار دیا کہ خلیفہ قاہر کا غلام [illegible] کا آئے تو تم میں سے [illegible] اس مصیبت [illegible] موجود ہوں۔ ان لوگوں نے خلیفہ قاہر کے پاس یہی پیام بھیج دیا۔ خلیفہ قاہر نے اپنے قلم سے پہلے ان شرائط کو تحریر کیا جس کا وہ خواہاں تھا۔ اس کے بعد اپنی طرف سے اس قدر اور بڑھا دیا کہ میں ہمیشہ نماز پڑھایا کروں گا۔ جمعہ اور جماعت میں حاضر ہوں گا۔ حج اور جہاد پر جایا کروں گا۔ داد خواہوں کے لئے میں خود مجلس عدل میں جا کر بیٹھوں گا۔

خلیفہ قاہر کی گرفتاری کا منصوبہ: فریق ثانی کے مل جانے کے بعد طریف نے وہ حشم سرائے خلافت کو بھی اپنا ہم عقیدہ بنا لیا۔ ابن بلیق نے ان لوگوں کو محل سرائے خلافت کے مکانات سے نکلوا کر اپنے خادموں کو ان میں ٹھہرا دیا۔ اس وجہ سے محافظین محل سرائے خلافت کو ابن بلیق سے کشیدگی پیدا ہوگئی۔ طریف سے ہم پیغام ہو کر ان لوگوں نے بھی خلیفہ قاہر کا ساتھ دیا۔ اتفاق یہ کہ ابن مقلہ اور ابن بلیق کو اس کی خبر پہنچ گئی۔ [illegible] محافظین محل سرائے خلافت کو گرفتار کر لینے کا قصد کیا۔ مگر خوف فتنہ و فساد اس فعل سے باز رہے۔ پھر یہ رائے قائم کی کہ کسی حیلہ سے خلیفہ قاہر کے پاس پہنچ کر گرفتار کر لینا چاہیے اور چونکہ خلیفہ قاہر نے اس خدشہ کو پہلے ہی سے پیش نظر رکھا تھا۔ بیماری کے بہانہ سے باہر نہ آتا تھا اور نہ کوئی شخص اس کی خدمت میں جا سکتا تھا۔ اس وجہ سے ابن مقلہ اور ابن بلیق کو اس ارادے میں کامیابی نہ ہوئی۔ صلاح و مشورہ کر کے قرامطہ کے آنے کی خبر اڑا دی جیسا کہ ابھی ہم نے اوپر بیان کیا ہے۔

عام معافی کا اعلان: الغرض مونس کی گرفتاری کے بعد عہدہ حجابت پر سلامت طولونی کو مامور کیا گیا۔ [illegible] خاقان عہدہ وزارت پر بجائے ابن مقلہ کے ابو جعفر بن محمد القاسم بن عبید اللہ۔ نظم و نسق سے فارغ ہو کر خلیفہ قاہر نے تمام شہر میں یہ منادی کرا دی کہ جو لوگ روپوش ہیں یا [illegible] ہیں۔ ان کو امان دی جاتی ہے۔ ان کا مال و اسباب جو ضبط کر لیا گیا ہے واپس کر دیا جائے گا۔ اور جو شخص حاضر نہ ہوگا اس کا مکان منہدم کرا دیا جائے گا۔ اور مال و اسباب ضبط کر لیا جائے گا۔ اس کے بعد ابو احمد بن مکتفی کی جستجو شروع ہوئی۔ بڑی کوشش اور تلاش سے وہ ہاتھ آیا۔ خلیفہ قاہر نے [illegible] کر دیا اسے دیوار میں چن دیا گیا اور وہ مر گیا۔ پھر علی بن بلیق کو گرفتار کر کے پیش کیا گیا اس کو بھی سزائے قتل دی گئی۔

بلیق و مونس کا قتل: شعبان ۳۲۱ھ میں لشکریوں میں پھر شورش پیدا ہوئی۔ مونس کے ہمراہی [illegible] شریک تھے۔ شور و غوغا مچاتے ہوئے محل سرائے خلافت کے قریب پہنچے۔ وزیر السلطنت ابو جعفر کے "روشن محل" میں آگ لگا دی۔ مونس کو رہا کرو چلاتے ہوئے قصر خلافت کی طرف بڑھے۔ خلیفہ قاہر لشکریوں کے شور و غل کو سن کر اس مکان کی جانب گیا جہاں پر بلیق قید تھا۔ خادموں کو اشارہ کر دیا۔ بلیق کی گردن اتار لی گئی اور سر کاٹ کر لئے ہوئے مونس کے پاس آئے۔ مونس دیکھ کر گھبرا گیا اور [illegible] بلیق کے قاتل پر لعن طعن کرنے لگا۔ خلیفہ قاہر کے حکم پر اس کا بھی سر اتار لیا

گئے۔ بعد ازاں ان دونوں سروں کو بھی ایک طشت میں رکھ کر خزانہ میں رکھوا دیا۔ شکری اور ہم ابوبکر مونس ان ہی کی طرح تک پہنچا دیے گئے کہ وہ سب کے سب منتشر ہو گئے۔

ابو جعفر کرخی کی معزولی: بعض لوگوں کا بیان ہے کہ علی بن بلیق اپنے باپ بلیق اور مونس کے بعد مارا گیا۔ کیونکہ یہ روپوش تھا۔ بلیق و مونس کے قتل کے بعد اس کی بھی بہ حکم خلیفہ گرفتاری ہوئی تھی۔

ابو یعقوب اسحاق بن اسمٰعیل نوبختی بھی اسی وقت قتل ہوا تھا۔ جس پر خلیفہ قاہر نے اس کو بواسطت ابو جعفر کے بیان سے گرفتار کرا کے جیل میں ڈال دیا۔ اور کہیں عظمت اور سرداران لشکر خلیفہ قاہر کی اس ایذا دہی سے خوف زدہ ہو گئے۔ بایں ہمہ ابو جعفر کرخی کلمات خلافت تک اس معاملہ میں اپنے اقوال و معتقدات کرنے سے خائف اور ناکام ہونے۔ ابو جعفر کے بعد وزیر بواسطت ابو جعفر کی گرفتاری کی باری آئی۔ تین ماہ وہ عہدہ وزارت کرنے کے بعد سے گرفتار کیا گیا۔ اس کے ساتھ اس کا بھائی و عبیداللہ اور اس کے غلام بھی گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیے گئے۔ ابو جعفر قید ہونے کے اٹھارہ روز بعد مر گیا۔

ابو العباس احمد کا عہدۂ وزارت پر تقرر: ... کے ابو العباس احمد بن عبیداللہ بن سلیمان خصیبی کو قلمدان وزارت سپرد کیا گیا۔ وزیر بواسطت ابو جعفر کے قید ہونے کے بعد طریف ایک ایسا شخص باقی رہ گیا تھا۔ جس کا اقتدار خلیفہ قاہر کی آنکھوں میں کانٹے کی طرح سے کھٹکتا تھا۔ فوج اور ملک کو اس کا پاس لحاظ تھا۔ ایک روز خلیفہ قاہر نے اس کو اپنے دربار میں بلا بھیجا۔ اس نے حاضر ہو کر دست بوسی کی۔ گرفتاری کا حکم دے دیا۔ غلاموں نے گرفتار کر کے جیل میں بھیج دیا۔ تا آنکہ خلیفہ قاہر کو معزول کیا گیا۔

آل بویہ کی حکومت کا آغاز: دیلم کے صوبہ کا ابو شجاع ابن بویہ ایک شخص سرداران دیلم میں سے تھا۔ اس کے تین لڑکے تھے۔ عماد الدولہ ابو الحسن علی، رکن الدولہ ابو علی حسن، معز الدولہ ابو الحسین احمد۔ بنی بویہ نے اپنے تئیں بہرام گور یزدجرد کی طرف منسوب کیا ہے اور ابن ... یزدجرد شہریار کی جانب یہ نسب بے بنیاد ہے۔ کیونکہ ریاست و سرداری تک پہنچنے سے پہلے سوائے ان کے شہر والوں کے اور کسی کو معلوم نہیں ہوا کرتی۔ جیسا کہ ہم مقدمہ کتاب میں بیان کر چکے ہیں۔

بنی بویہ کا عروج: ہم کیف ما ہو وقت دیلم نے اطروش کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا اور اطروش ان کے زور بازو کی وجہ سے طبرستان اور جرجان پر قابض ہو گئے۔ ان کے بعد سپہ سالار دیلم میں سے ماکان بن کالی، لیلی بن نعمان، اسفار بن شیرویہ اور مرداویج بن زیار تھا۔ یہ لوگ بڑے بڑے نواب اور والی ملک تھے۔ ان لوگوں نے پہلے صوبہ طبرستان کو دبا لیا بعد ازاں رفتہ رفتہ دولت عباسیہ میں خلفاء عباسیہ کے تنزل سے بلاد اسلامیہ کے اطراف اور جوانب کی جانب بڑھے۔ ابتداء ظہور کرنے والوں کے ساتھ بنی بویہ نے بھی عروج کیا۔ یہ ماکان بن کالی کی فوج کے سرداروں میں سے تھے۔ پھر جب اسفار بن شیرویہ بھی مرداویج اور ماکان بن کالی میں اختلاف واقع ہوا جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔

بنی بویہ اور مرداویج: اور مرداویج نے طبرستان و جرجان کو ماکان کے قبضہ سے نکال لیا تو بنی بویہ ماکان سے علیحدہ ہو کر مرداویج کے پاس چلے آئے کہ ... ماکان کا قرض زیادہ ہے اور مال ... کثرت سے ہے اور آپ اس بار کو اس کے

متحمل نہیں ہو سکتے۔ اس وجہ سے بہ نظر تخفیف تصدیع ہم لوگ مرداویج کے پاس چلے جاتے ہیں جس وقت آپ کا انتظام درست اور کاروبار سلطنت چست ہو جائے گا۔ آپ کے پاس چلے آئیں گے۔ مرداویج نے بنی بویہ کو اعزاز و احترام سے ٹھہرایا۔ خلعتیں دیں۔ اس کے بعد ماکان کے سپہ سالاروں میں سے ایک گروہ نے مرداویج سے امان کی درخواست کی۔ مرداویج نے قبول کر لی اور ہر ایک سپہ سالار کو اطراف جبل میں ایک سمت کی حکومت عنایت کی۔ چنانچہ عماد الدولہ کو کرخ کی زمام حکومت سپرد کی گئی۔ یہ اپنے بھائیوں میں سب سے بڑا تھا۔

آل بویہ کی رے کو روانگی غرض تمام بنی بویہ مرداویج سے رخصت ہو کر رے کی جانب روانہ ہوئے۔ ان دنوں رے کی حکومت پر وشمگیر بن زیار برادر مرداویج تھا۔ اس کے ساتھ اس کا وزیر حسین بن محمد ملقب بہ عمید بھی تھا۔ عماد الدولہ نے رے میں پہنچ کر عمید سے ملاقات کی۔ کچھ اسباب اور خچر بطور تحفہ پیش کیا۔ مرداویج کو اس کی خبر لگ گئی فوراً سمجھ گیا کہ ماکان کے ان چند گزیدہ سرداروں کو سرداری و حکومت دینے میں ہم سے غلطی کی یہ لوگ پیچھے پڑے ہیں جو کچھ نہ کر گزریں وہ کم ہے۔ اس خیال کا آنا تھا اپنے بھائی وشمگیر کو ان لوگوں کی گرفتاری کے لئے لکھ بھیجا۔ اس خط کے پہنچنے سے پیشتر عماد الدولہ کرخ کی طرف روانہ ہو چکا تھا اور لوگ تو گرفتار کر لئے گئے یہ باقی رہ گیا۔ وشمگیر نے اس کے واپس لانے کی فکر کی۔ آدمیوں کو روانہ کرنے کا قصد کیا مگر پھر بخوف فتنہ و فساد موقوف رہا۔

عماد الدولہ کا کرخ پر قبضہ عماد الدولہ نے کرخ میں پہنچ کر زمام حکومت اپنے ہاتھ میں لی اور استقلال و استحکام سے حکمرانی کرنے لگا۔ خرمیہ کے دو پہاڑی قلعات بھی فتح کئے مال کثیر ہاتھ آیا۔ سب کا سب لشکریوں کو دے دیا۔ جس سے لشکریوں کو اس سے محبت ہو گئی۔ عوام الناس کے قلوب عدل و انصاف اور داد و دہش سے اس کی جانب مائل ہو گئے۔ تھوڑے ہی دنوں میں اس کا جاہ و جلال اور رعب و داب بڑھ گیا۔ اسی زمانہ میں مرداویج طبرستان میں مقیم تھا۔ طبرستان سے رے واپس آیا اور سپہ سالاروں کی ایک جماعت کو جو رے میں نظر بند تھے رہا کر کے کرخ بھیج دیا۔ عماد الدولہ نے ان سپہ سالاروں کی بہت بڑی عزت کی اور اخلاق و محبت سے پیش آیا۔ انہیں مال و اسباب سے مالا مال کیا گیا۔ ان سے ان لوگوں کو عماد الدولہ کی جانب طبعی میلان ہو گیا۔ مرداویج نے یہ خبر پا کر ان لوگوں کو بلا بھیجا۔ عماد الدولہ نے واپس بھیجنے سے انکار کر دیا۔ مرداویج کو اس خود کردہ فعل پر سخت ندامت ہوئی اسی اثناء میں شیرزاد نامی دیلم کے ایک سپہ سالار نے عماد الدولہ سے امان حاصل کر لی۔

اصفہان پر قبضہ عماد الدولہ کی قوت اس کے مل جانے سے بڑھ گئی اور اس نے سامان جنگ درست کر کے اصفہان پر چڑھائی کر دی۔ ان دنوں اصفہان میں مظفر بن یاقوت حکومت کر رہا تھا۔ دس ہزار فوج اس کے قبضہ میں تھی اور محمد فراج کا انچارج ابو علی بن رستم تھا۔ عماد الدولہ نے کہلا بھیجا کہ تم لوگ دارالخلافت بغداد میں جا کر معذرت کر لو اور امیر المومنین کی اطاعت قبول کر لو۔ میں تمہارے ساتھ دوستانہ برتاؤ کرنے کو تیار ہوں۔ مظفر اور ابو علی نے اس امر کو منظور نہ کیا۔ اتفاق یہ کہ انہیں ایام میں ابو علی مر گیا۔ جو خلیفہ قاہر کی اطاعت کو نہایت مکروہ سمجھتا تھا۔ مظفر نے اصفہان سے تین کوس باہر آ کر مورچہ قائم کیا۔ اس کے لشکر میں چھ سو دیلمی اور اہل جبل تھے۔ ان لوگوں نے عماد الدولہ کے حالات سن کر عماد الدولہ سے امان حاصل کر لی۔ بعد ازاں لڑائی کی چھیڑ چھاڑ شروع ہوئی۔ عماد الدولہ کے رکاب میں صرف نو سو سوار تھے اور مظفر تقریباً دس ہزار فوج کے ساتھ میدان جنگ میں آیا تھا۔ مگر پہلے ہی حملہ میں وہ شکست کھا کر بھاگا۔ عماد الدولہ نے اصفہان میں داخل ہو کر اپنی کامیابی

کو گرفتار کروا دیا۔

جرجان پر قبضہ: اس واقعہ سے فارغ ہو کر [illegible] سرت ہوئی اور کی۔ سے بڑھ کر بھائی [illegible] مرداویج کو صدمہ پہنچا اور یہ خیال پیدا ہوا کہ [illegible] ہے۔ بہرحال [illegible] عماد الدولہ کو لکھ بھیجا کہ تم میرے ساتھ [illegible] میری اطاعت قبول کرو، میں تمہاری قوت و لشکر سے مدد کروں گا۔ اور [illegible] روانہ کر کے اپنے بھائی وشمگیر کو ایک عظیم الشان فوج کے ساتھ عماد الدولہ پر [illegible] شب خون مارا۔ [illegible] گیا۔ [illegible] نے عماد الدولہ کو اس کی خبر کر دی۔ اصفہان چھوڑ کر [illegible] جانے کا [illegible] کیا۔ [illegible] وقت [illegible] جرجان عماد الدولہ کی آمد سے مطلع ہو کر [illegible] قبال جرجان چھوڑ کر [illegible] عماد الدولہ نے جرجان پر [illegible] قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ [illegible] ۳۲۱ھ کا ہے

عماد الدولہ اور ابن یاقوت کی جنگ: اس کے بعد [illegible] مرداویج [illegible] اصفہان [illegible] ہو گیا۔ [illegible] کی تحریک پر مرداویج [illegible] اصفہان [illegible] ابن یاقوت کے حوالے کر دیا۔ بعد [illegible] جرجان عماد الدولہ کے پاس ابو طالب [illegible] کے خطوط آنے شروع ہوئے [illegible] لکھا تھا کہ تم میرے پاس چلے آؤ۔ ابن یاقوت سے [illegible] ہے۔ [illegible] عماد الدولہ [illegible] کر کے [illegible] یاقوت اور اس کے بیٹے کے [illegible] آ پہنچے۔ ابو طالب کے مشورہ کا [illegible] ہوا تب ابو طالب نے یہ کہنا شروع کیا کہ مرداویج اور ابن یاقوت میں [illegible] کی گفتگو ہو رہی ہے۔ اگر ان دونوں میں مصالحت ہو گئی تو پھر [illegible] ہے اور تم میں ان دونوں کے مقابلہ کی قوت ہے۔ عماد الدولہ [illegible] کے لکھنے سے جانے ہو گیا۔ [illegible] ۳۲۱ھ میں جرجان چھوڑ کر [illegible] کا ارادہ کیا۔ [illegible] ابن یاقوت کے [illegible] سے [illegible] عماد الدولہ نے پہلے ہی [illegible] ابن یاقوت نے [illegible] اور [illegible] کرنے چڑھائی کر دی۔ عماد الدولہ نے اپنے بھائی [illegible] فارس کی طرف خراج وصول کرنے کو روانہ کیا۔ ابن یاقوت نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر [illegible] کی طرف [illegible] کی [illegible] کو شکست دے دی اور خراج وصول کر کے اپنے بھائی کے پاس واپس چلا آیا۔

ابن یاقوت کی شکست: اس کے بعد عماد الدولہ اس خوف سے کہ مبادا مرداویج اور ابن یاقوت کے [illegible] جائے [illegible] اصطخر کی جانب روانہ ہوا۔ ابن یاقوت نے تعاقب کیا۔ [illegible] کے [illegible] پہنچ کر مقابلہ ہوا۔ [illegible] عماد الدولہ نے [illegible] سے [illegible] ابن یاقوت سے امان حاصل کر کے اس کے لشکر میں چلے گئے۔ ابن یاقوت نے ان سب کو قتل کرا ڈالا۔ اس سے عماد الدولہ کے [illegible] کے کان کھڑے ہوئے۔ سب نے [illegible] حملہ کیا۔ ابن یاقوت کی فوج میدان جنگ سے بھاگ گئی۔ عماد الدولہ نے تعاقب کیا اور اس کے لشکر گاہ کو لوٹ لیا۔ یہ واقعہ ماہ جمادی الثانی ۳۲۲ھ کا ہے۔ [illegible] میں عماد الدولہ نے [illegible] کارہائے نمایاں انجام دیے۔ [illegible] اور [illegible] مال میں بہت بڑا حصہ لیا۔

عماد الدولہ کا بلاد فارس پر قبضہ: شکست کے بعد ابن یاقوت نے واسط میں جا کر دم لیا۔ [illegible] عماد الدولہ شیراز پہنچ گیا۔ [illegible] کے ساتھ [illegible] کر دی۔ [illegible] سے امن و امان کا [illegible] کیا۔

لشکریوں نے تنخواہیں طلب کیں۔ [illegible] مجبور ہو گیا۔ اتفاق سے چند صندوق ہاتھ آئے جن کو ابن یاقوت چھوڑ گیا تھا اور نیز صفار کے دفائن بھی مل گئے۔ جن میں پانچ لاکھ دینار تھے [illegible] جمع کیا تھا کل خزانہ معمور ہو گیا۔ مستقل [illegible] نے فارس پر حکومت کرنے لگا۔

ابن یاقوت کی اطاعت ابن یاقوت تا زمانہ قتل مرداویج اہواز میں مقیم رہا۔ اس کے ساتھ اس کا کاتب ابو عبداللہ بریدی بھی تھا مرداویج کے مارے جانے کے بعد ابن یاقوت نے اہواز پر قبضہ کر لیا۔ عماد الدولہ یہ خبر پا کر [illegible] رامہرمز میں پہنچا [illegible] جرجان میں تھا [illegible] ابن یاقوت سے صف آرائی کی نوبت آئی۔ اس معرکہ میں بھی ابن یاقوت کو شکست نصیب ہوئی۔ ابو عبداللہ بریدی نے [illegible] عماد الدولہ کی خدمت میں بھیجی۔ عماد الدولہ نے منظور کر لیا اور اہواز کی حکومت پر اس کو مامور کر کے واپس آیا۔ [illegible] بھی اس کے [illegible] تھا اس نے [illegible] ابن یاقوت اور [illegible] فارس میں عماد الدولہ حکومت کرنے لگے۔

عماد الدولہ کو سند حکومت کی منظوری ان فتوحات کے بعد عماد الدولہ نے خلیفہ راضی کی خدمت میں بغرض حصول سند حکومت ایک درخواست روانہ کی۔ چونکہ خلیفہ قاہر کے بعد مسند خلافت پر متمکن ہو چکا تھا [illegible] اور ایک رقم کثیر داشت اس کے [illegible] الخلافت [illegible] متعلق خدمت میں بھیجی اور دس لاکھ درہم خراج [illegible] دار الخلافت نے منظور کر لی۔ سند حکومت مع خلعت اور علم روانہ کی۔ اس سے عماد الدولہ کی شان و شوکت بڑھ گئی۔ مرداویج کو یہ سن کر [illegible] کے خیالات پیدا ہوئے۔ اس کا بھائی وشمگیر بعہد معزول خلیفہ قاہر اصفہان کی طرف [illegible] آیا تھا اور [illegible] اصفہان سے [illegible] مرداویج بھی اصفہان آ پہنچا [illegible] میں مصروف ہو [illegible] اپنے بھائی وشمگیر کو [illegible] ری سے [illegible] دیا۔

خلیفہ قاہر کی معزولی خلیفہ قاہر نے مونس اور اس کے ہمراہیوں کے قتل کے بعد [illegible] ابن مقلہ اور حسن بن ہارون کی تلاش [illegible] کا حکم صادر فرمایا۔ یہ دونوں روپوش تھے اور برابر سپہ سالاران فوج ساجیہ اور [illegible] لشکر سے خط و کتابت کرتے رہتے تھے [illegible] خلیفہ قاہر کی [illegible] تمہارا انجام بھی وہی ہوگا جو مونس اور اس کے ہمراہیوں کا ہوا ہے [illegible] اکثر اوقات شب [illegible] سپہ سالاران [illegible] کے پاس [illegible] جاتا [illegible] حکم [illegible] ہاتھوں [illegible] اس کی حکومت [illegible] کر کے [illegible] سپہ سالاران ساجیہ کے خیالات بدل گئے۔ [illegible] فوج ساجیہ کا افسر [illegible] خواب کے تعبیر بیان کرنے والے [illegible] بہت سا مال [illegible] خلیفہ قاہر کی [illegible] آپ سے [illegible] اس [illegible] خلیفہ قاہر سے لشکر [illegible] خلافت [illegible] اور [illegible] لگانے بجھانے والوں نے ساجیہ اور سپہ سالاران [illegible] کر دیا [illegible] اور [illegible] سپہ سالاران ساجیہ کو اس سے سخت تشویش پیدا ہوئی [illegible] حفظ ماتقدم کے خیال سے اپنے ماتحت سپہ سالاروں [illegible] تحقیق [illegible]

خلافت سے [illegible] کو یاد کر کے خلیفہ قاہر کو معزول کرنے کا مشورہ کیا۔ انہیں لگا کہ خلیفہ بدگمان ہو گیا ہے۔ بعد ازاں سب نے واضح طور پر خلافت پر قبضہ کر لیا اور دونوں طرف سے قاتلانہ حملہ کر دیا۔ خلیفہ قاہر شراب نوشی میں مگن بیٹھا ہوا تھا۔ جب انہوں نے قصر کے دروازوں کی طرف سے یلغار کی، خدام نے سنا تو خوف سے بھاگ نکلے۔ مجبور ہو کر تمام لوگ چھت پر چڑھ گئے۔ اسے [illegible] آئے۔ خلیفہ قاہر بڑا سہما ہوا تھا۔ [illegible] کی غلام نے بتلایا۔ [illegible] ایک گروہ تمام کی طرف روانہ ہوا۔ خلیفہ قاہر سے اتر آنے کو کہا۔ خلیفہ قاہر نے انکار کیا۔ ان لوگوں نے تیر برسانے کی دھمکی دی۔ مجبوراً خلیفہ قاہر تمام لوگوں سے نیچے اتر آیا۔ سب نے گرفتار کر لیا اور پھر اس مکان میں لائے جہاں طریف سبکری قید تھا۔ اس کو رہا کر کے بجائے اس کے خلیفہ قاہر کو قید کر دیا۔ یہ واقعہ اس کی خلافت کے ایک برس چھ مہینے بعد کا ہے۔ وزیر ابن مقلہ اور سلامت حاجب بھی اس وقت تک [illegible] ہو گئے تھے۔

معزولی کے دیگر اسباب بعض نے خلیفہ قاہر کی معزولی کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ وہ منصب خلافت پر متمکن ہونے کے بعد مونس صاحب کے قاتلین کی [illegible] خلافت پر متمکن [illegible] ان کے سرداروں اور سپہ سالاروں کی توہین کرتا تھا۔ [illegible] ساجیہ اور حجریہ سے کام لیتا۔ اس سے ان لوگوں کے دل میں شبہات پیدا ہو گئے۔ [illegible] سے سرگوشی کرنے لگا۔ قاتلین [illegible] حاجب سلامت کو بھی اس سے خطرہ پیدا ہو گیا کیونکہ [illegible] کا طالب ہوا تھا۔ وزیر ابن مقلہ بھی اسی حال میں [illegible] تھا۔ اسی اثنا میں خلیفہ قاہر نے اپنے محل میں [illegible] ۔ اس سے ان لوگوں کو خبر پہنچی جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ [illegible] ایک گروہ [illegible] گرفتار ہو۔ بعد ازاں خلیفہ قاہر نے [illegible] لوگوں کو ان کی قید [illegible] اور [illegible] ساجیہ اور حجریہ [illegible] خلافت کے مقابلہ میں [illegible] اور [illegible] ساجیہ اور حجریہ [illegible] خلافت [illegible] اور وزیر ابن مقلہ اور حاجب [illegible] خلیفہ قاہر نے [illegible] خلافت سے نکال کر [illegible] کے سپرد کر دیا اور [illegible] ساجیہ اور حجریہ نے خلافت کا [illegible] خلیفہ قاہر نے بھی [illegible] اور [illegible] ساجیہ [illegible] اس سے معزول کرنے پر متفق ہو گئے۔ جیسا کہ ہم ابھی بیان کر آئے ہیں۔

باب : ۲۶

محمد بن مقتدر الراضی باللہ

۳۲۲ھ تا ۳۲۹ھ

بیعت خلافت: خلیفہ قاہر کی گرفتاری کے بعد ابو العباس بن مقتدر کو قید خانہ سے دربار عام میں لایا گیا۔ (یہ مع اپنی ماں کے قید میں تھا)۔ ۶ جمادی الاول ۳۲۲ھ بروز چہار شنبہ کو اس کی خلافت کی بیعت کی گئی اور "الراضی باللہ" کا مبارک لقب دیا گیا۔

قاہر کا انجام: اس کے بعد خلیفہ راضی نے علی بن عیسیٰ اور اس کے بھائی عبدالرحمن کو امور سلطنت میں رائے لینے اور مشورہ کرنے کی غرض سے طلب کیا۔ تھوڑی دیر بعد یہ دونوں حاضر ہوئے تو عہدۂ وزارت پر علی بن عیسیٰ کو مقرر کرنے کا قصد ظاہر فرمایا۔ علی بن عیسیٰ نے ضعیفی اور پیری کا عذر کیا، ابن مقلہ کو وزیر مقرر کرنے کی رائے ظاہر کی۔ چنانچہ خلیفہ راضی نے ابن مقلہ کو امان دی اور قلمدان وزارت اس کے سپرد کیا اور قاضی القضاۃ کو حکم دیا کہ معزول خلیفہ قاہر کے پاس جا کر ہدایت کرو کہ وہ اپنے آپ کو معزول کرے۔ قاضی القضاۃ مع چند عدول گواہوں کے معزول خلیفہ کے پاس گیا اور اسے اپنے آپ کو معزول کرنے کی ہدایت کی۔ معزول خلیفہ نے اس سے انکار کیا تو اس کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیر دی گئیں۔

عہدوں کی تقسیم: ابن مقلہ نے عہدۂ وزارت سے مشرف ہو کر عیسیٰ وزیر خلیفہ سابق کو امان دے کر چند صوبوں کی گورنری عطا کی اور اس کی طرف سے بطور نائب کے فضل بن جعفر بن فرات کو صوبجات موصل، قردی، بازبدی، ماردین، دیار بکر، طریق فرات اور ثغور جزریہ و شامیہ اور افواج شام و مصر پر مامور کیا۔ انتظامی محکمہ جات خراج، ڈاک اور معادن کے عزل اور تقرری کے اختیارات دیئے گئے۔ بدر حمانی کو محکمہ پولیس کی افسری دی گئی۔ محمد بن رائق امیر واسط سے طلب کیا گیا۔ اس نے اس صوبہ پر قبضہ کر کے ابن یاقوت کو اہواز اور جند نیشاپور کی طرف نکال دیا تھا۔ یاقوت کو اصفہان کی گورنری مل گئی تھی اور یہ اس طرف روانہ تھا۔ ابھی یہ راستے ہی میں تھا کہ خلیفہ قاہر کی زندگانی کا خاتمہ ہو گیا اور خلیفہ راضی مسند خلافت پر متمکن ہوا۔ عہدۂ حجابت پر مقرر کرنے کی غرض سے ابن رائق کو خلیفہ راضی نے بلا بھیجا۔ ابن رائق اہواز سے واسط کی طرف روانہ ہوا۔

ابن یاقوت کا عہدۂ حجابت پر تقرر: ابن یاقوت نے یہ خبر پا کر دربار خلافت تک عہدۂ حجابت کی ایک درخواست بھیج

وہی جو پہنچنے کے ساتھ منظور کر لی گئی۔ ابن یاقوت سامان سفر درست کر کے ابن رائق کے بعد ہی روانہ ہو گیا۔ کسی نے ابن رائق سے اس کی خبر کر دی۔ اس خیال سے کہ ابن یاقوت سے پہلے بغداد میں پہنچ جاؤں، واسط میں نہ ٹھہرا، جلد کوچ کرتا ہوا بغداد کی طرف روانہ ہوا۔ مدائن میں خلیفہ راضی کا اسی مضمون کا فرمان ملا کہ دربار خلافت کی طرف سے تمہیں صوبہ بصرہ کے علاوہ صوبہ واسط کے صیغہ جنگ و معاون کی حکومت بھی مرحمت کی جاتی ہے۔ بجائے بغداد آنے کے واسط واپس چلے جاؤ۔ چنانچہ مدائن سے بعجلت واسط کو لوٹا۔ بوقت مراجعت اثنائے راہ میں ابن یاقوت بغداد آتا ہوا ملا۔ کچھ عرصہ بعد ابن یاقوت بغداد میں داخل ہوا۔ خلافت مآب نے عہدہ حجابت سے سرفراز فرما کر سرداری افواج اور دفاتر کی نگرانی بھی اسی کے سپرد کی اور یہ حکم دیا کہ امرائے لشکر اور حکام مال و دیوانی اسی کے حضور میں حاضر ہوا کریں۔ کوئی فرمان تقرری یا معزولی یا بحالی یا قید کا بغیر اس کے دستخط کے جاری نہ ہو۔ درحقیقت وزارت بھی یہی کرتا تھا اور وزیر السلطنت ابن مقلہ اس کی مجلس کا ایک ممتاز و معزز ممبر تھا۔

ہارون کا قتل: ہارون غریب الخال کو خلیفہ قاہر نے کوفہ، دینور اور ماسبذان کی گورنری مرحمت فرمائی تھی۔ جس وقت خلیفہ قاہر معزول کیا گیا اور خلیفہ راضی مسند خلافت پر جلوہ افروز ہوا تو ہارون کو یہ خیال پیدا ہوا کہ میں تو خلیفہ قاہر کے ماموں کا بیٹا ہوں؛ میرے سوا کوئی دوسرا شخص حکومت اور سرداری کا مستحق نہیں ہے۔ لہٰذا ارکین دولت اور سپہ سالاران لشکر کو انعام دینے کا وعدہ کیا اور دینور سے نہروان کی جانب بقصد بغداد کوچ کیا۔ وزیر السلطنت ابن مقلہ، ابن یاقوت، فوج ساجیہ اور خالص مخلص امرائے خلافت کو ناگوار گزرا۔ مجتمع ہو کر دربار خلافت میں حاضر ہوئے اور خلیفہ راضی سے ہارون کی شکایت جڑ دی۔ خلیفہ راضی نے ان لوگوں کو ہارون سے مزاحمت کرنے کی اجازت دے دی۔ ان لوگوں نے ہارون کو بذریعہ خط و کتابت بغداد میں آنے کی ممانعت کر دی اور علاوہ ان صوبوں کے جو اس کے قبضہ میں تھے دو ایک صوبہ اور دینے کا وعدہ کیا، مگر ہارون اس جانب ذرا بھی ملتفت نہ ہوا۔ نہروان میں پہنچ کے جبراً خراج وصول کرنے لگا۔ جس سے اس کا رعب و داب بڑھ گیا۔ ارکین دولت نے یہ خبر پا کر محمد بن یاقوت کو ایک عظیم الشان لشکر کے ساتھ ہارون کے طوفان بے تمیزی کی روک تھام کو روانہ کیا۔ جونہی دونوں فوجیں مقابلہ پر آ گئیں۔ ابن یاقوت کے بعض ہمراہی بھاگ کر ہارون کے پاس چلے گئے۔ ابن یاقوت نے ہارون کے پاس مصالحت کا پیام بھیجا۔ ہارون نے منظور نہ کیا اور یہ کہلا بھیجا کہ میں بغداد میں ضرور آؤں گا۔ ابن یاقوت یہ جواب سن کر خاموش ہو رہا۔ یوم سہ شنبہ [illegible] جمادی الاولیٰ ۳۲۲ھ کو دونوں فوجوں نے ہنگامہ کارزار گرم کیا۔ پہلے ہی حملہ میں ابن یاقوت کو شکست ہوئی۔ اس کا لشکر گاہ لوٹ لیا گیا۔ ابن یاقوت نہر کے پل کی طرف بھاگا اور وہیں سے گزر گیا۔ ہارون نے تنہا اس کا تعاقب کیا، رفتہ رفتہ ایک جنگل میں پہنچا، اتفاق سے گھوڑا بدکا، زمین پر آ رہا۔ محمد بن یاقوت کے ایک غلام نے پہنچ کر سر اتار لیا۔ ہارون کے ہمراہی اس واقعہ کو دیکھ کر بھاگ کھڑے ہوئے اور ایک سپہ سالار مارے گئے اور ایک دو گرفتار کر لیے گئے۔ ابن یاقوت فتح یاب ہو کر بغداد کی جانب لوٹا۔

ابن یاقوت کا زوال: ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ ابن یاقوت کو کل دفاتر کی نگرانی کا حکم دیا گیا تھا اور وزارت بھی درحقیقت یہی کر رہا تھا۔ ابن مقلہ برائے نام وزیر تھا۔ ابن مقلہ وقت بے وقت موقع پا کر خلیفہ راضی سے اس کی شکایت کرنے لگا۔ تا آنکہ خلافت مآب پر ابن یاقوت کی مخالفت ثابت کر دی اور ماہ جمادی الاولیٰ ۳۲۳ھ میں اس کی گرفتاری پر

آمادہ کر دیا۔

ابن یاقوت کی گرفتاری: پانچویں ماہ ذیقعدہ کو خلیفہ راضی حسب دستور دربار میں رونق افروز ہوا۔ ارکان سلطنت امراء لشکر اور وزراء حسب مراتب موجود تھے اور گورنران صوبجات بھی ایک طرف کھڑے تھے۔ امیدواران عہدہ گورنری کے ملنے کا انتظار کر رہے تھے۔ خلیفہ راضی نے ارشاد فرمایا گورنروں کی تقرری اور تبدیلی کی غرض سے میں نے یہ دربار منعقد کیا ہے۔ ابن یاقوت کو عہدہ حجابت کی خدمات کے انجام دینے کے لئے حاضر کرو۔ اس حکم کے صادر ہونے کی دیر تھی کہ ابن یاقوت کو حاضر کیا گیا۔ خدام دولت اس کو لئے ہوئے دربار کے ایک کمرے کی طرف گئے اور وہیں قید کر دیا۔ اس کے بعد وزیر السلطنت ابن مقلہ نے محمد بن یاقوت کے مکان کی حفاظت پر ایک دستہ فوج کو متعین کیا۔ اسی تاریخ سے ابن مقلہ کو عہدہ وزارت کے اختیارات کامل مل گئے۔

یاقوت ان دنوں واسط میں مقیم تھا۔ اپنے بیٹے محمد کی گرفتاری کی خبر پا کر فارس کی طرف بقصد جنگ ابن بویہ کوچ کر دیا اور دربار خلافت میں آپ کو خوش کرنے کی غرض سے عرضی روانہ کر دی۔ جس میں یہ بھی درخواست کی تھی کہ میرے بیٹے کو میرے پاس بھیج دیجئے۔ تاکہ ابن بویہ کی مہم میں میرا ہاتھ بٹائے۔ وزیر السلطنت نے اس درخواست پر کچھ توجہ نہ کی۔ محمد بن یاقوت بیچارہ جیل کی مصیبت جھیلتا رہا۔ یہاں تک کہ قید خانہ ہی میں ۳۲۳ھ میں مر گیا۔

خلافت ابوعبداللہ بریدی کا عروج: ابوعبداللہ بریدی جو ابن یاقوت کی اہواز کی گورنری پر تھا جس وقت مرداویج نے اہواز پر قبضہ کر لیا اور ابن یاقوت شکست کھا کر بھاگ نکلا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا۔ بریدی اہواز سے عسکر چلا آیا اور پھر اہواز میں متصرف و قابض ہو گیا۔ اس کے ساتھ ہی یاقوت کے عہدہ کتابت کو بھی انجام دیتا رہا۔ اتفاقاً کچھ عرصہ بعد ابن مقلہ نے بریدی اور یاقوت کے پاس خطوط روانہ کئے جس میں ابن یاقوت کو گرفتار کرنے کی معذرت کی تھی اور ان دونوں کو بجانب فارس بڑھنے کی تاکید کی تھی۔ چنانچہ واسط سے یاقوت براہ خشکی روانہ ہوا اور بریدی براہ دریا کوچ و قیام کرتے ہوئے یہ دونوں اہواز پہنچے۔ سوس اور جندیسابور (مضافات اہواز) اس کے دونوں بھائیوں ابوالحسین اور ابو یوسف کی سپردگی میں تھا۔ ان سے پیشتر ابوالحسین اور ابو یوسف نے دربار خلافت میں رپورٹ بایں مضمون دی تھی کہ اگر مرداویج کی روک تھام نہ کی جائے گی تو عنقریب ان بلاد پر وہ قابض و متصرف ہو جائے گا۔ وزیر السلطنت ابن مقلہ نے اس رپورٹ کی تصدیق کی غرض سے ایک نائب کو بھیجا تھا اس نائب نے تحقیقات کے بعد ابوالحسین اور ابو یوسف کی رپورٹ کی تائید کی۔ اس اثناء میں بریدی بھی پہنچ گیا اور اس نے ان دونوں کے جمع کئے ہوئے مال پر جس کی تعداد چار لاکھ دینار سے متجاوز تھی قبضہ کر لیا۔ اب سے بریدی کی قوت بڑھ گئی۔ اس نے لشکر بھی مرتب کر لیا۔ بعد ازاں یاقوت کو بغرض فتح فارس ارجان کی طرف بڑھنے کا اشارہ کیا اور خود اہواز میں ٹھہرا ہوا خراج وصول کرتا رہا جس سے اسی قدر مال اور زر جمع ہو گیا۔

یاقوت کا زوال: یاقوت اور ابن بویہ سے مقام ارجان پر مقابلہ ہوا۔ یاقوت شکست کھا کر عسکر مکرم کی طرف بھاگا۔ ابن بویہ رامہرمز تک تعاقب کرتا گیا جب یاقوت ہاتھ نہ آیا تو رامہرمز میں ٹھہر گیا۔ یہاں تک کہ دونوں میں مصالحت ہو گئی۔ ابھی آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ مقام ارجان میں بمقابلہ عماد الدولہ ابن بویہ یاقوت شکست کھا کر عسکر مکرم کی طرف بھاگ آیا ہے۔ ابن بویہ نے فارس پر قبضہ حاصل کر لیا ہے۔ ابوعبداللہ بریدی اہواز میں ٹھہرا ہوا ہے۔ جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے۔ یہ

یاقوت کا سیکرٹری بھی تھا۔ یاقوت کو اس پر پورا اعتماد تھا۔ چونکہ اتفاق قوت یاقوت میں کم تھی اور دور اندیشی کا مادہ مطلق نہ تھا۔ ابو عبداللہ بریدی نے اپنے بھائی ابو یوسف کے ذریعہ یاقوت کے پاس کہلا بھیجا کہ آپ عسکر مکرم میں قیام فرمایئے میں بہت جلد سامان جنگ اور مال فراہم کر کے اس لشکر کے جو بغداد سے آنے والا ہے۔ آپ کی خدمت میں روانہ کرتا ہوں۔ اس میں آپ کو محنت تراشی بھی نہ کرنی پڑے گی۔ لشکریوں کے شور و شغب سے آپ کو تکلیف بھی نہ ہوگی۔ اس پیام کے ساتھ خزانہ اہواز سے پچاس ہزار دینار بھی خرچ کے لئے روانہ کیا۔ سادہ لوح یاقوت اس جھانسے میں آ گیا اور بریدی اس قدر مال روانہ کر کے خاموش ہو گیا۔ تھوڑے دنوں میں یہ مال ختم ہو گیا۔

یاقوت کی شکست: یاقوت اور اس کے لشکریوں کی عسرت سے بسر ہونے لگی۔ اس واقعہ سے قبل یاقوت کے پاس ابن بویہ کے ہمراہیوں میں سے طاہر جیلی اور اس کا کاتب ابو جعفر صیمری ابن بویہ سے ناراض ہو کر چلا آیا تھا۔ جب یاقوت کے لشکر میں فاقہ کشی اور تنگی معیشت کی نوبت آ گئی۔ تو طاہر جیلی یاقوت سے رخصت ہو کر خوزستان کی جانب لوٹا۔ عماد الدولہ کو اس کی علیحدگی کی خبر لگ گئی۔ لشکر آراستہ کر کے یاقوت پر حملہ کر دیا۔ یاقوت کو شکست ہوئی۔ اس کا لشکر گاہ لوٹ لیا گیا۔ ابو جعفر قید ہو گیا۔ مگر عماد الدولہ کے وزیر کی سفارش سے رہا کر دیا گیا۔ رہائی پا کر اس بیچارے معز الدولہ بن بویہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عہدہ کتابت کو حاصل کر لیا۔

یاقوت اور ابو عبداللہ بریدی: طاہر نے علیحدگی کے بعد بریدی کو ایک خط مشعر ضعف یاقوت و نااتفاقی ہمراہیان یاقوت تحریر کیا۔ بریدی نے یاقوت کے پاس کہلا بھیجا کہ آپ اپنے لشکریوں کو ان سرداروں کے ساتھ ایک ایک دستہ کر کے میرے پاس اہواز بھیج دیجئے۔ میں ان کو سمجھا بجھا دوں گا۔ آپس میں لڑائی جھگڑا نہ کریں گے۔ سادہ لوح یاقوت نے نہایت سادگی سے اس رائے پر عمل کیا۔ بریدی نے ان میں سے اچھے اچھے لوگوں کو منتخب کر کے اپنے لشکر میں رکھ لیا۔ باقی کو واپس کر دیا اور جن لوگوں کو اپنے لشکر میں داخل کیا۔ ان کے ساتھ کریمانہ برتاؤ کئے۔ یاقوت نے بریدی کے پاس لشکر کی تنخواہ کی طلبی کا خط لکھا۔ بریدی نے ذرا بھی التفات نہ کیا۔ تب یاقوت بریدی کی طرف روانہ ہوا۔ بریدی یہ خبر پا کر پیادہ پا استقبال کو آیا۔ دست بوسی کی۔ عزت و احترام سے خاص اپنے مکان میں لے جا کر ٹھہرایا۔ مستعدی سے خدمت کرتا رہا۔ مگر یہ سب ظاہر داری تھی لشکریوں کو اشارہ کر دیا۔ شور و غل مچاتے ہوئے دارالامارت کے دروازہ پر آ گئے۔ یاقوت نے شور و غوغا کا سبب دریافت کیا۔ بریدی نے سرنیچا کر کے دست بستہ عرض کیا یہ لوگ ہم کو اور آپ کو قتل کرنے کے قصد سے آئے ہیں۔ ان کو ہمارا اور آپ کا ملنا ناگوار گزرا ہے۔ یاقوت یہ سن کر گھبرا گیا۔ بریدی نے ایک کھڑکی سے نکل جانے کا اشارہ کر دیا۔ یاقوت ترساں و خائف اس کھڑکی سے نکل کر عسکر مکرم کو لوٹ آیا۔ اس کے بعد بریدی نے یاقوت کو اپنے لشکریوں کے تعاقب کرنے سے ڈرایا اور یہ لکھ بھیجا کہ چونکہ عسکر مکرم اہواز سے صرف آٹھ کوس کے فاصلہ پر ہے۔ بہتر یہ ہے کہ آپ عسکر مکرم سے تستر میں جا کر قلعہ نشین ہو جایئے اور والی تستر کو پچاس ہزار دینار دینے کو تحریر کیا۔ یاقوت اس رائے کے مطابق عسکر مکرم سے تستر جانے کے لئے تیار ہو گیا۔ اس کا ایک خادم مونس نامی تھا۔ وہ بریدی کی چالوں کو تاڑ گیا تھا۔ اس نے اس کی چالاکیاں اور اس کا فریب و مکر یاقوت پر ظاہر کر کے یہ رائے دی کہ آپ بغداد چلے جایئے۔ حکمرانان خلافت کے آپ سردار ہیں اور ان لوگوں نے آپ کو طلبی کا خط بھی لکھا ہے۔ ان خرافات کو چھوڑیئے اور بغداد میں جا کر آرام کے ساتھ سرداری کیجئے اور

جہاں تک ممکن ہو بریدی کا قلع قمع جلد کیجئے اور اہواز سے اس کو نکال باہر فرمائیے۔ یاقوت نے اس نصیحت کے سننے سے خود کو بہرہ بنا لیا اور بریدی کے معاملہ میں کسی کی کچھ نہ سنی۔

مظفر بن یاقوت کا مشورہ: نتیجہ یہ ہوا کہ اس کے کل ہمراہی آہستہ آہستہ بریدی کے پاس چلے گئے اور بریدی کا دم بھرنے لگے۔ تا آنکہ اس کے پاس صرف آٹھ سو آدمی باقی رہ گئے۔ اسی اثناء میں اس کا بیٹا مظفر خلیفہ راضی[1] کی قید سے ایک ہفتہ کے بعد رہائی پا کر اس کے پاس آیا اور بریدی کے کل حالات سن کر بغداد جانے کی رائے دی اور یہ کہا کہ اگر بغداد میں آپ کا خاطر خواہ مقصود حاصل نہ ہو تو موصل اور دیار ربیعہ کی طرف چلے جائیے گا اور اس پر قابض و متصرف ہو جائیے گا۔ یاقوت نے اس سے انکار کیا۔ مظفر اس سے علیحدہ ہو کر بریدی کے پاس چلا آیا۔ بریدی نے بڑی آؤ بھگت کی عزت و احترام سے پیش آیا اور دربردہ اس کی حفاظت و نگرانی پر چند لوگوں کو متعین کر دیا۔

یاقوت کا خاتمہ: باوجودیکہ بریدی کی فوجی اور مالی قوت آئے دن بڑھتی جاتی تھی مگر پھر بھی یہ فکر دامنگیر تھی یاقوت سے خائف ہوا کہلا بھیجا کہ خلیفہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ آپ کو یا تو بغداد روانہ کر دوں اور یا بلاد جبل کے کسی صوبہ پر مامور کر کے بھیج دوں۔ یاقوت نے مہلت مانگی۔ بریدی نے مہلت دینے سے انکار کر کے ایک لشکر اہواز سے روانہ کر دیا۔ یاقوت کو بریدی کی ان حرکات و افعال سے اس کے خبث باطنی اور بدنیتی کا احساس ہو گیا۔ بریدی پر حملہ کرنے کے قصد سے عسکر مکرم کی جانب کوچ کر دیا۔ پہنچتے ہی عسکر مکرم پر قبضہ کر لیا لیکن اس وقت بریدی کا کہیں پتہ و نشان بھی نہ تھا۔ اس کے بعد بریدی کا لشکر بسر افسری ابو جعفر جمال آ پہنچا۔ ایک دستہ فوج سے مورچہ بندی کر کے دوسرے دستہ کو یاقوت کے لشکر کے پیچھے کمین گاہ میں چھپا دیا۔ بعد تکبیر یاقوت کو شکست ہوئی اور اس کا لشکر تتر بتر ہو گیا۔ یاقوت نے ایک دیوار کے پیچھے بیٹھ کر آستین سے اپنے منہ کو چھپا لیا۔ بریدی کے چند سپاہی اس طرف سے ہو کر گزرے انہیں کچھ شک گزرا منہ کھول دیا۔ معلوم ہوا کہ یہ یاقوت ہے سب کے سب ٹوٹ پڑے اور قتل کر ڈالا۔ سر اتار کر لشکر میں لائے۔ ابو جعفر نے نعش کو اسی میدان میں دفن کرا دیا اور ہر سامان مال و اسباب کے جو اس لڑائی میں لشکر گاہ یاقوت سے ہاتھ آیا۔ بریدی کے پاس تستر بھیج دیا۔ بریدی نے یاقوت کے بیٹے مظفر کو گرفتار کر کے بغداد روانہ کر دیا اور خود ان صوبہ جات پر قابض و متصرف ہو گیا۔ یہ واقعات ۳۲۴ھ کے ہیں۔

ابو العلاء سعید کا قتل: ناصر الدولہ ابو محمد حسن بن ابو الہیجاء عبداللہ بن حمدان۔ موصل کی گورنری پر تھا۔ اس کے چچا ابو العلاء سعید نے دربار خلافت سے موصل اور دیار ربیعہ کی سند حکومت حاصل کر کے خفیہ طور سے با اظہار اس امر کے کہ میں اپنے برادرزادہ کے پاس روپیہ لینے جاتا ہوں۔ موصل کی طرف روانہ ہوا۔ ناصر الدولہ اس سے مطلع ہو کر استقبال کی غرض سے موصل سے نکلا۔ ابو العلاء دوسری راہ سے موصل میں داخل ہو کر دار الامارت میں جا کر بیٹھ گیا۔ ناصر الدولہ نے یہ سن کر اپنے غلاموں کو اشارہ کر دیا۔ ان لوگوں نے پہنچ کر ابو العلاء کو گرفتار کر لیا۔ دوسری جماعت نے جا کر مار ڈالا۔

ابن مقلہ کی موصل کو روانگی اور واپسی: خلیفہ راضی کو اس خبر کے سننے سے سخت صدمہ ہوا۔ وزیر السلطنت ابن مقلہ کو روانگی موصل کا حکم دیا۔ چنانچہ ماہ شعبان ۳۲۳ھ میں وزیر السلطنت ابن مقلہ لشکر آراستہ کر کے موصل کی جانب روانہ ہوا۔

---

[1] خلیفہ راضی نے اسے ماہ جمادی الاولیٰ ۳۲۳ھ میں قید کر دیا تھا ایک ہفتہ کے بعد [illegible] اس کے باپ کے پاس [illegible]

ناصر الدولہ یہ خبر پا کر موصل سے زوزن چلا گیا۔ وزیر السلطنت کو نصیبین تک تعاقب کرتا چلا گیا۔ پھر وہاں سے واپس آ کر موصل میں قیام پذیر ہو گیا اور مال گزاری وصول کرنے لگا۔ ناصر الدولہ نے دس ہزار دینار وزیر السلطنت کے بیٹے کے پاس بغداد روانہ کئے اور کہلا بھیجا کہ آپ کی خدمت میں ایسا تحفہ بھیجا ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو آپ کے والد موصل سے بغداد کا راستہ لیں۔ وزیر السلطنت کے بیٹے نے اس تحریک پر عمل کیا۔ وزیر السلطنت نے علی بن خلف بن طباب کو اور فوج ساجیہ سے ماکرد دیلمی کو بطور اپنے نائب کے مقرر کیا اور مسافت طے کر کے ۵ شوال ۳۲۳ھ کو بغداد میں داخل ہوا۔

ناصر الدولہ کا موصل پر دوبارہ قبضہ بعد روانگی وزیر السلطنت ناصر الدولہ نے فوجیں جمع کیں اور ماکرد دیلمی سے مقام نصیبین پر برسر مقابلہ آیا۔ ماکرد شکست کھا کر رقہ کی جانب بھاگا اور پھر وہاں سے نکل کر بغداد آ گیا۔ ماکرد کی شکست سے علی بن خلف بھی متاثر ہو کر بغداد چلا آیا۔ ناصر الدولہ نے موصل پہنچ کر قبضہ کر لیا۔ دربار خلافت میں عذر خواہی کی عرضی بھیجی۔ خلافت مآب نے خطا معاف فرما کر سند حکومت مرحمت کر دی۔

وزارت میں تبدیلیاں چونکہ محمد بن رائق نے دارالخلافت بغداد میں خراج بھیجنا بند کر دیا تھا اس وجہ سے ۳۲۳ھ میں وزیر السلطنت نے محمد کو دوبارہ ان صوبجات واسط اور بصرہ کے چھوڑ دینے کا خط لکھ بھیجا تھا۔ محمد بن رائق نے وزیر السلطنت کے خط کا جواب مخالفانہ تحریر کیا اور در پردہ خلیفہ راضی کی خدمت میں وزارت کی درخواست کی اس شرط سے کہ مصارف خلافت کے خرچ کا کفیل بار میرے سر اور لشکریوں کی تنخواہ میرے ذمہ۔

ابن مقلہ کی معزولی جواب آنے پر وزیر السلطنت نے یہ کام کیا کہ اپنے بیٹے کو بظاہر اس امر کے اعلان پر رضا مند کیا کہ ابن رائق کے گرفتار کرنے کو واسط روانہ کر دوں اور ایک قاصد بھی ابن رائق کے پاس اسی امر کے ظاہر کرنے کو بھیج دوں تا کہ اس کو کوئی خیال مخالف نہ پیدا ہو۔ صبح کے وقت پیشتر اس سے مظفر بن یاقوت کو قید کی مصیبت سے رہائی ہو چکی تھی اور وہ عہدہ حجابت کا کام انجام دے رہا تھا۔

عبدالرحمن بن عیسیٰ کی تقرری و معزولی خلیفہ راضی نے اس فعل پر مظفر اور ساجیہ اور حجریہ افسران خلافت کی تعریف کی اور انعامات دیئے۔ ابوالحسین بن ابو علی بن مقلہ اور کل ارکان خاندان وزارت کے روپوش ہو گئے۔ بعد ازیں خلیفہ راضی نے فوج ساجیہ اور حجریہ کے افسران خلافت کی درخواست پر علی بن عیسیٰ کو طلب فرما کر قلمدان وزارت سپرد کرنے کا قصد کیا۔ علی بن عیسیٰ نے پیرانہ سالی کا عذر کر کے اپنے بھائی عبدالرحمن کی طرف اشارہ کیا۔ اسی وقت خلافت مآب نے عبدالرحمن بن عیسیٰ کو طلب کر کے قلمدان وزارت عنایت فرمایا اور معزول وزیر ابن مقلہ کے معاملہ کو بھی اسی کے سپرد کیا۔ ابن مقلہ سے بھی جیسا کہ اور سابق معزول وزراء سے جرمانہ وصول کیا گیا تھا وصول کیا گیا۔

ابوجعفر محمد بن قاسم کا تقرر تھوڑے عرصہ بعد عبدالرحمن سے وزارت کا کام نہ چل سکا۔ خراج وصول ہونے میں دقت ہوئی۔ انتظامات ملکی میں خلل پیدا ہونے لگا۔ اس نے مجبور ہو کر استعفاء دے دیا۔ خلیفہ راضی نے اس کو اور اس کے بھائی کو وزارت کے تیسرے مہینے گرفتار کر لیا اور ابوجعفر محمد بن قاسم کرخی کو عہدہ وزارت سے سرفراز فرمایا۔ وزارت کی تبدیلی سے علی بن عیسیٰ پر بھی آفت آئی۔ اس سے ایک لاکھ دینار جرمانہ وصول کیا گیا۔

ابو جعفر محمد کی روپوشی: ابو جعفر کے زمانہ خلافت میں خراج کی آمد بند ہو گئی۔ گورنروں نے اپنے صوبجات مقبوضہ کر لئے۔ ابن رائق نے واسط اور بصرہ کا خراج بند کر دیا۔ بریدی نے صوبہ اہواز کی آمدنی دبا لی۔ فارس کا خراج بوجہ تغلب و تصرف ابن بویہ بند ہو گیا۔ چونکہ سوائے ان صوبجات کے اور کوئی صوبہ دولت عباسیہ کے قبضہ میں نہ تھا۔ اس وجہ سے اس کی مالی حالت بے حد کمزور ہو گئی ارا کین سلطنت اور امراء دولت خم خلافت کو چاروں طرف سے اپنی خود غرضیوں کا نشانہ بنائے ہوئے تھے۔ لشکریوں کی تنخواہیں چڑھ گئی تھیں۔ مطالبات کی کثرت تھی۔ خرچ کی تنگی اور ہی تھی۔ ابو جعفر کا رعب و داب لوگوں کے قلوب سے اٹھ گیا تھا۔ جب اس سے بن نہ آئی تو اپنی وزارت کے تین ماہ چند یوم کے بعد روپوش ہو گیا۔ خلیفہ راضی نے بجائے اس کے ابو القاسم سلیمان بن حسن کو عہدہ وزارت سے سرفراز فرمایا۔ اس کی حالت بھی مثل وزراء سابق کے تھی نہ اس کے قبضہ میں کچھ مال و زر تھا اور نہ اس کو ملک کی حالت سے کوئی آگاہی تھی۔ خزانہ خالی پڑا ہوا تھا اور نام کی وزارت یہ کر رہا تھا۔

ابن رائق کا عروج: جس وقت خلیفہ راضی کو وزراء کی نالائقی کا یقین ہو گیا۔ ابو بکر محمد بن رائق کو واسط سے بلا بھیجا اور یہ تحریر فرمایا کہ خلافت مآب نے تمہاری درخواست وزارت منظور فرمائی ہے مناسب ہے کہ دربار خلافت میں حاضر ہو کر اپنے منصبی کام کو انجام دو۔ ابن رائق اس فرمان کو دیکھ کر خوش ہو گیا۔ روانگی کی تیاری کرنے لگا۔ اس اثناء میں خلیفہ راضی نے فوج ساجیہ کو ابن رائق کے پاس بھیج دیا اور اس کی سرداری عنایت کی۔ امیر الامراء کا خطاب دیا۔ محکمہ مال و دیوانی تبدیلی و تقرری حکام، نظم و نسق ممالک، کتابت، حجابت غرض کل امور سلطنت کے سیاہ و سفید کرنے کے اختیارات مرحمت کئے۔ منبروں پر خطبوں میں اپنے نام کے پڑھے جانے کا حکم صادر کیا۔ ماہ ذی الحجہ ۳۲۴ھ میں فوج ساجیہ وارد واسط ہوئی۔ ابن رائق نے پہنچتے کے ساتھ ہی گرفتار کر لیا ان کی سواریاں اور مال و اسباب کو ضبط کر لیا۔ ظاہر یہ کیا کہ محافظین محلسرائے خلافت سے ان کی تنخواہ بڑھائی جائے گی۔ محافظین محلسرائے خلافت یہ سن کر بھاگے۔ اپنے مکانات کو چھوڑ کر محلسرائے خلافت میں جا کر پناہ گزین ہو گئے۔ اس کے بعد ابن رائق واسط سے بغداد آیا۔ خلیفہ راضی نے خلعت وزارت سے سرفراز فرمایا اور زمام حکومت اس کے ہاتھ میں دے دیا۔ اس کے حکم سے محافظین محلسرائے خلافت حجبیوں کو اٹھا کر اپنے مکانات میں جا کر مقیم ہو گئے۔ اسی وقت کل دفاتر شاہی بند کر دیئے گئے۔ نام کی وزارت باقی رہ گئی۔ کوئی اختیار اس کو نہ تھا۔ ابن رائق اور اس کا سیکرٹری جو چاہتا کر گزرتا۔ خزانے بند کے بند رہے۔ خراج ان کے خزانے میں داخل ہوتا اور وہ سیاہ و سفید جو چاہتا کرتا۔ خلافت مآب بھی اس کے دست نگر تھے ایک حبہ ان کے قبضہ میں نہ تھا وہ اپنے مقصود اور خواہش کے مطابق ان سے کام لیتے۔ غرض یہ کہ خود کیا بگڑ گیا موم کی ناک تھے۔ جس طرف چاہتا پھیر دیتا۔ گورنران ممالک محروسہ نے یہ رنگ دیکھ کر غاشیہ اطاعت کو اپنے دوش سے اتار کر رکھ دیا جس قدر جس کے قبضہ میں تھا اس نے دبا لیا۔ خلافت مآب کے قبضہ میں اس وقت سوائے بغداد اور اس کے مضافات کے اور کوئی ملک باقی نہ رہ گیا تھا۔ با ایں ہمہ ابن رائق خلافت مآب پر حاوی اور ہر کام میں پیش پیش ہو رہا تھا اور اس کا ہر حکم جاری و ساری تھا۔

خود مختار صوبے: باقی صوبجات ممالک محروسہ کی یہ کیفیت تھی۔ بصرہ ابن رائق کے قبضہ میں تھا۔ خوزستان اور اہواز بریدی کے، فارس عماد الدولہ بن بویہ کے، کرمان ابو علی محمد بن الیاس کے، رے، اصفہان اور جبل رکن الدولہ ابن بویہ اور وشمگیر

کے ذریعے وشمگیر مرداویج کا بھائی جو رکن الدولہ سے لڑتا ان صوبہ جات میں مزاحم اور مقیم بنا ہوا تھا موصل دیار بکر دیار مضر اور دیار ربیعہ میں حمدان کے مصر و شام محمد بن طغج کے مغرب اور افریقیہ پر عبید اللہ مہدی کے اندلس عبدالرحمن بن محمد ملقب بہ الناصر اموی کے ہاتھ میں اور خراسان نصر بن احمد سامانی کے طبرستان دیلم کے بحرین اور یمامہ ابو طاہر قرمطی کے ہاتھ میں تھا۔

ایسی حالت میں خلافت عباسیہ کے وہی حالات اور اختیار بغداد باقی رہ گئے جو اس کے متعلق اور اس سے وابستہ تھے اور وہ فقط ابن رائق امیر بغداد کے ماتحت ہیں۔ علاوہ ان کے اور گرد و نواح کے ممالک پر دوسرے جتھوں نے خلافت سے قطع تعلق کر لیا تھا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ ان کے حالات علیحدہ علیحدہ ہم بیان کریں گے۔ کما شرطناہ اول الکتاب

ابوالفضل جعفر کی طلبی: چند دنوں بعد ابن رائق نے یہ خیال کر کے کہ ابوالفضل بن جعفر بن فرات کی وزارت سے صوبہ مصر و شام کا خراج دوسرے قبضہ میں آ جائے گا۔ ایک فرمان طلبی کا خلیفہ راضی کی جانب سے اس کے نام روانہ کیا مصر و شام کے ملک میں کا یہ افسر اعلیٰ تھا۔ جب یہ بغداد میں آ گیا تو خلیفہ راضی و ابن رائق کی وزارت پر متعین کیا گیا۔

مرداویج کا خاتمہ: بجکم ماکان بن کالی کے سپہ سالاروں میں سے تھا۔ اس کے بعد یہ مرداویج کی نوکری میں آیا اس نے ایسا کیا تھا جب ماکان کی حالت ابتر ہوئی تو یہ بھی ان لوگوں کے ساتھ جو ماکان سے علیحدگی اختیار کر کے مرداویج کے پاس چلے آئے تھے۔ مرداویج نے اس کو ایسا بلایا جس میں دیلم کی سرداری دی۔

مرداویج نے بعد قبضہ کے اصفہان اور اہواز اپنے ممالک مفتوحہ پر بادشاہی کی بنیاد ڈالی سونے کا تخت بنوایا۔ سپہ سالاروں اور سرداروں کے بیٹھنے کو چاندی کی کرسیاں بنوائیں۔ کسریٰ کی طرح سر پر تاج مرصع رکھا اور شاہنشاہ کے خطاب سے خود کو مخاطب کیا۔ پھر عراق پر قبضہ کر کے ارادے میں کسریٰ کے محلات کو از سر نو بنوانے کا شوق چرایا۔ اس کے پاس سپہ سالاران ترک کا ایک گروہ تھا اور اسی جماعت میں بجکم بھی تھا۔ چونکہ اس کی نظر میں اس نے سپہ سالاران ترک اور نیز عام لشکریوں کو ذلیل کر رکھا تھا اسی وجہ سے ان لوگوں نے اس کو ۳۲۳ھ میں اصفہان سے باہر قتل کر ڈالا۔ جیسا کہ ان کے حالات میں ہم بیان کریں گے۔ مرداویج کے مارے جانے کے بعد دیلم نے اس کے بھائی وشمگیر بن زیار (پدر قابوس) کو اپنا سردار بنا لیا۔

بجکم اور ابن رائق کا اتحاد: مرداویج کے قتل کے بعد ترکوں کے دو فرقے ہو گئے۔ ایک فرقہ تو عماد الدولہ بن بویہ کے پاس فارس چلا گیا۔ دوسرا جو پہلے فرقہ سے تعداد میں زیادہ تھا بجکم کے پاس جبل کی جانب روانہ ہو گیا اور دینور وغیرہ کا خراج وصول کرنے لگا۔ بعد ازاں نہروان کی طرف قدم بڑھایا۔ خلیفہ راضی نے بغداد میں آنے کی بابت خط و کتابت کی ماکان نے اجازت دے دی۔ ابن رائق کو خطرہ پیدا ہوا اس نے یہ بھیجا ابو وزیر السلطنت نے ان لوگوں کو بجکم کی طرف روانہ ہونے جانے کا حکم دیا ان لوگوں نے اس حکم کی تعمیل کرنے میں تاخیر کر دی۔ اسی اثناء میں ابن رائق والی واسط و بصرہ نے ان لوگوں کو بلا بھیجا۔ سب اس کے پاس چلے گئے۔ اس نے بجکم کو ان لوگوں کا سردار بنایا۔ ترکوں اور دیلم سے جو مرداویج کے ہمراہیوں میں سے تھے خط و کتابت کرنے کو کہا چنانچہ بہت سے گروہ بجکم کے نام پیغام سے آ ملا اور ابن رائق

[illegible]

[illegible]

ابن بریدی سے عہد نامے کی تجدید [illegible]

[illegible]

حسین بن علی کی معزولی [illegible]

ہی کہ حقوق مجھ پر پہلے ہی بہت ہیں اس کے احسانات کو فراموش نہیں کرسکتا۔ مگر ابوبکر وقت بے وقت جب موقع پاتا تو اس سلسلے میں کچھ نہ کچھ کہتا رہتا۔ اتفاق سے تھوڑے دنوں بعد حسین بیمار پڑا تو ابوبکر نے ابن رائق سے جا کر کہا "حسین کا خیال اب آپ چھوڑ دیں کیونکہ وہ اس حالت سے جانبر نہ ہوگا اور عنقریب راہی عدم ہوگا"۔ ابن رائق نے جواب دیا "یہ غلط ہے مجھ سے اس کے معالج طبیب نے بتایا ہے کہ صرف کمزوری باقی ہے"۔ ابوبکر بولا "چونکہ آپ کو حسین سے دلی تعلق ہے اس وجہ سے معالج طبیب نے یہ کلمات کہے ہیں۔ آپ اس کے برادر زادے علی بن محمد الناس سے دریافت فرمائیے"۔ حسین نے علی بن سمان کو اپنے زمانہ علالت میں ابن رائق کی خدمت میں اپنی طرف سے بطور اپنے نائب کے مقرر کر دیا تھا۔ ابوبکر نے اس کو چپکے سے کہہ دیا: "اگر تم کو ابن رائق کی وزارت کی تمنا ہے تو جس وقت تم سے حسین کی علالت کا حال دریافت کریں کہہ دینا کہ وہ جانبر نہ ہوگا"۔ ایک روز ابن رائق نے علی سے حسین کی علالت کا حال دریافت کیا علی نے وہی جواب دیا جو ابوبکر نے سکھایا تھا۔ ابن رائق کو اس کے کہنے سے حسین کے جانبر نہ ہونے کا یقین ہو گیا ابوبکر کو طلب کر کے کہا "ابن بریدی کو لکھ دو کہ کسی شخص کو اپنا نائب مقرر کر کے ہمارے حضور میں بھیج دے"۔ چنانچہ ابن بریدی نے احمد بن علی کوفی کو ابن رائق کی خدمت میں بھیج دیا۔

ابن بریدی کا بصرے پر قبضہ: کوفی کے آنے کے بعد ابوبکر کو موقع مل گیا۔ دونوں نے رفتہ رفتہ ابن رائق کے مزاج میں کامل طور سے دخل پیدا کر لیا۔ حسین تو بیمار پڑا ہوا تھا۔ دونوں جو چاہتے تھے لکھ پڑھ کر ابن رائق سے دستخط کرا لیتے تھے۔ رفتہ رفتہ انہوں نے سازش کرنا شروع کر دیا۔ ابن رائق کی طرف سے بصرے کی حکومت پر محمد بن یزداد ایک شخص مامور تھا جو بد خلق اور ظلم کا خوگر تھا۔ کوفی اور ابوبکر نے متفق ہو کر ابن رائق سے اس کی شکایت کی اور ابو یوسف بن بریدی کے مقرر کیے جانے کی سفارش کی۔ ابن رائق نے منظور کر لیا۔ ابن بریدی نے اس سے مطلع ہو کر اپنے غلام اقبال کو ایک گروہ بڑی فوج کے ساتھ بصرے کی طرف روانہ کیا۔ اس نے بلا مزاحمت آگے بڑھ کر قلعہ مہدی میں پہنچ کر قیام کیا۔ اہل بصرہ کے کان کھڑے ہوئے۔ اس نے یہ سمجھ لیا کہ اب بریدی حکومت کی خیر نہیں۔ ابن بریدی بصرے کو حکومت ضرور چھین لے گا۔ ایک مدت تک اسی ادھیڑ بن میں پڑا رہا۔ آخر ابن بریدی نے یہ سمجھا کر بعض وصول اور ٹیکس جو کہ مدت سے جابرانہ طریقے سے اہل بصرہ پر لگائے گئے ہیں موقوف کر دیئے جائیں۔ ابن رائق کو اس واقعہ کی اور نیز اس امر کی خبر لگی کہ ابن بریدی کا لشکر قلعہ مہدی میں قیام پذیر ہے۔ ابن رائق نے یہ سمجھا کہ ابن بریدی نے خلافت کو اپنے ہاتھ میں لینے کی ٹھان لی ہے۔ حکم دیا کہ جو لوگ اس وقت سرتاپا باہر رکھے گئے تھے ان لوگوں سے کہا جائے۔ جو اس کے لشکریوں نے ترشنے بیٹھنے کا اتفاق کر لیا ہے۔

ابن رائق نے ابن بریدی کو ان لوگوں کے نکال دینے کو لکھا ابن بریدی نے اس پر توجہ نہ کی تب اس نے کوفی کو حکم دیا کہ تم اپنی جانب سے بھی ابن بریدی کو لکھو اور یہ بھی تحریر کرو کہ وہ اپنے لشکر کو قلعہ مہدی سے واپس بلا لے۔ ابن بریدی نے اس کے جواب میں تحریر کیا "چونکہ قرامطہ بصرے کے قریب آ گئے ہیں اور خود والی بصرہ میں ان کی مدافعت کی قوت نہیں ہے اس وجہ سے میرا لشکر اہل بصرہ کی حمایت کو قلعہ مہدی میں ٹھہرا ہوا ہے"۔ اسی اثناء میں قرامطہ بادیہ سے نکل کر کوفہ کے قریب پہنچ گئے تھے۔ ابن رائق ان کے مقابلہ پر اپنا لشکر لئے ہوئے نکلا۔ ابن بریدی تک آ گیا تو مگر جنگ کی نوبت نہ آئی قرامطہ اپنے شہر لوٹ گئے اور ابن رائق واسط چلا گیا۔ ابن بریدی نے موقع پا کر اپنے لشکر کو لکھ بھیجا کہ بصرہ میں داخل ہو کر قبضہ

بصرہ کو نکال دو اور قید کرلو اور اس فوج مخالفین سے جس کو ان نے اپنی فوج میں بھرتی کرلیا تھا ایک گروہ کو اس کی کمک پر بھیج دیا۔ ابن بریدی کی فوج اور یاقوت بصرہ پر قبضہ کرنے کو بڑھی۔ محمد والی بصرہ مقابلہ پر آیا۔ گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ بالآخر محمد کو شکست ہوئی اقبال نے بصرہ میں داخل ہو کر قبضہ کرلیا۔ ابن رائق نے اس خبر سے مطلع ہو کر ایک خط لکھا۔ اسے ابن بریدی کو تحریر کیا۔ جس میں بصرہ کے چھوڑ دینے کی تاکید کی اور بصورت خلاف ورزی اپنے جاہ و جلال کی دھمکی دی۔ ابن بریدی نے اس خط کی ذرہ برابر تعمیل نہ کی۔

بجکم کا اہواز پر قبضہ جس وقت ابن بریدی نے ابن رائق کے حکم کے مطابق اپنے لشکر کو بصرہ سے نہ ہٹایا اور اس کا خط جو سراسر بغاوت تھا ابن رائق کے پاس پہنچا تو ابن رائق نے ایک لشکر بدر خرشنی اور بجکم کے ساتھ ابن بریدی کی سرکوبی کو روانہ کیا اور یہ حکم دیا کہ پہلے جامدہ میں پہنچ کر قیام کرنا بعد ازاں لشکر آراستہ کر کے پیش قدمی کرتے سے مقابلہ کیا جائے۔ اتفاق یہ کہ بجکم پہلے پہنچ گیا اور بلا انتظار بدر لشکر مرتب کر کے سوس کی جانب بڑھا۔ ابن بریدی کا لشکر تھی جس کی تعداد تین ہزار تھی۔ اس کے غلام محمد بن ینال ترجمانی کی ماتحتی میں مقابلہ پر آگیا۔ بجکم کے رکاب میں صرف دو سو ترک تھے۔ سوس کے باہر صف آرائی کی نوبت آئی۔ بجکم نے باوجود قلت جماعت پہلے ہی حملہ میں محمد بن ینال کو شکست فاش دی۔ محمد بن ینال بھاگ کر ابن بریدی کے پاس پہنچا۔ ابن بریدی نے اس کو شکست کھا جانے پر سخت ملامت کی اور چھ ہزار لشکر جمع کر کے دوبارہ روانہ کیا۔ پھر شستر پر بجکم سے مقابلہ ہوا۔ محمد بن ینال پر بجکم کا خوف ایسا غالب ہو گیا تھا کہ بغیر جنگ کے بھاگ کھڑا ہوا۔ ابن بریدی یہ حال دیکھ کر تین لاکھ دینار لے کر کشتی پر سوار ہوا۔ اس کے ہمراہی منتشر ہو گئے اور مال و اسباب ادھر ادھر ہو گیا۔ بصرہ کے قریب پہنچ کر مقام ابلہ میں قیام پذیر ہوا اور اپنے غلام اقبال کو ایک دستہ فوج کے ساتھ آگے بڑھنے کا حکم دیا۔ چنانچہ اقبال آگے بڑھا اور ابن رائق کے لشکر سے مقابلہ ہو گیا۔ بالآخر اقبال کو فتح نصیب ہوئی اور ابن رائق کے لشکر کا ایک گروہ گرفتار ہو کر آیا۔ ابن بریدی نے ان کو رہا کر دیا اور ابن رائق کی خدمت میں ایک خط معذرت خواہی کا چند روز سا بصرہ کی معرفت روانہ کیا۔ ابن رائق نے اس کو منظور نہ کیا مگر رہا سہا بصرہ سے بریدی کا خیر خواہ رہا۔ ان لوگوں نے بڑی شرطیں پیش کیں۔ ابن رائق نے جا کر قسم کھائی کہ اگر بصرہ پر میرا قبضہ ہو جائے تو آگ لگا دوں گا۔ رہا سہا بصرہ اپنی تمنا دل کا خون کر کے واپس پہنچے اور ان کے مقابلہ میں جان توڑ کر لڑنے پر مستعد و آمادہ ہو گئے۔ انہیں واقعات کے بعد سے ابن بریدی نے بصرہ پر اور بجکم نے اہواز پر قبضہ کرلیا۔

ابن رائق اور ابن بریدی میں معرکے اس کے بعد ابن رائق نے ایک لشکر دریا کے راستہ دوسرا براہ خشکی ابن بریدی سے جنگ کرنے کو روانہ کیا۔ خشکی کا لشکر تو شکست کھا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ باقی رہا وہ لشکر جو دریا کے راستہ روانہ کیا گیا تھا۔ اس نے کلاء پر قبضہ کرلیا ابن بریدی نے اپنے بھائی ابوالحسین کو لشکر کے ساتھ بصرہ میں چھوڑ کر کشتی پر سوار ہو کر جزیرہ اوال بھاگ گیا۔ ابوالحسین نے فوراً ابن رائق کے لشکر کو کلاء سے نکال دیا۔ ابن رائق یہ خبر پا کر بصرہ کی جانب روانہ ہوا اور بصرہ میں پہنچ کر لڑائی چھیڑ دی۔ اہل بصرہ بھی ابوالحسین کے ساتھ ان کے مقابلہ پر جان توڑ کر لڑتے رہے۔ مدتوں لڑائی ہوئی مگر کامیابی نہ ہوئی۔ مجبور ہو کر ابن رائق اپنے لشکر گاہ کو لوٹ آیا اور ابن بریدی جزیرہ اوال سے عماد الدولہ بن بویہ کے پاس فارس چلا گیا اور عراق پر قبضہ کر لینے کا لالچ دلایا۔

ابن رائق کی پسپائی: عماد الدولہ نے اپنے بھائی معز الدولہ کو اس کے ہمراہ اہواز کی جانب روانہ کیا۔ ابن رائق نے اس سے خوفزدہ ہو کر خطرہ کو دور کرنے کی خاطر بجکم سے مدد مانگی۔ بجکم نے یہ شرط پیش کی کہ فتح کے بعد جنگ اہواز کا امیر مجھے مقرر کیا جائے۔ ابن رائق نے ان کی شرط منظور کر لی۔ چنانچہ ایک لشکر کے ساتھ اہواز کی طرف روانہ ہوا۔ ابن بریدی بھی وہیں مقیم تھا۔ ایک روز اس نے ایک دو دن کے بعد شب کے وقت ابن رائق کے لشکر پر شب خون مارا۔ ابن رائق کا لشکر اس اچانک حملے سے گھبرا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ ابن رائق نے بھی راہ فرار اختیار کی۔ ابن بریدی نے تعاقب جاری رکھا تھا، اس میں آگ لگا دی، قلعہ کی سب جل کر خاک سیاہ ہو گئے اور بریدی نے اہواز کا راستہ لیا۔ بجکم نے جو ابن بریدی کے پاس تھے، بار بار قیام کیا۔ بجکم نے ابن بریدی کو گرفتار کر لینے کی رائے دی۔ ابن رائق نے اس پر عمل کیا۔ بعد ازاں اہواز سے ہوتا ہوا واسط پہنچا۔ اس کے پہنچنے سے پہلے اس کا لشکر واسط میں داخل ہو گیا تھا۔

معز الدولہ کا عسکر مکرم پر قبضہ: بعد ازاں ابن بریدی بھاگ کر عماد الدولہ ابن بویہ کے پاس فارس گیا اور ابن رائق اور بجکم کی شکایت کر کے عراق پر قبضہ کر لینے کو ابھارا۔ عماد الدولہ نے اپنے بھائی معز الدولہ احمد بن بویہ کو ایک لشکر کے ساتھ اہواز کی جانب روانہ کیا اور ابن بریدی نے اپنے دونوں لڑکوں ابو الحسین محمد اور ابو جعفر فیاض کو عماد الدولہ کے پاس بطور ضمانت کے چھوڑ دیا تھا۔ بجکم یہ خبر پا کر مقابلہ پر آیا۔ ارجان میں صف آرائی کی نوبت آئی۔ ایک ہفتہ تک لڑائی ہوتی رہی۔ بجکم شکست کھا کر اہواز چلا آیا اور چند دستے فوج کے عسکر مکرم میں معز الدولہ کے مقابلہ پر چھوڑ آیا۔ تیرہ دن تک مسلسل لڑائی ہوتی رہی۔ بعد ازاں بجکم کی فوج میدان جنگ سے بھاگ گئی اور تستر میں جا کر دم لیا اور معز الدولہ نے کامیابی کے ساتھ عسکر مکرم پر قبضہ کر لیا۔ یہ واقعہ ۳۲۶ھ کا ہے۔ بجکم نے پیچھا کیا۔ بعد ازاں تستر کی طرف لوٹ گیا اور ابن رائق واسط سے بغداد کی جانب روانہ ہوا۔ بجکم نے تستر میں کچھ عرصہ قیام کیا۔ بعد ازاں ابن رائق بغداد چلا گیا۔ بجکم تستر سے واسط میں آ ٹھہرا۔

معز الدولہ اور ابن بریدی میں ناچاقی: عسکر مکرم پر معز الدولہ اور ابن بریدی کے قابض ہو جانے کے بعد اہل اہواز مبارکباد دینے کو آئے اور ان کے پاس آ کر کہا آپ ابھی ٹھہرے رہیے۔ آپ کے بھائی رکن الدولہ (معز الدولہ کا بھائی) اور وشمگیر سے اصفہان میں لڑائی ہو رہی تھی۔ معز الدولہ نے عسکر مکرم سے روانہ ہو کر رکن الدولہ کی کمک کو ابن بریدی سے اس لشکر کی طلبی کی جو بصرہ میں مقیم تھا۔ چنانچہ ان میں سے چار ہزار فوج آ گئی۔ اس کے بعد دوبارہ طلب کی تو اس لشکر کی تعداد کے مطابق بحری بیڑا بھیجنا پڑا۔ ابن بریدی کو اس سے خطرہ پیدا ہوا اور موقع پا کر بھاگ گیا اور اپنی فوج کو جو اصفہان جا رہی تھی اور باقی سوس میں مقیم تھی، واپسی کا حکم بھیج دیا۔ اس حکم کا نتیجہ تھا کہ فوج نے بصرہ کی طرف کوچ کر دیا۔

معز الدولہ کا اہواز پر قبضہ: چونکہ ابن بریدی نے عماد الدولہ (یعنی معز الدولہ) سے اقرار کیا تھا کہ وہ سالانہ اہواز اور بصرہ کا ٹیکس ادا کرتا رہے گا جیسا کہ آپ پڑھ چکے ہیں۔ معز الدولہ سے ناچاقی اور بد ظنی پیدا ہو گئی تھی۔ معز الدولہ نے اہواز اور بصرہ کے ٹیکس سے کچھ بھی نہ پایا تو معز الدولہ نے اہواز کو فتح کرنے کا ارادہ کیا۔ یہ دیکھ کر عسکر مکرم کا ارادہ کیا۔ ابن بریدی نے اپنے نائب کے ساتھ اہواز چھوڑ دیا اور معز الدولہ کو عسکر مکرم کی جانب واپس چلے جانے کو لکھا۔ معز الدولہ نے انکار کر دیا۔ اور تو بجکم

جب ان واقعات کی خبر پہنچی اور اس نے ایک لشکر مرتب کر کے سوس اور جندیسابور پر قبضہ کرنے کو بھیج دیا۔ ان مقامات کے نکل جانے سے اہواز تو ابن بریدی کے قبضہ میں رہ گیا اور صرف عسکر مکرم پر معز الدولہ قابض رہا۔ آمدنی کم ہوگئی مگر مصارف کی وہی حالت رہی تنگی و عسرت سے بسر ہونے لگی اسی اثنا میں اس کے بھائی عماد الدولہ نے ایک تازہ دم فوج معہ جملہ سامان جنگ کے اس کی کمک پر بھیج دی۔ پھر کیا تھا گئی ہوئی قوت عود کر آئی۔ اہواز پر حملہ کر دیا اور اس پر نہایت مستعدی اور تیزی سے قبضہ حاصل کر لیا۔

ابن رائق کی شام کو روانگی: ابن بریدی بصرہ بھاگ آیا اور بجکم واسط میں ٹھہرا ہوا ابن رائق سے عہدہ و مرتبہ کے حاصل کرنے کی کوشش اور تدبیر کر رہا تھا تو کوئی صورت کامیابی کی نظر نہ آتی تھی کہ ابن رائق نے علی بن خلف بن طباب کو معہ ایک لشکر کے بجکم کے پاس روانہ کیا اور یہ ہدایت کی کہ تم معہ اس کے لشکر کے اہواز پر یلغار کر کے ابن بریدی کو نکال باہر کرو ہم کو صیغہ جنگ کی افسری اور ملک داری کی افسری تم کو مرحمت کی جاتی ہے۔ بجکم نے ابن رائق کے اس حکم کی تعمیل کی طرف ذرا بھی توجہ نہ کی بلکہ تلی کو اپنی وزارت میں رکھ لیا اور واسط ہی میں ٹھہرا رہا۔ وزیر ابوالفتح نے دربار بغداد کا یہ رنگ دیکھ کر ابن رائق کو بہکایا اور مصر و شام کے خراج کی طمع دلائی اور یہ وعدہ و اقرار کیا کہ ان دونوں ملکوں کا خراج برابر وساطت میں تمہارے پاس بھیجا کروں گا۔ مزید اطمینان کے لئے ابن بحج سے مصاہرت کا رشتہ بھی کر لیا۔ ابن رائق ابوالفتح کی یہ درخواست منظور کر لی۔ چنانچہ بجکم ماہ ربیع الثانی ۳۲۷ھ میں ملک شام کو روانہ ہو گیا۔

بجکم اور ابن بریدی کی جنگ: چونکہ بجکم نے ابن رائق کے حکم کی صریحاً تعمیل نہ کی اطمینان کے ساتھ واسط میں ٹھہرا رہا۔ اس سے ابن رائق کو بجکم کی طرف سے خطرہ پیدا ہوا اس نے ابن بریدی سے خط و کتابت شروع کی اور بجکم کے مقابلے میں متحد ہو کر لڑنے کا پیام بھیجا اس شرط سے کہ اگر بجکم کو شکست ہوگئی تو چھ لاکھ دینار سالانہ پر واسط تمہارے حوالہ کر دوں گا۔ اتفاق یہ کہ بجکم کو اس واقعہ کی خبر لگ گئی۔ ابن رائق کے لشکر کے آنے سے پیشتر ابن بریدی پر حملہ کرنے کی غرض سے بصرہ کی طرف بڑھا۔ ابن بریدی نے ابو جعفر جمال کو دس ہزار کی جمعیت کے ساتھ مقابلہ پر روانہ کیا۔ ایک سخت اور خونریز جنگ کے بعد بجکم نے ابو جعفر کو شکست دے دی۔ ابن بریدی اس واقعہ کو سن کر خوف سے کانپ اٹھا اور طرح طرح کے خیالات پیدا ہونے لگے۔ مگر جب بجکم نے اس شکست کے بعد ابن بریدی کے لشکر کا تعاقب نہ کیا تو ابن بریدی کے قلب مضطرب کو اطمینان ہوا۔ شکست کے دوسرے دن بجکم نے ابن بریدی کے پاس مصالحت کا خط روانہ کیا اور یہ اقرار کیا کہ اگر دربار خلافت میں میرا رسوخ ہو گیا تو واسط کی حکومت پر میں تم کو مقرر کر دوں گا۔ ابن بریدی نے اس کو موقع غنیمت خیال کر کے مصالحت کر لی اور بجکم پھر اپنے اسی خیال میں ڈوب گیا اور اپنی ساری توجہ و کوشش دربار خلافت میں ابن رائق کے بجائے رسوخ پیدا کرنے میں صرف کرنے لگا۔

ابن مقلہ کا زوال: جس وقت وزیر ابوالفتح بن فرات شام کو روانہ ہو گیا خلیفہ راضی نے ابو علی بن مقلہ کو جیسا کہ پہلے بھی عہدہ وزارت پر فائز تھا، خلعت وزارت سے سرفراز فرمایا۔ مگر یہ وزارت نام کی تھی۔ درحقیقت ابن رائق سیاہ و سفید کا مختار تھا۔ اس سے پیشتر ابن رائق نے ابن مقلہ کا مال و اسباب ضبط کر لیا تھا۔ عہدہ وزارت حاصل ہونے کے بعد ابن مقلہ نے اپنے مال و اسباب کی واپسی کی تحریک کی۔ ابن رائق نے اس پر کچھ توجہ نہ کی۔ ابن مقلہ کو یہ امر ناگوار گزرا ابن رائق کو زیر

کرنے کی تدبیریں کرنے لگا۔ ادھر بجکم کو واسط میں اور بجکم ... کو ... کی خطوط روانہ کئے اور ان دونوں سے یہ وعدہ کیا کہ میں تم کو بجائے ابن رائق کے مقرر کرا دوں گا۔ ادھر وقت بے وقت خلیفہ راضی سے ابن رائق اور اس کے ہمراہیوں کی گرفتاری کی تحریک کرنے لگا۔ جب کسی قدر خلیفہ راضی رضامند ہو چلا تو یہ پہنچایا کہ اگر خلافت مآب بجکم کو بجائے ابن رائق کے مقرر فرمائیں گے تو وہ تیس لاکھ دینار ابن رائق اور اس کے ہمراہیوں سے وصول کر کے داخل خزانہ عامرہ کرے گا۔ خلیفہ راضی نے مجبوراً اس کو منظور فرمایا۔

ابن مقلہ کا انجام: وزیر السلطنت نے منظوری کا اشارہ پاتے ہی بجکم کے نام بھی فرمان روانہ کیا اور ابن رائق کے خوف سے خلافت مآب سے اس زمانہ تک دارالخلافت میں رہنے کی اجازت حاصل کی جب تک یہ کام پورا نہ ہو لے۔ چنانچہ اجازت حاصل کرنے کے بعد آخری شب ماہ رمضان ۳۲۶ھ کو ایوان وزارت سے نکل کر ایوان خلافت میں چلا آیا۔ صبح ہوتے ہی خلیفہ راضی نے ابن رائق کو ان حالات سے مطلع کیا۔ ابن رائق نے پہلے خلافت مآب کا شکریہ ادا کیا بعد ازاں چودہویں شوال ۳۲۶ھ کو وزیر السلطنت ابن مقلہ کا ہاتھ کٹوا دیا۔ جب تھوڑے دنوں کے علاج سے اچھا ہو گیا تو پھر عہدہ وزارت کی جستجو کرنے لگا اور ابن رائق کی بیخ کنی کی سعی کی۔ ابن رائق نے اس سے مطلع ہو کر اس کی زبان بھی گدی سے نکلوا لی اور ایک جگہ ایک مکان میں قید کر دیا تا آنکہ مر گیا۔

بجکم کو امیر الامراء کا خطاب: اس سے پیشتر بجکم برابر خود کو ابن رائق کی طرف منسوب کرتا اور اپنے پھریروں اور علموں پر "بجکم رائقی" کندہ کراتا تھا یہاں تک کہ وزیر السلطنت ابن مقلہ کا فرمان پایا۔ مضمون یہ تھا خلافت مآب نے تم کو امیر الامراء کا خطاب عنایت فرمایا ہے۔ بجکم نے یہ دیکھ کر ابن رائق کا نام اپنے جھنڈوں سے محو کرا دیا اور سامان درست کر کے ماہ ذیقعدہ ۳۲۶ھ میں واسط سے بغداد کی طرف کوچ کر دیا۔ خلیفہ راضی نے اس آمد سے مطلع ہو کر [illegible] کیا۔ بجکم نے کچھ خیال نہ کیا۔ نہر دیالی کے شرقی ساحل پر پہنچا اور ابن رائق کا لشکر اس کے غربی ساحل پر تھا۔ بجکم کی فوج نے ایک بارگی مقام نہر دیالی کو عبور کر کے ابن رائق کے لشکر پر حملہ کیا۔ ابن رائق کا لشکر شکست کھا کر بھاگ گیا۔ ابن رائق نے عکبرا کی راہ لی اور بجکم چودہویں ذیقعدہ کو کامیابی و فیروزی کے پھریرے اڑاتا ہوا بغداد میں داخل ہوا۔ اس کے دوسرے دن دربار خلافت میں حاضر ہو کر شرف ملاقات حاصل کیا۔ خلافت مآب نے اس کو امیر الامراء کا خطاب مرحمت فرمایا۔

ابن رائق کی روپوشی: اس کے بعد بجکم نے خلیفہ راضی کی جانب سے ابن رائق کے سپہ سالاروں کے نام واپس آنے کے دعوت نامے روانہ کئے جو ابن رائق کے ہمراہ تھے چنانچہ وہ سب واپس آ گئے۔ ابن رائق بھی تنہا عکبرا سے بغداد چلا آیا اور ایک بازی کیا، پیچھے غارت کر کے گوشۂ تنہائی میں روپوش ہو گیا۔ بجکم نے مونس کے مکان میں قیام کیا اور بغداد میں دولت عباسیہ پر حکمرانی کرنے لگا۔

آذربائیجان پر دیسم کردی کا قبضہ: وشمگیر کے عمال سے لشکری بن مردی نامی ایک عامل جبل پر مامور تھا۔ یاد ہو گا صوبہ آذربائیجان سے فارغ ہو جانے کے بعد اس صوبہ پر دیسم بن ابراہیم کردی (یہ ابن ابی الساج کا ایک سپہ سالار تھا)

حکومت کر رہا تھا۔ لشکری نے دوبارہ آذربائیجان کی طرف [illegible] لشکر مرتب کر کے فوج کشی کر دی۔ دیسم پھر بھی مقابلہ پر آیا۔ متواتر لڑائیاں ہوئیں اور ان لڑائیوں میں کامیابی کا سہرا لشکری کے سر رہا۔ دیسم شکست کھا کر بھاگا۔ لشکری نے تمام آذربائیجان پر بجز اردبیل کے جو آذربائیجان کا دارالحکومت تھا قبضہ کر لیا اور ایک مدت تک اس کا بھی محاصرہ کئے رہا۔ اہل اردبیل نے دیسم کو یہ حالات لکھ بھیجے اور اس سے یہ درخواست کی کہ آپ ایسے وقت پر جب ہم لوگوں سے مصروف جنگ و جدال ہو پیچھے سے حملہ کیجئے خدا کی ذات سے کامل یقین ہے کہ اس سے لشکری کو شکست ہو گی۔ دیسم نے درخواست منظور کر لی حملہ کرنے کی تاریخ مقرر کی گئی وقت اور دن کا تعین ہو گیا۔ لشکری اس خبر سے بالکل بے خبر تھا۔ اہل اردبیل کا کوئی ذی وارث نظر نہ آتا تھا [illegible] سے کام لے رہا تھا اہل اردبیل نے تاریخ و وقت مقررہ پر شہر سے نکل کر حملہ کیا۔ لشکری نے اپنی فوج کو آگے بڑھایا۔ اہل اردبیل لڑتے ہوئے پیچھے ہٹے۔ لشکری کی فوج جوش کامیابی میں آگے بڑھتی گئی یہاں تک کہ شہر پناہ کی دیوار کے قریب پہنچ گئی۔ اہل اردبیل نے شہر پناہ کے دروازے بند کر لئے۔ دیسم نے اس موقع کو غنیمت سمجھ کر پیچھے سے حملہ کر دیا۔ لشکری کی فوج اس ناگہانی حملہ سے گھبرا کر بھاگ کھڑی ہوئی۔ لشکری نے موقان میں پہنچ کر دم لیا۔ والی موقان اصبہبذ بن دولت نے ایک تازہ دم فوج سے لشکری کی مدد کی اور اس کے ساتھ ہو کر دیسم سے لڑنے کو آیا۔ اس معرکہ میں دیسم کو شکست ہوئی۔

دیسم کا آذربائیجان پر دوبارہ قبضہ: دیسم کی بدنصیبی کا زمانہ آیا سیدھا وشمگیر کے پاس رے چلا گیا اور اس سے یہ درخواست کی کہ میں آپ کی اطاعت قبول کرتا ہوں اور سالانہ خراج ادا کرتا رہوں گا آپ مجھے لشکری کے پنجۂ غضب سے بچائیے چونکہ وشمگیر لشکری کی ان پیہم کامیابیوں سے جو اس کو حاصل ہو رہی تھیں خطرہ دیکھ رہا تھا ایک لشکر اس کے ساتھ کر دیا اسی اثناء میں لشکری کے لشکریوں نے بھی ایک درخواست مشعر طلب و فرمانبرداری وشمگیر کی خدمت میں روانہ کی تھی کسی ذریعہ سے لشکری کو اس کی خبر لگ گئی وہ اپنے چند مخصوص مصاحبوں کو لے کر آرمینیہ چلا گیا اور اس کے اطراف و مضافات میں غارت گری کر کے زوزن (متعلقہ بلاد ارمن) کی طرف بڑھا۔ ارمنیوں نے اس سے جنگ چھیڑ دی اور اس کو معہ اس کے چند ہمراہیوں کے قتل کر ڈالا۔ باقی ماندہ نے میدان کارزار سے واپس ہو کر سالار بن لشکری کو امامت کی کرسی پر بٹھایا اور طارم [illegible] سے دارالحکومت [illegible] اپنے سردار لشکری کا بدلہ لینے کو ملک ارمن کی طرف پھر قدم بڑھا کر مقابلہ کیا اور نہایت سختی کی اور بے رحمی سے ان کو پامال کیا۔ باقی فوج میں سے بعض تو ناصر الدولہ بن حمدان کے پاس موصل چلے گئے اور بعض نے بغداد میں جا کر دم لیا۔ جن لوگوں نے ناصر الدولہ کے پاس موصل جا کر پناہ لی تھی ان کو ناصر الدولہ نے اپنے چچا زاد بھائی ابو عبداللہ حسین بن سعید بن حمدان کے ساتھ دیسم سے جنگ کرنے کو آذربائیجان بھیج دیا۔ چونکہ دیسم موصل پر قبضہ کرنے کی تیاری نہایت تیزی سے کر رہا تھا اور ابو عبداللہ حسین: چچا زاد بھائی ناصر الدولہ کی طرف سے سوار آذربائیجان پر مامور تھا۔ دیسم نے یہ خبر پا کر ابو عبداللہ حسین کا قصد کیا۔ ابھی ان سے مقابلہ کی نوبت نہ آئی تھی کہ موصل کی جانب سے بلاوا آ گیا اور دیسم نے بہ نہایت آسانی آذربائیجان پر قبضہ کر لیا۔

ابن رائق کا بغداد پر قبضہ: ۳۲۶ھ میں خلیفہ راضی اور بجکم نے موصل اور دیار ربیعہ پر فوج کشی کی اس وجہ سے کہ ناصر الدولہ بن حمدان والی موصل نے خراج بھیجنا بند کر دیا تھا۔ تکریت میں پہنچ کر خلیفہ راضی نے قیام کر دیا اور بجکم نے

[illegible] سیف الدولہ مقابلہ پر آیا بہت بڑی خونریز لڑائی ہوئی۔ آخر ناصر الدولہ شکست کھا کر بھاگا۔ [illegible] قتل اور [illegible] تعاقب کرتا چلا گیا اور کامیابی کے بعد [illegible] کی طرف خلافت مآب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ [illegible] خلافت مآب [illegible] کی اطلاع [illegible] کے بعد [illegible] ابن رائق [illegible] جب [illegible] خلافت مآب سے [illegible] بغداد [illegible] کو [illegible] آیا [illegible] بنا دیا۔

ابن رائق کی شکست اور واپسی [illegible] خلافت مآب [illegible] کورتکین [illegible] ابن رائق [illegible] کورتکین سے مراجعت [illegible] بغداد [illegible] ابن رائق [illegible] کورتکین [illegible] بغداد [illegible] خلافت مآب [illegible] مصالحت [illegible] ابن رائق [illegible] خلافت مآب کی خدمت میں [illegible] خلافت مآب نے ابن رائق کی درخواست کے مطابق [illegible] اور [illegible] بغداد میں داخل ہوا۔

[illegible] ترک کی سرکوبی [illegible] خلافت مآب [illegible] بغداد [illegible] خلافت [illegible] خلافت مآب [illegible] گرفتار کیا [illegible] بغداد [illegible] کا خزانہ [illegible] تھا۔

ابو عبداللہ ابن بریدی کی وزارت ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ وزیر السلطنت ابو الفتح بن جعفر بن فرات شام کی طرف روانہ کیا گیا ہے اور [illegible] بار خلافت میں ابو عبداللہ [illegible] بصری [illegible] ابو جعفر محمد بن یحییٰ بن شیرزاد [illegible] ابن بریدی سے مصالحت [illegible] ابن بریدی [illegible] حکومت [illegible] ابن بریدی [illegible] خلافت [illegible] ابن بریدی [illegible] خلافت [illegible]

عبداللہ بن احمد البریدی کو بطور نائب کے مقرر کر کے چین سے بیٹھ گیا تھا۔ یہ وقت بڑا [illegible] معاملات ایران کی طرف سے مطمئن تھا۔

رکن الدولہ کا اصفہان پر قبضہ: جس وقت ابن بویہ کی حکومت کو اہواز میں پورا استحکام حاصل ہو گیا اس وقت اس نے ایک لشکر [illegible] کی جانب روانہ کیا [illegible] معز الدولہ احمد بن بویہ کا [illegible] تھا اور جو معز الدولہ [illegible] تھا۔ [illegible] لشکر کا مقابلہ کرنے لگا۔ ابن بویہ کے لشکر نے [illegible] اطراف و جوانب کو [illegible] تاراج کر دیا۔ معز الدولہ نے اپنے بھائی رکن الدولہ کو [illegible] اس وقت اصفہان [illegible] میں مقیم تھا۔ اپنے بھائی کا [illegible] کی جانب کوچ کر دیا۔ اتفاق سے پیش آیا کہ اس کے پہنچنے سے ابن بویہ کا لشکر [illegible] تھا مگر اس نے [illegible] کے قبضہ پر مجبور کر دیا۔ ایک [illegible] میں قیام کر کے [illegible] تھا جب [illegible] کی نوبت نہیں آئی تھی۔ [illegible] لشکر میں [illegible] ایک گروہ [illegible] حاصل کر کے ابن بویہ کے [illegible] اس کے بعد [illegible] بجکم نے بغداد سے [illegible] ابن بویہ کی [illegible] خبر پا کر [illegible] کی جانب [illegible] سے [illegible] وشمگیر نے اپنا لشکر [illegible] ماکان بن کاکی [illegible] دیا ہے اور اصفہان اپنے [illegible] سے [illegible] ماکان [illegible] اصفہان آ پہنچا اور اس پر قبضہ کر کے وشمگیر کے [illegible] وقت موجود [illegible] تھے نکال دیا۔

بجکم کا واسط پر قبضہ: بجکم [illegible] ابن بویہ کی مصالحت ہو جانے کے بعد ابن بویہ نے اپنی بیٹی کا بجکم سے عقد کر دیا اور [illegible] سے [illegible] بجکم [illegible] کر کے بوقطیع [illegible] ابو عبداللہ بن بریدی نے اہواز پر قبضہ کرنے کی غرض سے معز الدولہ [illegible] اس [illegible] کے مطابق بجکم نے [illegible] ابن بویہ نے [illegible] بجکم کی [illegible] روانہ کیا۔ بجکم نے [illegible] اپنے [illegible] ابن بویہ کے پاس [illegible] کرنے [illegible] ابن بویہ [illegible] بجکم کا [illegible] مخالفت پر آمادہ ہے ان لوگوں نے بجکم کو اس سے مطلع کر دیا۔ بجکم [illegible] کے بعد [illegible] آیا اور ابن بویہ کو وزارت سے معزول کر کے [illegible] ابو القاسم [illegible] بن [illegible] کو [illegible] کیا [illegible] وزارت کا [illegible] اور [illegible] کے [illegible] ۳۲۶ھ [illegible] کی طرف کوچ کیا اور ایک لشکر [illegible] روانہ کیا۔ ابن بویہ [illegible] بجکم نے واسط پر قبضہ کر کے اپنی حکومت کو مستحکم کر لیا۔

ابن رائق کا شام پر قبضہ: [illegible] کے [illegible] ابن رائق کے حالات بیان کرتے [illegible] جب ابن رائق نے [illegible] اپنی حکومت کے [illegible] دیکھا اس وقت اس نے [illegible] اور لشکر مرتب کر کے [illegible] کی طرف [illegible] کر دیا اور [illegible] کر کے دمشق کی جانب [illegible] ابن طغج [illegible] عبداللہ بن [illegible] ابن رائق نے اس کو دمشق سے نکال کر قبضہ کر [illegible] قبضہ کر [illegible] محمد بن [illegible]

پر آئے۔ پہلے حملہ میں اخشید کو شکست ہوئی ابن رائق کے لشکریوں نے اس کے لشکر گاہ پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد اخشید کے لشکر نے کمین گاہ سے نکل کر ابن رائق کے لشکر پر حملہ کیا۔ اس حملہ میں ابن رائق شکست کھا کر دمشق کی جانب بھاگا۔ اخشید نے اپنے بھائی ابو نصر بن طغج کو تعاقب پر روانہ کیا۔ ابن رائق نے دمشق سے پلٹ کر حملہ کر دیا۔ گھمسان کی لڑائی ہوئی بالآخر ابو نصر بھاگ کھڑا ہوا اور بھاگتے ہوئے مارا گیا۔ خاتمہ جنگ کے بعد ابن رائق نے ابو نصر کی نعش کو تجہیز و تکفین کر کے معہ تعزیت نامہ کے اپنے بیٹے مزاحم کے ہمراہ اخشید کے پاس مصر بھیج دیا۔ اخشید نے مزاحم کو بڑی عزت و توقیر سے ٹھہرایا اور اس کے باپ ابن رائق نے اس شرط پر مصالحت کر لی کہ مصر اور رملہ کو اس نے لے لیا۔ باقی ماندہ اس کے شام تک کے بلاد پر ابن رائق کو قبضہ دے دیا اور رملہ کے معاوضہ میں ایک لاکھ چالیس ہزار دینار سالانہ دینے کا اقرار کیا۔

بیرونی مہمات: دمستق کا ملطیہ کا محاصرہ: ۳۲۲ھ میں دمستق والی روم نے پچاس ہزار فوج سے ملطیہ کی جانب قدم بڑھایا اور ملطیہ پر پہنچ کر لڑائی کا نیزہ گاڑ دیا۔ ایک مدت دراز تک محاصرہ کئے رہا۔ آخر الامر امان کے ساتھ فتح کر لیا۔ اکثر اہل ملطیہ اپنے مال و اسباب اور اہل و عیال کی محبت سے نصرانی ہو گئے اور قلیل تعداد کو امان کے طریق پر دارالسلام بھیج دیئے گئے۔ اس کے بعد دمستق نے سمیساط کو فتح کیا اور اس کے مضافات کو تاخت و تاراج کر کے اکثر بلاد ساحلیہ پر قبضہ کر لیا۔

ابن ورقا شیبانی کا جنوہ اور سردانیہ پر قبضہ: ۳۲۳ھ میں قائم مصری نے افریقیہ سے ایک بیڑا جنگی جہازات کا بلاد کفار کی طرف روانہ کیا۔ جو شہر جنوہ فتح کر کے سردانیہ کی جانب بڑھا۔ اہل سردانیہ مقابلہ پر آئے متعدد لڑائیاں ہوئیں۔ جب کامیابی کی صورت نظر نہ آئی تو اہل سردانیہ کی اکثر کشتیوں کو جلا کر قرقیسیا (ساحل شام) کا راستہ لیا۔ یہاں بھی یہی واقعہ پیش آیا۔ فتح و سلامت واپس آیا۔ بعد ۳۲۶ھ میں باشندگان روم اور مسلمانوں کے مصالحت ہوئی۔ فریقین نے قیدیوں کا باہم تبادلہ کیا۔ چھ ہزار تین سو قیدیوں کا تبادلہ کیا گیا۔ ابن ورقا شیبانی اس مہم کا سرگروہ تھا۔

قاہر اور راضی کے عہد کے حالات: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ اس وقت علم خلافت کے قبضہ میں سوائے سواد بغداد و واسط اور جزیرہ کے اور کوئی ملک باقی نہیں رہ گیا تھا اور فارس پر علی بن بویہ قابض تھا اور اصفہان پر وشمگیر بلاد جبل پر، اہواز و بصرہ پر ابن رائق واسط پر قابض و متصرف ہو رہا تھا۔ آپ یہ بھی اوپر پڑھ آئے ہیں کہ عماد الدولہ علی بن بویہ فارس میں حکمرانی کر رہا تھا اور رکن الدولہ (عماد الدولہ کا بھائی) اصفہان، ہمدان، قم، کاشان، کرخ، رے اور قزوین میں وشمگیر سے الجھا ہوا تھا اور معز الدولہ (تیسرا بھائی عماد الدولہ اور رکن الدولہ کا بھائی) اہواز و کرمان پر غالب اور متصرف ہو گیا تھا اور بریدی نے واسط کو دبا لیا تھا۔ ابن رائق شام چلا گیا تھا اور اس پر اس نے قبضہ کر رکھا تھا۔

۳۲۱ھ میں تکین خاصکی والی مصر نے وفات پائی۔ خلیفہ قاہر نے بجائے اس کے اس کے بیٹے محمد کو مامور کیا۔ لشکر نے بغاوت کی۔ محمد نے بزور تیغ اس کو فرو کیا۔ اسی سنہ میں بنی تغلب اور بنی اسد میں جھگڑا شروع ہوا۔ بنی اسد کے ساتھ طے بھی تھا

---

[1] دمستق نے بعد فتح ملطیہ ایک خیمہ نصب کرایا تھا جس پر ایک صلیب لٹکا دی تھی اور ایک منادی سے یہ منادی کرا دی تھی "جو شخص نصرانیت قبول کرنا چاہے وہ اس خیمہ میں آ جائے۔ اس کے اہل و عیال اور مال و اسباب واپس دے دیئے جائیں گے" اور دوسرے خیمہ پر یہ لکھا تھا "جو شخص اسلام پر ثابت رہنا چاہے وہ اس خیمہ میں جائے اس کو امن دے کر اس کے مامن تک پہنچا دیا جائے گا" اس حکمت عملی سے اکثر اہل ملطیہ عیسائی ہو گئے۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۸ صفحہ ۱۱۱۔

ناصر الدولہ حسن بن عبداللہ بن حمدان سے صلح ہو گئی۔ سعید بن حمدان کے معاملات طے کرائے گئے ہیں۔ یاقوتی باتوں میں الجھ گئے جس میں دیلم [illegible] ایک شخص [illegible] ناصر الدولہ نے ان پر حملہ کر دیا اور بعد شکست ان کا تعاقب کرتا ہوا [illegible] پس غلام [illegible] والی موصل [illegible] تغلب اور [illegible] کے ساتھ ہو گئے اور [illegible] کی طرف مراجعت کی۔

۳۲۳ھ میں خلیفہ راضی نے اپنے دونوں بیٹوں ابو جعفر اور ابو الفضل کو بلاد مشرق و مغرب کی حکومت عنایت کی اور ۳۲۴ھ میں محمد بن رائق [illegible] کے قبضہ میں [illegible] مصر پر احمد بن طغج [illegible] تھا اسی سنہ میں [illegible] سے معزول کیا گیا۔

خلیفہ راضی کی وفات: خلیفہ راضی باللہ ابو العباس احمد بن مقتدر نے ماہ ربیع الاول ۳۲۹ھ میں وفات پائی اس نے چند بیٹے [illegible] خلافت کی۔ اس کے مرنے پر [illegible] اپنے مصاحبوں اور ہمنشینوں کو جمع کیا لیکن [illegible] سے ان کا مقصود حاصل نہ ہوا۔ یہ آخری خلیفہ تھا جس نے جمعہ کا خطبہ دیا اگرچہ اس کے بعد بعض خلفاء نے بھی خطبہ [illegible] یہ آخری خلیفہ ہے جس نے [illegible] اور [illegible] آخری دولت و حکومت ہے جس کے تعلقات [illegible] خلفاء متقدمین کی طرح تھے۔

[illegible] خلیفہ راضی [illegible] جلد

۴۰۲/۸

باب : ۲۵

ابراہیم بن مقتدر المتقی للہ

۳۲۹ھ تا ۳۳۳ھ

بیعت خلافت: بجکم خلیفہ راضی کی وفات کے وقت واسط میں مقیم تھا۔ اس زمانہ سے یہاں ٹھہرا ہوا تھا جب سے کہ اس نے ابن بریدی سے اس کو چھین لیا تھا۔ خلیفہ راضی کی وفات کے بعد اراکین دولت تقرر خلیفہ میں بجکم کے خط کا انتظار کر رہے تھے۔ چنانچہ اسی اثناء میں اس کا خط ابو عبداللہ کوفی کی معرفت وارد ہوا۔ لکھا ہوا تھا کہ وزراء، امراء لشکر، قضاۃ، علویین، عباسیین اور روساء شہر وزیر السلطنت ابو القاسم سلیمان بن حسن کے پاس جمع ہو کر کوفی کے مشورہ سے جس کے طریقہ و مذہب کو خاندان خلافت سے پسند کریں اس کو مسند خلافت پر متمکن کر لیں۔ اسی تحریر کے مطابق اراکین دولت، امراء لشکر اور روساء شہر نے جمع ہو کر ابراہیم بن مقتدر کو خلافت کے لئے بالاتفاق منتخب کیا۔ اگلے دن جو کہ ماہ ربیع الاول ۳۲۹ھ کا آخری دن تھا۔ منتظم اس کو مجلس عام میں طلب کر کے مسند خلافت پر جلوہ افروز کیا۔ نئے خلیفہ نے تکمیل بیعت کے بعد "المتقی للہ" کا مبارک لقب پسند فرمایا۔ ابو القاسم سلیمان بدستور عہدۂ وزارت پر جیسا کہ اس سے پیشتر تھا برائے نام قائم و بحال رہا لیکن درحقیقت زمام امور سیاست و انتظام کوفی (بجکم کے سیکرٹری) کے ہاتھ میں رہی اور سلامت طولونی کو عہدۂ حجابت مرحمت ہوا۔

بجکم کا خاتمہ: ابو عبداللہ بریدی نے واسط سے بصرہ بھاگ کر آنے کے بعد ایک لشکر مدار کی جانب روانہ کیا۔ بجکم نے بھی اس کے مقابلہ پر امیر لشکری توزون کو بھیجا تھا۔ دونوں فریق گتھ گئے۔ گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ پہلے تو توزون شکست کھا گیا اور بجکم کو واسط سے امدادی فوج کے لئے بلا بھیجا۔ چنانچہ بجکم نے نصف رجب کو واسط سے مدار کی جانب کوچ کیا۔ بعد ازاں توزون کو فتح نصیب ہوئی اثناء راہ میں توزون کا خط جس میں فتح کی اطلاع تھی۔ بجکم کو ملا۔ پڑھ کر خوش ہو گیا۔ سیر و شکار کرتا ہوا نہر جور تک چلا گیا۔ کسی نے یہ خبر کر دی کہ یہاں پر کردوں کا ایک گروہ ہے جس کے پاس بے حد مال و اسباب ہے۔ بجکم نے باوجودیکہ اس کے رکاب میں معدودے چند سوار تھے حملہ کر دیا۔ کردوں کو شکست ہوئی۔ بجکم نے تیروں کا مینہ برسانا شروع کر دیا تھا، اسی اثنا میں ایک کم عمر نوجوان نے پیچھے سے بجکم کو نیزہ مارا۔ گھوڑے سے تڑپ کر زمین پر آ رہا اور فوراً دم توڑ

---

۱ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۸ صفحہ [illegible]۔

[illegible]

ابن بویہ کا عروج [illegible]

بویہی کی امارت [illegible]

وزیر ابوالحسین کی معزولی [illegible]

ابن بویہ کا فرار [illegible]

[illegible] ابن بریدی کے مکان کی طرف بڑھی۔ ابن بریدی نے اس وقت [illegible] اس کے مصاحبوں [illegible] اس کا بھائی ابو القاسم اور چند مریدوں نے واسط کی طرف بھاگ نکلے۔ یہ واقعہ آخر ماہ شعبان [illegible] بغداد میں [illegible] رہے تھے

کورتکین کی امارت: ابن بریدی کے بھاگ جانے کے بعد کورتکین بغداد میں ریاست و انتظام پر متصرف ہو گیا۔ خلافت مآب کی خدمت میں حاضر ہوا۔ [illegible] خلافت [illegible] امیر الامراء کا خطاب مرحمت فرمایا۔ علی بن عیسیٰ اور اس کے بھائی عبدالرحمن کو طلب کر کے نظم و نسق امور خلافت کے انتظامات سپرد کر دیئے مگر وزارت کے لقب سے ملقب نہ کیا۔ [illegible] کورتکین نے [illegible] اس کے بعد پانچویں شوال کو [illegible] کورتکین نے [illegible] دریائے دجلہ میں ڈبو دیا اور [illegible] میں [illegible] چلے گئے [illegible] اسحاق [illegible] کورتکین [illegible] تمام [illegible] وزارت سے سرفراز ہوا۔

ابن رائق کی امارت: تم کو یاد ہوگا [illegible] موصل چلا گیا اور پھر موصل سے ابن رائق کے پاس شام جا پہنچا [illegible] کورتکین [illegible] اس گروہ میں موجود تھا۔ ان لوگوں نے ابن رائق کو واپس عراق آنے کی ترغیب دلائی [illegible] خلیفہ متقی نے [illegible] ابن رائق کے نام [illegible] چنانچہ [illegible] رمضان ۳۲۹ھ میں شام [illegible] بغداد کی جانب کوچ کیا [illegible] موصل پہنچا۔ [illegible] ابن رائق سے مصالحت کر لی۔ ابن رائق نے [illegible] واسط [illegible] اتفاق سے ابو عبداللہ بریدی کو اس کی خبر لگ گئی اسی وقت اپنے بھائیوں کو واسط [illegible]

کورتکین کی گرفتاری: اس وقت ابن رائق قریب بغداد پہنچا، کورتکین لشکر آراستہ کر کے [illegible] ابن رائق سے جنگ چھڑ گئی [illegible] ابن رائق نے [illegible] اپنے لشکر [illegible] شہر کے [illegible] بغداد میں داخل ہو گیا [illegible] خلافت مآب [illegible] خلافت مآب [illegible] ابن رائق کے [illegible] تمام کورتکین بھی بغداد آ پہنچا۔ ابن رائق [illegible] کورتکین کے [illegible] آ جانے سے [illegible] کی طرف واپس ہونے کا قصد کیا [illegible] اپنے لشکر کے ایک حصہ کو [illegible] مقابلہ پر آیا۔ [illegible] کا [illegible] ایک [illegible] کے ساتھ تھا [illegible] دیلمیوں [illegible] پیچھے تھے۔ [illegible] کے [illegible] پیچھے جاتے تھے [illegible] ابن رائق [illegible] لشکر [illegible] روانہ کیا تھا۔ کورتکین نے لشکر [illegible] حملہ کیا۔ [illegible] لشکر [illegible] شکست کھا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ [illegible] ابن رائق نے [illegible] کورتکین جان کے خوف

سے روپوش ہو گیا۔ خلیفہ متقی نے ابن رائق کو خلعت کا تحفہ دے کر سرفراز فرمایا، "امیر الامراء" کا خطاب مرحمت کیا۔ وزیر ابو جعفر کرخی اپنی وزارت کے ایک مہینے بعد معزول کیا گیا اور بجائے اس کے احمد کوفی مامور ہوا بعد ازاں ابن رائق کو کورتکین کا سراغ لگ گیا جسے گرفتار کرا کے دار الخلافت میں قید کر دیا۔

ابن رائق کی ابن بریدی سے مصالحت کی کوشش ابن رائق بعد درستی امور بغداد میں مستقل طور سے رہنے لگا۔ ابن بریدی نے واسط کا خراج سالانہ بھیجنا بند کر دیا ابن رائق نے لشکر مرتب کر کے ماہ محرم ۳۲۹ھ کو بغداد سے واسط کی جانب کوچ کیا۔ ابو بریدی یہ خبر پا کر بصرہ بھاگ آئے۔ ابو عبداللہ کوفی نے درمیان میں پڑ کر مصالحت کرا دی۔ چنانچہ ابو بریدی واپس آ گئے۔ دو لاکھ دینار بقایا خراج کی ضمانت دی اور چھ لاکھ دینار سالانہ خراج دینے کا اقرار کیا۔ مصالحت کے بعد ابن رائق نے بغداد کی جانب مراجعت کی۔ دوسری ربیع الثانی سنہ مذکور میں لشکر نے بغاوت کی جس میں توزون وغیرہ بھی شریک تھے اور اس سے علیحدہ ہو کر بحرو بحیرہ واسطہ دار میں ابن بریدی کے پاس واسط چلا گیا اس سے بریدی کی قوت بڑھ گئی ابن رائق نے صلح صفائی کے لئے ابن بریدی سے خط و کتابت شروع کی۔ خلعت وزارت بھیجی اور ان کی طرف سے عہدۂ وزارت پر ابو عبداللہ شیرزادو کو بطور نائب مقرر کیا۔ اس کے بعد یہ خبر مشہور ہوئی کہ ابن بریدی اتراک اور دیلم کا ایک عظیم لشکر لئے ہوئے بغداد پر چڑھا آ رہا ہے۔

خلیفہ متقی کا موصل کی جانب فرار: اسی بنا پر ابن رائق نے ابن بریدی کے نام کو وزارت سے خارج کرا کر دار الخلافت کی قلعہ بندی شروع کر دی، موقع موقع سے منجنیقیں نصب کر دیں اور فصیلوں پر حصار شکن آلات جا بجا کھڑے کرائے۔ لشکر کو حفاظت کی غرض سے چاروں طرف پھیلا دیا۔ عوام الناس اور بازاریوں نے لوٹ مار شروع کر دی۔ اس سے اس عام خلائق کو سخت صدمہ پہنچا۔ بہ دہم جمادی الثانی کو خلیفہ متقی اور ابن رائق سوار ہو کر نہر دیالی کی طرف روانہ ہوئے۔ ابو الحسین (برادر ابن بریدی) سے دریا اور خشکی میں مڈبھیڑ ہو گئی۔ ایک دوسرے سے بھڑ گئے۔ بالآخر ابو الحسین نے ان لوگوں کو شکست دے دی اور فتح یابی کا جھنڈا لئے ہوئے دار الخلافت میں داخل ہوا تو خلیفہ متقی مع اپنے بیٹے ابو منصور اور ابن رائق کے موصل کی طرف بھاگ گیا تھا بلکہ اس کی امارت کو چھوڑ گئے تھے اور وزیر قراریطی روپوش ہو گیا۔

کورتکین کی رہائی: ابو الحسین نے فتح یاب ہونے کے بعد قصر خلافت کو لوٹ لیا۔ امن و امان مفقود ہو گیا۔ کورتکین کو قید سے نکال کر واسط بھیج دیا اور علاوہ قاہر باللہ سے کوئی معترض بھی نہ ہوا۔ دار الخلافت میں ابو الحسین نے قیام کیا۔ توزون کو غربی شہر کی کوتوالی دی اور ان سپہ سالاروں کی ضمانت میں جو توزون کے ساتھ تھے۔ ان کی عورتوں اور لڑکوں کو اپنے بھائی ابن بریدی کے پاس واسط بھیج دیا۔

بغداد کی تباہی: اس کے امرائیوں نے بعد قبضہ و دخل ہونے کے بھی لوٹ مار سے ہاتھ نہ اٹھایا۔ ان کے ہاتھ سے رعایا کی لوٹ کی کثرت رؤسا و امراء شہر مکانات چھوڑ چھوڑ کر بھاگ گئے۔ بازاروں میں گرانی کی وہ زیادتی ہوئی کہ الامان الحفیظ۔ ایک کر[1] گیہوں جو اور ہر قسم کے اناج پر پانچ دینار محصول لگایا گیا۔ اس سے گرانی کی گرم بازاری اس حد تک پہنچی کہ ایک کر گیہوں تین سو دینار

---

[1] کر ایک پیمانہ عراقی ہے جو ساٹھ قفیز کا ہوتا ہے اور ایک قفیز آٹھ مکوک کا ہوتا ہے اور ایک مکوک ڈیڑھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے۔ بنا بر حساب مصنف سے ایک کر ۱۲ من کا ہوا۔ مترجم

میں فروخت ہونے لگا۔ انہیں دنوں کوفہ سے رسد آگئی اور اہل بغداد نے اسے دبا لیا اور یہ قحط جزوی تھا۔ عامل کوفہ نے میرے لئے بھیجی تھی۔ اسی رسد کے ساتھ قرامطہ کا ایک گروہ تھا جو کوفہ سے بغداد آیا جو مزاحمت میں بھی بڑی خلق اللہ کا ایک کام آ گیا۔ لشکریوں کے شور و شغب سے عمل درآمد بند ہو گئے انتظام بگڑ گیا اور ہر شخص پر ستم ہو گیا کہ عمارت کی کھلی ہوئی ہے کھیتیاں برباد ہو گئیں کھیتوں کے کاٹنے کی نوبت نہ آئی۔ جو کچھ تھا سب لوگوں نے لوٹ لئے گئے۔ غرض ابن رائق کی کے لشکر کا وہ تھا کہ اہل بغداد پر اللہ تعالیٰ کا عذاب آ گیا۔ کوئی رونق ظاہر نہ کا باقی نہ رہا جو ان پر نہ کیا ہو۔

ابن رائق کا خاتمہ: جس وقت ابن رائق دمشق کے گئے تھے بغداد پر تصرف تو بنو قیل نے ناصر الدولہ ابن حمدان سے مدد طلب کی تھی چنانچہ اس نے ایک عظیم لشکر اپنے بھائی سیف الدولہ کے ہمراہ خلافت مآب کی کمک پر روانہ کیا۔ اتفاق یہ کہ سیف الدولہ تکریت میں خلافت مآب سے اس وقت دوچار ہوا جب کہ توزون بغداد سے ناکامی کے ساتھ آ رہے تھے چنانچہ سیف الدولہ بھی خلافت مآب کے ہمراہ موصل واپس آیا۔ ناصر الدولہ نے پیشوائی کر کے تھوڑی دیر قیام کیا۔ آمد پیش ہوتی تھی۔ آخر کار ابن رائق نے قید بعہد کی قسم کھائی اور ذمہ داری قائم رکھنے کا اقرار کیا۔ تب ناصر الدولہ نے مراعات دی اور موصل کے شرقی ساحل پر خیمہ کر پڑاؤ کیا۔ ابو منصور بن المعتضد اور ابن رائق دونوں خدمت ناصر الدولہ سے ملنے گئے۔ ناصر الدولہ بڑی آؤ بھگت سے ملا اور اتنے زر و جواہر تقسیم کئے۔ جس وقت ابو منصور سوار ہو کر واپس ہوا۔ ناصر الدولہ نے ابن رائق سے مخاطب ہو کر کہا "آج آپ یہیں قیام فرمائیں تاکہ کچھ امور کے لئے مشورہ کیا جائے"۔ ابن رائق نے معذرت کی ناصر الدولہ مصر ہوا۔ ابن رائق کو اصرار سے بدگمانی پیدا ہوئی۔ سوار ہونے کا قصد کیا۔ ناصر الدولہ نے لپک کر ہاتھ پکڑ لیا۔ ابن رائق ہاتھ چھڑا کر گھوڑے پر سوار ہونے لگا ناصر الدولہ نے پاؤں پکڑ کر کھینچ لیا۔ ابن رائق زمین پر آ رہا ناصر الدولہ نے اشارہ کر دیا۔ ایک سپاہی نے لپک کر سر اتار لیا اور نعش کو دجلہ میں پھینک دیا۔

ناصر الدولہ کی امارت: ابن رائق کے مارے جانے کے بعد ناصر الدولہ نے خلافت مآب کی خدمت میں معذرت کا عریضہ روانہ کیا اور اس کے بعد خود بھی سوار ہو کر بارگاہ خلافت میں حاضر ہوا۔ خلافت مآب نے "امیر الامراء" کا خطاب مرحمت فرمایا اور "ناصر الدولہ" کے لقب سے ملقب کیا۔ یہ واقعہ ماہ شعبان ٣٣٠ھ کا ہے۔ اس کے بھائی ابو الحسن کو بھی خلعت فاخرہ سے سرفراز کر کے "سیف الدولہ" کا لقب عنایت کیا۔ اخشید نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر مصر سے دمشق کی جانب کوچ کیا۔ ان دنوں دمشق میں ابن رائق کی طرف سے محمد بن یزداد حکومت کر رہا تھا اس نے اخشید سے امان کی درخواست کی۔ اخشید نے امان دے کر دمشق پر قبضہ کر لیا اور پھر اپنی طرف سے دمشق پر مامور کیا۔ کچھ عرصہ بعد ولایت دمشق سے ہٹا کر اسے مصر پر تبدیل کر لیا۔

خلیفہ متقی کی مراجعت: ابو الحسین بریدی نے بغداد پر قبضہ حاصل کر لینے کے بعد ظلم و بدکاری کا بازار گرم کر رکھا تھا جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں اس سے اہل بغداد کو سخت نفرت پیدا ہوئی اور اس سے انتقام لینے کے لئے موقع اور وقت کا انتظار کرنے لگے۔ اسی اثناء میں ابن رائق کے قتل کی خبر مشہور ہوئی۔ لشکر میں بھگدڑ مچ گئی۔ بریدی کے جو سپاہی تھے بھاگ گئے۔ خلیفہ متقی نے بغداد کی جانب کوچ کیا۔ توزون اور تکین اور دیلم نے ابو الحسین بریدی سے بغاوت کی، بیعت کر لی۔ توزون نے دیلم کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو تکین نے خلاف معاہدہ دیکھ کر کے توزون کی مخالفت کی، توزون بھاگ کے

مطیع ہو کر موصل چلا گیا۔ ناصر الدولہ اور خلیفہ متقی کو توزون کے آ جانے سے بہت تقویت ہوئی بغداد کی جانب مراجعت کرنے کی تیاری کر دی۔ ابوالحسن علی بن عیاب کو دیار مضر یعنی الرہا وحران کا نائب مقرر کر کے موصل سے روانہ کیا۔ ابوالحسین احمد بن علی بن مقاتل جو ابن رائق کی طرف سے ان بلاد کا والی تھا مقابلہ پر آیا۔ دونوں کی لڑائی ہوئی بالآخر ابوالحسین مارا گیا۔ ابوالحسن علی نے کامیابی کے ساتھ دیار مضر پر قبضہ حاصل کر لیا اور پھر خلیفہ متقی اور ناصر الدولہ بغداد کے قریب پہنچے۔

ابن بریدی کا فرار: ابوالحسین ابن بریدی یہ خبر پا کر بغداد سے اپنے آنے کے تین مہینے بیس یوم کے بعد واسط کی طرف بھاگ گیا۔ عوام الناس میں بدامنی پھیلی ہوئی اور لوٹ مار کا بازار گرم ہو گیا۔ خلیفہ متقی اور ناصر الدولہ مع اپنے لشکر تشریف لے کے ماہ شوال سنہ مذکور میں داخل بغداد ہوا۔ ابو اسحاق قراریطی عہدہ وزارت پر حسب سابق بحال کیا گیا اور توزون کو کوتوالی مرحمت ہوئی اس کے بعد پھر ابوالحسین ابن بریدی نے لشکر مرتب کر کے بغداد کا قصد کیا۔ بنو حمدان بھی مقابلہ کو نکلے۔ رفتہ رفتہ مدائن پہنچے ناصر الدولہ نے مدائن میں قیام کیا اور اپنے بھائی سیف الدولہ اور ابن عم ابو عبداللہ حسین بن سعید بن حمدان کو آگے بڑھایا۔ مدتوں سیف الدولہ اور ابوالحسین ابن بریدی سے لڑائیاں ہوتی رہیں۔ تا آنکہ سیف الدولہ کو شکست ہوئی۔ ناصر الدولہ ترکی لشکر اور اپنے سپہ سالاروں کو لے کر کمک پر پہنچ گیا جو اس کے ہمراہ تھے۔ سیف الدولہ نے دوبارہ صف آرائی کی۔ ایک خونریز جنگ کے بعد ابوالحسین ابن بریدی شکست کھا کر واسط کی جانب بھاگا۔ چونکہ اس معرکہ میں سیف الدولہ کی فوج میں زخمیوں کی تعداد زیادہ ہو گئی تھی اس وجہ سے تعاقب نہ کیا۔ کامیابی کے بعد ناصر الدولہ نے [illegible] کو بغداد بھیجا۔ بعد ازاں سیف الدولہ نے ۳۳۰ھ میں واسط پر فوج کشی کی۔ ابن بریدی یہ خبر پا کر بصرہ بھاگ گئے اور سیف الدولہ نے قبضہ کر کے قیام کر دیا۔

دیسم والی آذربائیجان: آذربائیجان دیسم بن ابراہیم کردی کے قبضہ وتصرف میں تھا جو یوسف بن ابی الساج کے ہمراہیوں میں سے تھا اور دیسم کا باپ ابراہیم ہارون شاری خارجی کے مصاحبین میں سے تھا ہارون کے مارے جانے کے بعد وہ آذربائیجان چلا گیا اور کرد کے کسی رئیس کی لڑکی سے شادی کر لی جس کے بطن سے دیسم پیدا ہوا۔ جب دیسم سن شعور کو پہنچا تو یوسف بن ابی الساج کی خدمت میں رہنے لگا اس سے اس کی عزت وتوقیر میں نمایاں ترقی ہوئی یہاں تک کہ یوسف کے بعد یہ آذربائیجان کا مستقل مالک بن گیا۔ اس کے بعد لشکری نے جو بلاد جبل میں وشمگیر کا نائب تھا۔ ۳۲۶ھ میں بہ اجازت وشمگیر آذربائیجان پر چڑھائی کی اور بزور تیغ قبضہ کر لیا۔ دیسم نے وشمگیر کے پاس جا کر پناہ لی اطاعت وفرمانبرداری کا اقرار وعہد کیا اور امداد کی درخواست کی۔ وشمگیر نے دیلمی فوج سے اس کو مدد دی چنانچہ دیسم دیلمی فوج لئے ہوئے آذربائیجان آیا اور لشکری کو شکست دے کے نکال دیا۔

کردوں کی امارت کا خاتمہ: صوبہ آذربائیجان جو اس سے پیشتر اس کے قبضہ میں تھا پھر دوبارہ قبضہ میں آ گیا۔ لشکری کی فوج میں اکثر کرد تھے۔ ان لوگوں نے تھوڑے تھوڑے بلاد جبل میں بعض مقامات آذربائیجان پر قبضہ کر لیا تھا۔ دیسم نے سرداران دیلم کو بلا کر کردوں کو دبانا شروع کیا اور ان کے زور وقوت سے ان کی بڑھی ہوئی قوت کو شکست دی اور کرد [illegible] میں صعلوک بن محمد بن مسافر دیلمی وعلی بن الفضل وغیرہ تھے۔ تھوڑے عرصہ میں صوبہ آذربائیجان میں کردوں کی حکومت کا نام ونشان مٹ گیا ایک گروہ ان کے سرداروں کو گرفتار کر لیا۔ ابوالقاسم علی بن جعفر دیسم کا وزیر تھا اس کو [illegible] شکست سے بچا

قصر میں داخل ہوا اور دیسم بھاگ گیا۔ الغرض سالار بن محمد بن مسافر [illegible] تھا۔ یہاں پر ایک واقعہ قابل ذکر پیش آ گیا تھا کہ محمد بن مسافر کے دونوں لڑکے وہسوذان اور مرزبان باغی ہو گئے تھے اور انہوں نے اپنا [illegible] پر قبضہ کر لیا [illegible] کیا تھا کہ وہسوذان اور مرزبان نے اپنے باپ محمد بن مسافر کو گرفتار کر کے اس کے مال و اسباب اور خزانے اپنے قبضے میں لے لیے تھے اور ان دونوں نے ایک قصر میں محبوس کر دیا تھا [illegible] مرزبان سے ملاقات کی اور اس کو آذربائیجان پر قبضہ کر لینے کی ترغیب دی۔ مرزبان اس سے خوش ہوا اور علی بن جعفر کو عہدۂ وزارت سے سرفراز کیا۔ علی بن جعفر اور مرزبان ایک ہی مذہب کے ماننے والے تھے [illegible] علی بن جعفر فرقہ باطنیہ سے تھا۔ مرزبان دیلم سے اور باطنیہ و دیلم دونوں شیعہ تھے۔

آذربائیجان پر مرزبان دیلم کا قبضہ۔ علی بن جعفر نے آذربائیجان پر حملہ کرنے سے قبل دیسم کے ہمراہیوں اور ساتھیوں سے خط و کتابت شروع کی اور ان میں سے بہت سارے [illegible] دیسم سے [illegible] کر کے اپنی جانب [illegible] بالخصوص دیلم [illegible] وقت [illegible] تو علی بن جعفر نے مرزبان کو آذربائیجان پر حملہ کرنے کی رائے دی۔ فوجیں مرتب کر کے آذربائیجان کی جانب [illegible] لڑائی کی نوبت آئی تو جونہی دونوں فوجیں مقابل ہوئیں دیلم جیسے [illegible] مرزبان سے جا ملا اور امان حاصل کر کے اس کے لشکر میں شریک ہو گیا۔ اس کے [illegible] ایک گروہ [illegible] چلا آیا۔ دیسم نے [illegible] چند ساتھیوں کے ساتھ آرمینیہ بھاگ گیا [illegible] آرمینیہ [illegible] سے [illegible] آیا۔ ان دونوں میں [illegible] تھے۔

مرزبان اور علی بن جعفر میں کشیدگی۔ اس واقعہ سے [illegible] کا [illegible] اور [illegible] باطنی [illegible] وصول کرنے لگا۔ آذربائیجان پر مرزبان کے قابض ہونے کے تھوڑے دنوں کے بعد علی بن جعفر (دیسم کا سابق وزیر) اور مرزبان سے کشیدگی پیدا ہو گئی۔ رفتہ رفتہ [illegible] یہاں تک کہ [illegible] مرزبان نے [illegible] اور [illegible] مرزبان [illegible] اس سے [illegible] علی بن جعفر [illegible] اس نے [illegible] مرزبان کی فوج کے [illegible] [illegible] مرزبان سے مخالفت و بغاوت اور دیسم کی اطاعت پر [illegible] جب [illegible] دیسم [illegible] اتفاقات ہو گئے۔

مرزبان اور دیسم میں مصالحت۔ دیسم نے [illegible] مرزبان نے [illegible] [illegible] دیسم [illegible] [illegible] اور [illegible] دیسم [illegible] [illegible] سے [illegible] مرزبان نے [illegible] اور [illegible] علی بن جعفر سے صلح و صفائی کی [illegible] علی بن جعفر [illegible] دیسم [illegible] مرزبان نے [illegible] کیا اور [illegible] اپنے [illegible] دیسم نے [illegible] درخواست کی [illegible] مرزبان نے منظور کر کے [illegible] پر قبضہ حاصل کیا [illegible]

ہوا تھا۔ اس کے بعد ناصر نے یہ انتظام کیا کہ [illegible] کے طور پر [illegible] بھیجے [illegible] ترجمان نے اس

ہدایت کے مطابق ناصر کو اس کے ان اموال کے [illegible] دیا

سیف الدولہ کا زوال: [illegible] سیف الدولہ واسط میں [illegible]

[illegible] اسی وقت سے [illegible] کے [illegible] ہوئے تھے۔ [illegible]

[illegible] قلعہ [illegible] اور [illegible] تھا [illegible] ناصر الدولہ [illegible]

[illegible] سیف الدولہ [illegible] ناصر الدولہ [illegible] کی طرف [illegible]

[illegible] کے لئے [illegible] بغداد [illegible]

اس واقعہ سے قبل سیف الدولہ [illegible]

[illegible] شعبان [illegible] سیف الدولہ [illegible]

[illegible] سیف الدولہ [illegible]

[illegible] ناصر [illegible]

[illegible] توزون کے پاس [illegible]

[illegible] خلافت [illegible] کے بعد [illegible]

[illegible] کی طرف [illegible]

[illegible] انتظام [illegible] اصفہانی [illegible]

[illegible]

توزون اور [illegible] کے مابین کشمکش: واسط سے سیف الدولہ کے بھاگ آنے کے بعد [illegible] توزون اور [illegible] دونوں

امارت [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] توزون کے پاس [illegible]

توزون [illegible]

[illegible]

[illegible] بھیج دیا۔

سیف الدولہ کا بغداد سے فرار: [illegible] سیف الدولہ [illegible] اپنے بھائی ناصر الدولہ

کے پاس بھیج دیا تھا تو زون نے [illegible] رمضان کے بعد [illegible]

توزون کی مخالفت کی [illegible] ملاقات [illegible] سیف الدولہ نے اپنے

لشکریوں میں اس کو تقسیم کر دیا۔ سیف الدولہ کی آمد کی خبر پا کر وہ لوگ بھی ظاہر ہو گئے جو ایک مدت سے روپوش تھے۔ اسی اثناء میں ان واقعات کی توزون کو بھی خبر لگ گئی۔ واسط میں بجائے اپنے کیغلغ کو بطور نائب کے مقرر کر کے بغداد کا راستہ لیا۔ سیف نے یہ خبر پا کر اس لشکر بغداد کے ساتھ جو اس سے آملا تھا موصل کی جانب کوچ کر دیا اس کے ہمراہ حسن بن ہارون بھی تھا۔ اس کے بعد توزون کے قدم پھر بغداد میں جم گئے۔

توزون کی امارت: بغداد سے سیف الدولہ کے چلے جانے کے بعد آخری ماہ رمضان ۳۳۱ھ میں توزون داخل ہوا خلیفہ متقی نے اس کو عزت و احترام سے امارت کی کرسی پر بٹھایا۔ "امیر الامراء" کا خطاب مرحمت فرمایا اور ابو جعفر کرخی کو ناظر دیوان وزارت مقرر کیا۔ اس سے پہلے یہ خدمت کوفی کے سپرد تھی۔

ابن بریدی کا واسط پر قبضہ: واسط سے توزون کے چلے آنے کے بعد ابن بریدی نے چڑھائی کر دی اور بزور تیغ اس پر قبضہ حاصل کر لیا۔ توزون نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر ماہ ذیقعدہ سنہ مذکور کو بقصد جنگ ابن بریدی بغداد سے کوچ کیا اس سے پیشتر یوسف بن وجیہ والی عمان نے چند جنگی کشتیاں مرتب کر کے بصرہ پر فوج کشی کر دی تھی اور ابن بریدی سے لڑائی چھیڑ دی تھی۔ عنوان جنگ بگڑ گیا ہو گیا تھا۔ ابن بریدی اور اس کا لشکر قریب ہلاکت پہنچ چکا تھا مگر کسی طرح تقدیر کی موافقت سے یوسف کی جنگی کشتیوں میں آگ لگ گئی۔ مگر دوسرے دن صبح کو یوسف شکست کھا کر مضطربانہ بھاگ کھڑا ہوا۔ ابن بریدی کے لشکر نے اس کا بہت سا مال و اسباب لوٹ لیا۔ اسی واقعہ میں ابو جعفر بن شیرزاد بھاگ کر توزون کے پاس چلا آیا۔ توزون نے اس کو اپنے خاص مصاحبین میں شامل کر لیا۔

توزون کے خلاف سازش: محمد بن ینال ترجمان توزون، کے کاتب سپہ سالاروں میں سے تھا اور یہی بغداد میں نائب مقرر ہوا تھا۔ توزون کی غیبت میں اس کی قائم مقامی کر رہا تھا مگر کچھ عرصہ بعد جب ابو جعفر بن شیرزاد توزون سے آ کر مل گیا اس وقت محمد اور نیز وزیر السلطنت حسین بن مقلہ توزون سے منحرف و مشتبہ ہو گئے۔ دونوں علانیہ مشورہ کر کے دربار خلافت میں حاضر ہوئے اور خلافت مآب کو یہ خبر دی کہ ابن بریدی نے توزون کو پانچ لاکھ دینار اس امر کو کرنے کے عوض سے طے کیا ہے اور اس نے معاہدہ کیا ہے اور ابو جعفر بن شیرزاد توزون کے پاس اسی غرض سے آیا ہوا ہے کہ دشمنان خلافت کو معزول اور گرفتار کر کے ابن بریدی کے حوالہ کر دے۔ خلیفہ متقی اس خبر کو سن کر خوف زدہ ہو گئے اور ابن حمدان کے پاس چلے جانے کا قصد کیا۔ حاشیہ نشینان دربار خلافت نے ابن حمدان کو خط بھیجا کہ توزون کی فوج سے خلافت مآب کی محافظت کے لئے فوج بھیج دو۔

ابو جعفر بن شیرزاد کی بغداد میں آمد: جس وقت حسن بن مقلہ وزیر السلطنت اور محمد بن ینال کو اپنی سازشوں اور خلیفہ متقی کو توزون کی جانب سے بدظن کرنے میں کامیابی ہو گئی اتفاق یہ کہ انہی دنوں ابو جعفر ابن شیرزاد بھی پانچ محرم ۳۳۲ھ کو تین سو سواروں کی جمعیت سے بغداد میں داخل ہوا اور خلافت مآب کی اجازت کے بغیر انتظام سلطنت کرنے لگا۔

خلیفہ متقی نے ابو جعفر بن شیرزاد کے آنے سے پیشتر ناصر الدولہ ابن حمدان سے موصل کے ساتھ آنے کی غرض سے لشکر طلب کیا تھا چنانچہ اس کے چچا زاد بھائی ابو عبد اللہ حسین بن سعید بن حمدان نے ایک عظیم فوج بھیج دی۔ جس وقت یہ فوج وارد بغداد ہوئی ابو جعفر بن شیرزاد روپوش ہو گیا اور خلافت مآب نے اپنے حرم اور لڑکوں کے ہمراہ تکریت کی جانب کوچ کر دیا۔ علاوہ ان کے وزراء اور اعیان حکومت بھی خلافت مآب کے ہمراہ تھے مثلاً سلامت طولونی، ابو زکریا یحییٰ بن سعید سوسی، ابو محمد

بادرائی، ابو اسحاق قراریطی، ابو عبداللہ موسوی، ثابت بن سنان بن ثابت بن قرہ طبیب اور ابو نصر محمد بن ینال ترجمان۔

متقی کی موصل کی جانب روانگی: خلیفہ متقی کے روانہ ہوتے ہی ابو جعفر بن شیرزاد خفیہ مقام سے نکل آیا اور بغداد میں نظم و نسق کا بازار گرم کر دیا۔ لوگوں سے ٹیکس لینے اور تاوان وصول کرنے لگا اور واسط میں توزون کو خلیفہ متقی کے چلے جانے کا حال لکھ بھیجا۔ توزون نے واسط کی زمام حکومت ابن بریدی کے سپرد کی اور اپنی لڑکی سے اس کا عقد کر کے بغداد کا راستہ لیا۔ اس وقت خلیفہ متقی تکریت میں رونق افروز ہو گیا تھا اور سیف الدولہ نے حاضر ہو کر شرف قدم بوسی حاصل کیا تھا اور خلافت مآب نے ناصر الدولہ کو بھی کا فرمان روانہ کر دیا تھا۔ چنانچہ اکیسویں ماہ ربیع الثانی ۳۳۲ھ کو ناصر الدولہ نے حاضر ہو کر دست بوسی کی۔ خلافت مآب نے تکریت سے موصل کی جانب کوچ کیا اور ناصر الدولہ تکریت میں قیام پذیر ہوا۔

توزون کا موصل پر قبضہ: توزون کو اس کی خبر لگی تو تکریت روانہ ہو کر تکریت پر چڑھائی کر دی۔ سیف الدولہ (ناصر الدولہ کا بھائی) مقابلہ پر آیا۔ چند دنوں لڑائیاں ہوتی رہیں آخرکار میدان توزون کے ہاتھ رہا۔ سیف الدولہ شکست کھا کر موصل کی جانب بھاگا تو توزون نے اس کا اور اس کے بھائی کا لشکر لوٹ لیا اور بقصد تعاقب موصل کا رخ کیا۔ سیف الدولہ اور ناصر الدولہ نے مع خلیفہ متقی موصل چھوڑ کر نصیبین کی طرف کوچ کیا۔ توزون نے اس سے مطلع ہو کر موصل پر پہنچ کر قبضہ کر لیا۔ خلیفہ متقی اس دوران تک رقہ سے ٹھہرا گیا تھا۔ نصیبین میں آرام کی صورت نہ دیکھی رقہ چلا آیا۔ توزون کو خط لکھ بھیجا کہ میری کشیدگی اور نفرت کا سبب یہ ہے کہ ابن بریدی سے تم نے میل جول پیدا کر لیا تھا مگر اب رضامندی اس میں ہے کہ بنی حمدان سے مصالحت کر لو۔ توزون نے اس تحریک کے مطابق ناصر الدولہ سے جس قدر بلاد اس کے قبضہ و تصرف میں تھے ان کی بابت تین برس کے لئے چھ لاکھ تین ہزار درہم سالانہ پر مصالحت کر لی اور مصالحت کے بعد توزون بغداد واپس آیا۔ خلیفہ متقی اور بنی حمدان رقہ میں قیام پذیر رہے۔

آل بویہ کا واسط پر قبضہ: معز الدولہ بن بویہ اہواز میں حکومت کر رہا تھا مگر ابن بریدی آئے دن اس کو ملک عراق پر قبضہ کرنے کا لالچ دلاتا تھا ساتھ ہی اس کے بوقت جنگ مدد دینے کا بھی وعدہ کرتا تھا چنانچہ جس وقت توزون نے موصل کی جانب کوچ کیا معز الدولہ نے لشکر مرتب کر کے واسط کی جانب قدم بڑھایا۔ ابن بریدی نے باوجود وعدہ و اقرار کے وعدہ خلافی کی۔ اسی اثناء میں توزون موصل سے بغداد چلا آیا اور بغداد سے معز الدولہ کے واسط کی طرف بڑھنے کی خبر پا کر ماہ ذیقعدہ ۳۳۲ھ کو بقصد جنگ واسط کی جانب روانہ ہوا۔ معز الدولہ بھی بقصد مقابلہ بڑھا۔ مقام قباب حمید میں معز الدولہ اور توزون کے مابین لڑائی شروع ہوئی تقریباً دس یوم تک ہنگامہ کارزار گرم رہا۔ فریقین نہر دیالی عبور کرنے کی کوشش کر رہے تھے آخرکار توزون نہر دیالی کو عبور کر گیا اور کنارہ نہر پر مورچہ قائم کر کے دیلمی فوج کو عبور سے منع کرنے لگا۔ معز الدولہ بالائی نہر دیالی کی طرف بقصد عبور بڑھا تو توزون کو اس امر کا احساس ہو گیا۔ چند دستے فوج کو ایک سپہ سالار کے ساتھ معز الدولہ کی روک تھام کرنے کو بھیج دیا۔ اس فوج نے نہر دیالی کو ایک پایاب مقام سے عبور کیا اور کمین گاہ میں چھپ کر بیٹھ رہی جس وقت معز الدولہ مقابلہ پر آیا دفعتاً حملہ کر دیا۔ معز الدولہ اس غیر متوقع حملہ کا جواب نہ دے سکا۔ ناکام و بے مرام چند آدمیوں کے ساتھ مع اپنے وزیر صیمری کے بھاگ کھڑا ہوا۔ چودہ افسر گرفتار کر لئے گئے اور دیلمی فوج کے ایک حصہ کثیر نے توزون سے امان حاصل کر لی۔ معز الدولہ اور صیمری نے سوس میں جا کر دم لیا۔ کچھ عرصہ بعد فوجیں مرتب کر کے دوبارہ واسط پر چڑھائی کی اور اس پر قبضہ کر

لیا۔ ابوالحسین ابن بریدی بصرہ چلے گئے۔

ابو یوسف بن بریدی کا قتل ابوعبداللہ بن بریدی کا سارا مال و زر ان لڑائیوں میں جن کا اوپر ذکر ہو چکا ہے صرف ہو چکا تھا۔ اپنے بھائی ابو یوسف سے قرض لے کر کام چلاتا تھا لشکریوں پر اس کا بہت برا اثر پڑا۔ مالداری کی وجہ سے وہ اس کے بھائی ابو یوسف کی طرف مائل ہو گئے۔ ابو یوسف اکثر اوقات لوگوں کے سامنے ابوعبداللہ کو سخت الفاظ سے یاد کرتا تھا۔ رفتہ رفتہ ابوعبداللہ تک یہ خبر پہنچ گئی۔ لگانے بجھانے والوں نے ادھر ابو یوسف سے یہ کہہ دیا کہ ابوعبداللہ تمہاری گرفتاری کی فکر میں ہے ایک کو دوسرے سے نفرت ہو گئی۔ دلی ہی دل میں اس رنجیدگی و ملال یہاں تک بڑھا کہ ابوعبداللہ نے اپنے غلاموں کو اشارہ کر دیا جنہوں نے ایک روز شام کے وقت ابو یوسف پر حملہ کر کے مار ڈالا۔ لشکریوں نے شور و غل مچایا۔ نعش دکھا دی گئی تو خاموش ہو کر منتشر ہو گئے۔ اس کے بعد ابوعبداللہ بریدی اپنے بھائی ابو یوسف کے مکان میں داخل ہوا اور جو کچھ مال و اسباب اور جواہر نفیسہ پائے سب کو اپنے قبضہ میں لے لیا۔ منجملہ ان کے جواہرات ابن بریدی نے زمانہ تنگی میں بیس ہزار درہم پر ابو یوسف کے ہاتھ فروخت کیا تھا۔ یہ جواہرات دراصل مستکفی کے تھے اس نے اپنی بیٹی کو جب کہ ابن بریدی سے اس کا عقد کیا تھا جہیز میں دیئے تھے اور مستکفی دارالخلافت کے تہ خانہ سے ان کو لایا تھا جس وقت یہ جواہرات ابو یوسف کے روبرو فروخت کی غرض سے پیش ہوئے تھے اس وقت اس نے ابوعبداللہ بن بریدی کو بہت سخت و سست الفاظ سے یاد کیا تھا اور یہی امر دونوں بھائیوں میں عداوت و دشمنی کا باعث ہوا۔

ابوعبداللہ بن بریدی کا انتقال اس کے بعد ابوعبداللہ بن بریدی بھی اپنے بھائی کے مارے جانے کے آٹھ مہینے بعد مر گیا۔ بجائے اس کے بصرہ میں ابوالحسین حکومت کی کرسی پر متمکن ہوا۔ اس نے بے حد تعدی اور ظلم کا برتاؤ کیا لشکریوں نے بغاوت کر دی اور قتل کی غرض سے شور و غل مچاتے ہوئے بڑھے۔ ابوالحسین بھاگ کر ہجر پہنچا اور قرامطہ کے پاس جا کر پناہ گزیں ہوا۔ ابن بریدی کے لشکریوں نے ابوالقاسم پسر ابوعبداللہ بن بریدی کو اپنا امیر بنا لیا۔ کچھ عرصہ بعد ابوالحسین نے ابوطاہر قرامطی سے امداد کی درخواست کی ابوطاہر نے اپنے بھائیوں کو معہ فوج کے ابوالحسین کے ساتھ بصرہ کے محاصرہ اور فتح کرنے کو روانہ کیا۔ چونکہ ابوالقاسم نے بصرہ کی حکومت کا پورا پورا انتظام کر لیا تھا۔ ابوالحسین اور قرامطی کچھ پیش نہ کر سکے۔ دنوں تک محاصرہ کئے رہے بالآخر مابین ابوالقاسم اور اس کے چچا ابوالحسین کے مصالحت ہو گئی۔ قرامطہ نے ہجر کی طرف مراجعت کی اور ابوالحسین بصرہ میں داخل ہوا اور پھر توزون سے ملنے کی غرض سے بغداد چلا گیا۔

ابوالقاسم والی بصرہ کے خلاف سازش ان واقعات کے بعد یانس (ابوعبداللہ بن بریدی کا غلام تھا) کو ریاست و حکومت کی طمع دامن گیر ہوئی۔ دیلمی سپہ سالار سے ابوالقاسم پر حملہ کرنے اور حکومت و ریاست پر متمکن ہو جانے کے متعلق سازش کر لی۔ چنانچہ ایک روز اسی غرض سے دیلمی لشکر اپنے سپہ سالار کے پاس جمع ہوئی۔ اتفاق یہ کہ ابوالقاسم نے کسی کام سے یانس کو اس دیلمی سپہ سالار کے پاس بھیجا۔ دیلمی سپہ سالار کے دماغ میں تنہا حکومت کرنے کی ہوس سمائی یانس پر حملہ کر دیا گیا۔ یانس زخمی ہو کر اپنی جان بچا کر بھاگا اور روپوش ہو گیا۔ دیلمی فوج بھی اس کے اس طرح بھاگنے سے منتشر ہو گئی۔ سپہ سالار بھی چھپ رہا۔ ابوالقاسم کو اس کی خبر لگ گئی سپہ سالار کو گرفتار کر کے شہر بدر کر دیا اور کچھ عرصہ بعد یانس کو بھی گرفتار کرا کے ایک لاکھ دینار بطور جرمانہ وصول کئے اور مار ڈالا۔

ابوالحسن بن بریدی کا انجام: ابوالحسن بن بریدی نے بغداد میں پہنچ کر توزون سے امان حاصل کی اور بمقابلہ اپنے برادرزادہ ابوالقاسم کی امداد کا خواستگار ہوا۔ اسی اثنا میں بصرہ سے ابوالقاسم کا بھیجا ہوا مال و اسباب و اخراج توزون کے پاس آ پہنچا۔ توزون نے اس کو اس کے عہدہ پر بحال رکھا۔ ابوالحسن کو اس کی اطلاع ہوئی۔ بصرہ کے دیلمیوں کو ہموار کر کے ابن شیرزاد کی گرفتاری کے متعلق ان سے سرگوشی کرنے لگا۔ اتفاق وقت سے یہ معاملہ ظاہر ہو گیا۔ توزون نے ابوالحسن کو گرفتار کر کے بلوایا۔ ابو عبداللہ بن ابی موسیٰ ہاشمی نے ایک فتویٰ توزون کو پیش کیا جو اس نے زمانہ ناصرالدولہ میں ابوالحسن سے جنگ کے سلسلے میں قضاۃ اور فقہاء سے لکھوائے تھے۔ چنانچہ توزون نے ایوان خلافت میں فقہا اور قضاۃ کو جمع کر کے ان فتاویٰ کی تصدیق کرائی اور تصدیق کے بعد ابوالحسن کو قتل کر کے نعش کو صلیب پر چڑھا دیا بعد ازاں جلا کر راکھ کو دجلہ میں بہا دیا اور اس کے مکانات کو لوٹ لینے کا حکم دے دیا۔ یہ واقعہ ماہ ذی الحجہ ۳۳۳ھ کا ہے۔ یہ بریدیوں کا آخری زمانہ تھا۔

رومیوں کے بابا اطلاسیہ پر حملے: ۳۳۳ھ میں رومیوں نے بابا اطلاسیہ کی طرف خروج کیا اور قریب حلب پہنچ آئے۔ اکثر بلاد اسلامیہ کو لوٹ لیا۔ پچاس ہزار مسلمان گرفتار کر کے لے گئے۔ اسی سنہ میں ثمل طرسوس کی جانب سے بلاد روم میں جہاد کی غرض سے داخل ہوا۔ اس کے لشکر یہ مال غنیمت سے مالا مال ہو گئے۔ کئی بطریق گرفتار کر لایا۔

قیدیوں کا تبادلہ: ۳۳۳ھ میں بادشاہ روم نے خلیفہ متقی کے پاس اس مندیل کے لیے اپنا قاصد بھیجا جس کی بابت بیعت الرہا بزعم نصاریٰ مسیح نے اپنا منہ پونچھا تھا اور اس میں ان کی صورت مرتسم ہو گئی تھی۔ اس کے معاوضہ میں مسلمان قیدیوں کے ایک گروہ کثیر کو رہا کرنے کا اقرار کیا۔ فقہاء اور قضاۃ نے مندیل کے دینے کے متعلق باہم اختلاف کیا۔ بعض نے یہ رائے دی کہ مندیل کے دینے میں اسلام کی کمزوری ثابت ہوتی ہے۔ بہتر یہ ہے کہ مندیل ہمیشہ دارالخلافت میں رہے اور باقی مسلمانوں کو نصاریٰ کی قید میں رہنے دیجئے اور بعض نے اس کی مخالفت کی۔ انہیں میں علی بن عیسیٰ تھا۔ اس نے بیان کیا کہ اس مندیل کے دے دینے میں کسی قسم کی توہین اسلام متصور نہیں ہے۔ اس مندیل کی کیا حقیقت ہے۔ بہتر یہ ہے کہ کفار تعصب کے پنجے قفس سے مسلمان رہا کرا لئے جائیں۔ خلیفہ متقی نے اس رائے کے مطابق مندیل کو بادشاہ روم کے قاصد کے حوالہ کر دیا اور مسلمان قیدیوں کو چھڑا لانے کے لئے اپنا قاصد بادشاہ روم کے پاس روانہ فرمایا۔

روسیوں اور مسلمانوں میں جھڑپیں: ۳۳۳ھ میں روسیوں کا ایک گروہ براہ دریا اطراف آذربائیجان آیا اور کر کی راہ سے بردعہ میں داخل ہوا۔ مرزبان بن محمد بن مسافر کا نائب دیلمی فوج اور رضاکاروں کو آراستہ کر کے مقابلہ پر آیا۔ گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ روسیوں نے عساکر اسلامیہ کو شکست دے کر شہر پر قبضہ کر لیا۔ اس سے مسلمانوں میں ایک نئے قسم کا جوش پیدا ہوا۔ چاروں طرف سے اسلامی فوجیں مرتب و آراستہ ہو کر آ پہنچیں۔ روسیوں نے سینہ سپر ہو کر مقابلہ کیا۔ شہر کے عوام الناس اس معرکہ میں شریک ہو کر پتھر برسانے لگے۔ روسیوں نے سب کو شہر چھوڑ کر نکل جانے کا حکم دیا جو نکل گئے نکل گئے جو باقی رہ گئے۔ ان کو روسیوں نے قتل و غارت سے پامال کر دیا۔ مال و اسباب لوٹ لیا۔ عورتوں اور لڑکوں کو گرفتار کر لیا۔

مرزبان کا روسیوں پر جوابی حملہ: روسیوں کی اس بزدلانہ حرکت سے مرزبان کی رگ حمیت جوش میں آ گئی قریب و جوار کے مسلمانوں کو جمع کر کے تیس ہزار کی جمعیت کے ساتھ حملہ آور ہوا۔ روزانہ مقابلہ پر آتے تھے لڑائی ہوتی رہی۔ ایک روز مرزبان نے چند دستہ فوج کمین گاہ میں بٹھا کر روسیوں پر حملہ کیا اور آہستہ آہستہ لڑتے لڑتے پیچھے ہٹتا آیا۔ روسی جوش کامیابی میں

بڑھتے آئے۔ جس وقت کمین گاہ سے روسیوں نے قدم آگے بڑھائے مرزبان کی اس فوج نے کمین گاہ میں سے نکل کر حملہ کر دیا۔ اس ناگہانی حملے سے روسی فوج اکھڑ گئی۔ ان کا سردار مع ایک گروہ کے مارا گیا۔ باقی فوج نے قلعہ میں جا کر پناہ لی۔ مرزبان نے پہنچ کر محاصرہ کر لیا۔ روسی نہایت استقلال سے محاصرہ کی تکالیف برداشت کرنے لگے۔

اثنائے محاصرہ میں یہ خبر پہنچی کہ ناصر الدولہ نے اپنے برادر عم زاد ابو عبداللہ حسین بن سعید بن حمدان کو آذربائیجان پر قبضہ کرنے کی غرض سے روانہ کیا ہے۔ چنانچہ وہ قیام کرتے ہوئے سلماس پہنچ گیا ہے۔ مرزبان نے اپنی فوج دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک حصہ کو بردعہ کے محاصرہ پر چھوڑا اور دوسرے حصہ کو لے کر ابو عبداللہ سے لڑنے کو آذربائیجان کی طرف روانہ کیا۔ ناصر الدولہ نے پیچھے سے ابو عبداللہ کو طلب کر بھیجا۔ چنانچہ ابو عبداللہ نے حسب استدعا ناصر الدولہ بعجلت لوٹ گیا۔

روسیوں کا فرار۔ مرزبان کی وہ فوج جو روسیوں کا بردعہ میں محاصرہ کئے ہوئے تھی۔ مرزبان کی واپسی کے بعد بھی محاصرہ کئے رہی۔ بالآخر روسی طول محاصرہ سے تنگ آ کر رات کے وقت شہر چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے اور جس قدر مال و اسباب اٹھا سکے لے گئے اور اسی حسرت میں بادشاہ روس نے دار السلطنت پر قبضہ کر لیا تھا۔ تمام کو بازار گرم رکھا۔ قرب و جوار کے دیہاتی بے خبر بازار کرنے کو آتے تھے۔ باہم لڑائیاں ہوئیں روسی لشکر شہر چھوڑ کر بھاگ گیا۔

قبائل اور اہم واقعات۔ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ خلافت عباسیہ کے قبضہ و تصرف میں جو صوبہ جات باقی رہ گئے تھے جزیرہ اور موصل کے علاوہ دوسرا صوبہ تھا جو موصل پر بنی حمدان کا قبضہ تھا۔ معز الدولہ ابن بویہ عراق پر متصرف تھا۔ چند روز بعد واسط بھی دبا لیا اور بصرہ و ابو عبداللہ بن بریدی کے قبضہ میں باقی رہ گیا۔ چونکہ بغداد پر خلیفہ کی کے ساتھ تنہا مستولی تھا۔ اس کے بعد ابن بریدی پھر ترک اور دیلم یکے بعد دیگرے بغداد پر مستولی ہوتے چلے آئے۔ تکم، توزون اور ابو جعفر شیرزاد کی حکومت انہی کے قبضہ میں تھی اور خلیفہ کا وزیر تھا در حقیقت ان لوگوں کا ایک عامل ان کے ہاتھ کا کٹھ پتلی تھا جس طرف چاہتے تھے پھیر دیتے۔ بلا اجازت ان لوگوں کے کوئی کام نہ کر سکتا تھا کل انتظامی امور انہی لوگوں کے ہاتھ میں تھے۔ سب سے آخر میں جس نے دور حکومت کو سنبھالا وہ ابو جعفر شیرزاد تھا توزون کا کاتب تھا اور اس سے پیشتر ابن رائق کا کاتب تھا۔ بعد ازیں جو حکومت بغداد پر قابض ہوا ۳۳۴ھ میں معزول کیا گیا۔ بجائے اس کے ملازمت طولونی مامور ہوا اور مصر و فرات کی کورنری دی گئی۔ اخشید نے اس سے جنگ کی اور شکست دی۔ اس پر اخشید نے اس کو دمشق کی حکومت عنایت کی۔ طرابلس و سواحل کے قلعجات بھی اسی کے قبضہ میں تھے اور اسی زمانہ میں حمص اور حلب پر بنی حمدان کی حکومت تھی۔

متقی کی معزولی۔ خلیفہ متقی ماہ ربیع الآخر ۳۳۲ھ سے علی الاعلان بنی حمدان کے پاس رہا۔ اس کے بعد بوجہ طول قیام کے ان سے ملول ہو گیا۔ اس نے ابو عبداللہ بن ابی موسیٰ ہاشمی نے توزون کے پاس صلح کا پیغام بھیجا اور خلیفہ متقی نے اخشید محمد بن طغج والی مصر و شام کو طلب کیا۔ چنانچہ وہ بغداد آ پہنچا۔ جس وقت حلب پر عبداللہ بن سعید بن حمدان جو بخطاب ناصر الدولہ (ابو عبداللہ اور ناصر الدولہ دونوں چچا زاد بھائی تھے) حلب کا والی تھا۔ اخشید کے آنے کی خبر پا کر حلب چھوڑ کر چلا گیا۔ چونکہ ناصر الدولہ نے اس سے پیشتر ابو بکر محمد بن رائق کو معزول کیا تھا اس وجہ سے اس نے حلب کو اخشید کے حوالہ کر دیا۔ اخشید نے اس کو مصر کا حاکم مقرر کیا اور وہ ایک مدت قیام کر کے حلب سے رقہ کی

جانب روانہ ہوا۔ نصف محرم ۳۳۳ھ کو رقہ میں پہنچ کر خلافت مآب کی حضوری کا شرف حاصل کیا اور تحائف پیش کئے وزیر السلطنت ابوالحسین بن مقلہ وغیرہ کو بھی تحفے تحائف دئیے۔ دربار خلافت کو بھی تحفے دیئے اور ان امراء کی خوشی کی کہ خلافت مآب مصر چل کر قیام فرمائیں اور اسی کو اپنا دار الخلافت بنائیں۔ مگر خلیفہ متقی نے اس کو منظور نہ کیا تب اخشید نے توزون کی بے وفائیوں سے ڈرایا۔ خلیفہ متقی نے اس پر کچھ توجہ نہ دی۔ وزیر السلطنت نے بھی اس رائے کی تائید کی۔ مصر جانے کے منافع اور کل بلاد اسلامیہ پر حکومت کرنے کی طمع دلائی۔ مگر کچھ سماعت نہ ہوئی۔

اس اثناء میں توزون کے پاس سے قاصد واپس آیا جو پیام مصالحت لے کر بغداد گیا ہوا تھا۔ توزون اور اس کے وزیر ابن شیرزاد نے خلیفہ متقی اور اس کے وزراء کے لئے امان نامہ لکھ کر بھیجا تھا۔ جس پر قضاۃ و امراء ہاشمیہ و عباسیوں اور صوفیوں کی شہادتیں تھیں علاوہ اس کے ان لوگوں نے قطعی حلف اٹھایا تھا۔ خلیفہ متقی اس کو دیکھ کر مارے خوشی کے جامے سے باہر ہو گیا۔ اسی وقت اخشید کو چھوڑ کر رقہ سے روانہ ہو کر ۴ محرم ۳۳۳ھ کو بغداد کی طرف کوچ فرمایا۔ توزون نے مقام سندیہ میں شرف حضوری حاصل کیا۔ زمین بوس ہو کر بولا "الحمد للہ خلافت مآب نے میرے قول کا اعتبار کیا اور میں آپ کی خدمت گزاری کو اسی طرح حاضر ہوں جیسے کہ اس سے پہلے تھا"۔

خلیفہ متقی سن کر خوش ہو گیا۔

توزون نے تھوڑی دور سے خلیفہ متقی اور اس کے کل ہمراہیوں کو حراست میں لے لیا۔ خاندان داری کے خیال سے اپنے خیمہ میں سے جا کر ٹھہرایا لیکن اگلے دن جب اس کی خلافت کو سازش سے تبدیل کر رکھے تھے تو اس کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھروا دیں۔ آنکھیں جاتی رہیں۔

باب: ۲۶

عبداللہ بن مکتفی مستکفی باللہ ۳۳۳ھ تا ۳۳۴ھ

فضل بن مقتدر المطیع اللہ ۳۳۴ھ تا ۳۶۳ھ

بیعت خلافت: اس کے بعد ابوالقاسم عبداللہ بن خلیفہ مکتفی باللہ دار الخلافت میں لایا گیا۔ حسب دستور ارکان دولت نے بیعت کی۔ "المستکفی باللہ" کا لقب دیا گیا۔ سب سے آخر میں معزول خلیفہ (متقی) دار الخلافت میں پیش ہوا۔ اس نے بھی خلیفہ مستکفی کی خلافت کی بیعت کی۔ اس سے چادر اور عصائے خلافت لے کر خلیفہ مستکفی کے سپرد ہوا۔

ابوالقاسم فضل بن مقتدر کی روپوشی: خلیفہ مستکفی نے مسند خلافت پر متمکن ہوتے ہی وزارت میں تبدیلی کر دی۔ قلمدان وزارت ابوالفرج محمد بن علی سامری کے سپرد کیا گیا۔ برائے نام وزارت اس کی تھی جیسا کہ وزارت سابق کا حال آپ اوپر پڑھ آئے ہیں اور درحقیقت کل امور سلطنت کے سیاہ و سفید کرنے کا اختیار ابن شیرزاد (توزون کے سیکرٹری) کو تھا۔ اس کے بعد خلیفہ مستکفی نے توزون کو خلعت فاخرہ سے سرفراز فرمایا اور معزول خلیفہ متقی کو جیل میں ڈال دیا۔ ابوالقاسم فضل بن خلیفہ مقتدر جو (ہونے والا خلیفہ تھا اور جس نے بعد میں المطیع کا لقب اختیار کیا ہے) کی تلاش اور گرفتاری کا قصد ظاہر فرمایا۔ ابوالقاسم یہ خبر پا کر روپوش ہو گیا۔ چنانچہ زمانہ خلافت مستکفی تک روپوش ہی رہا۔ خلیفہ مستکفی جب کسی طرح اس کی گرفتاری میں کامیاب نہ ہوا تو اس کے مکان کو منہدم کرا دیا۔

ابن شیرزاد کی امارت: ماہ محرم ۳۳۴ھ مقام بغداد میں توزون نے اپنی امارت کے چھ برس چار مہینے بعد وفات پائی۔ اس کے تمام زمانہ امارت میں ابن شیرزاد اس کا سیکرٹری رہا۔ اس نے اپنی وفات سے پہلے ابن شیرزاد کو مال حاصل کرنے کے لئے ہیت بھیجا تھا۔ جب اس کے مرنے کی خبر ابن شیرزاد تک پہنچی تو ابن شیرزاد نے ناصر الدولہ بن حمدان کو امارت کی کرسی پر متمکن کرنے کا قصد کیا۔ لشکریوں نے شور و غل مچایا اور بغاوت پر آمادہ ہو گئے اور بالاتفاق ابن شیرزاد کو اپنا امیر بنا لیا۔ چنانچہ ابن شیرزاد ہیت سے کوچ کر کے فوراً معہ فوج مذکورہ کے باب حرب پر پہنچا۔ دار الخلافت کی تمام فوجوں نے مجتمع ہو کر ابن شیرزاد کی امارت کی قسمیں کھائیں۔ ابن شیرزاد نے خلیفہ مستکفی کی خدمت میں حلف لینے کی غرض سے قاصد روانہ کیا۔ خلافت مآب نے بطیب خاطر منظور فرمایا۔ قضاۃ اور ارکان دولت کے روبرو حلف لیا۔ جب ابن شیرزاد نے خلافت مآب کی بیعت کی تو خلافت مآب نے "امیر الامراء" کا خطاب مرحمت فرمایا۔

ابو نصر کا موصل کی امارت پر تقرر: اس اثناء میں شرف الدولہ نے حکومت موصل پر ابو نصر خواشاذہ کو متعین کیا۔ ابو نصر نے موصل پہنچ کر فراہمی لشکر اور خزانہ کو معمور کرنے کی کوشش کی۔ تو وہ [illegible] تھا [illegible] ہوئی تب اس نے والیان عرب کو بنی عقیل اور بنی نمیر سے طلب کر کے ان کو جاگیریں دیں اور باد کی مدافعت پر ان کو مامور کیا۔ باد نے بقیہ حصہ طور عبدین پر قبضہ کر کے جبل طور میں قیام کیا اور اپنے بھائی کو فوج کے ساتھ عرب سے جنگ کرنے کو بھیجا مگر یہ شکست کھا کر بھاگا اور مارا گیا۔ ابو نصر اور فوجیں بھیجنے کا تہیہ کر ہی رہا تھا کہ شرف الدولہ کی موت کی خبر آ گئی۔ اس کے بعد ابو ابراہیم اور ابو عبد اللہ حسین پسران ناصر الدولہ بن حمدان بہاء الدولہ کی طرف سے امیر موصل ہو کر آئے ۳۷۹ھ تک یہی دونوں موصل پر حکمرانی کرتے رہے۔ کچھ عرصہ بعد بہاء الدولہ کو ان سے کشیدگی پیدا ہوئی ایک فوج بسرافسری ابو جعفر حجاج بن ہرمز موصل پر بھیج دی ابو الزواد محمد بن مسیب (بنی عقیل کا سردار) مقابلہ پر آیا۔ بہت بڑی خونریزی ہوئی فریقین کی توڑ کرتے رہے۔ ابو جعفر نے اس کے سر کرنے کو بہاء الدولہ سے مزید فوج کی درخواست کی۔ چنانچہ بہاء الدولہ نے وزیر ابو القاسم علی بن احمد کو ۳۸۲ھ میں ابو جعفر کی کمک کو روانہ کیا مگر پھر ابن معلم کے کان بھرنے سے ابو جعفر کو وزیر کے گرفتار کر لینے کو لکھ بھیجا۔ کسی ذریعہ سے وزیر کو معلوم ہو گیا۔ جھٹ ابو الزواد سے مصالحت کر لی اور واپس لوٹ پڑا۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ بہاء الدولہ نے بحکم چاہ کندہ را چاہ در پیش یعنی ابن معلم کو گرفتار کر لیا تھا اور قتل کروا ڈالا تھا۔

بہاء الدولہ کا زمانہ حکومت: ۳۷۹ھ میں شرف الدولہ ابو الفوارس شیر زیک بن عضد الدولہ اپنی امارت کے دو برس آٹھ مہینے بعد مدت دراز کی علالت اٹھا کر بعارضہ استسقاء مر گیا۔ دوران علالت میں اس نے اپنے بھائی صمصام الدولہ کی آنکھوں میں گرم سلائیاں پھروا دینے کو محمد فراش روانہ کیا اور اس کے بعد اپنے بیٹے ابو علی کو فارس کی جانب روانہ کیا اس کے ہمراہ خزانے فوجیں اور ترکوں کا ایک جم غفیر تھا۔ زمانہ بیماری میں اس سے اراکین دولت نے دریافت کیا "آپ کے بعد ریاست و امارت کا کون مالک ہو گا اور آپ نے کس کو اپنا ولی عہد بنایا؟" جواب دیا "جو لائق ہو گا وہی میرے بعد امارت و ریاست کا مالک ہو جائے گا میں کسی کو اپنا ولی عہد نہ بناؤں گا"۔ مگر حالت حیات ہی میں امور سیاست و امارت کی نگرانی پر اپنے بھائی بہاء الدولہ کو بطور اپنے نائب کے مقرر کر دیا تھا۔ جب شرف الدولہ مر گیا تو بہاء الدولہ نے زمام حکومت اپنے ہاتھ میں

کی۔ خلیفہ طائع نے عزیمت کو آبا کر کی امارت پر متمکن ہونے کی وجہ سے خلعت سے سرفراز فرمایا۔

بنی حمدان کا موصل پر قبضہ: بہاء الدولہ نے ابو منصور بن صالحان کو بدستور وزارت پر بحال و قائم رکھا۔ ابو طاہر ابراہیم اور ابو عبداللہ حسین پسران ناصر الدولہ بن حمدان کو امارت موصل پر روانہ کیا۔ یہ دونوں بھائی شرف الدولہ کی خدمت میں رہتے تھے شرف الدولہ کے انتقال کے بعد ان لوگوں نے بہاء الدولہ سے امارت موصل کی درخواست کی۔ بہاء الدولہ نے سند حکومت و امارت مرحمت کر کے موصل جانے کی اجازت دے دی۔ مگر بعد میں اپنے کئے پر نادم و پشیمان ہوا۔ ابو نصر کو ان دونوں کی مدافعت کرنے کو لکھ بھیجا۔ چنانچہ ابو طاہر اور ابو عبداللہ موصل میں داخل نہ ہو سکے باہر پڑے رہے۔ اہل موصل کو اس کی خبر لگ گئی دیلم اور ترکوں پر ٹوٹ پڑے لڑتے بھڑتے ابو طاہر اور ابو عبداللہ کے پاس آئے اور ان کے ساتھ ہو کر پھر دیلم پر حملہ آور ہوئے ان میں سے ایک گروہ کثیر کو قتل کیا۔ باقی ماندگان نے دار الامارت میں جا کر پناہ لی۔ اہل موصل نے ان کو دار الامارت سے بھی امان دے کر نکال دیا۔ [illegible] ابو طاہر و ابو عبداللہ (بنی حمدان) نے موصل پر قبضہ کر لیا۔

ترکوں اور دیلمیوں میں جھڑپیں: ابو علی بن شرف الدولہ کو بوقت مراجعت فارس مقام بصرہ میں اپنے باپ کے مرنے کی خبر پہنچی مال و اسباب اور اہل و عیال کو بطریق دریا براہ جانب روانہ کر دیا اور خود فارس گیا۔ فارس سے شیراز آیا۔ اسی مقام پر صمصام الدولہ اور اس کے بھائی ابو طاہر سے مڈبھیڑ ہوئی جس کو فطین جبل نے بار کر دیا۔ ان دونوں کے ہمراہ دیلمی تھے تھوڑے دنوں میں ان کے پاس دیلمیوں کا ایک جم غفیر جمع ہو گیا۔ ابو علی یہ خبر پا کر ترکوں کے پاس چلا گیا۔ ان لوگوں کا بھی ایک گروہ اکٹھا ہو گیا جو صمصام الدولہ اور دیلم سے مقابل معرکہ آرا رہا بعد ازاں فسا چلا گیا اور اس پر قبضہ حاصل کر کے دیلمیوں کو قتل کر ڈالا پھر فسا سے ارجان چلا آیا اور ترکوں کو صمصام الدولہ سے جنگ کرنے کو روانہ کیا۔

اسی اثناء میں بہاء الدولہ نے اپنے بھائی کو بلا بھیجا۔ درپردہ ترکوں کی فوج اس کی جانب مائل ہو گئی اور ابو علی کو کہہ سن کر بہاء الدولہ کے پاس جانے پر راضی کر لیا۔ چنانچہ ماہ جمادی الثانی [illegible] میں ابو علی نے سامان سفر درست کر کے بہاء الدولہ کی طرف کوچ کیا۔ بہاء الدولہ عزت و احترام سے پیش آیا لیکن کچھ عرصہ بعد گرفتار کر کے قتل کر ڈالا۔ اس سے ترکوں اور دیلم میں لڑائی ہو گئی پانچ روز تک خون ریزی کا بازار گرم رہا۔ بہاء الدولہ نے باہم مصالحت کر لینے کا پیام بھیجا فریقین نے منظور نہ کیا بلکہ اس کے ایلچی کو قتل کر ڈالا۔ انجام کار ترکوں کو دیلم پر فتح یابی ہوئی اس فتح یابی سے ترکوں کی شان و شوکت اور رعب و داب بڑھ گیا اور دیلم میں ضعف کے آثار پیدا ہو گئے بعض سرداران دیلم گرفتار کر لئے گئے باقی ماندہ بھاگ گئے۔

قادر کا بغداد سے فرار: اسحاق بن مقتدر بوقت وفات ایک بیٹا ابو العباس احمد نامی جو ''القادر باللہ'' کے لقب سے یاد کیا جائے گا چھوڑ گیا تھا اس کے اور اس کی بہن کی ایک مالی معاملہ میں ان بن ہو گئی اتفاق یہ کہ انہیں دنوں خلیفہ طائع سخت خطرناک علالت میں مبتلا ہو گیا تھا شفا پانے کے بعد قادر کی بہن نے خلافت مآب سے اپنے بھائی کی شکایت کر دی کہ آپ کے زمانہ علالت میں یہ طالب خلافت تھا۔ خلیفہ طائع نے ابو الحسین بن حاجب کو معہ چند سپاہیوں کے قادر کے گرفتار کرنے کو بھیجا قادر اس وقت حریم طاہری میں تھا۔ ابو الحسین کے پہنچنے پر عورتوں نے شور و غل مچانا شروع کیا۔ قادر کو موقع مل گیا۔ ایک کھڑکی سے نکل کر بطیحہ کا راستہ لیا اور مہذب الدولہ کے پاس پہنچا۔ مہذب الدولہ نے عزت و اکرام سے ٹھہرایا اور نیز زمانہ قیام خدمت کرتا رہا۔ یہاں تک کہ قادر کو مسند خلافت پر متمکن ہونے کی خوشخبری ملی۔

بلاد فارس پر صمصام الدولہ کا قبضہ: جس وقت صمصام الدولہ نے بلاد فارس پر قبضہ حاصل کر لیا اور ابو علی بن شرف الدولہ بہاء الدولہ کے پاس چلا آیا اور بہاء الدولہ نے بھی اس کو قتل کر دیا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں تو بہاء الدولہ نے ۳۸۳ھ میں بقصد بلاد فارس ابو نصر کو اپنا نائب مقرر کر کے بغداد سے خوزستان کی جانب کوچ کیا خوزستان پہنچ کر اسے بھائی ابو طاہر کے مرنے کی خبر پہنچی۔ عزاداری کر بیٹھا۔ اس کے بعد ارجان کی طرف بڑھا۔ ارجان پر قبضہ حاصل کر کے جو کچھ مال و اسباب اور جواہرات تھے ضبط کر لیا علاوہ بریں دس لاکھ آٹھ ہزار درہم نقد ہاتھ آئے۔ بہاء الدولہ کے اس فعل سے لشکریوں نے شور و غل مچایا اور بغاوت کرنے پر آمادہ ہو گئے مجبوراً بہاء الدولہ نے کل نقد و جنس ان لوگوں کے حوالے کر دیا اور وہ ایک روز آرام کر کے اپنے مقدمۃ الجیش کو نوبندجان کی طرف بڑھایا اور ابو العلاء بن الفضل اس مقدمۃ الجیش کا سردار تھا اور نوبندجان میں صمصام الدولہ کا لشکر پڑا ہوا تھا جس کو پہلے ہی معرکہ میں شکست ہوئی۔ ابو العلاء اطراف فارس میں استقلال کے ساتھ قیام پذیر ہو گیا۔

صمصام الدولہ اور بہاء الدولہ کے مابین مصالحت: صمصام الدولہ نے ایک دوسرا لشکر ابو العلاء کے مقابلہ پر روانہ کیا جس کا سالار فولاد بن ماندان تھا۔ اس نے ابو العلاء کو شکست فاش دی۔ ابو العلاء ارجان بھاگ آیا۔ صمصام الدولہ نے [illegible] فولاد کے پاس آیا۔ فریقین میں مصالحت کا دو پیام ہونے لگا آخر یہ طے پایا کہ (۱) بلاد فارس اور ارجان صمصام الدولہ کے قبضہ میں رہیں (۲) خوزستان اور عراق اور ان کے متعلقات پر بہاء الدولہ کا تصرف و قبضہ ہو اور ہر ایک کا جو [illegible] دوسرے کے مقبوضہ ممالک میں رہیں۔ صلح نامہ لکھا گیا اور فریقین نے صلح نامہ مرتب کر کے ایک ایک نقل بہاء الدولہ و صمصام الدولہ نے لے لی۔

بغداد میں بدامنی کا دور دورہ: مصالحت ہونے پر بہاء الدولہ نے بغداد کی جانب مراجعت کی اس وقت بغداد میں اہل سنت و جماعت اور شیعہ کے مابین جھگڑا ہو رہا تھا [illegible] قتل و غارت کی گرم بازاری تھی۔ بہاء الدولہ نے دونوں میں مصالحت کرا دی۔ قتل و غارتگری [illegible] تبدیل ہو چکی تھی۔ بہاء الدولہ نے اپنے وزیر ابو منصور بن صالحان کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا تھا اور ابو نصر سابور بن اردشیر کو عہدہ وزارت سے سرفراز کیا تو حقیقی زمام حکومت و انتظام ابو الحسین ابن معلم کے ہاتھ میں تھی۔

خلیفہ طائع کی اہانت اور معزولی: ۳۸۱ھ میں بہاء الدولہ کا خزانہ خالی ہو گیا۔ لشکریوں نے تنخواہ نہ ملنے پر شور و غل مچایا۔ بہاء الدولہ سے کچھ بن نہ پڑا تو اپنے وزیر ابو نصر کو گرفتار کر لیا اس پر بھی لشکریوں کی شورش کم نہ ہوئی تب خلیفہ طائع کے مال و زر پر دانت لگا کر گرفتار و معزول کرنے کی فکر کرنے لگے۔ ابو الحسین بن معلم جو اس کی خواہش تھی [illegible] جذبات نفسانی پر معزولی کر دینا [illegible] رائے کی تائید کی۔ بہاء الدولہ فوراً آراستہ ہو کر قصر خلافت میں حاضر ہوا۔ خلافت مآب نے دربار منعقد کیا۔ بہاء الدولہ حسب ضابطہ تخت کے قریب ایک کرسی پر بیٹھ گیا پھر سالاران لشکر اور امراء دولت یکے بعد دیگرے آ رہے تھے اور خلافت مآب کی دست بوسی کرنے جاتے تھے اسی اثناء میں ایک دیلمی سردار حاضر ہوا دست بوسی کو بڑھا جوں ہی خلیفہ طائع نے ہاتھ بڑھایا دیلمی سردار نے پکڑ کر کھینچ لیا پھر کیا تھا قصر خلافت لٹنے لگا۔ عوام الناس نے بھی ہجوم کر کے لوٹ مار شروع کر دی۔ خلیفہ طائع کشاں کشاں بہاء الدولہ کے مکان پر پہنچایا گیا اور مجبوراً ۳۸۱ھ میں خلیفہ طائع نے جب کہ اس کی خلافت و امارت پر [illegible] آٹھ مہینے گزر چکے تھے اپنی معزولی کا اعلان کیا۔

باب: ۲۸

احمد بن اسحاق قادر باللہ

۳۸۱ھ تا ۴۲۲ھ

قادر کی بغداد میں آمد اور بیعت: بہاء الدولہ نے ایک صاحب خاص کے ذریعے قادر باللہ ابو العباس احمد بن اسحاق بن مقتدر کو بطیحہ سے بلا بھیجا۔ مہذب الدولہ والی بطیحہ نے سفر کیا۔ بطیحہ ہی میں اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی اور جب یہ دار الخلافت بغداد کے قریب پہنچا تو بہاء الدولہ معہ ارکان دولت اور روسائے دولت اور روساء شہر کے استقبال کو گیا ایک منزل کے فاصلہ پر ملاقات کی۔ عزت و احترام سے بارھویں تاریخ ماہ رمضان ۳۸۱ھ کو لے کر آئے خلافت میں لا کر ٹھہرایا۔ اگلی صبح کو جامع بغداد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا لیکن خراسان نے اس کے نام کا خطبہ نہ پڑھا اور معزول خلیفہ طائع کی بیعت پر قائم رہے۔ چند ماہ کم تین برس خطبہ میں اس کا نام رہا۔

طائع کی وفات: خلیفہ طائع للہ معزولی کے بعد قصر خلافت کے ایک کمرہ میں نظر بند کیا گیا چند لوگ اس کی خدمت اور نگہبانی پر مامور ہوئے اور جس طرح یہ زمانہ خلافت میں رہتا تھا اسی صورت سے اس کے کل کاروبار کو جاری رکھا تا آنکہ ۳۹۳ھ میں وہ انتقال کر گیا نماز جنازہ پڑھ کے دفن کر دیا گیا۔

ابو العلاء کی شکست: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ باہم صمصام الدولہ اور بہاء الدولہ کے اس امر پر مصالحت ہوئی تھی کہ فارس پر صمصام الدولہ قابض رہے اور خوزستان اور اس کے علاوہ دیگر ممالک عراق بہاء الدولہ کے مقبوضات میں شمار کیا جائے یہ واقعہ ۳۸۳ھ کا ہے ۳۸۳ھ میں بہاء الدولہ نے بہانہ کر کے ابو العلاء عبید اللہ بن الفضل کو اہواز روانہ کیا اور یہ ہدایت کر دی کہ میں بتدریج فوج و بدرقات تمہارے پاس بھیجتا جاؤں گا جب تمام فوج جمع ہو جائے تو بحالت غفلت دفعۃً فارس پر حملہ کر دینا اتفاق یہ کہ بہاء الدولہ کی فوجوں کے جمع ہونے سے پیشتر کسی ذریعے سے صمصام الدولہ کو اس کی اطلاع ہو گئی۔ اس نے ایک لشکر مرتب کر کے خوزستان کی جانب روانہ کر دیا اس کے بعد بہاء الدولہ کی فوج آئی گھمسان کی جنگ کے بعد ابو العلاء کو شکست ہوئی گرفتار کر کے صمصام الدولہ کے پاس بھیجا گیا صمصام الدولہ نے بے نظیر فیاضی کا مظاہرہ کرتے ہوئے رہا کر دی۔ بہاء الدولہ کو اس پر بھی صبر نہ آیا اپنے وزیر ابو نصر بن سابور کو فراہمی مال کی غرض سے واسط روانہ کیا ابو نصر کو موقع مل گیا

مہذب الدولہ والی بطیحہ کے پاس بھاگ گیا۔ دیلم نے شور و غل مچایا اور بات بات پر مخالفت کرنے لگے۔ دار الوزارت کو لوٹ لیا۔ بہاء الدولہ نے مجبوراً قلمدان وزارت ابو القاسم علی بن احمد کے سپرد کیا۔

بہاء الدولہ کا سوس پر قبضہ: ابو القاسم عہدۂ وزارت کی ذمہ داریوں کا متحمل نہ ہوا کام چھوڑ کر بھاگ گیا تب بہاء الدولہ نے ابو نصر کو بلا کر دوبارہ عہدۂ وزارت پر مامور کیا اس نے اپنی محنت کی اور حسن تدبیر سے دیلم کے جوش کو فرو کر دیا اور باہم مصالحت ہو گئی۔ اس کے بعد ۳۸۶ھ میں بہاء الدولہ نے ایک لشکر عظیم بسر کردگی طغان ترکی ۷۰۰ ترکوں کی جمعیت سے روانہ کئے جو بڑھتے ہوئے سوس پہنچے۔ صمصام الدولہ کے لشکری یہ خبر پا کر سوس چھوڑ کر بھاگ گئے طغان نے پہنچ کر قبضہ کر لیا ان کے ہمراہی اکثر ترک تھے اور صمصام الدولہ کے ہمراہی زیادہ تر دیلم اور کچھ تمیم اور اسد کے قبیلے کے عرب تھے صمصام الدولہ کو اس کی شکست سے سخت ندامت ہوئی اس نے لشکر مرتب کر کے طغان پر حملہ کرنے کی غرض سے اہواز کی جانب قدم بڑھایا اور ترکوں پر جو طغان کے ہمراہ تھے شب خون مارنے رات کی شب تاری سے کوچ کر دیا۔ اثنائے راہ میں مڈبھیڑ ہو گئی فریقین جی توڑ کر لڑے۔ تمام رات معرکہ آرائی ہوتی رہی۔ دیلم کی فوج کو شکست ہو گئی۔ بہاء الدولہ کو اس کی خبر لگی۔ بلا توقف اہواز آیا۔ طغان کی ان خدمات کی بدولت بڑی عزت کی اور صمصام الدولہ بلا دارس بھاگ گیا۔ جس قدر دیلم تھے سب کرمان کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے تعاقب سے بچ کر کرمان پہنچے اور بادشاہ سلطان کی خدمت میں پہنچ کر اس کے ملک میں آباد ہونے کی اجازت کی درخواست کی۔ بادشاہ سلطان نے پہلے تو اجازت دے دی لیکن بعد میں سوار ہو کر ترکوں سے ملنے گیا اور جس قدر تھے سب کو مار ڈالا۔

بہاء الدولہ کا اہواز پر قبضہ: ان واقعات کے بعد صمصام الدولہ نے پھر لشکر مرتب کر کے بسر کردگی علاء بن حسن اہواز پر یلغار کر دی۔ لشکرستان ان دنوں ملک کا انتظام بجائے حکومت کر رہا تھا۔ بہاء الدولہ یہ خبر پا کر صمصام الدولہ کا لشکر اہواز پر آ رہا ہے اس کی روک تھام کو خوزستان کی جانب جا نکلا۔ ادھر علاء ابن مکرم کو صمصام کی فوجوں کے اپنے ملک پر بھیجا جب یہ دونوں بہاء الدولہ سے ملے تو بہاء الدولہ نے حملہ کر کے اہواز کو صمصام الدولہ کے قبضہ سے نکال لیا اور جس قدر اس کے ہمراہی ہاتھ آئے سب کو مار ڈالا۔ بعد ازاں بہاء الدولہ نے بصرہ کو فتح کیا اور ابن مکرم عسکر کی جانب لوٹا۔ علاء اور دیلم اس کے تعاقب میں تھے۔ ابن مکرم عسکر سے آگے نکل گیا اور دیلم نے قریب پہنچ کر راستے مسافت طے کر کے ابن مکرم کو آگے بڑھنے سے روکا۔ دیر تک لڑائی ہوتی رہی آخر بہاء الدولہ کا لشکر عسکر سے رامہرمز چلا آیا اور صمصام الدولہ کی فوج عسکر سے رامہرمز چلی آئی۔ چھ مہینے تک فریقین لڑتے رہے آخر کار جنگ کا خاتمہ ہوا۔ آخر کار دیلم نے اہواز کی جانب مراجعت کی اور ترکوں نے واسط کی طرف۔ تھوڑی دور تک علاء نے تعاقب کر کے مراجعت کی اور ابن مکرم نے عسکر مکرم میں جا کر قیام کیا۔

صمصام الدولہ کا بصرہ پر قبضہ: بصرہ کی جانب بہاء الدولہ کے روانہ ہونے کے بعد اکثر دیلم جو اس کے ہمراہ تھے اذن حاصل کر کے علاء کے پاس چلے آئے جو تعداد میں تقریباً چار سو تھے۔ علاء نے ان لوگوں کو اپنے ایک سپہ سالار لشکرستان کے ساتھ بصرہ کی جانب روانہ کیا۔ بہاء الدولہ کی فوج مقیم بصرہ نے مقابلہ کیا۔ اہل شہر نے لشکرستان سے سازش کر لی ان لوگوں کا رئیس ابو الحسن بن ابی جعفر علوی تھا جس سے لشکرستان کو غیر متوقع کامیابی حاصل ہوئی۔ اہل شہر کشتیوں پر سوار ہو کر آئے۔ اس کو کشتی پر سوار کر کے اپنے ہمراہ شہر میں لے گئے۔ بہاء الدولہ کے سپاہی و رکاب کی فوج نے بصرہ کو خیر باد کہہ کر نکل

آیا مہذب الدولہ والی بطیحہ کو بصرہ پر قبضہ کر لینے کی طمع دلائی۔ چنانچہ مہذب الدولہ نے ایک لشکر بہمراہی اپنے سپہ سالار عبداللہ بن مرزوق بصرہ کی طرف روانہ کیا۔ شکرستان کو اس معرکہ میں شکست ہوئی اور مہذب الدولہ کا بصرہ پر قبضہ ہو گیا۔ اس کے بعد شکرستان نے لشکر مرتب کر کے بصرہ پر فوج کشی کی۔ متعدد لڑائیاں ہوئیں بالآخر مصالحت کا نامہ و پیام شروع ہوا اور یہ قرار پایا کہ شکرستان بحیثیت مہذب الدولہ کا مطیع رہے اور بصرہ میں اس کے نام کا خطبہ پڑھے اور مزید اطمینان کے لئے اپنے لڑکے کو بطور ضمانت کے مہذب الدولہ کے پاس بھیج دے۔ فریقین نے بموجب شرائط مذکورہ مصالحت کر لی اور شکرستان بصرہ پر قابض ہو کر صمصام الدولہ اور بہاء الدولہ اور مہذب الدولہ کی اطاعت کا اظہار کرنے لگا۔

ابو علی کی بغاوت: ان واقعات کے بعد علاء بن حسن (صمصام الدولہ کا گورنر خوزستان) مقام عسکر مکرم میں مر گیا تو بجائے اس کے ابو علی اسماعیل بن استاذ ہرمز مامور کیا گیا۔ رخصت ہو کر جندیسابور پہنچا ادھر بہاء الدولہ کے ہمراہیوں نے ابو علی کو جندیسابور میں داخل نہ ہونے دیا اور ادھر ترکوں نے حدود خراسان میں بغاوت کر دی مجبوراً ابو علی واسط واپس آیا بعد ازاں ابو جعفر حجاج اور ترکوں میں لڑائی چھڑ گئی۔ متعدد لڑائیاں ہوئیں۔ اسی اثناء میں ابو علی نے صمصام الدولہ سے منحرف ہو کر بہاء الدولہ کی اطاعت قبول کر لی یہ واقعہ ۳۸۶ھ کا ہے۔ بہاء الدولہ نے ابو علی کی بہت عزت افزائی کی اور عہدہ وزارت سپرد کر دیا۔ ابو علی کی جانب دولت حسب ایماء مملکت اور نظم و نسق میں مصروف ہوا کچھ عرصہ بعد بہاء الدولہ نے ابو علی کو ابن مکرم کے زیر کرنے کو عسکر مکرم پر روانہ کیا مگر ابو علی نے عسکر مکرم پہنچ کر بہاء الدولہ سے سرتابی کی اور ایک جماعت کر کے باغی ہو گیا۔ بہاء الدولہ نے بدر بن حسنویہ سے امداد کی درخواست کی بدر نے امداد دی پھر بھی بہاء الدولہ کو اپنی کامیابی کی توقع نہ تھی قریب تھا کہ وہ ترکوں دیلمیوں کے صدمات سے اس کی روح تحلیل ہو جاتی کہ اس اثناء میں صمصام الدولہ کی وفات کی خبر آئی گویا بہاء الدولہ کے تن مردہ میں جان پڑ گئی۔

صمصام الدولہ کا قتل: صمصام الدولہ بن عضد الدولہ جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ فارس پر متولی تھا اور ابوالقاسم و ابونصر پسران عضد الدولہ فارس کے کسی قلعہ میں قید تھے جن کو نگہبان جیل نے رہا کر دیا۔ رفتہ رفتہ کردوں کی ایک جماعت اکٹھی ہو گئی دوسرے دیلم کا ایک گروہ صمصام الدولہ سے اس امر پر کہ اس نے ان کا نام دیوان سے خارج کر دیا۔ ناراض ہو کر ان لوگوں سے آ ملا۔ ان دونوں بھائیوں نے اپنے کل ہمراہیوں کو مرتب و مسلح کر کے ارجان کا رخ کیا صمصام الدولہ نے بھی تیاری کر کے ان دونوں بھائیوں کی سرکوبی کو فوج کر دی۔ اس وقت ابو علی نسوی میں متعینہ لشکریوں نے اس سے مخالفت کی ابوالقاسم اور ابونصر کو موقع مل گیا۔ انہوں نے ابو علی کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا لیکن تھوڑے ہی دنوں بعد رہائی مل گئی صمصام الدولہ نے فوج کی کمی کی وجہ سے شیراز کے ایک قلعہ میں بانتظار امداد پناہ گزین ہونے کا ارادہ کیا مگر اس پر قادر نہ ہوا کیونکہ ابوالقاسم و ابونصر کی فوجوں نے ناکہ بندی کر لی تھی۔ بعض مصاحبین نے ابو علی یا کردوں کے پاس چلے جانے کی رائے دی اس عرصہ میں کردوں کا ایک گروہ آ گیا صمصام اپنے مال و اسباب کے ان کے ہمراہ روانہ ہوا۔ ایک منزل میدان میں پہنچ کر کردوں نے صمصام الدولہ کو لوٹ لیا۔ بے چارہ صمصام الدولہ بحال پریشان دودمان کی طرف روانہ ہوا جو شیراز سے دو منزل کے فاصلہ پر تھا۔ ابونصر یہ خبر پا کر شیراز کی جانب آیا اہل دودمان نے اس کے اشارہ سے صمصام الدولہ کو گرفتار کر لیا اور ابونصر نے صمصام الدولہ کو اس سے لے کر ماہ ذی الحجہ ۳۸۸ھ میں جب کہ فارس میں اس کی حکومت کو نو برس گزر چکے

قبضہ کر لیا۔

بہاء الدولہ کا فارس پر قبضہ: صمصام الدولہ کے قتل ہونے پر ابوالقاسم و ابونصر پسران عز الدولہ نے بلاد فارس پر بہ آسانی قبضہ کر لیا۔ ابوعلی کو اہواز میں دیلم سے بیعت خلافت لینے اور بہاء الدولہ سے جنگ کرنے کو لکھ بھیجا۔ چونکہ اس سے پیشتر ترکوں نے ابوالقاسم و ابونصر پسران عز الدولہ کے دو بھائیوں کو مار ڈالا تھا اس وجہ سے ابوعلی کو ابوالقاسم و ابونصر سے خوف پیدا ہوا۔ بجائے اس کے کہ دیلم کو ان کی اطاعت کی ترغیب دیتا بہاء الدولہ کی طرف مائل ہو گیا اور بہاء الدولہ سے خط و کتابت کر کے قرارنامہ و حلف نامہ لکھے جانے کی درخواست کی اور ان ترکوں کے جو اس کے ہمراہ تھے آئندہ فسادات سے بچنے کی ضمانت چاہی اور نیز بہاء الدولہ کو پسران عز الدولہ سے صمصام الدولہ کے خون کا بدلہ لینے پر اکسایا۔ دیلم نے بہاء الدولہ کے آگے گردن اطاعت جھکا دی۔ ایک گروہ ان کے سرداروں کا خوزستان سے بہاء الدولہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ قریب تھا کہ دوسرے گروہ بھی ان خیالات و ارادے پر عمل کرنے کا موقع پاتے۔ دیلم نے ان لوگوں کو جو ان کی قوم کے سوس میں تھے ان پر تعدی سے انتقام لیا۔ ان لوگوں نے سوس پر قبضہ کر لینے کا ارادہ کیا۔

چنانچہ بہاء الدولہ نے لشکر مرتب کر کے سوس کی جانب کوچ کیا پہنچتے ہی اہل سوس مقابلہ پر آئے۔ لڑے لیکن دیلم نے شکست کھائی جو وہاں مقیم تھے بہاء الدولہ سے خط و کتابت کر کے امان حاصل کی۔ بعد ازاں اس کے ہمراہ ساتھ اہواز گئے پھر اہواز سے رامہرمز و ارجان کی جانب بڑھے خوزستان، رامہرمز اور ارجان پر قبضہ کر لیا۔ ان معرکوں کے اثناء میں ابوعلی شیراز گیا ہوا تھا اور اہل شیراز کے ساتھ جدال و قتال میں مصروف تھا تا آنکہ ابوالقاسم و ابونصر پسران عز الدولہ کے ہمراہیوں نے اس سے سازش کر لی۔ وہ خفاظت کی حالت میں دارالحکومت شیراز میں داخل ہو گیا تھا۔ ابوالقاسم و ابونصر کا لشکر منتشر ہو کر مرتب ہوا۔ ابوعلی نے دیلم کے ساتھ شیراز پر قبضہ کر لیا جو واقعہ ۳۸۹ھ میں ہوا۔ ابونصر بلاد دیلم بھاگ گیا اور ابوالقاسم نے بدر بن حسنویہ کے پاس جا کر پناہ لی۔ پھر بعد بطیحہ چلا گیا۔ بہاء الدولہ نے فتح کا نقارہ بجاتے ہوئے الدولہ کی خدمت میں روانہ کیا۔ بہاء الدولہ اس فتح کی خوشی میں اس وقت روانہ ہو کر ابوعلی کے پاس آیا۔ شیراز سے کچھ مسافت طے کر کے قریب رو بان کر جہاں کہ اس کا بھائی صمصام الدولہ مارا گیا تھا جا کر تعزیت کی اور دیلم رو بان کو اس طرح قتل کیا کہ ان کو نشان تک نہ رہا۔ بعد ازاں ایک لشکر بہ افسری ابو الفتح جعفر بن استاد ہرمز کرمان کی طرف روانہ کیا جس نے پہنچتے ہی کرمان پر بزور تیغ قبضہ کر لیا۔

ابونصر کا تعاقب: ابونصر نے بلاد دیلم میں پہنچ کر ان دیلمیوں سے فارس جانے کا قصد کیا۔ جن کا تعلق تعداد کی کثرت سے تھا کہ فارس اور کرمان میں مقیم تھے اور جب ابونصر ان پر راضی ہو گئے کہ ابونصر نے بلاد فارس کی جانب کوچ کیا اور دیلم اور ترکوں کا ایک گروہ ابونصر کے پاس آ کر جمع ہو گیا۔ اب اس نے کرمان کا قصد کیا۔ اس وقت کرمان میں ابو الفتح حکمرانی کر رہا تھا۔ ابونصر سے شکست کھا کر کرمان بھاگ آیا۔ ابونصر نے جیرفت کی طرف قدم بڑھایا اور اس پر اور نیز کرمان کے اکثر مقامات پر قابض و متصرف ہو گیا۔ اس کے بعد بہاء الدولہ نے موفق بن علی بن اسماعیل کو ایک عظیم لشکر کے ساتھ جیرفت روانہ کیا۔ موفق نے پہنچتے ہی ابونصر کے کل ہمراہیوں نے امان کی درخواست کر کے بلا جدال و قتال جیرفت موفق کے حوالے کر دیا۔

موفق کا...: موفق نے جیرفت پر قبضہ کرنے کے بعد چند ذی شان سرداروں کو لے کر ابونصر کے تعاقب میں ... کے مقام

الدین میں شیرزیل بن ابو الفرج سے مقابلہ کیا تھا جنگ میں ابن مکی عراقی نے موقع پا کر اس کو قتل کر ڈالا اور سر اتار کر موفق کے پاس لے گیا موفق نے ابوالفرج کے قتل کے بعد کل بلاد [illegible] پر قبضہ کر کے بہاء الدولہ کی جانب مراجعت کی۔ بہاء الدولہ نے نہایت عزت و احترام سے ملاقات کی۔ موفق نے آئندہ خدمت کی بجا آوری سے استعفاء داخل کیا۔ بہاء الدولہ نے منظور نہ کیا۔ موفق اس پر مصر ہوا بہاء الدولہ نے مجبوراً اس کو گرفتار کر لیا اور موفق کے مال و اسباب کی قرقی کا فرمان اپنے وزیر سابور کے نام بھیج دیا اور ۳۹۴ھ میں اس کو قتل کر ڈالا۔ اسی زمانہ میں بہاء الدولہ نے ابو محمد مکرم کو عمان کی حکومت عنایت کی۔

وزارت میں تبدیلیاں: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ بہاء الدولہ نے قبل روانگی خوزستان اپنے وزیر ابو منصور بن صالحان کو گرفتار کر کے قلمدان وزارت ابو نصر بن سابور بن اردشیر کے حوالہ کیا تھا اور ۳۸۶ھ میں ابو الحسن بن معلم اس کی حکومت و وزارت کا انتظام کرتا تھا رفتہ رفتہ ابو الحسن کل امور ریاست پر متصرف و مستولی ہو گیا [illegible] امراء ملازمین کی جانب مائل ہو گئے جبر کیا تھا [illegible] ابو نصر خواشادہ اور ابو عبداللہ بن طاہر کی شکایت کی چنانچہ بہاء الدولہ نے خوزستان سے واپسی کے بعد ان دونوں کو گرفتار کر لیا اس پر فوج نے بغاوت کر دی اور ابوالحسن کو طلب کیا بہاء الدولہ نے سمجھایا بجھایا لیکن وہ اپنے ارادہ سے باز نہ آئے۔ تب بہاء الدولہ نے ابوالحسن کو گرفتار کر کے فوج کے حوالہ کر دیا فوج نے اس کو مار ڈالا یہ واقعہ ۳۹۴ھ کا ہے اس سے قبل بہاء الدولہ نے ۳۸۹ھ میں اپنے وزیر ابو نصر کو بمقام واسط میں گرفتار کر کے قلمدان وزارت ابو القاسم عبد العزیز بن یوسف کے سپرد کیا۔

۳۹۰ھ میں اس جرم کی پاداش میں کہ اس نے ابوالحسن کے معاملہ میں فوج سے سازش کر لی تھی گرفتار کر لیا اور ابو القاسم علی بن احمد کو عہدۂ وزارت مرحمت کیا تھوڑے عرصہ بعد یہ بھی گرفتار کر لیا گیا اور ابو نصر بن سابور و ابو منصور بن صالحان دونوں [illegible] قلمدان وزارت کے مالک ہوئے ۳۹۲ھ میں فوج نے ابو نصر کی مخالفت کی اور اس کا گھر لوٹ لیا۔ اس کے ساتھی ابو منصور نے گھبرا کر استعفاء داخل کر دیا تب دوبارہ ابو القاسم علی بن احمد عہدۂ وزارت سے سرفراز کیا گیا مگر وہ عہدۂ وزارت کے حقوق انجام نہ دے سکا اور کاروبار چھوڑ کر بھاگ نکلا۔ بجائے اس کے ابو نصر دوبارہ قلمدان وزارت کا [illegible] تھوڑے ہی دنوں بعد پھر اسے گرفتار کر لیا گیا اور بجائے اس کے فاضل عہدۂ وزارت پر مامور ہوا ۴۰۱ھ میں اس کو بھی جیل کی ہوا کھانی پڑی۔ ابو نصر بن سابور بن اردشیر [illegible] عہدۂ وزارت پر [illegible] اس عہدہ پر رہا بہاء الدولہ کے مال و خزانہ کو بے جا امور میں تقسیم کر دیا۔ اسی بنا پر بہاء الدولہ نے اس کو معزول کر کے [illegible] کو متعین کیا۔

ابو علی حسن کا عراق کی گورنری پر تقرر: جس زمانہ سے بہاء الدولہ نے فارس پر استیلاء حاصل کیا تھا [illegible] خوزستان اور عراق پر ابو جعفر حجاج بن ہرمز کو مامور کیا۔ یہ جعفر بغداد میں [illegible] خلافت مآب نے "عمید الدولہ" کا لقب دیا اس نے بڑی بد اخلاقی کی اور ہر کسی سے جبر و ستم سے پیش آتے تھے۔ کا اہل کرخ و اہل سنت و جماعت کے مابین جھگڑا ہوا [illegible] گرم بازاری ہو گئی تب بہاء الدولہ نے اس کو ۳۹۲ھ میں معزول کر دیا اور بجائے اس کے ابو علی حسن بن استاذ ہرمز کو مامور کیا عمید الجیوش کا لقب دیا۔ اس نے خوش انتظامی سے کام لیا [illegible]

اتفاق پیش آنے لگا۔ فتنہ و فساد فرو ہو گیا۔ بہت سا مال و اسباب فراہم کر کے بہاء الدولہ کی خدمت میں روانہ کیا۔ اس کے بعد جب ۳۹۲ھ میں ابونصر بن سابور ماسور ہوا تو ترکوں نے اس کے خلاف شورش و بغاوت کی۔ ابونصر بھاگ گیا۔ اہل سنت و جماعت اور اہل کرخ و ترکوں کے مابین پھر کشیدگی پیدا ہو گئی۔ اہل سنت و جماعت ترکوں کا ساتھ دے رہے تھے۔ کشیدگی ایک حد تک پہنچ کر رک گئی اور مصالحت کے نامہ و پیام آنے جانے لگے۔ بالآخر فریقین میں مصالحت ہو گئی۔

بنی مسیب کی حکومت کا آغاز: ۳۸۰ھ میں دولت بنی مروان کے قتل کے بعد ان کے ماموں باد کی دیار بکر میں بنا پڑی جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا۔ ۳۸۰ھ میں دولت بنی حمدان کا موصل میں خاتمہ ہوا اور اس کے بعد ہی دولت بنی مسیب کی ابتداء ہوئی جیسا کہ ہم آئندہ تحریر کریں گے۔ ۳۸۹ھ میں دولت بنی سامان کا خراسان سے نام و نشان جاتا رہا اور دولت بنی سبکتگین کا وہیں سے آغاز ہوا۔ ۳۸۴ھ میں دولت بنی حسنویہ کرد کی خراسان میں بنا پڑی۔ ۳۸۹ھ میں ماوراء النہر سے بنی سامان کی حکومت جاتی رہی۔ اور ابن سبکتگین اور بادشاہ ترکان نے ممالک ترک کو باہم تقسیم کر لیا۔ ۳۹۰ھ میں بنی کلاب سے بنی صالح بن مرداس کی حلب میں حکومت کا سکہ چلا جیسا کہ ہم ان دولتوں اور حکومتوں کے حالات کو جداگانہ بیان کریں گے۔

بنی مزید کا ظہور: ۳۹۷ھ میں ابوالحسن علی بن مزید نے اپنی قوم بنو اسد کو مرتب کر کے بہاء الدولہ کے خلاف علم مخالفت بلند کیا۔ بہاء الدولہ نے اس کی سرکوبی کے لئے فوجیں روانہ کیں، ابوالحسن شکست کھا کے بھاگ کھڑا ہوا اور اس قدر دور چلا گیا کہ بہاء الدولہ کی فوجیں تعاقب نہ کر سکیں۔ کچھ عرصہ بعد مصالحت کا پیام بھیجا اور گردن اطاعت میں جھکا دی۔ مگر ۳۹۳ھ میں پھر باغی ہو گیا اور قرواش بن مقلد والی موصل اور اس کی قوم بنی عقیل کے ساتھ ہو کر مدائن پر حملہ کر دیا۔ ابو جعفر حجاج سپہ سالار افواج بغداد نے ان کی مدافعت پر فوجیں مامور کیں چنانچہ قرواش مع اپنے ہمراہیوں کے بھاگ گیا ابو جعفر نے بنی خفاجہ کو اپنی کمک پر شام سے بلا بھیجا اور جب یہ آ گئے تو بنی عقیل اور بنی اسد سے جنگ کرنے کو نکلا اور ان کو مار بھگایا۔ پھر دوبارہ اطراف کوفہ میں ان پر چڑھائی کی اور ایک سخت خونریزی کے بعد انہیں شکست دے دی اور ان کے مقبوضات پر قبضہ کر لیا۔

ابو علی کی بغداد کو روانگی: ابو جعفر کی عدم موجودگی کے زمانہ میں بغداد میں فتنہ و فساد کی آگ بھڑک اٹھی قتل و غارت کی اس قدر گرم بازاری شروع ہوئی کہ جس کی کوئی حد نہ تھی۔ اسی وجہ سے بہاء الدولہ نے ابو علی بن جعفر استاد ہرمز کو بغداد روانہ کیا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا۔ اور ''عمید الجیوش'' کا لقب دیا اس سے فساد فرو ہو گیا اور امن و امان کا پھر دور آیا اور جب ابو جعفر معزول ہو کر اطراف کوفہ میں قیام پذیر ہوا۔ ابو علی کو اس سے خطرہ پیدا ہوا۔ دیلم و ترک اور خفاجہ کو جمع کر کے ابو جعفر پر حملہ کر دیا یہ واقعہ ۳۹۲ھ کا ہے۔ مقام نعمانیہ میں دونوں فریق نے صف آرائی کی۔ اس معرکہ میں ابو جعفر کو شکست ہوئی۔ ابو علی مظفر و منصور خوزستان کی طرف بڑھا اور خوزستان سے سوس آیا۔ ابو جعفر نے میدان خالی دیکھ کر کوفہ کی جانب مراجعت کی ابو علی یہ خبر پا کر بغرض تعاقب پھر لوٹ پڑا۔ اسی زمانہ سے ان دونوں میں فتنہ و فساد کی بنا پڑی ہے۔ فریقین میں سے ہر ایک فریق بنی عقیل، بنی اسد اور خفاجہ سے امداد و کمک کا خواہاں و طالب ہوتا تھا تا آنکہ بہاء الدولہ نے ابو علی کو طلب کر کے بنی واصل کے فتنہ و فساد فرو کرنے کو بھیج دیا جیسا کہ ان واقعات کو ان کی دولت و حکومت کے حالات میں ہم بیان کریں گے۔

بغداد کا محاصرہ: ۳۹۷ھ میں ابو جعفر ایک عظیم لشکر جمع و مرتب کر کے بغداد کے محاصرہ کے لئے بڑھا۔ بدر بن حسنویہ (یہ کردوں کا امیر تھا) نے بھی اس مہم میں شرکت کی۔ سبب یہ تھا کہ عمید الجیوش نے طریق خراسان پر ابوالفضل بن عنان کو مامور

کیا تھا اور یہ بدر بن حسنویہ کا جانی دشمن تھا اس کو خطرہ پیدا ہوا کہ مبادا ابوالفضل کوئی فساد نہ اٹھائے اس خیال کا گزر رہا تھا کہ ابوجعفر کو بغداد کے محاصرہ پر ابھارا اور امراء اکراد کے ایک جم غفیر کو اس کی کمک پر مامور کیا۔ ان میں ہندی بن سعدی ابوالہیجاء شاذی بن محمد اور ورام بن سعد تھا۔ ابوالحسن علی بن مزید اسدی بھی بہاءالدولہ سے ناراض ہو کر انہیں لوگوں میں آ ملا تھا۔ ان لوگوں کی تعداد دس ہزار تھی انہوں نے پہنچتے ہی بغداد کا محاصرہ کر لیا۔ ان دنوں بغداد میں ابوالفتح بن عنان حکومت کر رہا تھا۔ ایک ماہ کامل محاصرہ جاری رہا۔ زمانہ حصار میں عمید الجیوش سے ابن واصل کی بطیحہ میں شکست کھا جانے کی خبر مشہور ہوئی۔ محاصرین کا گروہ منتشر ہو گیا۔ ابن مزید نے اپنے شہر کی طرف مراجعت کی اور ابوجعفر نے حلوان کی جانب گیا۔ کچھ عرصہ بعد بہاءالدولہ کی تحریک و تحریر کے مطابق ابوجعفر نے تستر میں حاضر ہو کر گردن اطاعت جھکا دی۔ بہاءالدولہ نے عمید الجیوش کی وجہ سے کچھ تعرض نہ کیا۔

بنی مزید اور بنی دبیس کی جنگ: ابوالغنائم محمد بن مزید اپنے سسرال بنی دبیس مقام جزیرہ (خوزستان) میں مقیم تھا۔ اتفاق سے ابوالغنائم نے بنی دبیس کے ایک شخص کو قتل کر ڈالا۔ اس پر بنی دبیس بگڑ گئے ابوالغنائم اپنے بھائی ابوالحسن علی بن مزید کے پاس بھاگ آیا۔ ابوالحسن نے دو ہزار سواروں کی جمعیت کے ساتھ چڑھائی کر دی۔ عمید الجیوش نے اس کی کمک پر دیلمی فوج بھیج دی۔ بنی دبیس بھی مرتب و مسلح ہو کر مقابلہ پر آ گئے۔ لڑائی ہوئی۔ آخری نتیجہ یہ ہوا کہ ابوالحسن کو شکست ہوئی اور ابوالغنائم مارا گیا۔

کوفہ و موصل میں علوی حکومت: اوائل پانچویں صدی میں قرواش بن مقلد سردار بنی عقیل نے اپنے کل صوبجات موصل، انبار، مدائن اور کوفہ میں "حاکم بامر اللہ" علوی والی مصر کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ خلیفہ قادر نے بہاءالدولہ کے پاس قاضی ابوبکر باقلانی کی زبانی پیام کہلا بھیجا۔ بہاءالدولہ نے قاضی ابوبکر کو عزت و احترام سے ٹھہرایا۔ عمید الجیوش کو قرواش کی گوشمالی کا حکم دیا اور اس مہم میں صرف کرنے کو دس ہزار دینار بھیج دیئے۔ عمید الجیوش نے لشکر آراستہ کر کے موصل کا قصد کیا۔ قرواش نے یہ خبر پا کر سر اطاعت خم کیا۔ معافی چاہی اور علویوں کا خطبہ موقوف کر دیا۔ یہی امر علویہ مصر کی نسبت سے محضر لکھے جانے اور اس پر طعن کرنے کا داعی ہوا۔ جس میں امراء و دولت میں سے رضی، مرتضیٰ، ابن بطحاوی، ابن ازرق، زکی ابو یعلی عمر بن محمد اور علماء فقہاء میں سے ابن اکفانی، ابن جزری، ابو العباس ابن ابی واؤد، ابو حامد اسفرائنی، کشفلی، قدوری، ضمیری، ابو عبداللہ بیضاوی، ابو الفضل نسوی اور ابو عبداللہ نعمان فقیہ شیعہ کی شہادتیں ثبت تھیں۔ بعد ازاں دوسرا محضر ۴۴۴ھ بمقام بغداد میں تحریر کیا گیا اس میں اس قدر اور اضافہ کر دیا گیا کہ یہ لوگ (علویہ مصر) نسباً مجوسیوں میں دیصانیہ سے اور یہود میں بنی قداح سے منسوب کر دیئے گئے۔ علویہ عباسیہ فقہاء اور قضاۃ نے اپنی اپنی شہادتیں لکھیں اور اس محضر کی ایک ایک نقل تمام بلاد و امصار اسلامیہ میں بھیج دی گئی۔

فخر الملک کی وزارت: عمید الجیوش ابوعلی ابوجعفر استاد ہرمز کا بیٹا تھا اور ابوجعفر عضد الدولہ کے حاجبوں میں تھا اس نے اپنے بیٹے ابوعلی کو صمصام الدولہ کی خدمت میں سپرد کر دیا تھا صمصام الدولہ کے قتل کے بعد بہاءالدولہ کے پاس چلا آیا جس وقت بغداد میں اوباشوں، جرائم پیشہ اور بدمعاشوں کی گرم بازاری ہوئی اس وقت بہاءالدولہ نے ابوعلی کو ان کے فتنہ و فساد فرو کرنے کی غرض سے بغداد بھیج دیا۔ چنانچہ اس نے مفسدین کا قلع قمع کیا اور اپنی حکومت کے آٹھ برس چھ ماہ بعد پانچویں

صفر کے اوائل میں مر گیا۔ بہاء الدولہ نے بجائے اس کے عراق میں فخر الملک ابو غالب کو مامور کیا۔ چنانچہ یہ بغداد میں پہنچ کر نہایت خوبصورتی سے ملک کا انتظام کیا۔ بدنظمیاں رفع کیں۔ حسن اتفاق یہ کہ اس کے آتے ہی ابو الفتح محمد بن عنان والی طریق خراسان نے اپنی حکومت کے بیسویں برس مقام حلوان میں وفات پائی۔ یہ دولت و حکومت کا ایک نمونہ تھا۔ بیس [illegible] تھا۔ اس کے مرنے پر اس کا بیٹا ابو الشوک تخت حکومت پر متمکن ہوا اور بیٹھتے ہی دولت و حکومت سے باغی ہو گیا۔ فخر الملک نے اس سے جنگ کرنے کو ایک فوج بھیج دی۔ ابو الشوک شکست کھا کر حلوان کی طرف بھاگا۔ فوج نے تعاقب کیا۔ ابو الشوک نے مجبور ہو کر صلح کر لی اور اطاعت قبول کر لی۔

ابن سہلان کی وزارت فخر الملک ابو غالب بن خلف نے جو نامور اور بڑے وزرا میں سے تھا۔ پانچ برس چار ماہ تک سلطان الدولہ کا نائب بن کر رہا۔ بعد ازاں کسی وجہ سے ربیع الاول ۴۰۷ھ میں گرفتار ہو کر قتل کر دیا گیا اور بجائے اس کے ابو محمد حسن بن سہلان مامور ہوا۔ جسے "عمید الجیوش" کا لقب دیا گیا۔ ۴۰۹ھ میں اس نے بغداد کا قصد کیا اور [illegible] بن دبیس اسدی کے گھر پر مہارش و مضر پسران دبیس ابن اثیر کی تحقیق کی رو سے ہوا۔ مہارش و مضر تا وزارت فخر الملک سے برسر پیکار حکومت کر رہے تھے۔ ابن سہلان کو یہ ارادہ ہوا کہ حسن کی امداد سے ان کو [illegible] کر دے۔ اسی غرض کے لیے وہ [illegible] روانہ ہوا۔ حسن بن دبیس بھی [illegible] ابن سہلان کے لشکر میں آ کر شامل ہو گیا۔ مہارش و مضر کو ان کی غفلت کی حالت میں ان پر حملہ کیا۔ بالآخر خونریزی ہوئی۔ بالآخر مہارش و مضر نے امان کی درخواست کی۔ امان دی گئی۔ حکومت و ریاست میں حسن کو ان کا شریک بنایا گیا۔ اس کے بعد ابن سہلان نے بغداد کی جانب مراجعت کی۔ سلطان الدولہ کو ابن سہلان کا یہ فعل ناگوار گزرا۔ ناراضگی اور تہدید کا خط لکھا۔ ۴۰۹ھ میں ابن سہلان واسط پہنچا۔ اس وقت [illegible] واسط میں باہم مخالفت ہو رہی تھی۔ ابن سہلان نے [illegible] سے ان میں مصالحت کرا دی۔ پھر ترکوں نے بغداد میں فتنہ و فساد [illegible] بغداد پہنچا اور باہم مصالحت کرا دی۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ دیلم کے [illegible] بیٹھے [illegible] بغداد سے نکل کر واسط چلے آئے۔

سلطان الدولہ اور ابو الفوارس کے مابین جنگ سلطان الدولہ نے اپنے باپ بہاء الدولہ کے بعد زمام حکومت سنبھالی اور اپنے بھائی ابو الفوارس کو کرمان کی حکومت پر مامور کیا۔ جس وقت ابو الفوارس وارد کرمان ہوا [illegible] نے آ کر ابو الفوارس سے کہا کہ آپ حکومت و ریاست کو اپنے بھائی کے قبضہ سے نکال لیجئے ہم آپ کا ساتھ دیں گے۔ ابو الفوارس نے ان کی پشت گرمی سے ۴۰۸ھ میں شیراز کی طرف کوچ کیا اور شیراز سے بقصد جنگ سلطان الدولہ لشکر آراستہ کر کے میدان جنگ میں آیا۔ سلطان الدولہ نے بھی مرتب و تیار ہو کر مقابلہ کیا۔ ایک دوسرے سے متصادم ہو گئے۔ میدان سلطان الدولہ کے ہاتھ رہا اور ابو الفوارس شکست کھا کر کرمان کی جانب واپس ہوا۔ سلطان الدولہ نے تعاقب کیا۔ ابو الفوارس کرمان کو بھی چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہوا۔ [illegible] صورت بنائے ہوئے طلب کمک کے لیے محمود بن سبکتگین کے پاس پہنچا۔ محمود نے اس کی بے حد خاطر و مدارات کی اور ایک لشکر اس کی کمک پر متعین کیا۔ جس کا سردار ابو سعید طائی تھا۔ ابو الفوارس نے کرمان میں پہنچ کر قبضہ کر لیا اور [illegible] فارس [illegible] پر بھی قابض ہو گیا۔

سلطان الدولہ ان واقعات سے مطلع ہو کر بقصد جنگ ابو الفوارس روانہ ہوا۔ دونوں بھائی پھر متصادم ہو گئے۔ آخر

کا۔ ابوالفوارس کو شکست ہوئی اور بلاد فارس سے بھاگ کر کرمان پہنچا۔ سلطان الدولہ کے لشکر نے بڑھ کر ابوالفوارس کے تعاقب میں کرمان کو بھی ابوالفوارس کے قبضہ سے نکال لیا۔ ابوالفوارس نے بقیۃ السیف کے ساتھ شمس الدولہ بن فخر الدولہ بن بویہ والیٔ ہمدان کے پاس جا کر پناہ لی۔ اس مرتبہ محمود بن سبکتگین کے پاس اس وجہ سے نہیں گیا کہ اس کے سپہ سالار نے ابوسعید طائی سے بدسلوکی اور بے اعتنائی کی تھی۔ مجبوراً بعد میں شمس الدولہ سے جدا ہو کر مہذب الدولہ والیٔ بطیحہ کے پاس جا پہنچا۔ مہذب الدولہ عزت و مدارات سے پیش آیا۔ اس کے بعد اس کے بھائی جلال الدولہ نے بھی بصرہ سے مال و اسباب نقدی کپڑے بھیجے اور بصرہ واپس آنے کی دعوت دی۔ ابوالفوارس نے منظور کیا اور اس کے اور سلطان الدولہ کے باہمی مصالحت کے سلسلے میں خط و کتابت شروع ہوئی۔ بالآخر سلطان الدولہ نے ابوالفوارس کی خطا معاف کر دی اور پھر کرمان پر واپس کر دیا۔ اس کے بعد ۴۰۹ھ میں سلطان الدولہ نے وزیر ابن فسانجس اور اس کے بھائیوں کو گرفتار کر کے قتل کر دیا۔ ان کی جگہ ابوغالب حسن بن منصور کو وزیر بنایا۔

ترکوں کا خروج: ۴۰۸ھ میں ترکوں نے اس کثرت سے جو چین و ماوراء النہر کے درمیان ہے خروج کیا کہ ان کے ہمراہی تین لاکھ خیموں سے زائد تھے۔ یہ جب جمع ہو کر ان کی تعداد سے نکلے تو زیادہ تر ان میں تاتاری تھے۔ ان کے خروج کا باعث یہ ہوا کہ طغان خان والیٔ ترکستان ایک سخت علالت میں مبتلا ہو گیا تھا۔ ترکوں نے اس کی حالت سے واقف ہو کر موقع کو غنیمت سمجھا اور بلاد اسلامیہ پر قبضہ کر لینا چاہا۔ اتفاق یہ کہ اسی زمانہ میں طغان خان تندرست ہو گیا اور اطراف و جوانب بلاد اسلامیہ سے فوجیں اور رضاکاروں کو جمع کر کے ایک لاکھ کی جمعیت کے ساتھ ترکوں کے مقابلہ پر بے خبری کی حالت میں آ پڑا۔ ترکوں کو اس کی خبر لگی بھاگ کھڑے ہوئے۔ طغان خان تین ماہ کی مسافت تک تعاقب کرتا گیا۔ اب ترکوں کو یہ موقع ایک چوتھائی حصہ ہاتھ آیا تھا کہ طغان خان نے ترکوں کے قریب پہنچ کر حملہ کی ساعت میں قتل کیا۔ دو لاکھ ترک مارے گئے۔ ایک لاکھ کے قریب گرفتار ہوئے اور ان کے چارپائے، گھوڑے، اونٹ وغیرہ نیز مال غنیمت کی اتنی کثرت تھی کہ اندازہ کرنا مشکل ہو گیا تھا۔

سلطان الدولہ کا زوال: ۴۱۱ھ میں عراق میں سلطان الدولہ کی حکومت کا تختہ الٹ گیا۔ اس کے لشکریوں نے بغاوت کر دی اور اس کے بھائی مشرف الدولہ کو بجائے اس کے مقرر کرنے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ سلطان الدولہ نے مشرف الدولہ کے گرفتار کرنے کی غرض سے ارادہ کیا، مگر کامیاب نہ ہو سکا۔ سلطان الدولہ واسط کو چلا۔ لشکریوں نے شور و غل مچایا کہ کسی شخص کو ہمارا نائب مقرر کر کے جائیے۔ چنانچہ سلطان الدولہ نے مشرف الدولہ کو عراق میں اپنا نائب مقرر کر کے اہواز کا راستہ لیا۔ تستر پہنچ کر ابن سہلان کو عہدۂ وزارت سے سرفراز کیا، حالانکہ مشرف الدولہ سے یہ اقرار کر چکا تھا کہ ابن سہلان کو عہدۂ وزارت نہیں دوں گا۔ اس سے مشرف الدولہ کو کشیدگی پیدا ہوئی۔ تھوڑے دنوں بعد سلطان الدولہ نے ابن سہلان کو عراق سے مشرف الدولہ کے نکالنے کے لیے روانہ کیا۔ مشرف الدولہ نے یہ سن کر ایک عظیم لشکر مرتب و تیار کیا جس میں اکثر دیلمی اور ترک تھے۔ ابوالاعز دبیس بن علی بن مزید بھی اس مہم میں مشرف الدولہ کا ہمراہی تھا۔ مقام واسط کے قریب ابن سہلان سے مقابلہ ہوا۔ ابن سہلان شکست کھا کر واسط میں جا چھپا اور قلعہ بندی کر لی۔ مشرف الدولہ نے محاصرہ کر لیا تا آنکہ ابن سہلان نے شدت محاصرہ سے تنگ آ کر مصالحت کا پیام دیا اور واسط والوں کے ہمراہ نکل کھڑا ہوا۔

مشرف الدولہ کی حکومت کا آغاز: چنانچہ مشرف الدولہ نے اوائل ۴۱۱ھ میں واسط پر قبضہ کر لیا۔ واسط میں جو قدیم دیلم تھے انہوں نے بھی حاضر ہو کر اطاعت قبول کر لی۔ ابو طاہر جلال الدولہ (مشرف الدولہ کا بھائی) والی بصرہ بھی چڑھ کر مشرف الدولہ سے ملنے آیا۔ دونوں بھائی ملاقات و مشورہ کر کے اس امر پر متفق الرائے ہوئے کہ عراق اور بغداد سے سلطان الدولہ کا خطبہ موقوف ہو کر مشرف الدولہ کے نام کا خطبہ پڑھا جائے اس کے بعد ابن سہلان گرفتار کر لیا گیا۔ محبوس میں زہر ملا پانی پلایا گیا۔ سلطان الدولہ خبر پا کر اہواز چلا گیا۔ جب اہواز کی طرف روانہ ہوا تو ترکوں نے جو اس وقت وہاں پر تھے مخالفت کی مشرف الدولہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے خیال سے سلطان الدولہ کے مقابلہ پر آئے۔ سلطان الدولہ نے لڑائی سے پہلو تہی کر کے اہواز کا رخ کیا تھا۔ اور ابو محمد بن مکرم اس کی وزارت کرتے تھے۔

سلطان الدولہ اور مشرف الدولہ میں مصالحت: ۴۱۳ھ میں مشرف الدولہ نے بغداد کی جانب مراجعت کی اور اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ دیلمیوں نے اپنے بچوں کو جو خوزستان میں تھے بلوانے کی اجازت مانگی۔ مشرف الدولہ نے اجازت دے دی اور حفاظت تمام خوزستان ان کے ہمراہ اپنے وزیر ابو غالب کو اس کے ہمراہ روانہ کیا۔ اہواز پہنچ کر دیلم نے بغاوت کی اور مشرف الدولہ کا خطبہ موقوف کر کے ابو غالب سے لڑائی کی وزارت کے پاس سلطان الدولہ پر حملہ کر کے بیٹے ابو غالب کو قتل کر ڈالا۔ ترکوں کو جو ابو غالب کے ہمراہ تھے دیلم نے قتل کر ڈالا۔ وہ بھاگ کر اپنے وطن کے پاس چلے گئے سلطان الدولہ یہ خبر پا کر بے حد خوش ہوا اس وقت اپنے بیٹے ابو کالیجار کو اہواز کی طرف روانہ کیا۔ ابو کالیجار نے پہنچ کر اہواز پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد ابو محمد بن مکرم وزیر سلطان الدولہ کی کوشش سے مشرف الدولہ اور سلطان الدولہ میں اس شرط پر مصالحت ہوئی کہ عراق مشرف الدولہ کو دیا جائے اور فارس و کرمان سلطان الدولہ کے قبضہ میں رہے۔

ابو القاسم حسین بن علی کی وزارت: مشرف الدولہ نے ابو غالب کے قتل کے بعد مصالحت ہونے سے پیشتر ابو الحسین بن حسن رخجی کو قلمدان وزارت مرحمت کر کے مؤید الملک کا خطاب دیا تھا اور ابو غالب کے بیٹے ابو العباس سے ایک لاکھ دینار بطور جرمانہ وصول کئے تھے۔ ۴۱۴ھ میں جب مؤید الملک کی وزارت کو دو برس گزر چکے تھے اثیر خادم کی دشمنی کی وجہ سے گرفتار کر لیا گیا اور اس کے بجائے مشرف الدولہ کا قلمدان وزارت ابو القاسم حسین بن علی بن حسین مغربی کے حوالہ ہوا اس کا باپ سیف الدولہ بن حمدان کے مصاحبین میں سے تھا اس کی وجہ سے مصر بھاگ گیا اور حاکم بامر اللہ والی مصر کی ملازمت کر لی تھی۔ حاکم نے اس کو قتل کرا ڈالا اس وقت ابو القاسم شام چلا گیا۔ حسان بن مفرج بن جراح طائی نے "حاکم بامر اللہ" کی اطاعت سے منحرف ہو جانے اور ابو الفتوح حسن بن جعفر علوی امیر مکہ کی بیعت کرنے کی ترغیب دی اور اس میں کامیاب ہو گیا۔ چنانچہ ابو الفتوح کو رملہ میں طلب کر کے اس کی خلافت کی بیعت کی اور اسے الراشد باللہ کے لقب سے ملقب کیا بعد ازاں ابو الفتوح مکہ کو لوٹ آیا۔ ابو القاسم نے عراق کا راستہ لیا۔ عراق پہنچ کر فخر الملک سے ملاقات کی۔ خلیفہ قادر نے ابو القاسم سے مشتبہ ہو کر علیحدہ کر دینے کا حکم دیا۔ چنانچہ ابو القاسم نے عراق سے نکل کر قرواش امیر موصل کے پاس جانے کا قصد کیا۔ دربار خلافت سے اس کی بابت صفائی پیش ہوئی پھر موصل سے پھر عراق واپس آیا۔ غرض کے حوادث کا قصہ مختصر بعد مؤید الملک رخجی کے قلمدان وزارت کا مالک ہوا خبیث مزاج حیلہ ساز اور حسد کا مادہ تھا۔ اس کے بعد مشرف الدولہ اس کے ہمراہ ۴۱۵ھ میں دار الخلافہ گیا اور خلیفہ قادر سے ملاقات کی اس نے خوشی کی

بویہ میں سے کسی کو یہ شرف نہیں حاصل ہوا تھا۔

وزیر ابوالقاسم کا فرار: اثیر عنبر خادم اور وزیر ابوالقاسم مغربی شرف الدولہ کے عہد حکومت میں جو چاہتے تھے کر گزرتے تھے۔ شرف الدولہ بھی تنگ تھا بالآخر ترکوں کو اس کا متحمل ہونا دشوار گزرا۔ اثیر عنبر اور وزیر ابوالقاسم کو اس امر کا احساس ہو گیا۔ جان کے خوف سے بغداد سے کسی محفوظ مقام پر چلے جانے کی شرف الدولہ سے اجازت طلب کی۔ شرف الدولہ نے اجازت دے دی اور ساتھ ہی اس کے ترکوں نے کبیدہ خاطر ہو کر اثیر عنبر اور وزیر ابوالقاسم سمیت امراء بغداد سے نکل کھڑا ہوا۔ مقام سندیہ پہنچ کر قرواش کے پاس قیام کیا۔ شرف الدولہ کے اس فعل سے ترکوں کو بے حد رنج ہوا اور معذرت کا پیام بھیجا اور واپس آنے کی درخواست کی۔ وزیر ابوالقاسم نے کہلا بھیجا کہ بغداد کی آمدنی چار لاکھ ہے اور مصارف کی تعداد چھ لاکھ۔ اگر تم لوگ ایک لاکھ چھوڑ دو تو میں بھی ایک لاکھ کا نقصان برداشت کر لوں گا اور شرف الدولہ کو واپس بغداد لاؤں گا۔ ترکوں نے اس پیام کو بادل ناخواستہ منظور کر لیا۔ وزیر ابوالقاسم تاڑ گیا کہ اس میں کچھ فریب ہے چنانچہ اپنی وزارت سے دستبردار ہو کر بھاگ گیا۔

کوفہ میں قتل و فساد: اس کے بعد علویوں اور عباسیوں کے درمیان مقام کوفہ میں جھگڑا ہوا جس کا سبب یہ پیدا ہوا کہ وزیر ابوالقاسم اور بعض علویہ کے مابین مراسم اتحاد اور نیز سسرالی رشتہ داری بھی اتفاق سے علویوں نے ... ابوالحسن نے دارالخلافت میں اس کی شکایت پیش کی۔ خلیفہ قادر نے وزیر کے لحاظ سے کچھ التفات نہ کیا بلکہ عباسیوں کو نقابت ترک کر مصالحت کر لینے کا حکم دیا۔ عباسی کوفہ واپس آئے۔ فریقین نے خفاجہ سے امداد طلب کی۔ خفاجہ دو گروہ ہو گئے اور دونوں علیحدہ علیحدہ ہو کر دونوں فریق کی مدد کو آئے اور باہم میدان و قتال شروع ہو گیا۔ بالآخر علویہ نے عباسیہ کو نکلوا دیا۔ عباسیہ بغداد بھاگ آئے اور ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ جمعہ کے دن خطبہ پڑھنے سے روک دیا۔ ابن ابی الحسن علوی کو اس الزام میں ماخوذ کیا کہ اس کا بھائی کوفہ کے فساد میں شریک تھا۔ خلیفہ قادر نے مرتضیٰ کے پاس یہ حکم بھیجا کہ ابوالحسن علی بن ابی طالب بن عمر کو نقابت کوفہ سے معزول کر کے علی سردار عباسیہ کو مامور کر دو اور عباسیوں کو کہلا بھیجا کہ کوفہ کو لوٹا دو۔ وزیر ابوالقاسم مغربی اس وقت قرواش کے پاس سر من رائے میں مقیم تھا۔ خلیفہ قادر کی طرف سے لوگوں کو منحرف کرنے لگا۔ خلیفہ قادر نے اس سے مطلع ہو کر قرواش کے نام وزیر ابوالقاسم کے نکال دینے کا حکم بھیج دیا۔ قرواش نے اس حکم کی تعمیل میں وزیر ابوالقاسم کو اپنے پاس سے علیحدہ کر دیا۔ وزیر ابوالقاسم ابن مروان کے پاس دیار بکر چلا گیا۔

جلال الدولہ کی حکومت کا آغاز: ماہ ربیع الاول ۴۱۶ھ میں شرف الدولہ ابوعلی بن بہاء الدولہ نے اپنی حکومت کے پانچویں برس وفات پائی اور اس کی بجائے عراق میں اس کا بھائی ابوطاہر جلال الدولہ والی بصرہ متمکن ہوا۔ بغداد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ اہل بغداد نے اس کو بلا بھیجا۔ جلال الدولہ بجائے بغداد آنے کے واسط چلا گیا پھر وہاں سے پھر بصرہ کی جانب واپس ہوا۔ اس بناء پر اس کے نام کا خطبہ موقوف ہو کر ماہ شوال سنہ مذکور میں اس کے برادر زادہ ابوکالیجار بن سلطان الدولہ کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ یہ اس وقت خوزستان میں اپنے چچا ابوالفوارس والی کرمان سے مصروف جدال و قتال تھا۔ جلال الدولہ نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر بغداد کی طرف کوچ کیا۔ اس کے ہمراہ اس کا وزیر ابوسعید بن ماکولا بھی تھا۔ عساکر بغداد نے بغداد سے نکل کر جلال الدولہ کو روکا۔ جلال الدولہ نے مدافعت کی لڑائی ہوئی۔ آخرکار نہایت بری طرح

سے بغداد جانے سے روکا [illegible] نے ان کے [illegible] البصرہ کی جانب مراجعت کی۔ [illegible] ابو کالیجار کو بغداد پر قبضہ کرنے کے [illegible] بھیجا۔ چونکہ ابو کالیجار اپنے چچا ابو الفوارس کی [illegible] اس لئے بغداد [illegible] کرمان میں اس کے چچا [illegible] نے کرمان پر قبضہ [illegible] مصالحت [illegible] دونوں چچا بھتیجے [illegible] مصالحت [illegible] ابو کالیجار کا قبضہ رہے۔

جلال الدولہ کی بغداد میں آمد جس وقت ترکوں کو اس امر کا احساس ہوا [illegible] جاتے ہیں [illegible] بغداد [illegible] جلال الدولہ [illegible] خلافت مآب [illegible] جلال الدولہ [illegible] قاضی ابو جعفر [illegible] جلال الدولہ [illegible] جلال الدولہ [illegible] ۴۱۸ھ میں [illegible] بغداد [illegible] خلافت مآب [illegible] جلال الدولہ [illegible] خلافت مآب [illegible] جلال الدولہ [illegible] خلافت مآب نے [illegible] اجازت دی۔ جلال الدولہ نے [illegible] عمید الملک ابو علی [illegible] ترکوں کی طرف [illegible] ان کے یہاں قیام تھا۔

ترکوں کی بغاوت ان واقعات کے بعد ۴۱۹ھ میں ترکوں نے بغاوت کر دی اور جلال الدولہ [illegible] وزیر ابو علی بن ماکولا [illegible] وزیر ابو علی [illegible] اور [illegible] کے مکانات لوٹ لئے۔ خلافت مآب نے [illegible] جلال الدولہ [illegible] غضب [illegible] دیا۔

ابو کالیجار کا بصرہ و کرمان پر قبضہ ابو کالیجار [illegible] جلال الدولہ [illegible] بغداد [illegible] بصرہ [illegible] وفات کے بعد [illegible] ابو الفوارس [illegible] کرمان [illegible] تفصیل [illegible] بیان کی گئی ہے۔

ابو کالیجار کا واسط پر قبضہ [illegible] اپنے [illegible] ابو کالیجار کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ [illegible]

عداوت نور الدولہ دبیس اور بنی خفاجہ سے سازش کر کے اس کو بغداد کو نور الدولہ کے ساتھ جنگ پر ابھارا تھا۔ نور الدولہ سے کچھ بن نہ آئی۔ ابو کالیجار کا نام خطبہ میں داخل کر کے واسط پر چڑھائی کر دی اور ابو کالیجار کو بھی واسط پر قبضہ کر لینے کی غرض سے بلا بھیجا۔ ان دنوں واسط میں الملک العزیز بن جلال الدولہ حکومت کر رہا تھا۔ الملک العزیز نے یہ خبر پا کر واسط چھوڑ دیا اور نعمانیہ کی طرف کوچ کیا۔ نور الدولہ ہر طرف سے اس کو گھیر کر تنگ کرنے لگا۔ جس سے الملک العزیز کے اکثر ہمراہی متفرق و جدا ہو گئے اور فوج کا حصہ کثیر رسد وغیرہ کی قلت و قیام کی تکالیف سے ہلاک ہو گیا۔ اسی اثناء میں ابو کالیجار نے واسط پہنچ کر قبضہ کر لیا۔

جلال الدولہ کی اہواز کی جانب روانگی: اس کے بعد بطیحہ میں بھی ابو کالیجار کے نام کا خطبہ پڑھا گیا قرواش والی موصل اور اثیر عنبر خادم کو بغداد پر قبضہ کرنے کی غرض سے طلبی کا خط لکھا۔ اثیر نے سامان سفر درست کر کے نیل کی طرف کوچ کیا اور اسی مقام پر پہنچ کر مر گیا اس کے مرتے ہی قرواش اپنے گھر کو لوٹ گیا اور جب بادشاہ جلال الدولہ کو ان واقعات کی اطلاع ہوئی تو عساکر بغداد کو جمع و مرتب کیا۔ ابو الشوک وغیرہ سے امداد و کمک کی درخواست کی اور سامان جنگ و سفر درست و مہیا کر کے بقصد اہواز کوچ کر دیا۔ راستے میں جب بادرایا و قاتل شہر کے باہر پڑاؤ کئے رہا۔ برف کا موسم تھا سخت تکلیف اٹھانی پڑی۔ سینکڑوں آدمی مر گئے۔ رسد و سامان کی کمی کی وجہ سے جلال الدولہ کو واپس چلا جانا پڑا۔ ابو کالیجار نے اس سے مجبور ہو کر بغداد جانے کا قصد کیا۔ اسی عرصہ میں ابو الشوک کا خط آ گیا لکھا ہوا تھا کہ چونکہ محمود بن سبکتگین کا لشکر بقصد عراق بڑھا آتا ہے بہتر ہو کہ آپ دونوں آپس باہم مصالحت کر کے اس کی مدافعت پر مجتمع و متفق ہو جاؤ۔

ابو کالیجار نے اس خط کو جلال الدولہ کے پاس بھیج دیا اور اس امید پر جلال الدولہ اس خط کو دیکھ کر لوٹ جانے کا قائل ہو گیا مگر اس کے کان پر جوں تک نہ رینگی۔ اہواز میں داخل ہو کر قتل و غارت کا ہنگامہ گرم کر دیا دولت کا ذخیرہ دار الامارت سے لے لئے۔ تو یہاں ترکوں اور کردوں نے سارے شہر کو تہ و بالا کر دیا۔ ابو کالیجار کے اہل و عیال کو قید کر کے بغداد روانہ کر دیا گیا۔ اسی ہنگام میں ابو کالیجار کی ماں مر گئی۔ ابو کالیجار یہ خبر پا کر جلال الدولہ سے بدلہ لینے کو بڑھا۔ نور الدولہ نے اس خیال سے کہ مبادا خلیفہ میرے مقبوضات پر حملہ آور ہو جائے ابو کالیجار کا ساتھ چھوڑ دیا اور علیحدہ ہو گیا۔ ماہ ربیع الاول ۴۲۱ھ میں ابو کالیجار اور جلال الدولہ میں جنگ کی چھیڑ چھاڑ شروع ہوئی تین روز تک لڑائی کا سلسلہ جاری رہا۔ چوتھے روز ابو کالیجار کو شکست ہوئی اس کے ہمراہیوں میں سے دو ہزار آدمی مارے گئے۔

نور الدولہ کی شکست: نور الدولہ ابو کالیجار سے علیحدہ ہو کر اپنے شہر چلا آیا اس کے زمانہ عدم موجودگی میں اس کی قوم کے چند سرداروں اور افراد نے مجتمع ہو کر اس کے خلاف ایک گروہ قائم کر لیا تھا نور الدولہ نے پہنچتے ہی ان پر حملہ کر دیا۔ بعض کو ان میں سے گرفتار کر لیا اور بعض کو تہ تیغ کر دیا۔ بعد ازاں مقلد بن ابی الاغر اور جلال الدولہ کے لشکر سے معرکہ آرائی ہوئی اس واقعہ میں نور الدولہ کو شکست ہوئی اور ایک گروہ اس کے ہمراہیوں کا گرفتار کر لیا گیا۔ وہ بھاگ کر ابو سنان غریب بن معن کے پاس پہنچا۔ ابو سنان نے لکھا پڑھی کر کے جلال الدولہ سے مصالحت کرا دی اور دس ہزار دینار سالانہ کی شرط پر نور الدولہ کو حکومت کی کرسی پر متمکن کرا دیا۔ مقلد کو اس کی اطلاع ہوئی جھٹ پٹ خفاجہ کو جمع کر کے نور الدولہ پر فوج کشی کر دی۔ مطیر آباد کے نخل اور سورا کو غارت و تاراج کیا۔ آخر حصہ میں آگ لگا دی جو جل کر خاک سیاہ ہو گیا۔ اس کے بعد جمع ہو کر نکلا ابو شوک کے

پاس چلا گیا اور وہیں ٹھہرا رہا تا آنکہ جلال الدولہ سے صفائی ہو گئی۔

جلال الدولہ کا واسط پر ناکام حملہ: ان واقعات کے ختم ہونے پر ۴۲۲ھ میں جلال الدولہ نے ایک فوج کو واسط پر قبضہ کر لینے کو روانہ کیا۔ چنانچہ واسط ابوکالیجار کے قبضہ سے نکال لیا گیا اس کے بعد ابوکالیجار نے جلال الدولہ کی فوج کی مدافعت پر اپنے نامی نامی جنگ آوروں کو متعین کیا۔ گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ اہل شہر نے ابوکالیجار کے لشکر کا ساتھ دیا۔ بیرون شہر سے ابوکالیجار کا لشکر اور اندرون شہر سے اہل شہر جلال الدولہ کی فوج پر حملہ آور تھے۔ جلال الدولہ کی فوج دونوں طرف کے حملوں کا جواب نہ دے سکی اور میدان جنگ سے بھاگ گئی اس کا کثیر حصہ کام آ گیا۔ باقی ماندہ نے واسط میں جا کر جان بچائی اور واسط پر بدستور سابق ابوکالیجار کا پھر قبضہ ہو گیا۔

نظام الملک طوسی کا قتل: یہ واقعہ ان ایام کا ہے جبکہ ماہ رمضان ۴۸۵ھ آ گیا۔ سلطان ملک شاہ اور نظام الملک اصفہان سے بغداد کی جانب آ رہے تھے۔ نہاوند کے قریب پہنچ کر منزل کی۔ نظام الملک بعد افطار صوم خیمے سے نکل کر اپنے خیمے کی طرف جا رہا تھا۔ ایک لڑکا (جو فرقہ باطنیہ سے تھا) استغاثہ کی صورت بنا کے سامنے آیا۔ نظام الملک نے رقعہ لینے کی غرض سے ہاتھ بڑھایا۔ لڑکے نے نظام الملک کے قریب پہنچ کر پیٹ میں چھری بھونک دی۔ نظام الملک زخمی ہو کر زمین پر گر پڑا اور اسی وقت جاں بحق ہو گیا۔ لڑکے کو بھاگتا لشکریوں نے دوڑ کر گرفتار کر لیا اور مار ڈالا۔ سلطان ملک شاہ دوڑا ہوا اسی روز نظام الملک کے خیمہ میں آیا۔ اس کے مصاحبوں اور لشکریوں کی تسکین کی صورت دیکھنے سے گویا اطمینان اور تسلی ہو گئی۔ تیس برس وزارت کی۔ اس وزارت کے عرصہ میں اس نے ملک شاہ کے باپ الپ ارسلان کے [illegible] خدمات انجام دی تھی۔

سلطان ملک شاہ کی وفات: نظام الملک کی شہادت کے بعد جیسا کہ ابھی ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ سلطان ملک شاہ نے بغداد کی جانب کوچ کیا اور چند مدت سفر کر کے آخر ماہ رمضان ۴۸۵ھ کو دارالخلافت بغداد میں داخل ہوا۔ وزیر عمید الدولہ ابن جہیر نے استقبال کیا۔ سلطان ملک شاہ نے نظام الملک کی وفات کے بعد یہ قصد کر لیا تھا کہ قلمدان وزارت تاج الملک کے سپرد کر دیا جائے۔ یہ وہی شخص ہے جس نے نظام الملک کی چغلی کی تھی چونکہ یہی شکایت شہادت کا ذریعہ تھا اس وجہ سے سلطان ملک شاہ کے خیالات اس کی طرف سے پھرے ہوئے تھے۔ نماز عید پڑھ کر سلطان نے اپنے شکار گاہ کی جانب معاودت کی۔ موت کا وقت آ گیا۔ ۱۵ شوال سنہ مذکور کو انتقال کر گیا۔

سلطان محمود کی تخت نشینی: سلطان ملک شاہ کی بیوی ترکان خاتون نے اس واقعہ کو چھپایا اور مال و اسباب جس کا اکثر حصہ دربار کا تھا سب کا سب گھرا کے خلافت میں بھیج دیا اور سلطان ملک شاہ کی نعش کو تابوت میں رکھ کر اصفہان کی طرف روانہ کر دیا۔ روانگی کے وقت دربار کے امرا اور ارکان سلطنت کو بے شمار نقدی دی گئی اور یہ ہدایت کر دی گئی کہ میرے بیٹے محمود کو تخت نشین

۱؎ خواجہ نظام الملک طوسی [illegible] ذکر کیا گیا۔

اور مرحوم سلطان کا وارث تاج الدین تتش بنانا۔ چنانچہ ان لوگوں نے ایسا ہی کیا بعد ازاں ترکان خاتون نے قوام الدولہ کربوقا (جو آئندہ موصل کا حکمران ہوگا) کو نصب کر کے سلطان ملک شاہ کی انگوٹھی دی اور اصفہان کے قلعہ دار کے پاس روانہ کیا۔ قلعہ دار نے تمام سلطانی ذخائر کا قلعہ سپرد کر دیا۔ محمود کی عمر اس وقت چار برس کی تھی۔ بیعت حکومت کے بعد خلیفہ مقتدی کی خدمت میں ترکان خاتون کی طرف سے درخواست دی گئی کہ ”محمود کے نام کا خطبہ پڑھا جائے“۔ خلافت مآب نے ترکان خاتون کی درخواست منظور فرما لی مگر اس شرط سے کہ امیر انز (جو سلطان ملک شاہ کے امراء سے ہے) امور سلطنت وحکومت انجام دیئے جائیں اور تاج الملک کے سپرد دفتری کام اور محاصل خراج رہے ترکان خاتون نے ان شرائط کو منظور نہ کیا۔ تا آنکہ امام ابو حامد غزالی ترکان خاتون کے پاس تشریف لے گئے اور یہ سمجھایا کہ نابالغ ہونے کی وجہ سے محمود کے تصرفات اور احکام شرعاً جائز اور جاری نہیں ہو سکتے۔ امام غزالی کے فرمانے سے ترکان خاتون کی تشفی ہو گئی اور خلافت مآب کی شرائط کو منظور کر لیا۔ آخر ماہ شوال سنہ مذکور میں محمود کے نام کا خطبہ پڑھا گیا ”ناصر الدنیا والدین“ کے لقب سے ملقب ہوا۔ حرمین شریفین میں اس کی تخت نشینی کی اطلاع دی گئی اور وہاں بھی اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔

برکیاروق کی گرفتاری و رہائی: بوقت وفات سلطان ملک شاہ ترکان خاتون نے اس کے واقعہ موت کے چھپانے اور اپنے بیٹے محمود کی بیعت سلطنت لینے کی جو کارروائی کی اس کو آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔ اسی زمانہ میں ترکان خاتون نے خفیہ طور سے چند آدمیوں کو سلطان ملک شاہ کے بڑے بیٹے برکیاروق کے گرفتار کرنے کو اصفہان بھیجا تھا اس خوف سے کہ مبادا امراء بجائے محمود کے برکیاروق کو تخت پر بٹھا دیں۔ چنانچہ ان لوگوں نے اصفہان پہنچ کر برکیاروق کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا تھا جس وقت سلطان ملک شاہ کی خبر موت مشہور ہوئی۔ خادمان نظامیہ نظام الملک کے ملازم خادمین جو اصفہان میں تھا گھس پڑے اور آلات حرب لے کر شہر کو گھیر لیا۔ برکیاروق کو جیل سے نکال کر اس کی سلطنت وحکومت کی بیعت کی اور جامع اصفہان میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا۔ اس کی ماں زبیدہ بنت یاقوتی بن داؤد (یاقوتی سلطان ملک شاہ کا چچا تھا) اپنے بیٹے برکیاروق کی بابت ترکان خاتون اور محمود سے بے حد خائف تھی مگر جب اس کو یہ معلوم ہوا کہ نظامیہ غلام برکیاروق کا ساتھ دے رہے ہیں تو اس کو تسکین اور مسرت ہوئی۔

برکیاروق کی پیش قدمی: اس وقت تاج الملک اصفہان میں داخل ہو چکا تھا لشکریوں نے اس سے تنخواہ کا مطالبہ کیا۔ تاج الملک اصفہان کے ایک قلعہ میں روپیہ لینے کو گیا مگر بخوف خدام نظامیہ بیٹھ رہا۔ جس وقت ترکان خاتون اصفہان میں آئی تاج الملک نے حاضر ہو کر معذرت کی ترکان خاتون نے عذر قبول کر لیا۔ برکیاروق نے مع خادمان نظامیہ اصفہان سے رے کا راستہ لیا۔ امیر ارغش (سلطان ملک شاہ کا ایک نامی امیر) مع اپنی رکاب کی فوج کے برکیاروق سے آملا۔ ترکان خاتون نے ایک لشکر برکیاروق سے جنگ کرنے کو روانہ کیا جس میں سلطان ملک شاہ کے نامور امراء تھے۔ دونوں فوجیں مرتب ہو کر میدان جنگ میں آگئیں۔ ہنوز معرکہ جنگ کا آغاز نہیں ہوا تھا کہ ترکان خاتون کے اکثر امراء برکیاروق کے پاس بھاگ آئے بعد ازاں معرکہ کارزار شروع ہوا۔ ترکان خاتون کی فوج میدان جنگ سے فرار ہو کر اصفہان کی جانب بھاگی۔ برکیاروق نے تعاقب کیا اور اصفہان پہنچ کر شہر کا محاصرہ کر لیا۔

وزیر تاج الملک کا قتل وزیر تاج الملک ترکان خاتون اور برکیارق میں جو معرکہ ہوا تھا ترکان خاتون کی طرف سے لڑ رہا تھا جس وقت ترکان خاتون کی فوج شکست اٹھا کر بھاگی تاج الملک بھی بروجرد کی جانب بھاگا۔ اثنائے راہ سے گرفتار ہو کر برکیارق کے روبرو پیش کیا گیا یہ وہ وقت تھا کہ برکیارق اصفہان کا محاصرہ کئے ہوئے تھا چونکہ برکیارق اس کی کفایت شعاری سے بھی واقف تھا اسے عہدہ وزارت سے سرفراز کرنے کا قصد کیا اور خدام نظامیہ کو اس سے راضی کرنے کی غرض سے دو لاکھ دینار اس کی طرف سے انہیں دیے۔ وہ لوگ راضی ہو گئے مگر عثمان نائب نظام الملک کو اس کی خبر ہو گئی۔ چند غلاموں کو ابھار دیا اور ان کو یہ سمجھایا کہ اسی نے تمہارے مرشد نظام الملک کو قتل کرایا ہے چنانچہ ان لوگوں نے ایک رات تاج الملک کو گرفتار کر کے مار ڈالا اور ایک ایک عضو کاٹ کر پھینک دیا۔ یہ واقعہ ماہ محرم ۴۸۶ھ کا ہے۔

عز الملک ابو عبداللہ کا عہدہ وزارت پر تقرر اس واقعہ کے بعد عز الملک ابو عبداللہ حسین بن نظام الملک [illegible] برکیارق کی خدمت میں حاضر ہوا اس سے پیشتر خوارزم میں حکمرانی کر رہا تھا اپنے باپ نظام الملک کی شہادت سے پہلے سلطان ملک شاہ اور اپنے باپ کا شریک مشورہ رہتا تھا جب اصفہان آیا تھا اتفاق یہ کہ ان کا باپ قتل ہو گیا۔ سلطان ملک شاہ نے بھی وفات پائی۔ یہ اسی وقت سے اصفہان ہی میں مقیم تھا تا آنکہ برکیارق نے اصفہان کا محاصرہ کر لیا۔ اس وقت یہ اصفہان سے نکل کر برکیارق کے پاس آیا۔ برکیارق عزت و احترام سے پیش آیا اور قلمدان وزارت اس کے سپرد کر کے امور سلطنت و حکومت کے سیاہ و سفید کا مختار کل کر دیا۔

برکیارق کی بغداد میں آمد برکیارق اس مہم سے فارغ ہو کر ۴۸۶ھ میں بغداد آیا۔ دربار خلافت میں حاضر ہو کر خلافت مآب سے درخواست کی کہ میرا نام خطبہ میں پڑھا جائے۔ خلافت مآب نے اجازت دی چنانچہ بغداد میں برکیارق کے نام کا خطبہ پڑھا گیا "رکن الدولہ" کا لقب عنایت ہوا۔ وزیر عمید الدولہ بن جہیر دربار خلافت سے خلعت لے کر برکیارق کے پاس آیا۔ برکیارق نے خلعت کو زیب تن کیا۔ ہنوز برکیارق بغداد ہی میں مقیم تھا کہ خلیفہ مقتدی نے سفر آخرت اختیار کیا۔

خلیفہ مقتدی بامر اللہ کی وفات ۱۴ محرم ۴۸۷ھ کو خلیفہ المقتدی بامر اللہ ابو القاسم عبداللہ بن ذخیرۃ الدین محمد بن خلیفہ القائم بامر اللہ نے دفعۃً وفات پائی۔ یہ واقعہ یوں ہوا کہ سلطان برکیارق کی بیعت آئی ہوئی تھی خلیفہ مقتدی نے پڑھ کر رکھ دیا بعد اس کے دستر خوان چنا گیا کھانا کھایا۔ بعد کو ہاتھ دھوئے غشی طاری ہوئی اور مر گیا۔ وزیر عمید الدولہ نے تجہیز و تکفین کی۔ ابو العباس احمد بن خلیفہ مقتدی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ دفن کر دیا گیا۔ انیس برس آٹھ مہینے خلافت کی۔ الغرض خلیفہ مقتدی عالی ہمت صاحب جرأت اور عظیم الشان تھا مگر پھر بھی اپنے امراء، وزراء اور ارکان خلافت کے ہاتھوں کٹھ پتلی بنا ہوا تھا اس کے زمانہ میں بغداد کی آبادی کو بہت ترقی ہوئی۔ عالی شان عمارتیں تعمیر کی گئیں۔ میرا خیال ہے کہ بغداد کی ترقی بعہد عروج دولت [illegible] بہت ترقی پر آ گئی۔

باب: ۲۱

احمد بن مقتدی مستظہر باللہ

۴۸۷ھ تا ۵۱۲ھ

بیعت خلافت: خلیفہ مقتدی کے انتقال کے بعد وزیر عمید الدولہ نے اس کے بیٹے ابو العباس احمد کو دربار خلافت میں لا کر مسند خلافت پر متمکن کیا۔ ارکان خلافت اور امراء دولت نے بیعت کی۔ ابو العباس احمد نے المستظہر باللہ کا لقب اختیار کیا۔ بعد ازاں وزیر عمید الدولہ بیعت لینے کی غرض سے برکیاروق کے پاس گیا۔ برکیاروق نے بطیب خاطر خلیفہ مستظہر کے وزیر کے ہاتھ پر بیعت کی۔ خلیفہ مقتدی کی موت کے تیسرے روز مجلس عزا منعقد ہوئی۔ سلطان برکیاروق مع اپنے وزیر عز الملک بن نظام الملک اور اس کے بھائی بہاء الملک کے دربار خلافت میں حاضر ہوا۔ ارباب مناصب سے طراد عباسی، معمر علوی اور علماء کبار سے قاضی القضاۃ ابو عبداللہ دامغانی، غزالی اور شاشی وغیرہ بھی ماتم پرسی کو آئے۔ تعزیت کی اور خلیفہ مستظہر کی خلافت کی بیعت کر کے واپس گئے۔

تتش بن الپ ارسلان کی فتوحات: اوپر بیان کیا گیا ہے کہ تتش بن سلطان الپ ارسلان نے صوبہ دمشق پر قبضہ کر کے استقلال و استحکام کے ساتھ دمشق میں حکمرانی شروع کر دی تھی اور قبل وفات سلطان ملک شاہ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا اور پھر واپس ہو گیا تھا۔ واپسی کے بعد ملک شاہ کی وفات کی خبر پائی، فوراً ہیت پر قبضہ کر کے سلطنت و حکومت حاصل کرنے کی غرض سے دمشق کی طرف کوچ کیا اور لشکر آراستہ کر کے حلب پر فوج کشی کر دی۔ قسیم الدولہ آقسنقر والی حلب نے مدافعت ختم کر دیا اور اس کے ساتھ ہو لیا۔ باغیسان والی انطاکیہ اور بوزان والی الرہا و حران کو بھی لکھ بھیجا کہ بنظر مصلحت وقت تا درستی احوال اولاد سلطان ملک شاہ تتش کی اطاعت قبول کر لو۔ باغیسان اور بوزان نے بھی آقسنقر کی تحریر کے مطابق تتش کی اطاعت قبول کر لی۔ اس کے نام کا خطبہ اپنے شہروں میں پڑھنا شروع کیا اور ان سب کے ہمرکاب رحبہ کے محاصرہ کو بڑھے۔ ماہ محرم ۴۸۶ھ میں رحبہ مفتوح ہوا، تتش کے نام کا خطبہ جامع مسجد کے منبر پر پڑھا گیا۔ بعد ازاں تتش نے نصیبین کا رخ کیا اور بزور تیغ اس کو بھی مفتوح کر لیا اور تاخت و تاراج کر کے محمد بن شرف الدولہ کے حوالہ کیا۔ اور موصل پر قبضہ کرنے کے قصد سے کوچ کر دیا۔ اثنائے راہ میں کافی بن فخر الدولہ بن جہیر نے ملاقات کی۔ یہ ان دنوں جزیرہ ابن عمر میں تھا۔ تتش نے بڑی عزت افزائی و عہدہ وزارت سے اس کو سرفراز کیا۔

موصل پر قبضہ: جب موصل پہنچ کر ابراہیم بن قریش والی موصل کے پاس کہلا بھیجا کہ تم میری اطاعت قبول کرلو۔ میرے نام کا خطبہ پڑھو اور دارالخلافت بغداد جانے کا مجھے راستہ دو۔ ابراہیم نے اس کو منظور نہ کیا اور انکاری جواب دیا۔ تتش نے اعلان جنگ کر کے لڑائی چھیڑ دی۔ دس ہزار فوج تتش کی رکاب میں تھی آقسنقر میمنہ پر تھا۔ بوزان میسرہ پر۔ ابراہیم والی موصل تیس ہزار کی جمعیت سے میدان جنگ میں آیا ہوا تھا۔ ایک زبردست لڑائی کے بعد ابراہیم کو شکست ہوئی۔ ابراہیم اور امراء عرب کا ایک گروہ گرفتار ہو گیا۔ تتش نے سب کو نہایت بے دردی سے قتل کیا اور مسلط ہونے کے بعد علی بن شرف الدولہ کو موصل کی حکومت عنایت کی۔ یہ تتش کا پھوپھی زاد بھائی تھا۔

بوزان اور آقسنقر کی برکیاروق کی اطاعت: موصل پر قبضہ حاصل کرنے کے بعد تتش نے دارالخلافت بغداد میں اپنا نام خطبہ میں داخل کیے جانے کی درخواست بھیجی۔ کوہرآئین شحنہ بغداد نے سفارش کی۔ جواب دیا گیا "لشکر سلام سے جو مصر کے آنے کا انتظار کیا جا رہا ہے"۔ قاصد بے نیل و مرام تتش کے پاس واپس آیا۔ تتش نے دیار بکر کی طرف قدم بڑھایا اور اس پر قبضہ حاصل کر کے آذربائیجان کا قصد کیا۔ ان واقعات کی خبر برکیاروق تک پہنچی۔ اس وقت برکیاروق کو محمود کے مقابلے میں جو کامیابی حاصل ہوئی تھی اور حمدان اور رے پر متصرف ہو چکا تھا۔ فوجیں مرتب کر کے اپنے چچا تتش کی روک تھام کو اٹھ کھڑا ہوا۔ جس وقت دونوں فوجوں کا مقابلہ ہوا۔ آقسنقر نے بوزان سے کہا "ہم نے تتش کی اطاعت محض اس وجہ سے قبول کی تھی کہ ہمارے آقا کے نامدار ملک شاہ کے لڑکوں میں اختلاف پڑا ہوا تھا ہم دیکھتے تھے کہ اس کا نتیجہ کیا ہوتا ہے۔ الحمدللہ کہ جس امر کے ہم خواستگار تھے وہ پردۂ غیب سے ظاہر ہو گیا۔ یعنی ہمارے آقا کے نامدار کا بڑا لڑکا برکیاروق حکمرانی کرنے لگا۔ اب ہم کسی طرح تتش کے ہمراہ نہیں رہ سکتے۔ کیوں بوزان تمہاری کیا رائے ہے؟" بوزان نے جواب دیا "میں آپ کی رائے سے متفق ہوں"۔ آقسنقر نے بوزان کو گلے سے لگایا۔ پیشانی پر بوسہ دیا اور مع اپنے ہمراہیوں کے تتش سے علیحدہ ہو کر برکیاروق کے پاس چلا گیا۔ ان دونوں امراء کی علیحدگی سے تتش کی قوت ٹوٹ گئی۔ شکست کھا کر دمشق کی جانب لوٹ آیا۔ اب برکیاروق کی حکومت مستحکم ہو گئی کوہرآئین نے حاضر ہو کر تتش کی درخواست کی سفارش کرنے کی کوشش کی۔ برکیاروق نے اس کی ایک نہ سنی معزول کر کے امیر کبیر کو اس کی جگہ دارالخلافت بغداد کا شحنہ مقرر کیا اس کے بعد برکیاروق کا خطبہ بغداد میں پڑھا گیا۔ خلیفہ مقتدی نے وفات پائی اور اس کے بعد مسند خلافت پر خلیفہ مستظہر متمکن ہوا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔

آقسنقر اور بوزان کا انجام: تتش نے آذربائیجان سے شام کی جانب مراجعت کرنے کے بعد فوجیں مرتب کیں اور آقسنقر سے جنگ کرنے کی طرف بڑھا۔ برکیاروق نے امیر کربوقا کو (جو آئندہ امیر موصل ہوگا) آقسنقر کی کمک پر روانہ کیا۔ قریب حلب دونوں فوجوں کا مقابلہ ہوا۔ حلب کی فوج کے قدم اکھڑ گئے۔ آقسنقر گرفتار کر لیا گیا اور نہایت بے دردی سے

---

[1] تتش اور آقسنقر سے مقام [illegible] میں جو قریب تل سلطان ہے معرکہ آرائی ہوئی تھی اس مقام سے حلب [illegible] کے فاصلے پر ہے۔ جنگ [illegible] میں واقع ہوئی۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ ۹۵۔

[2] امیر قسیم الدولہ آقسنقر والی حلب شکست اٹھانے کے بعد ماہ جمادی الاولی سنہ ۴۸۷ھ میں تاج الدولہ تتش کے ہاتھ سے مارا گیا۔ تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۱۰ صفحہ [illegible]۔

[illegible]

تکش کی مزید فتوحات [illegible]

برکیارق کی شکست اور اصفہان کو مراجعت [illegible]

تکش کا خاتمہ [illegible]

امرا و فوج [illegible] کر رہے تھے اس اثنا میں برکیاروق کو صحت حاصل ہو گئی اراکین دولت اس سے مل گئے اور اُنُر کو صاف جواب دے دیا۔ اُنُر نے بھاگ کر ان لوگوں کی سرزنش کے قصد سے فوج کو تیاری کا حکم دیا۔ امرائے مملکت کی یہ رائے تھی کہ اپنی فوجیں لئے ہوئے برکیاروق کے پاس اصفہان میں آ موجود ہوئے۔ ہر طرف سے فوجیں بھی آ رہی تھیں۔ اتنے میں بات کی خبر ملی کہ خوزستان کی فوج رے کے قریب پہنچا اور نتیجے (یعنی برکیاروق اور اُنُر) کا مقابلہ ہوا۔ اُنُر نے شکست کھا کر بھاگا۔ آخر کسی صاحب نے دارو گیر میں اس کو مار کر سر آگے کو اس کی فوج کا مال لے لیا۔ اس کے مارے جانے سے فخر الملک بن نظام الملک کو قید کی مصیبت سے رہائی ملی۔ برکیاروق کی حکومت کا استحکام ہو گیا اور اطراف بغداد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔

محمد بن ملک شاہ کا عروج برکیاروق نے خراسان میں اپنے چچا ارسلان ارغون کو مامور کیا تھا جس کی خود سے اس کی حکومت خراسان میں مستحکم ہو گئی جیسا کہ ان کے حالات میں سلطان سنجر کے حالات میں تفصیل سے بیان کئے جانے والے ہیں۔ اس مقام پر ہم ان کے حالات اس قدر مختصر تحریر کرتے ہیں کہ ان کو خلافت عباسیہ اور بغداد میں غلبہ رہا تھا چونکہ محمد کا تعلق اس وجہ سے کہ جہاں یہ سلسلہ خلافت و حکومت اور ان کے وزراء کے حالات ہیں ان لوگوں کے واقعات تحریر کرنا مقصود ہے جنہوں نے کسی طور سے خلافت پر اثر ڈالا ہو۔ محمد بن ملک شاہ ایک حقیقی بھائی تھا جو اپنے باپ سلطان ملک شاہ کی وفات کے بعد اپنے بھائی محمود اور ماں ترکان خاتون کے ہمراہ بغداد سے اصفہان چلا گیا تھا۔ جس وقت برکیاروق نے اصفہان کا محاصرہ کیا محمد چھپ کر برکیاروق کے پاس چلا آیا اور اس کے ساتھ ساتھ ۴۸۶ھ میں بغداد آیا۔ برکیاروق نے محمد کو گنجہ اور اس کے متعلقات کی جاگیر عطا کی اور اتابک مقرر کرنے کی غرض سے قتلغ تکین کو اس کے ہمراہ روانہ کیا۔ تھوڑے دنوں میں محمد نے قدم جما کر حکومت پر قبضہ کر لیا اور قتلغ تکین کو مار ڈالا اس کے بعد مؤید الملک عبید اللہ بن نظام الملک جو اس سے پیشتر امیر انر کے ساتھ تھا اور اس کو برکیاروق کی مخالفت پر ابھارا تھا امیر انر کے قتل کے بعد (جیسا کہ ہم آگے بیان کریں گے) محمد بن ملک شاہ کے پاس چلا آیا اور یہاں بھی وہی عمل کیا۔ محمد کو سلطان برکیاروق کی مخالفت پر آمادہ کیا۔ محمد نے برکیاروق کا خطبہ موقوف کر کے گنجہ میں اپنے نام کا خطبہ جاری اور قلمدان وزارت مؤید الملک کے حوالہ کیا۔ اسی زمانے میں برکیاروق نے اپنے وزیر مجد الملک بلاسانی کو کسی وجہ سے مار ڈالا جس سے اکثر امرائے لشکر کو ناراضگی پیدا ہوئی اور برکیاروق سے علیحدہ ہو کر محمد کے پاس چلے گئے۔ برکیاروق مقابلہ کو تیار نہ ہو کر رے کی طرف چلا، رے میں پہنچ کر اس کا لشکر محمد کے پاس آ کر جمع ہو گیا۔

محمد بن ملک شاہ کا رے پر قبضہ سعد الملک منصور بن محمد سلطان محمد کا لشکر لے کر آ گیا جس میں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ محمد ایک عظیم لشکر لئے ہوئے آ رہا ہے۔ برکیاروق نے رے سے اصفہان کی جانب مراجعت کی اہل اصفہان نے شہر پناہ کا دروازہ بند کر لیا۔ مجبوراً خوزستان کی جانب روانہ ہوا۔ اس کے بعد ہی محمد شروع ماہ ذیقعدہ ۴۹۲ھ میں رے پر قابض ہو گیا اور مؤید الملک نے زبیدہ خاتون مادر برکیاروق کو گرفتار کر کے قتل کرا ڈالا۔ رے پر قبضہ ہو جانے سے محمد کی قوت کا اضافہ ہو گیا۔

---

[1] [illegible] سلطان [illegible] برکیاروق [illegible] حالات [illegible] سلطان [illegible]
[illegible] کرنے کا [illegible] ہے۔

چونکہ سعد الدولہ گوہر آئین شحنہ بغداد کو برکیاروق سے کشیدگی ہو گئی تھی۔ سلطان محمد کی آمد کا حال سن کر مع امیر کربوقا والی موصل، جکرمش والی جزیرہ اور سرخاب بن بدر والی کنگور سے سلطان محمد کی بارگاہ میں آیا۔ مقام قم میں سلطان محمد سے ملاقات ہوئی۔ عزت و احترام سے پیش آیا۔ سب مل کر سلطان محمد کے ساتھ ہو گئے۔ امیر کربوقا اور جکرمش ساتھ ان کے ہمراہ اصفہان کی جانب روانہ ہوئے اور سعد الدولہ گوہر آئین بغداد واپس آیا۔ خلافت مآب سے اجازت حاصل کر کے ۱۵ ذی الحجہ ۴۹۲ھ کو سلطان محمد کا نام خطبہ میں داخل کر دیا۔ دربار خلافت سے سلطان محمد کو ”غیاث الدنیا والدین“ کا خطاب مرحمت ہوا۔

برکیاروق کی بغداد کو روانگی: کہ شکست میں برکیاروق بھائی محمد سے شکست کھا کر خوزستان چلا گیا تھا ان دنوں اس کا امیر لشکر ینال بن انوشتگین حسامی تھا اس نے امرائے لشکر کو جمع کیا اور وہ سب کے سب خوزستان میں تنگی اور ناراضگی جانے لگے۔ اس لئے تمام فوج چنانچہ برکیاروق نے واسط کی جانب کوچ کیا۔ واسط میں صدقہ بن مزید والی حلہ ساتھ ہو کر عزت سے پیش آیا۔ سب مل کر بغداد کی راہ لی اور برکیاروق نے بغداد کا قصد کیا۔ ۱۵ صفر ۴۹۳ھ کو برکیاروق بغداد میں داخل ہوا اور اسی دن اس کے نام کا خطبہ جامع بغداد میں پڑھا گیا۔ سعد الدولہ گوہر آئین سے برکیاروق ناخوش ہوا۔ اس کے ساتھ یہ الفاظ بھی تھی۔ سلطان محمد اور اس کے وزیر موید الملک کو اس واقعہ سے مطلع کر کے بغداد آنے کی ترغیب دی۔ سلطان محمد نے امیر کربوقا والی موصل اور جکرمش والی جزیرہ کو بغداد روانہ کیا۔ جکرمش نے سعد الدولہ کے پاس پہنچ کر اپنے دار الحکومت واپس جانے کی اجازت طلب کی اور بعد حصول اجازت چپکے سے چلا گیا۔

گوہر آئین کی اطاعت: گوہر آئین نے بہ منشاء کچھ تعلق رکھنے والے امراء لشکر امیر کربوقا والی موصل کو برکیاروق کی خدمت میں بھیجا اور یہ پیغام دیا کہ آپ تشریف لائیے ہم لوگ آپ کے مطیع اور فرمانبردار ہیں۔ برکیاروق ہمدان ان امراء کی طرف گیا تو ان لوگوں نے پیادہ پا استقبال کیا۔ عزت سے پیش آیا اور ان کے ساتھ ساتھ بغداد آئے۔ برکیاروق نے ابو المحاسن عبد الجلیل بن محمد دہستانی کو قلمدان وزارت سپرد کیا اور عمید الدولہ بن جہیر وزیر خلیفہ کو گرفتار کر کے دیار بکر اور موصل کا حساب طلب کیا جو اس کے اور اس کے باپ کی امارت میں تھا۔ عمید الدولہ کا حساب صاف تھا۔ آپ نے کچھ زر دے کر اپنی جان بچائی۔ خلیفہ مستظہر نے خوش ہو کر خلعت سے برکیاروق کو سرفراز فرمایا اور برکیاروق مع ہوا استقلال کے ساتھ حکومت کرنے لگا۔

معرکہ نہر اسپید رود: چند دنوں بعد برکیاروق نے (اپنے بھائی) محمد سے جنگ کرنے کی غرض سے بغداد سے خیمہ روانہ کر دیا۔ جس وقت ایک عظیم لشکر اس کی رکاب میں تھا ہمدان سے کوچ کر کے اس طرف تشریف لائے اور جس قدر محمد کے امراء کی جاگیریں تھیں ضبط کر لیں۔ برکیاروق اس سے آگے بڑھ کر اپنے بھائی محمد سے بمقام اسپید رود ہمدان سے چند کوس کے فاصلے پر مقابلہ ہوا۔ محمد کے امراء میں سخت جنگ ہوئی۔ امیر سرخز اصفہانی محمد کے ساتھ قلب میں تھا۔ ایک امیر اور محمد کا بیٹا میمنہ میں۔ میسرہ لشکر اور فوج کا حصہ تھا۔ برکیاروق کے ساتھ قلب میں اس کا وزیر ابو المحاسن تھا۔ میمنہ میں گوہر آئین، صدقہ بن مزید اور سرخاب بن بدر، میسرہ میں کربوقا وغیرہ برکیاروق کی طرف سے صف آرا تھے۔ سب سے پہلے گوہر آئین نے محمد کے میمنہ پر حملہ کیا۔ محمد کا میمنہ مقابلہ نہ کر سکا شکست اٹھا کر بھاگا

گوہر آئین کی رکاب پکڑی ہوئی تھی اس نے اس کے کچھ اسباب لوٹ لیا اور اس کے بعد محمد کے میمنہ نے برکیاروق کے میسرہ پر یلغار کیا یہ ابو الحارث میمنہ پر ہو کر مقابلہ کیا مگر محمد کے میمنہ کے پاؤں زور و شور کی لڑائی سے اکھڑ گئے۔ محمد نے میمنہ کی کمزوری محسوس کر کے چند دستہ امدادی فوج میمنہ کی کمک پر بھیج دی اور ابو الحارث کو شکست فاش ہوئی محمد نے فوراً دوسری جانب سے برکیاروق کے قلب لشکر پر حملہ کر دیا جنگ ختم ہو کر فتح ہو گئی۔ برکیاروق بھاگ کھڑا ہوا۔ اسی وقت گوہر آئین نے منتشر لشکر کو فراہم کر کے میدان جنگ میں پھر واپس آیا اتفاق وقت سے گھوڑے نے ٹھوکر کھائی گوہر آئین زمین پر گر پڑا ایک خراسانی سپاہی نے لپک کر سر اتار لیا سارا لشکر منتشر ہو گیا اور ابو المحاسن گرفتار کر لیا گیا۔ مؤید الملک نے عزت و احترام سے اپنے خیمہ میں ٹھہرایا اور اختتام جنگ کے بعد اس کو دار الخلافت بغداد روانہ کیا۔ چنانچہ اس نے بغداد میں پہنچ کر جب خلیفہ مستظہر سے سلطان محمد کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔

گوہر آئین کے ابتدائی حالات۔ گوہر آئین کا ابتدائی حال یہ ہے کہ یہ خوزستان میں ایک عورت کی خدمت میں رہتا تھا جس نے اسے فروخت کیا اور جو کچھ ضرورتیں اس عورت کی ہوتی تھیں وہ سب گوہر آئین انجام دیا کرتا تھا۔ اس عورت کے خاندان والوں کو جب گوہر آئین کی ذات سے بہت آرام ملا تو گوہر آئین بھی ان کی بدولت آرام سے بسر کرتا تھا۔ رفتہ رفتہ گوہر آئین ملک ابو کالیجار بن سلطان الدولہ کے یہاں ملازم ہو گیا اور اپنی نمایاں خدمات کی بدولت اس قدر رسوخ پیدا کیا کہ ملک ابو کالیجار نے اسے اپنے بیٹے ابو نصر کے ہمراہ بغداد روانہ کیا۔ ایک مدت تک ابو نصر کے ساتھ بغداد میں رہا یہاں تک کہ سلطان طغرل بیگ نے ابو نصر کو گرفتار کر کے قلعہ طبرک میں قید کر دیا اس کے ساتھ گوہر آئین بھی قلعہ مذکور میں قید کیا گیا۔ جب ابو نصر نے وفات پائی اور گوہر آئین کو رہائی ملی تو گوہر آئین سلطان الپ ارسلان کی خدمت میں چلا آیا۔ سلطان الپ ارسلان نے اس کی خدمت گزاری اور خیر خواہی سے خوش ہو کر اس کو واسط بطور جاگیر مرحمت فرمایا اور بغداد کا شحنہ مقرر کیا جس وقت یوسف خوارزمی نے سلطان الپ ارسلان کو زخمی کیا تھا اس وقت گوہر آئین موجود تھا اور سلطان الپ ارسلان کو یوسف خوارزمی کے ہاتھ سے بچایا تھا بعد انتقال سلطان الپ ارسلان اس کے بیٹے ملک شاہ نے بھی اسے اسی عہدہ پر قائم رکھا چنانچہ گوہر آئین بغداد روانہ ہوا۔ دربار خلافت میں اس کی بڑی آؤ بھگت ہوئی خلعت ملی۔ خطاب ملا امراء مملکت اور ارکان دربار خلافت نے اس کی بے حد اطاعت کی اور جو عزت و احترام اس کو حاصل تھا کسی کو نصیب نہیں ہوا یہاں تک کہ وہ جنگ مذکور میں مارا گیا۔

معرکہ خوشجان۔ برکیاروق نے اپنے بھائی محمد سے شکست کھا کر رے میں جا کر دم لیا۔ ہوا خواہ جمع ہونے لگے ہوا خواہوں اور ہمدردوں کو خطوط روانہ کئے چند دنوں بعد وہ لوگ اس سے آ ملے اور سب کے سب اصفہان کی جانب روانہ ہوئے امیر داؤد حبشی بن التونتاق نے خراسان سے خبر بھیجی امیر داؤد نے حاضری کا وعدہ کیا اور اپنے آنے تک برکیاروق کو نیشاپور جا کر ٹھہرنے کو لکھا چنانچہ اس رائے کے مطابق برکیاروق نے نیشاپور کا راستہ لیا اور وہاں پہنچ کر رؤسائے نیشاپور کو گرفتار کر لیا مگر بعد چندے ان سب کو رہا کر دیا اور دوبارہ ایک خط امیر داؤد حبشی کو طلبی کا روانہ کیا امیر داؤد حبشی نے معذرت کی کہ چونکہ سلطان سنجر نے لشکر کو روک رکھا ہے اس وجہ سے حاضری سے قاصر ہوں اور اگر ممکن ہو تو ایسی حالت میں امداد دی جائے۔ برکیاروق کو اس خط کے پڑھنے سے سخت صدمہ ہوا جوش میں آ کر اس

وقت ایک ہزار سواروں کی جمعیت سے امیر داؤد حبشی کی کمک پر روانہ ہو گیا امیر داؤد حبشی کی رکاب میں بیس ہزار فوج تھی۔ مقام نوشجان پر سنجر سے مقابلہ ہوا۔ سنجر کے میمنہ پر امیر برغش، میسرہ میں کوکر اور قلب میں اس کے ساتھ رستم تھا۔ برکیاروق نے قلب لشکر پر حملہ کیا۔ رستم شکست کھا کر بھاگا تھا اور گیر میں مارا گیا۔ بے ترتیبی کے ساتھ لشکر بھاگ کھڑا ہوا۔

برکیاروق کی پسپائی برکیاروق کی فوج اس کے لشکرگاہ کے لوٹنے میں مصروف ہو گئی۔ چنانچہ اس کو کامیابی حاصل ہو چکی تھی اور سنجر کا قلب لشکر بھاگ گیا تھا کہ اس اثناء میں برغش اور کوکر نے اپنی اپنی رکاب کی فوجوں کو جمع کر کے برکیاروق کے لشکر پر حملہ کر دیا۔ برکیاروق کی فوج غارت گری میں مصروف تھی اس ناگہانی حملے سے گھبرا کر بھاگ کھڑی ہوئی۔ برکیاروق بھی جان بچانے کی غرض سے بھاگا ترکمانوں میں۔ ایک شخص نے امیر داؤد حبشی کو گرفتار کر لیا۔ بعد خاتمہ جنگ برغش کے روبرو پیش کیا گیا۔ برغش نے اس کو قتل کر ڈالا۔ باقی رہا برکیاروق وہ میدان جنگ سے بھاگ کر جرجان پہنچا اور جرجان سے دامغان میں آ کر دم لیا۔ دامغان میں بھی توقف کا کوئی نتیجہ نہ پایا، بادیہ پیمائی کرتا ہوا روانہ ہوا لیکن اہل اصفہان نے اس کی طلبی کے خطوط بھیجے تھے مگر اتفاق وقت سے قبل اس کے پہنچنے کے محمد اصفہان میں داخل ہو چکا تھا مجبوراً پھر لوٹ آیا۔

وزیر عمید الدولہ کی معزولی ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ سلطان برکیاروق کا وزیر ابوالمحاسن پہلی لڑائی میں جو برکیاروق اور محمد میں ہوئی تھی گرفتار کر لیا گیا تھا اور موید الملک بن نظام الملک محمد کے وزیر نے اس کو رہا کر کے اپنی طرف سے بغداد روانہ کیا تھا۔ چنانچہ ابوالمحاسن نے بغداد میں پہنچ کر خلیفہ مستظہر سے اجازت حاصل کر کے سلطان محمد کے نام کا خطبہ پڑھوایا اور پھر موید الملک کی ہدایت کے موافق خلیفہ مستظہر کو وزیر عمید الدولہ کی معزولی پر آمادہ کیا۔ اس واقعہ کی عمید الدولہ کو خبر پہنچ گئی۔ عمید الدولہ نے ایک شخص کو ابوالمحاسن کے قتل پر مامور کر دیا۔ قریب تھا کہ ابوالمحاسن اس شخص سے دو چار ہو گیا۔ جونہی اس شخص نے حملہ کیا ابوالمحاسن پیچھے ہٹ گیا تھا اور تلوار اس کے ایک شانہ پر پڑی اور ابوالمحاسن ایک گاؤں میں جا چھپا۔ صحت یاب ہو کر اپنی غلطی پر پشیمانی ہوئی۔ چنانچہ ابوالمحاسن سے اپنی غلطی کی معافی چاہی اور تھوڑے دنوں تک خاموش رہا لیکن دماغ میں اسی خیال جاگزیں تھا کہ کب موقع ملے اور کب ابوالمحاسن کا کام تمام کروں۔ ابوالمحاسن نے اس شخص کو اپنے پاس بلایا اور اسی وقت امیر ایلغازی بن ارتق کو بھی بغداد سے طلب کر لیا جو اس کے ہمراہ بغداد آیا تھا اور اس سے پیشتر بغداد پہنچ گیا تھا۔ امیر ایلغازی کے آ جانے سے اس شخص کو اپنی کامیابی سے مایوسی ہو گئی۔ سارا قصہ ابتدا تا انتہا ابوالمحاسن کو کہہ سنایا۔ سنتے ہی سب کے سب بگڑ گئے۔ ابوالمحاسن نے دربار خلافت میں حاضر ہو کر موید الملک کا پیام دربارہ معزولی عمید الدولہ خلافت مآب تک پہنچایا۔ خلافت مآب نے حکم دے دیا۔ چنانچہ ابوالمحاسن نے ماہ رمضان ۴۹۳ھ میں عمید الدولہ مع اس کے بھائیوں کے گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا۔ پچیس ہزار دینار جرمانہ بھی لیا۔ عمید الدولہ تب سے برابر معزول اور قید خانہ ہی میں رہتا آیا تھا کہ اسی حالت میں قید حیات سے سبکدوش ہو کر راہی ملک عدم ہو گیا۔

محمد بن ملک شاہ کی شکست و فرار آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ جنگ اول میں برکیاروق اپنے بھائی محمد سے شکست کھا کر اصفہان کی طرف چلا گیا مگر اہل اصفہان نے اس کو داخل نہ ہونے دیا تب یہ عسکر مکرم ہوتا ہوا خوزستان گیا۔ خوزستان میں امیر زنگی و ایلبکی پسران برسق بھی آ گئے چند روز قیام کر کے عراق کی جانب کوچ کر دیا۔ عراق میں پہنچ کر امیر ایاز بھی آ ملا جو محمد کا قدیمی ہمراہی تھا اور اس کے سردار امراء سے کسی وجہ سے کشیدہ خاطر ہو گیا تھا اس کے رکاب میں پانچ ہزار

سوار تھے۔ ایاز نے برکیاروق کو محمد سے جنگ کرنے پر دوبارہ ابھارا۔ برکیاروق کے دل میں محمد کی طرف سے غبار تو بھرا ہی تھا اٹھ کھڑا ہوا۔ اس اثناء میں سرخاب والی کنگور و والی آوہ بھی آن حاضر ہو کر کے برکیاروق سے آملا۔ اس کے پہنچنے سے برکیاروق کی فوج کی تعداد پچاس ہزار تک پہنچ گئی اور اس کے بھائی محمد کے پاس صرف پندرہ ہزار فوج باقی رہ گئی تھی۔ جمادی الآخر ۴۹۴ھ میں معرکہ آرائی ہوئی۔ ہنگامہ کارزار گرم ہوا تھا کہ محمد کے امراء لشکر یکے بعد دیگرے امان طلب کر کے برکیاروق کے پاس چلے آئے۔ ناچار مجبور ہو کر محمد شام ہوتے ہوتے بھاگ کھڑا ہوا۔ اس کے وزیر مؤید الملک بارسلانی کو ایک غلام نے گرفتار کر کے برکیاروق کی خدمت میں پیش کیا۔ برکیاروق نے اس کو زجر و توبیخ کر کے اپنے ہاتھ سے قتل کر ڈالا۔ خاتمہ جنگ اور قتل مؤید الملک کے بعد وزیر بنا تھا اس نے ایک شخص کو مؤید الملک اور اس کے اعزہ و اقارب کے مال و اسباب کے ضبط کرنے کو بغداد روانہ کیا۔ چنانچہ اس شخص نے بغداد میں پہنچ کر بغداد اور دیگر مقامات ممالک عجم سے جو کچھ مال و اسباب اور نقد مؤید الملک اور اس کے اعزہ و اقارب کا پایا ضبط کر لیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ منجملہ اس اسباب کے جس کو اس شخص نے ضبط کیا تھا ایک ہیرے کا ٹکڑا بھی تھا جو انتالیس مثقال (یعنی ۱۳ تولہ ۳ ماشہ) وزن میں تھا۔

برکیاروق کی رے کو مراجعت برکیاروق اس جنگ سے فارغ ہو کر رے کی جانب روانہ ہوا رستے میں امیر کربوقا والی موصل اور نور الدولہ دبیس بن صدقہ بن مزید آملا وقتاً فوقتاً ہر چہار طرف سے فوجیں آ آ کر جمع ہو گئیں۔ ایک لاکھ سوار ان کی جمعیت ہو گئی۔ رہائش کی دقت ہونے لگی شہر قصبے اور گاؤں میں جگہ تنگ ہو گئی۔ برکیاروق نے فوجوں کو ادھر ادھر پھیلا دیا۔ نور الدولہ اپنے باپ کے پاس واپس آیا۔ امیر کربوقا مودود بن اسمٰعیل بن یاقوتی سے جنگ کرنے کو آذربائیجان چلا گیا (اس نے سلطان برکیاروق کی مخالفت پر علم بغاوت بلند کیا تھا)۔ ایاز نے اپنے اہل و عیال میں ماہ صیام گزارنے کو ہمدان کا راستہ لیا۔ تھوڑی سی فوج کے ساتھ برکیاروق باقی رہ گیا۔

محمد بن ملک شاہ کا ہمدان اور حلوان پر قبضہ محمد شکست اٹھا کر اپنے حقیقی بھائی سنجر کے پاس خراسان چلا گیا۔ چند روز جرجان میں ٹھہرا رہا۔ سنجر سے مالی اور فوجی مدد طلب کی۔ سنجر نے محمد کو ابتدائی مدد دی بعد ازاں خود ایک لشکر لئے ہوئے محمد کی کمک کو جرجان آ پہنچا اور اس کے ساتھ ساتھ دامغان کو روانہ ہوا اثنائے راہ میں جو شہر قصبے اور گاؤں پڑتے تھے ان کو لشکر خراسان تاخت و تاراج کرتا جاتا تھا تا آنکہ رے کے قریب پہنچا۔ فوج نظامیہ بھی آ ملی جمعیت بڑھ گئی۔ ان کو یہ خبر بھی گوش گزار ہوئی کہ برکیاروق نے اپنے لشکر کو ادھر ادھر منتشر کر دیا ہے اس کی رکاب میں اب تھوڑی سی فوج ہے جو تعداد میں تین سو سے زائد نہیں۔ محمد اور سنجر یہ سن کر نہایت تیزی سے آگے بڑھنے لگے۔ برکیاروق کو ان واقعات کی خبر پہنچی۔ کچھ سمجھ میں نہ آیا۔ آخر ایاز سے ملنے ہمدان کی جانب روانہ ہوا۔ اثنائے راہ میں یہ معلوم ہوا کہ ایاز نے محمد سے خط و کتابت شروع کر دی ہے فوراً الٹے پیروں لوٹا اور خوزستان کا راستہ لیا۔ کوچ و قیام کرتا ہوا تستر پہنچا۔ امراء بنی برسق کو بلا بھیجا چونکہ ان امراء نے یہ سن رکھا تھا کہ ایاز نے محمد سے خط و کتابت شروع کی ہے اس وجہ سے وہ لوگ نہ آئے جواب بھی نہ دیا۔ برکیاروق گھبرا کر عراق کی طرف روانہ ہوا۔ امیر ایاز نے جو خط و کتابت محمد سے کی تھی اور اس کی اطاعت قبول کرنے کا مستعد ہوا تھا۔ اس کا نتیجہ ایاز کی مرضی کے خلاف ہوا۔ محمد نے اس سے ملنے سے انکار کر دیا اس وجہ سے ایاز بھی ہمدان کو خیرباد کہہ کر برکیاروق کا سراغ لگاتا ہوا چل کھڑا ہوا تھا۔ اتفاق یہ کہ برکیاروق اور ایاز یکے بعد دیگرے حلوان میں وارد ہوئے۔ دونوں ایک

روز قیام کر کے پھر دونوں بغداد کی جانب روانہ ہو گئے۔ [illegible] کے بعد [illegible] اور [illegible] پر قبضہ کر کے مال و اسباب اور رفقہ جو کچھ پایا ضبط کر لیا اور ان کے مال و اسباب میں [illegible] کی چیزیں جو نوادرات زمانہ سے تھیں [illegible] کے مصاحبوں پر [illegible] اس وقت [illegible] تھے جمع ہو گئے۔

بساسیری کی بغداد میں آمد: بساسیری [illegible] کو بغداد پہنچا۔ خلیفہ مستنصر نے اپنی طرف سے امین الدولہ ابن [illegible] نائب کو حکم دیا کہ بساسیری کے استقبال کو بھیجا [illegible] بساسیری [illegible] خلافت میں [illegible] میں عبدالقادر [illegible] آ گیا۔ [illegible] خطبہ پڑھنے [illegible] مستنصر نے اس کے مکان پر [illegible] دیا۔ شریف ابو [illegible] نے اس کے [illegible] کا خطبہ پڑھا [illegible] کا ہاتھ [illegible] خلافت مآب سے مالی مدد طلب کی۔ خلافت مآب نے [illegible] کے بعد [illegible] بساسیری اور [illegible] کا کام [illegible] کی طرف [illegible] روپیہ وصول کرنے کی تاکید کی۔ اس کے [illegible] بساسیری [illegible] اس اثناء میں ابو محمد عبد اللہ بن [illegible] قاضی [illegible] سے [illegible] بغداد آ گیا [illegible] بساسیری نے اس سے [illegible] مال [illegible] لے لیا۔

ابو محمد عبد اللہ: یہ مشہور [illegible] صلیحی کا باپ (منصور) [illegible] کے زمانہ حکومت میں جبلہ کا سردار اور قاضی تھا۔ جب مسلمانوں نے جبلہ پر قبضہ کیا اور اس کی تمام حکومت ابو الحسن علی بن [illegible] کے قبضہ اقتدار میں آ گئی تو اس نے بھی منصور [illegible] وفات پائی [illegible] کا بیٹا ابو محمد عبد اللہ [illegible] اپنے باپ کا جانشین ہوا۔ چونکہ اس [illegible] لوگوں میں [illegible] ابو محمد نے [illegible] جمع [illegible] کیا [illegible] مصری خلافت کا [illegible] تھا [illegible] مصر کا [illegible] تھا۔

[illegible] جبلہ اور ابو محمد کی دستبرداری: اس واقعہ کے بعد [illegible] نے جبلہ پر فوج کشی کی اور اس کا محاصرہ کر لیا۔

[illegible]

[illegible] طغتگین [illegible] دمشق [illegible]
[illegible] دمشق [illegible] طغتگین نے اپنے بیٹے تاج الملوک بوری [illegible] روانہ کیا [illegible]
[illegible] طغتگین [illegible]
[illegible] طغتگین نے [illegible] جواب دیا [illegible]
[illegible] سلطان برکیارق [illegible] برکیارق [illegible]
[illegible] ابو محمد نے [illegible] میرا مال [illegible] برکیارق [illegible]
[illegible] ایک [illegible] آج تک [illegible]

صدقہ بن منصور کی بغاوت: [illegible] برکیارق نے [illegible] اقبال [illegible] وفات کا [illegible]
[illegible] صدقہ بن منصور [illegible]
طلب کے پاس روانہ کیا اور [illegible] صدقہ [illegible]
[illegible] صدقہ [illegible] سلطان [illegible]
[illegible] برکیارق [illegible] صدقہ کو طلب کیا۔
صدقہ نے [illegible] تمہارے پاس [illegible] صدقہ نے [illegible]
[illegible] صدقہ [illegible] برکیارق [illegible] صدقہ نے [illegible]
مقبوضہ میں ان کو شامل کر لیا۔

محمد بن ملک شاہ کا بغداد پر قبضہ: [illegible] سلطان محمد نے [illegible]
[illegible] اس کے ساتھ اس کا بھائی سنجر بھی تھا اور برکیارق [illegible] بغداد [illegible] غالب ہو گیا تھا
[illegible] بغداد [illegible]
[illegible]
بغداد [illegible] سلطان محمد کی بیعت [illegible]
[illegible] برکیارق [illegible] شدت مرض [illegible]
[illegible] بغداد [illegible] بغداد [illegible]
برکیارق اور محمد [illegible]
کے بغداد [illegible]
مستظہر [illegible]
[illegible] بغداد [illegible]
[illegible] صدقہ بن منصور [illegible] بغداد [illegible]

مکان میں [illegible] وزارت [illegible] ابو نصر محمد بن حسین [illegible] یہ واقعہ [illegible] کا ہے۔

محمد اور برکیارق کی مصالحت [illegible]

[illegible]

صلح نامے کی شرائط [illegible]

[illegible]

برکیارق کے باغی امراء کا قتل [illegible]

[illegible]

[illegible]

برکیاروق کا محمد پر اتفاقی حملہ [illegible]

برکیاروق کا اصفہان کا محاصرہ [illegible]

برکیاروق کی مراجعت [illegible]

[illegible]

[illegible]

ایلغازی بن ارتق کا بغداد سے فرار [illegible]

[illegible]

[illegible]

آئے، ایلغازی اور عثمان تو چلے گئے۔ کمشتکین اپنی رکاب کی فوج کے ساتھ داخل بغداد ہوا۔ جامع بغداد میں سلطان برکیاروق کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ اس کے بعد کمشتکین نے خلیفہ مستظہر کی طرف سے سیف الدولہ صدقہ والی حلہ کو سلطان برکیاروق کی اطاعت کا پیام بھیجا۔ سیف الدولہ صدقہ نے انکاری جواب دیا اور سامان درست کر کے جسر صرصر کی جانب کوچ کر دیا۔ بغداد کی خطبوں سے سلاطین کے نام نکال ڈالے گئے، صرف خلافت مآب کی دعا پر اکتفا کیا گیا۔

سیف الدولہ اور ایلغازی کا اتحاد: سیف الدولہ نے صرصر میں پہنچ کر ایلغازی اور عثمان کے پاس کہلا بھیجا کہ میں تمہاری امداد کو آتا ہوں۔ ایلغازی اور عثمان یہ سن کر لوٹ پڑے اور سب کے سب مل جل کر دجیل کے تمام [illegible] دیہاتوں کو لوٹنے لگے۔ قتل و غارت کی گرم بازاری شروع ہو گئی۔ عربوں اور کردوں نے جو سیف الدولہ کے امراء تھے ظلم ڈھان[illegible] الغرض خلیفہ مستظہر نے سیف الدولہ کو اس طوفان بے تمیزی کی روک تھام اور امن قائم کرنے کو لکھا۔ [illegible] دجیل کے دیہاتوں کو تاخت و تاراج کر کے ان لوگوں نے [illegible] میں پہنچ کر قیام کیا۔ عوام الناس تو ان سے برہم ہی تھا۔ [illegible] کر [illegible] جنگ آئے جدال و قتال پر آمادہ ہو گئے۔ ہنگامہ کارزار گرم ہونے کو تھا کہ خلافت مآب نے قاضی القضاۃ ابو الحسن دامغانی اور تاج الرؤسا ابن موصلایا کو سیف الدولہ کے پاس اس ہنگامہ کے روکنے کو روانہ کیا۔ سیف الدولہ نے یہ شرطیں پیش کیں: (۱) کمشتکین قیصرانی کو جو برکیاروق کی طرف سے بغداد کا شحنہ ہے نکال دیا جائے (۲) جامع بغداد میں سلطان محمد کے نام کا پھر خطبہ پڑھا جائے۔ خلافت مآب نے دونوں شرطوں کو منظور فرمایا۔

کمشتکین کی امان کی درخواست: چنانچہ کمشتکین نے بغداد سے نکل کر نہروان کا راستہ لیا اور سیف الدولہ نے حلہ کی جانب مراجعت کی۔ اس پر جامع بغداد میں سلطان محمد کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ ادھر کمشتکین نے واسط میں پہنچ کر سلطان برکیاروق کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ سیف الدولہ اور ایلغازی کو اس کی خبر لگی، فوراً اپنی فوجوں کو مرتب کر کے واسط پر جا آئے۔ کمشتکین نے واسط چھوڑ دیا۔ سیف الدولہ نے تعاقب کیا بالآخر کمشتکین نے امن کی درخواست کی اور امن حاصل کرنے کے بعد سیف الدولہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ سیف الدولہ عزت و احترام سے پیش آیا۔ واسط میں بھی سلطان محمد کے نام کا خطبہ پڑھا گیا اور سلطان محمد کے بعد سیف الدولہ اور ایلغازی کا نام داخل کیا گیا۔ اس کے بعد تمام امیروں نے اپنے بیٹوں کو واسط میں نائب بنایا۔ ایلغازی نے بغداد کی جانب مراجعت کی اور سیف الدولہ نے حلہ کی طرف۔ چونکہ اتفاقات و وجوہات مذکورہ بالا سے خلافت مآب کو سیف الدولہ سے کشیدگی پیدا ہو گئی تھی اس وجہ سے سیف الدولہ نے واسط سے واپسی کے وقت اپنے بیٹے منصور کو بغداد روانہ کیا۔ خلافت مآب نے اس کی معذرت قبول فرمائی اور خوشنودی مزاج کا اظہار فرمایا۔

نیال کی شکست اور بغداد کو روانگی: رے میں سلطان برکیاروق کا خطبہ پڑھا جاتا تھا لیکن جب سلطان محمد کو محاصرہ اصفہان سے فرصت ملی تو نیال بن انوشتکین حسامی کو رے کی جانب اپنے نام کا خطبہ اور سکہ جاری کرنے کو روانہ کیا۔ نیال کے ہمراہ اس مہم میں اس کا بھائی علی بھی تھا۔ ان لوگوں نے رے میں پہنچ کر قبضہ کر لیا اور رعایا پر طرح طرح کے ظلم و ستم کرنے لگے۔ سلطان برکیاروق نے برسق بن برسق کو ایک عظیم لشکر کے ساتھ نیال کی سرکوبی کو روانہ کیا۔ رے کے باہر ایک میدان میں برسق اور نیال سے معرکہ آرائی ہوئی۔ سخت اور خونریز جنگ کے بعد ۱۵ ربیع الاول ۴۹۶ھ کو نیال اپنے بھائی علی کے

شکست کھا جائے گا۔ علی نے قزوین کا راستہ لیا اور نیال پہاڑی راستہ سے بغداد کی جانب روانہ ہوا۔ اثنائے راہ میں اس کے اکثر ہمراہی پہاڑ کے گڈھوں میں گر کر مر گئے۔ تھوڑا وقت گزرا تھا کہ سات سو سواروں کے ساتھ بغداد پہنچا۔ خلیفہ مستظہر عزت و تکلف سے پیش آیا۔ دو چار روز بعد جب نیال کے ہوش و حواس درست ہوئے اور سفر کی ماندگی رفع ہوئی تو اس نے ایلغازی اور سقمان پسران ارتق کو مشہد ابو حنیفہ میں جمع کیا اور سلطان محمد کی اطاعت کی قسم کھائی۔ بعد ازاں سب کے سب سیف الدولہ کے پاس گئے اور اس سے بھی سلطان محمد کی اطاعت کا حلف لے کر واپس آئے۔

نیال کے جبر و تشدد کا استعمال: نیال نے بغداد میں پہنچ کر ایلغازی کو شحنگی سے خارج کیا۔ چونکہ تاج الدولہ تتش کی زیر تربیت میں رہا تھا اور حسب عادت قدیمہ لوگوں پر ظلم و ستم کرنے لگا۔ ارکان دولت اور امراء لشکر سے جرمانے اور تاوان وصول کرنے لگا۔ اس کے مصاحبوں اور لشکریوں نے بھی قتل و غارت گری کا ہاتھ بڑھایا۔ جو شخص ان لوگوں کو ذرا بھی قتل و جرح سے روکتا اس کو زندگی دوبھر ہو جاتی۔ خلیفہ مستظہر نے قاضی القضاۃ ابوالحسن دامغانی کو نیال کے پاس ان افعال قبیحہ اور حرکات ظالمانہ کی ممانعت کو بھیجا۔ نیال نے قسم کھائی کہ آئندہ میں ایسے افعال کا جس سے خلافت مآب کو ناراضگی پیدا ہو ارتکاب نہ کروں گا۔ مگر عہد پورا نہ کر سکا۔ بدستور اسی روش پر قائم رہا۔ خلافت مآب نے اسی قسم کا پیام ایلغازی کے پاس بھی بھیجا تھا۔ اس نے بھی خلافت مآب اور سلطان محمد کی اطاعت کا اقرار کیا۔ قسم کھائی لیکن اس کے مصاحبوں اور لشکریوں کے ہاتھ ظلم و ستم سے نہ رکے تب خلافت مآب نے سیف الدولہ کو ان لوگوں کے ظلم و ستم اور ظالمانہ حرکات کو روکنے کو بلا بھیجا۔ سیف الدولہ نے ماہ رمضان میں بغداد کی جانب کوچ کیا اور ماہ شوال ۴۹۵ھ میں وارد بغداد ہو کر مقام نجمی میں خیمہ زن ہوا۔ نیال و ایلغازی کو طلب کر کے نصیحت و فہمائش کی اور ان کو عراق سے کوچ کر جانے پر مجبور کیا۔ نیال نے مہلت مانگی۔ سیف الدولہ نے اس کو مہلت دی اور حلہ کی جانب واپس ہوا۔ اس کے بعد نہم ذیقعدہ سنہ مذکور کو نیال نے اوانا کی طرف کوچ کیا اور اہل اوانا کے ساتھ بھی وہی افعال قبیحہ اور حرکات ظالمانہ کیں جو اہل بغداد کے ساتھ کر رہا تھا بلکہ اس سے بھی زیادہ ظلم و ستم ڈھانے لگا۔ خلافت مآب نے سیف الدولہ کو پھر ان کی شکایت لکھ بھیجی۔ سیف الدولہ نے ایک ہزار سوار بھیج دیئے جو خلیفہ مستظہر کے مصاحبوں اور ایلغازی شحنہ بغداد کے ہمراہ نیال کے پاس گئے۔ نیال ان لوگوں سے روبرو سلطان محمد کے دربار میں حاضر ہونے کو آذربائیجان کی طرف نکل کھڑا ہوا۔ اور ایلغازی مع اپنی فوج کے بغداد واپس آیا۔

نیال کا رے پر قبضہ: کچھ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ رے پر سلطان محمد کا قبضہ تھا جہاں پر اس کا ایک لشکر بافسری امیر عز علی بار کرتا تھا۔ سلطان محمد اصفہان میں ایک مدت سے محصور تھا۔ امیر عز علی مع اپنی فوج کے سلطان محمد کی کمک کو اصفہان کی طرف روانہ ہوا۔ اس کے ہمراہ منصور بن نظام الملک اور محمد بن مؤید الملک بن نظام الملک بھی تھا۔ ۲۰ ذی الحجہ ۴۹۵ھ کو یہ لوگ رے پہنچے۔ برکیاروق کے لشکر نے رے چھوڑ دیا۔ اس کے بعد سلطان محمد کو محاصرہ اصفہان سے نجات ملی۔ ہمدان میں ان لوگوں کو سلطان محمد کی ملازمت حاصل ہوئی۔ سلطان محمد کے ساتھ نیال اور علی پسران انوشتکین بھی تھے۔ چھ ہزار سواروں کی جمعیت سے ان لوگوں کو سلطان محمد نے نیال کو مع اس کے بھائی علی کے رے کی جانب روانہ کیا۔ سلطان برکیاروق کا لشکر نیال کی آمد کی خبر پا کر رے چھوڑ کر بھاگ گیا۔ نیال نے رے پر قبضہ کر لیا جیسا کہ ابھی آپ اوپر پڑھ آئے ہیں اسی واقعہ کے بعد ہمدان میں ان لوگوں کو یہ خبر لگی کہ سلطان برکیاروق کا لشکر اہل رے کی حمایت کو آ گیا ہے۔ سلطان محمد نے بلاد خراسان کا قصد کیا۔ بلاد رے

دربیل پہنچا۔ مودود بن اسماعیل بن یاقوتی امیر طلان (صوبہ آذربائیجان) نے سلطان محمد کو بلا بھیجا۔ سلطان محمد نے سلطان میں قدم رکھا ہی تھا کہ ۱۵ ربیع الاول ۴۹۹ھ میں مودود کا انتقال ہو گیا۔ پس اس کے کل لشکریوں اور وزراء امراء نے سلطان محمد کی اطاعت قبول کر لی۔ از انجملہ سقمان قطبی والی خلاط اور بیتحہ محمد بن یاغیسان (اس کا باپ والی انطاکیہ تھا) اور ایلپ ارسلان بن سبع احمر تھا۔

باب خوی کا معرکہ: سلطان برکیاروق نے ان لوگوں کے اجتماع سے مطلع ہو کر لشکر کو تیاری کا حکم دیا اور نہایت تیزی سے فوج کو آراستہ کر کے کوچ و قیام کرتا ہوا سلطان محمد کے قریب پہنچ گیا۔ آذربائیجان کے باب خوی پر دونوں سلطانوں کا مقابلہ ہوا۔ مغرب سے عشاء کے وقت تک گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی۔ آخر میں سلطان برکیاروق کی طرف سے ایاز نے سلطان محمد کے لشکر پر حملہ کیا سلطان محمد شکست کھا کر خلاط کی جانب بھاگا۔ امیر سقمان بھی اس کے ہمراہ تھا۔ امیر علی والی ارزن روم نے اس سے ملاقات کی۔ بعد ازاں آنی کی جانب روانہ ہو گیا۔ منوچہر برادر فضلون روادی اس شہر کا حاکم تھا پھر وہاں سے تبریز چلا آیا۔ محمد بن موید الملک بن نظام الملک بھی اس جنگ میں سلطان محمد کے لشکر کے ساتھ تھا۔ شکست کے بعد سلطان محمد نے دیار بکر میں جا کر دم لیا۔ چند روز دیار بکر میں قیام کر کے بغداد کی طرف روانہ ہو گیا۔

محمد بن موید الملک: محمد زمانہ حیات موید الملک میں مدرسہ نظامیہ کے قریب بغداد میں رہا کرتا تھا ہمسائیوں کے ساتھ کچھ زیادتی کی ہمسائیوں نے اس کے باپ موید الملک سے اس کے ظلم و جور کا شکوہ کیا۔ موید الملک نے کوہر آئین کو اس کے گرفتار کرنے کو لکھ بھیجا۔ محمد کو خبر لگ گئی دار الخلافت میں جا کر پناہ گزیں ہو گیا۔ بعد ازاں ۴۹۲ھ میں مجد الملک باسلانی کے پاس چلا گیا۔ ان دنوں اس کا باپ موید الملک سلطان محمد کے پاس گنجہ میں سلطنت و بادشاہی کی ہوس میں تھا۔ مجد الملک باسلانی کے مارے جانے کے بعد محمد اپنے باپ موید الملک کے پاس جا پہنچا اس وقت موید الملک سلطان محمد کی وزارت کر رہا تھا جب اس کا باپ موید الملک مارا گیا تب بھی اس نے سلطان محمد کا ساتھ نہ چھوڑا اور ان لڑائیوں میں شریک رہا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔ سلطان برکیاروق شکست کے بعد سلطان محمد سے علیحدہ ہو کر تبریز ایک پہاڑ پر جا کر مقیم ہوا ایک برس تک وہاں قیام پذیر رہا۔

وزیر سدید الملک کی معزولی: خلیفہ مستظہر نے عمید الدولہ وزیر کی معزولی کے بعد سدید الملک ابو المعالی بن عبد الرزاق ملقب بہ عضد الدین کو قلمدان وزارت سپرد فرمایا۔ جب ۴۹۶ھ میں اسے گرفتار کر کے مع اس کے اہل و عیال کے دار الخلافت میں قید کر دیا۔ اس کے اہل و عیال اصفہان سے اتفاقاً آ گئے تھے جو اس بلائے ناگہانی میں مبتلا ہو گئے۔ اس کی معزولی کا سبب یہ ہے کہ وزیر سدید الملک مجلس شوریٰ کے قواعد سے ناواقف تھا۔ اس کی ساری عمر سلاطین کی ملازمت میں بسر ہوئی تھی۔ اسی قسم کی خدمتوں اور امیروں کا عادی و خوگر ہو رہا تھا اور مجلس شوریٰ خلافت کا یہ طور اور طریقہ نہ تھا۔

---

[1] مودود کا باپ اسماعیل سلطان برکیاروق کا ماموں تھا۔ تھوڑے دنوں بعد کسی وجہ سے برکیاروق کی ماں نے برکیاروق کی مخالفت کی بنا پر اسماعیل نے اس کو قتل کر دیا۔ مودود کو اسی وجہ سے برکیاروق سے مخالفت پیدا ہو گئی۔ علاوہ ازیں اس کی بہن سلطان محمد سے بیاہی ہوئی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ اس نے سلطان محمد کو بلا بھیجا تھا۔ مترجم

ابوالقاسم بن جہیر کا عہدۂ وزارت پر تقرر: وزیر مذکور کی گرفتاری کے بعد خلافت مآب نے امین الدولہ ابوسعد بن موصلایا کو مجلس شوریٰ کا ناظر مقرر کیا اور زعیم الرؤساء ابوالقاسم بن جہیر کو حلہ سے طلب فرمایا۔ ارباب دولت اور اراکین سلطنت نے استقبال کیا۔ دربار خلافت سے خلعت وزارت مرحمت ہوئی۔ قوام الدولہ کا خطاب عنایت ہوا۔ زعیم الرؤساء ابوالقاسم امین الدولہ ابوسعد مذکور کا بھتیجا زادہ تھا۔ چونکہ ابوالحسن وزیر سلطان برکیاروق، ابوالقاسم کو سلطان محمد کی طرف داری سے متہم کر رہا تھا اور یہ الزام بھی اس کے سر تھوپ رہا تھا کہ یہ خلیفہ مستظہر کو سلطان محمد کے نام کا خطبہ پڑھے جانے پر آمادہ کر رہا ہے اس وجہ سے گذشتہ سال میں بخوف سلطان برکیاروق بغداد سے حلہ چلا گیا اور سیف الدولہ کے پاس جا کر پناہ گزیں ہوا باقی رہا اس کا ماموں امین الدولہ ابوسعد، اس نے بھی مجلس شوریٰ کی نظارت چھوڑ دی اور عافیت نشین ہو گیا۔

ابوالقاسم کی معزولی اور بحالی: پانچویں صدی کے آخر میں زعیم الرؤساء معزول کیا گیا۔ بخوف گرفتاری سیف الدولہ صدقہ بن منصور کے مکان میں جو بغداد میں تھا جا کر پناہ گزیں ہوا۔ سیف الدولہ نے اس کو بحفاظت تمام حلہ بلوا لیا۔ یہ واقعہ زعیم الرؤساء کی وزارت کے تین برس چھ مہینے بعد وقوع میں آیا تھا۔ قاضی ابوالحسن دامغانی چند روز اس کی قائم مقامی کرتا رہا۔ بعدہ ابوالمعالی بن محمد بن مطلب ماہ محرم ۵۰۱ھ میں عہدۂ وزارت سے ممتاز ہوا۔ محرم ۵۰۲ھ میں باشارہ سلطان محمد معزول کیا گیا مگر اس شرط پر کہ آئندہ عدل و انصاف سے کام لے گا، رعایا کے ساتھ ظلم و ستم سے پیش نہ آئے گا اور ذمیوں میں سے کسی کو ذمہ داری کا عہدہ نہ دے گا، پھر عہدۂ وزارت پر باجازت سلطان مذکور بحال ہوا اور جب ۵۰۳ھ میں پھر معزول کیا گیا۔ اس کے بعد بجائے ابوالقاسم بن جہیر عہدۂ وزارت پر مامور ہوا۔ ۵۰۷ھ تک وزارت کرتا رہا۔ بعدہ ربیب ابو منصور بن وزیر ابوشجاع محمد بن حسین وزیر سلطان الپ ارسلان وزارت کا مستحق قرار پایا۔

برکیاروق و محمد میں مصالحت: کئی سال گزر گئے اور دونوں سلطانوں (برکیاروق و محمد) میں جدال و قتال کا سلسلہ منقطع نہ ہوا۔ قتل و خونریزی کی اس قدر کثرت ہوئی کہ اکثر قصبے اور شہر ویران و خراب ہو گئے۔ امراء و حکام نے اپنی اپنی حکومت کا علیحدہ علیحدہ دم بھرنا شروع کر دیا حالانکہ اس سے قبل وہ حکومت سلجوقیہ کے تابع اور مطیع تھے۔ سلطان برکیاروق کا دارالحکومت رے تھا۔ رے سے جبل، طبرستان، خوزستان، فارس، دیار بکر، جزیرہ اور حرمین شریفین میں برکیاروق کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا تھا اور سلطان محمد نے آذربائیجان کو اپنا مستقر حکومت بنا رکھا تھا۔ آذربائیجان، بلاد اران، آرمینیہ، اصفہان اور باستثنائے بغداد کل عراق میں سلطان محمد کا سکہ چلتا تھا اور اسی کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا تھا۔ بعض جگہ ایسی بھی تھیں کہ بعض مقامات پر سلطان برکیاروق کا تسلط تھا اور بعض مقامات پر سلطان محمد کا۔ بصرہ میں دونوں سلطانوں (برکیاروق و محمد) کا خطبہ پڑھا جاتا تھا باقی رہا خراسان اس کی کیفیت یہ تھی کہ جرجان سے ماوراء النہر تک سنجر برادر سلطان محمد کے قبضے میں تھا اور خطبوں میں سلطان محمد کے سنجر کا نام لیا جاتا تھا۔ سلطان برکیاروق ان امور پر نیز امراء و حکام کے ظلم و غارت مال و خرابی ملک کا احساس کر کے صلح کی جانب مائل ہوا۔ قاضی ابوالمظفر جرجانی حنفی اور ابوالفرج احمد بن عبدالغفار ہمدانی معروف بہ صاحب قراتگین کو اپنے بھائی سلطان محمد کے پاس مصالحت کرنے کی غرض سے روانہ کیا۔ مقام مراغہ میں سلطان محمد سے ملاقات ہوئی۔

صلح نامہ کی شرائط: ان لوگوں نے پہلے سلطان برکیاروق کا پیغام مصالحت پہنچایا بعدہ مصالحت کے فوائد، نااتفاقی کے نقصانات کو وعظ و پند کے پیرایہ میں بیان کیا۔ سلطان محمد ان لوگوں کے وعظ و نصائح سے متاثر ہو کر مصالحت پر آمادہ ہو گیا۔

چنانچہ ان شرائط سے دونوں بھائیوں میں مصالحت ہوگئی۔

1) یہ کہ سلطان برکیاروق سلطان محمد کے علم و طبل سے مزاحم و متعرض نہ ہو۔
2) یہ کہ فریقین کے بلاد مقبوضہ میں دونوں سلطانوں کا نام خطبہ میں داخل رہے۔
3) یہ کہ دونوں سلطانوں میں [illegible] کے توسط سے خط و کتابت کی جائے، بلکہ ان کے وزیر ایک دوسرے کو خط لکھا کریں گے۔
4) یہ کہ کسی فریق کو اجازت نہ ہو کہ وہ کسی لشکری کو اپنا نوکر رکھ لے جو دوسرے سلطان کے پاس سے چلا جائے۔
5) یہ کہ نہر اسفید رود سے جانب باب الابواب دیار بکر، جزیرہ، موصل اور شام پر سلطان محمد کا قبضہ و تصرف رہے اور بنی صدقہ کا مقبوضہ بھی سلطان محمد کے تحت قبضہ رہے۔
6) یہ کہ علاوہ ان کے دوسرے شہر کل ممالک اسلامیہ سلطان برکیاروق کو دے دیئے جائیں۔

محمد کی اصفہان سے روانگی: مصالحت ہونے کے بعد سلطان محمد نے اپنے امراء کو اصفہان میں خط لکھ بھیجا کہ سلطان برکیاروق کے امراء کو شہر سپرد کر دو اور خود چلے آؤ۔ سلطان برکیاروق نے ان لوگوں کو بخوشی اپنی خدمت میں رکھنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا مگر ان لوگوں نے منظور نہ کیا اور سب کے سب اصفہان کو سلطان برکیاروق کے حوالے کر کے سلطان محمد کی طرف چلے آئے۔ ان لوگوں کے ساتھ سلطان محمد کے اہل و عیال بھی تھے۔ سلطان برکیاروق نے نہایت عزت و احترام سے ان کو ٹھہرایا اور بہت سا سامان سفر مرحمت فرما کر اپنے بھائی کے اہل و عیال کو رخصت کیا۔ حفاظت و خدمت کی غرض سے ایک فوج کو بھی ان کے ہمراہ متعین کر دیا۔

ایلغازی شحنہ بغداد اور سیف الدولہ: اس کے بعد سلطان نے دربار خلافت میں ایک عرضی داشت بھیجی جس میں مصالحت اور شرائط صلح کو تحریر کیا تھا۔ ایلغازی شحنہ بغداد نے دربار خلافت میں حاضر ہو کر سلطان برکیاروق کے نام کا خطبہ پڑھے جانے کی درخواست کی۔ خلافت مآب نے اجازت دی۔ چنانچہ بغداد اور واسط کے منبروں پر جمادی الاولیٰ ۴۹۷ھ میں سلطان برکیاروق کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ امیر سیف الدولہ صدقہ والی حلہ نے اس کی مخالفت کی اور خلافت مآب کو لکھ بھیجا کہ ایلغازی کو بغداد سے نکال باہر کیجئے، میں عنقریب آنے والا ہوں۔ امیر سیف الدولہ سلطان محمد کا ہوا خواہ تھا۔ ایلغازی نے یہ خبر پا کر ترکمانوں کو جمع کیا اور بغداد کو چھوڑ کر عقرقوبا میں جا ٹھہرا۔ سیف الدولہ اپنا لشکر لیے ہوئے بغداد پہنچا اور [illegible] کے مقابلہ میں خیمہ زن ہوا۔ ایلغازی نے معذرت کی اور کہلا بھیجا کہ میں نے سلطان برکیاروق کی اطاعت اس وجہ سے کی ہے کہ سلطان محمد نے مصالحت کر لی ہے۔ علاوہ اس کے بغداد جاگیر ہے اور باہم مصالحت سلطان برکیاروق کا بلا شرکت تسلیم کیا گیا ہے اور بغداد بھی [illegible] سلطان مذکور کے بلاد میں شامل ہے۔ سیف الدولہ نے معذرت قبول کر لی اور راضی ہو کر حلہ واپس آیا۔ ماہ ذیقعدہ ۴۹۷ھ میں خلافت مآب نے سلطان برکیاروق، امیر ایاز اور وزیر ابوالمحاسن کو خلعتیں روانہ کیں اور ساتھ ہی اس کے منشور حکومت و سلطنت بھی بھیجی۔ سلطان برکیاروق اور اس کے امراء نے خلعت کو آنکھوں سے لگایا، سروں پر رکھا اور خلافت مآب کی اطاعت و فرمانبرداری کی قسمیں کھائیں۔

دبیس کی سرکشی اور فرار: اس کے بعد ماہ جمادی الآخر ۵۲۳ھ میں سلطان محمود نے ہمدان کی طرف کوچ کیا۔ اتفاق وقت سے ہمدان میں پہنچ کر علیل ہو گیا۔ دبیس کو موقع مل گیا۔ عراق جا پہنچا۔ خلیفہ مسترشد نے اس کے مقابلہ اور مدافعت کی تیاری کی۔ دبیس سے اعراض کر کے حلہ کا راستہ لیا۔ [illegible] نے [illegible]۔ [illegible] دبیس نے رمضان ۵۲۳ھ میں حلہ میں داخل ہو کر قبضہ کر لیا۔ سلطان محمود نے [illegible] امیر [illegible] اور امیر احمد یلی کو حلہ کی طرف روانہ کیا۔ [illegible] نے دبیس کی حفاظت اور [illegible] کی ذمہ داری لی تھی۔ دبیس نے یہ خبر پا کر خلیفہ مسترشد کو اپنے موافق بنانے کی کوشش کی۔ [illegible] خوشامد کی عرضیاں بھیجیں۔ خط و کتابت کا سلسلہ شروع ہوا۔ [illegible] دبیس اپنی تدبیر [illegible] تھا اسباب جنگ اور روپیہ فراہم کرتا جاتا تھا [illegible] اس کی فوج کی تعداد دس ہزار تک پہنچ گئی۔ اس عرصہ میں [illegible] ماہ شوال میں بغداد پہنچا اور فوراً دبیس کے تعاقب میں روانہ ہوا بعد ازاں ماہ ذیقعدہ میں سلطان [illegible] بغداد پہنچا دبیس نے نذرانے اور تحائف پیش کر کے معافی تقصیر کی درخواست کی۔ سلطان محمود نے معافی تقصیر سے انکار کیا۔ دبیس [illegible] حلہ کو خیرباد کہہ کر بصرہ کا راستہ لیا اور جس قدر بصرہ میں خلافت مآب اور سلطنت [illegible] کا مال و اسباب تھا سب پر قبضہ کر لیا سلطان محمود یہ خبر پا کر [illegible] گھبرا [illegible]۔ اسی وقت اس کے تعاقب پر ایک فوج متعین کی۔ دبیس نے یہ خبر پا کر بصرہ کو چھوڑ دیا جنگل اور بیابانوں کی خاک چھانتا [illegible]۔

سلطان داؤد کی تخت نشینی: ماہ شوال ۵۲۵ھ میں سلطان محمود نے اپنی حکومت کے [illegible] سال [illegible] وفات پائی۔ بہ اتفاق رائے وزیر السلطنت ابوالقاسم [illegible] اور اتابک آقسنقر احمد یلی، سلطان محمود کا بیٹا داؤد مسند حکومت پر متمکن کیا گیا۔ تمام بلاد جبل اور آذربائیجان میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ جب سلطان کی تخت نشینی [illegible] ہمدان [illegible] اطراف

جواب میں بھیجے اور قلعہ جات پر بادشاہ کا گورنر [illegible] ہو گئے۔ [illegible] دارالخلافت اس خیال سے کہ آئندہ کوئی خطرہ واقع نہ ہو [illegible] اسباب [illegible] سلطان سنجر کے پاس رے چلا گیا۔ اس کے بعد سلطان داؤد نے بادشاہ **عراق عجم** میں ہمدان سے ترکستان کی جانب کوچ کیا اور دارالخلافت میں اپنے نام کا خطبہ پڑھے جانے کی درخواست کی۔

سلطان داؤد اور ملک مسعود کی جنگ و مصالحت اسی اثناء میں یہ خبر مشہور ہوئی کہ داؤد کا چچا ملک مسعود [illegible] سے تبریز چلا آیا ہے اور اس کا قصد ہے [illegible] کہ فوج [illegible] کا محاصرہ کر لیا اور [illegible] تبریز پہنچ کر آذربائیجان [illegible] میں شہر کا محاصرہ کر لیا۔ چنانچہ [illegible] میں لڑائی شروع ہوئی آخر کار دونوں میں مصالحت ہوگئی۔ داؤد نے تبریز سے محاصرہ اٹھا کر ہمدان کی جانب کوچ کیا اور ملک مسعود تبریز سے باہر نکل کر اسی [illegible] میں مصروف ہوا۔ تھوڑے دنوں میں جب ایک عظیم الشان لشکر جمع ہوگیا تو سلطان داؤد کی مخالفت کا علم بلند کرکے ہمدان کی جانب کوچ کیا۔ خلیفہ مسترشد کے پاس قاصد بھیجا کہ میرے نام کا خطبہ جامع مسجد بغداد میں پڑھے جانے کی اجازت دی جائے۔ دربار خلافت سے جواب آیا کہ سلطان سنجر والی خراسان کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا ہے اس کے بعد جو شخص مستحق سمجھا جائے گا اس کے نام کا خطبہ پڑھا جائے گا۔ اس جواب کے ساتھ ہی ملک مسعود کے پاس بھی ایک یادداشت [illegible] کا نام [illegible] پڑھا جانا مناسب ہے اور [illegible] اس کا حق نہیں پہنچتا ہے اس یادداشت [illegible] ہاتھ آ گیا اس کے بعد ملک مسعود نے عماد الدین زنگی والی موصل سے امداد طلب کی۔ عماد الدین زنگی نے امداد و اعانت کا اقرار کیا اور لشکر تیار کرکے ملک مسعود کی جانب کوچ کیا [illegible] تک پہنچا۔

ملک طغرل کی بغداد میں آمد اسی عرصہ میں قراجا ساقی والی فارس و خوزستان ہمراہی ملک طغرل شاہ ابن سلطان محمد ایک لشکر لیے ہوئے بغداد پہنچ گیا اور دارالخلافت میں حاضر ہو کر خلافت مآب سے [illegible] سے ملاقات کی اور [illegible] کے لیے اس سے [illegible] اس کے بعد ملک مسعود نے بھی [illegible] پڑاؤ کیا۔ ملک طغرل نے یہ خبر پاکر مقابلہ کی غرض سے لشکر تیاری کا حکم دیا۔ [illegible] عماد الدین زنگی [illegible] قراجا ساقی نے زنگی کی روک تھام کر [illegible] کو بھیج دیا۔ زنگی اور قراجا ساقی میں [illegible] ہو گئی۔ ایک خونریز جنگ کے بعد زنگی کا لشکر بھاگ کھڑا ہوا۔ زنگی اپنی جان بچا کر تکریت کی طرف بھاگا۔ [illegible] قلعہ تکریت کا حاکم نجم الدین ایوب پدر سلطان صلاح الدین یوسف تھا اس نے زنگی کو عبور کرنے [illegible] قراجا [illegible] زنگی نے [illegible] دریا کو عبور کیا اور [illegible] اپنا راستہ لیا۔

ملک مسعود اور خلیفہ کے مابین معاہدہ اس کے بعد ملک مسعود بغداد سے اپنے بھائی ملک طغرل کے مقابلہ کو آیا اور [illegible] مقام پر [illegible] کہ [illegible] کہ زنگی [illegible] شکست کھا کر بھاگ گیا ہے۔ [illegible] اور خلافت مآب کو [illegible] سلطان سنجر بقصد بغداد عراق سے آ رہا ہے کہ خلافت مآب اور طغرل شاہ و قراجا ساقی مجھ سے مصالحت کر لیں اور میرے نام کا خطبہ پڑھا جائے [illegible] کہ سلطان سنجر عراق کا رخ نہ کرے [illegible] اس کے [illegible] کہ عراق پر خلافت مآب کا قبضہ و تصرف [illegible] کا خطبہ [illegible] خلافت مآب کے نام

[illegible] اسی شہر [illegible] وقت [illegible] تھا۔

وہ اب اس پر جس طرح چاہیں اپنا تصرف جاری کریں گو زمام حکومت میرے قبضہ قدرت میں رکھی جائے اور سلجوق شاہ کی بابت یہ قرار دیا جائے کہ میرے بعد وہ وارث تاج و تخت ہوگا۔ خلافت مآب اور سلجوق شاہ نے اس مجلس میں آکر شرائط مصالحت منظور کر لیں۔ چنانچہ تکمیل معاہدہ کی غرض سے ملک مسعود ماہ جمادی الاولیٰ ۵۲۷ھ میں بغداد آیا صلح نامہ لکھا گیا اور مصالحت ہو گئی۔

ملک سنجر اور سلطان مسعود کی جنگ: آپ اوپر پڑھ آئے ہیں کہ سلطان محمود کے مرنے کے بعد اس کا بیٹا داؤد حکومت پر متمکن ہوا تھا۔ سپہ سالاران کے چچا ملک سنجر کو یہ گوارا نہ ہوا فوجیں مرتب کر کے ملک داؤد کو زیر کرنے کو بلاد جبال کی جانب کوچ کیا اس کے ہمراہ اس کا دوسرا برادر زادہ ملک طغرل بن سلطان محمد بھی تھا۔ رفتہ رفتہ ملک سنجر رے پہنچ گیا وہاں چند روز قیام کر کے ہمدان کا قصد کیا۔ سلطان مسعود کو اس واقعہ کی اطلاع ہوئی۔ فوجیں مرتب کر کے اپنے بھائی سلجوق شاہ اور قراجا ساقی کے ملک سنجر کی روک تھام کو بڑھا۔ خلیفہ مسترشد بھی جب وعدہ اس مہم میں شریک ہو کر سلطان مسعود کی مدد کے لیے روانہ ہوا۔

ملک سنجر نے ہمدان پہنچ کر دشمن کو علم بغاوت بلند کرتے ہوئے بغداد کی جانب بڑھنے کا قصد کیا۔ جس وقت سپاہ نے نہایت بے ترتیبی سے کوچ کیا بعد دو پڑاؤ کے بعد ان میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ مورخ کے بعد اس کو قتل کا حکم دیا اور اس کی روکی نے بغاوت کی اور تنظیم مستقیم نہ رہی خبر پا کر لوٹ گئی اور دشمن بغداد کی طرف بڑھے بعد ان دونوں سرکشوں اور باغیوں کی مدافعت کی غرض سے دار الخلافت کی جانب مراجعت فرمائی اور سلطان مسعود مع اپنے امراء و لشکر کے ملک سنجر سے جنگ کرنے کو آگے بڑھا۔ ملک سنجر ستر ہزار کی جمعیت سے بڑھا ہوا تھا۔ سلطان مسعود کا لشکر حریف کی کثرت سے گھبرا گیا چنانچہ قراجا ساقی پیچھے ہٹ آیا۔ جاسوسوں نے ملک سنجر کو اس کی خبر کر دی۔ اس وقت فوج کو تیاری کا حکم دے کر تعاقب میں اٹھ کھڑا ہوا۔

دینور کا معرکہ: ۸ رجب ۵۲۶ھ کو دونوں حریفوں کا مقام دینور میں مقابلہ ہوا۔ سلطان مسعود کے میمنہ پر قراجا ساقی اور امیر قزل تھا۔ میسرہ پر یرنقش بزدار اور یوسف چاؤش۔ چنانچہ قراجا ساقی نے دس ہزار فوج کی جمعیت سے ملک سنجر کے قلب لشکر پر حملہ کیا۔ ملک سنجر مقابلہ کرتا ہوا پیچھے ہٹا۔ حملہ آور دور تک چلی گئی مراجعت کی تو ملک سنجر کے میمنہ اور میسرہ نے میدان خالی دیکھ کر قراجا ساقی کو دونوں طرف سے گھیر لیا۔ گھمسان کی لڑائی ہونے لگی۔ قراجا ساقی زخمی ہو کر گھوڑے سے گرا۔ ملک سنجر کے سپاہیوں نے پہنچ کر گرفتار کر لیا۔ سلطان مسعود کا لشکر تتر بتر ہو کر بھاگ کھڑا ہوا۔ سلطان مسعود اور اس کے ہمراہی اس غیر متوقع شکست سے پریشان ہو کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ قراجا اور دیگر بعض امراء قتل ہوئے اور بعض گرفتار کر لئے گئے منجملہ ان میں یوسف چاؤش بھی تھا۔ فتح یابی جنگ کی بعد خاتمہ جنگ ملک سنجر نے لوگوں کی امن و امان کی اور قراجا کے قتل کا حکم دے دیا۔

ملک سنجر اور سلطان مسعود میں مصالحت: اس واقعہ کے بعد سلطان مسعود اپنے چچا ملک سنجر کی خدمت میں عذر خواہی کی غرض سے حاضر ہوا ملک سنجر عزت و توقیر سے پیش آیا گلے سے لگا کر پیشانی پر بوسہ دیا اپنے خاص خیمے میں ٹھہرایا اور نصیحتیں کیں۔ تھوڑے دنوں بعد مصالحت پر رضا مندی ظاہر کی اور سند امارت عطا فرما کر گنجہ کی جانب واپس کیا۔ باقی ماندہ امراء اور

اور ملک طغرل اس کو مسند حکومت پر متمکن کر کے وزارت کا قلمدان ابوالقاسم انساباذی کو مرحمت کیا جو اس سے پہلے سلطان محمود کا وزیر تھا۔ چنانچہ ملک طغرل اپنے چچا ملک سنجر سے رخصت ہو کر خراسان کی جانب لوٹا۔ ۲۰ رمضان ۵۲۶ھ کو نیشاپور پہنچا۔

دبیس کی شکست اور فرار: خلافت مآب نے جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں دبیس اور زنگی کی مدافعت کی غرض سے بغداد کی طرف مراجعت کی تھی بغداد پہنچ کر خبر موصول ہوئی کہ سلطان محمود کو بمقابلہ ملک سنجر شکست ہوئی۔ خلافت مآب نے پیشتر فوج کو تیاری کا حکم دیا اور غربی ساحل کو عبور کر کے عباسیہ کی طرف روانہ ہوا۔ ۲۷ رجب ۵۲۶ھ کو قطربل کے مقام پر زنگی اور دبیس سے مڈبھیڑ ہوئی۔ خلافت مآب کے میمنہ پر جمال الدولہ اقبال تھا اور میسرہ پر مطر خادم۔ زنگی نے خلافت مآب کے میمنہ پر حملہ کیا۔ اقبال کے رکاب کی فوج مقابلہ میں کمزور پڑ گئی تو میدان جنگ سے بھاگنے کا قصد کیا۔ مطر نے بڑھ کر حملہ آور گروہ پر پشت سے حملہ کیا۔ خلافت مآب بھی نعرہ اللہ اکبر بلند کر کے حملہ آور ہوئے دبیس شکست کھا کر بھاگا۔ زنگی نے کمال استقلال سے مقابلہ کیا۔ زنگی کی کوشش کی لیکن فوج بھی ٹھنڈی پڑ جانے سے ایک لحظہ بھی خلافت مآب کی فوج کے مقابلہ پر ٹھہر نہ سکا۔ میدان کارزار اپنے مقابل حریف کے سپرد کر کے چلتا پھرتا نظر آیا۔

دبیس اور اقبال کی جنگ: دبیس نے شکست کھا کر حلہ میں جا کر دم ڈالا۔ حلہ اور اس کے کل مضافات پر اقبال کا قبضہ و دخل تھا اقبال نے یہ خبر پا کر دار الخلافت بغداد سے ایک تازہ دم فوج اپنی کمک پر طلب کر لی اور نہایت تیزی سے مسافت طے کر کے دبیس کے سر پر پہنچا۔ دبیس مقابلہ پر آیا۔ باہم لڑائی ہوئی آخر کار میدان جنگ اقبال کے ہاتھ رہا۔ دبیس نے بڑی جدوجہد سے اپنی جان بچائی بھاگ کر واسط پہنچا۔ تھوڑے دنوں میں اس کے لشکری اس کے پاس آ کر جمع ہو گئے۔ اسی زمانہ میں ۵۲۶ھ ختم ہو جاتا ہے۔ برسقی بوزابہ اور اقبال اپنی فوجیں مرتب کر کے دبیس کی سرکوبی کو آ جاتے ہیں دریا اور خشکی لڑائی چھڑ جاتی ہے۔ اہل واسط دبیس کے ہمراہ مقابلہ پر آتے ہیں لیکن شکست کھا کر بھاگ جاتے ہیں۔

ملک داؤد کی پسپائی: ملک طغرل کے مسند حکومت پر متمکن ہونے کے بعد ملک سنجر نے بوجہ بغاوت و سرکشی احمد خان والی ماوراء النہر خراسان کی جانب مراجعت کی۔ ان دنوں ملک داؤد بلاد آذربائیجان اور گنجہ میں تھا اس واقعہ سے مطلع ہو کر فوجیں فراہم کیں اور ان کو مرتب اور مسلح کر کے ہمدان کی طرف بڑھا۔ ملک طغرل بھی یہ سن کر اٹھ کھڑا ہوا۔ اس کے میمنہ پر ابن برتق تھا۔ میسرہ پر قزل۔ مقدمۃ الجیش پر قسنقر اور ملک داؤد کے میمنہ پر برسقی تھا۔ ۸ رمضان ۵۲۶ھ میں ہمدان کے قریب ایک قریہ میں دونوں کا مقابلہ ہوا۔ برسقی نے کسی مصلحت سے جنگ کے شروع کرنے میں تاخیر کی۔ ترکوں کو اس سے کچھ شبہ پیدا ہوا جمع ہو کر انہی کے خیمہ کو لوٹ لیا اس سے ملک داؤد کے لشکر میں ایک ہنگامہ برپا ہو گیا۔ تمام لشکر میں ہلچل مچ گیا اتابک آقسنقر احمدیلی خوف جان بھاگ کھڑا ہوا ساری فوج میں بھگدڑ مچ گئی حریف نے اس امر کا احساس کر کے حملہ کر دیا برسقی گرفتار کر لیا گیا۔ ملک داؤد موقع پا کر نکل بھاگا کچھ مدت تک ادھر ادھر مارا مارا پھرا بعد ازاں اپنے اتابک آقسنقر کے ساتھ بغداد پہنچا۔ خلافت مآب نے شاہی محل میں عزت و احترام سے ٹھہرایا۔

سلطان مسعود اور سلطان داؤد کا آذربائیجان اور ہمدان پر قبضہ: سلطان مسعود نے یہ سن کر کہ ملک داؤد کو

بحال ملک طغرل کو شکست ہوئی ہے اور وہ شکست کھا کر بھاگ گیا ہے۔ ہمدان کی جانب لوٹ گیا۔ رفتہ رفتہ قریب بغداد پہنچا۔ ملک داؤد نے بغداد سے نکل کر استقبال کیا۔ ایک دوسرے سے بغلگیر ہوئے پھر دونوں ساتھ ساتھ بغداد آئے۔ سلطان مسعود نے بغداد میں پہنچ کر ایوان شاہی میں قیام کیا۔ دارالخلافت بغداد کے منبروں پر اس کے نام کا خطبہ اس کے بعد ملک داؤد کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ بعد ازاں سلطان مسعود و ملک داؤد دربار خلافت میں حاضر ہوئے۔ باتفاق رائے خلافت مآب نے خلعت دیا۔ سلطان مسعود اور ملک داؤد آذربائیجان پر فوج کشی کی۔ یہ دربار خلافت سے ان لوگوں کو مالی و فوجی مدد دی جانے کی۔ چنانچہ اس رائے کے مطابق سلطان مسعود اور ملک داؤد آذربائیجان کی طرف روانہ ہوئے اور پہنچتے ہی قلعہ [illegible] پر قابض و متصرف ہو گئے۔ مقام اردبیل میں ملک طغرل کے چند سردار تھوڑی سی فوج کے ساتھ رہ گئے تھے۔ ان لوگوں نے ان لوگوں کو جا گھیرا۔ بعض ان میں سے چپ چاپ بھاگ گئے اور بعض قتل کر ڈالے گئے۔ بعد ازاں ان دونوں سرداروں نے ہمدان کا رخ کیا۔ ملک طغرل فوجیں مرتب کر کے مقابلہ پر آیا۔ لیکن پہلے ہی حملہ میں شکست کھا کر بھاگا۔ سلطان مسعود نے ہمدان میں داخل ہو کر اپنی فرمانروائی کا جھنڈا گاڑ دیا۔ اسی زمانہ میں آقسنقر کو ایک شخص نے جو فرقہ باطنیہ سے تھا قتل کر ڈالا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ قاتل نے سلطان مسعود کی سازش سے آقسنقر کو قتل کیا تھا۔

معرکہ رے اور ملک طغرل کی شکست: ملک طغرل نے شکست کھانے کے بعد رے کا قصد کیا۔ راستہ میں قم پہنچا جہاں بھی اس کو ناکامی کی صورت نظر آئی تو اصفہان کی جانب مراجعت کی۔ اس غرض سے کہ سلطان مسعود و ملک داؤد کے قبضہ سے بچا لے۔ سلطان مسعود کو یہ خبر ملی تو اصفہان کے محاصرے کو بڑھا۔ چونکہ طغرل کو اہل اصفہان کے قول و قسم کا اعتبار نہ تھا اس وجہ سے اس نے اصفہان کو چھوڑ کر پارس کا راستہ لیا۔ سلطان مسعود نے اصفہان سے روانگی کر کے ملک طغرل کا تعاقب کیا۔ ملک طغرل کے بعض امرائے لشکر نے گھبرا کر سلطان مسعود سے امان حاصل کر لی جو باقی رہ گئے ان میں سے ملک طغرل [illegible] ان لوگوں نے دیکھا گھبرا کر [illegible] ماہ رمضان [illegible] میں رے [illegible] تھا۔ سلطان مسعود تعاقب میں تھا۔ وہ بھی [illegible] رے پہنچا [illegible] ملک طغرل کو شکست ہوئی ایک گروہ اس کے سرداران لشکر کا گرفتار کر لیا گیا۔ سلطان مسعود نے مظفر و منصور ہمدان کی جانب مراجعت کی۔

جس وقت ملک طغرل [illegible] رے سے [illegible] اس کا [illegible] ڈالا گیا ہے

واقعہ ماہ شوال [illegible] کا ہے۔

خلیفہ مسترشد کا محاصرہ موصل اور مراجعت بغداد: جس وقت عماد الدین زنگی کو [illegible] خلیفہ مسترشد کو شکست ہوئی۔ جیسا کہ ہم ابھی اوپر بیان کر آئے ہیں تو عماد الدین زنگی نے موصل میں جا کر دم لیا اور سلاطین [illegible] ان میں باہم مخالفت پائی اور [illegible] ہو گئے اس وقت [illegible] خطرات سے بچنے کے خیال سے بغداد چلے آئے۔ ان لوگوں کے آ جانے سے خلیفہ مسترشد کے [illegible] قوت [illegible] آ گئی۔ خلیفہ مسترشد نے ایک بزرگ کو جو اس وقت سربرآوردہ و ذی اثر تھے عماد الدین زنگی کے پاس سمجھانے کو روانہ کیا۔ اس بزرگ سفیر نے زنگی کے پاس پہنچ کر [illegible] زنگی نے ان کی بے توقیری کی اور گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا۔ [illegible] خلیفہ مسترشد نے محاصرہ موصل کا قصد فرمایا۔

سلطان مسعود کو بھی اس کی تحریک کی۔ چنانچہ نصف ماہ شعبان ۵۲۶ھ میں بغداد سے تیس ہزار فوج کی جمعیت سے کوچ کیا۔ جس وقت موصل کے قریب پہنچا، زنگی نے موصل کو چھوڑ دیا اس کا نائب نصیر الدین جقر موصل میں ٹھہرا ہوا شہر کی حفاظت اور محاصرین کی مدافعت کرتا رہا۔ زنگی نے موصل سے نکل کر تکریت کے پاس جا کر قیام کیا اور بڑی ہوشیاری سے باہر کی رسد بندی کر لی کہ خلیفہ مسترشد کی امداد رسد کا سلسلہ منقطع ہو گیا جس سے خلافت مآب کو بہت سے امور میں صدمہ اٹھانا پڑا مگر پھر بھی تین ماہ تک موصل کا محاصرہ کیے رہا۔ جب کامیابی کی صورت نظر نہ آئی تو محاصرہ اٹھا کر دارالخلافت بغداد کی جانب مراجعت کی کوچ و قیام کرتا ہوا اسی سنہ کے یوم عرفہ کو بغداد میں پہنچ گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مطر خادم نے سلطان مسعود کے لشکر گاہ سے حاضر ہو کر یہ گزارش کر دی تھی کہ سلطان مذکور عراق کا قصد کر رہا ہے اس وجہ سے خلافت مآب نے موصل کا محاصرہ چھوڑ کر دارالخلافت کی جانب معاودت فرمائی تھی۔

سلطان مسعود اور طغرل کی جنگ جس وقت سلطان مسعود نے طغرل کی شکست کے بعد ہمدان کی طرف مراجعت کی۔ تو خبر آئی کہ داؤد بن محمود (سلطان مسعود کا بھتیجا) آذربائیجان میں باغی ہو گیا ہے۔ مجبوراً لشکر دوبارہ مرتب کر کے کوچ کر دیا اور آذربائیجان کے ایک قلعے پر پہنچ کر اپنے بھتیجے کو محاصرے میں لے لیا۔ ملک طغرل کو موقع مل گیا۔ میدان خالی دیکھ کر بلاد جبل کی طرف قدم بڑھائے۔ رفتہ رفتہ فوجیں جمع ہو گئیں بلاد جبل کے اکثر شہروں کو فتح بھی کر لیا پھر کیا تھا حوصلے بڑھ گئے سلطان مسعود سے جنگ کرنے کی غرض سے قزوین پہنچا۔ سلطان مسعود بھی یہ خبر پا کر ملک طغرل کی سرکوبی کو آیا۔ چونکہ مقابلہ ہونے سے پہلے ملک طغرل نے سلطان مسعود کی فوج کے ایک حصہ کو ملا لیا تھا اس وجہ سے بوقت مقابلہ سلطان مسعود کی فوج بھاگ کھڑی ہوئی اس کے نتیجے میں سلطان مسعود کو آخری ماہ رمضان ۵۲۶ھ میں اپنے بھائی طغرل سے شکست اٹھانا پڑی۔

سلطان مسعود کی بغداد کو روانگی سلطان مسعود نے میدان جنگ سے شکست کھا کر بغداد کا راستہ لیا اور خلافت مآب سے دارالخلافت میں داخل ہونے کی اجازت طلب کی۔ ان دنوں اس کا نائب بقش سلاحی مع اس کے بھائی سلجوق شاہ کے اصفہان میں تھا۔ اس ناگہانی شکست کا حال سن کر یہ لوگ بھی بغداد چلے آئے تھے سلجوق شاہ نے بغداد پہنچ کر سرائے شاہی میں قیام کیا۔ خلافت مآب نے دس ہزار دینار خرچ کے لئے بھیج دیئے اس کے بعد سلطان مسعود بغداد میں داخل ہوا۔ راستہ میں اس نے بڑے بڑے مصائب اٹھائے۔ اس کے امیروں کے پاس کافی سواریاں نہ تھیں کچھ لوگ سوار تھے اور کچھ پیادے۔ خیمے بھی نہ تھے مال اور اسباب بھی لٹ گیا تھا۔ کسی کے بدن پر کپڑے ثابت نہ تھے۔ خلافت مآب نے خیمے مرحمت فرمائے۔ مال و اسباب اور روپیہ بھیجا اور عزت و احترام سے ٹھہرایا۔

سلطان مسعود کو خلیفہ کی اعانت غرض ۱۵ شوال ۵۲۶ھ کو سلطان مسعود نے بغداد میں داخل ہو کر دارالحکومت میں قیام کیا اور ملک طغرل اپنی کامیابی کا جھنڈا لئے ہوئے ہمدان میں ٹھہرا رہا۔ دارالخلافت بغداد میں پہنچ کر سلطان مسعود کے ہوش و حواس بجا ہوئے دربار خلافت میں خلافت مآب کی دست بوسی کو حاضر ہوا۔ خلافت مآب نے تسلی و تشفی دی اور یہ ارشاد فرمایا ”تم ناگہانی شکست سے برداشتہ خاطر نہ ہو کر ہمت باندھو اور پھر اپنے بھائی طغرل سے لڑنے کو اٹھو۔ بدولت و اقبال اس مہم میں بہ نفس نفیس تمہارے ساتھ چلنے کو تیار ہیں“۔ سلطان مسعود نے خلافت مآب کا شکریہ ادا کیا اور دربار خلافت سے

[illegible] خوشی سے اپنے دور حکومت میں آ گئے۔

طغرل کی وفات: امرائے سلجوقیہ کا ایک گروہ جو بقول [illegible] خطرات سے بچنے کے خیال سے خلافت مآب کی خدمت میں آ گیا تھا وہ سلطان مسعود کا ہمراہی [illegible] طغرل نے ان لوگوں سے خط و کتابت شروع کی اور [illegible] طغرل کا ایک خط جو ان [illegible] کے پاس آیا وہ اتفاق سے خلیفہ مسترشد کے ہاتھ لگ گیا۔ خلیفہ مسترشد کو سب کی طرف سے شک پیدا ہو گیا مگر صرف اس شخص کو جس کے نام خط آیا تھا گرفتار کر کے اس کا مال و اسباب ضبط کر لیا۔ جو باقی رہے وہ امرائے سلجوقیہ سلطان مسعود کے پاس بھاگ گئے۔ خلیفہ مسترشد نے [illegible] سلطان مسعود نے [illegible] اس سے باہم [illegible] پیدا ہوئی۔ اس کے بعد سلطان مسعود نے خلیفہ مسترشد سے ملک طغرل سے جنگ کرنے کے لیے [illegible] کی درخواست کی [illegible] تھا کہ ماہ محرم ۵۲۹ھ میں ملک طغرل کے مرنے کی خبر مشہور ہوئی۔ سلطان مسعود نے [illegible] ہمدان کی طرف کوچ کیا۔ فوجوں نے اطاعت کی گردنیں جھکا دیں۔ [illegible] غرض ملک مسعود [illegible] سلطان مسعود [illegible] حاصل کر لیا [illegible] اپنے اہل و عیال کے سلطان مسعود نے اکرام کیا تھا۔

خلیفہ مسترشد اور سلطان مسعود میں کشیدگی: ہمدان پر سلطان مسعود کے قابض ہونے پر امرائے سلجوقیہ [illegible] اشخاص کو سلطان مسعود سے منافرت و کشیدگی پیدا ہوئی [illegible] ہمدان اور [illegible] کے خلافت [illegible] لوگوں کے ساتھ [illegible] سلطان مسعود سے [illegible] خلافت مآب سے [illegible] خلیفہ مسترشد کی خدمت [illegible] کی [illegible] خلافت [illegible] اور کل امراء کا [illegible] خلیفہ مسترشد کی طرف سے [illegible] سلطان مسعود کے پاس [illegible] خلافت مآب نے ان لوگوں سے عزت و احترام سے ملاقات کی۔ اس سبب سے مابین خلافت مآب اور سلطان مسعود منافرت و کشیدگی پیدا ہو گئی۔

خلیفہ مسترشد کی بغرض جنگ بغداد سے روانگی: رفتہ رفتہ یہ منافرت اس حد تک پہنچی کہ خلافت مآب نے بقصد جنگ سلطان مسعود ماہ رجب ۵۲۹ھ میں بغداد سے خروج فرمایا۔ مقام شفیق میں پہنچ کر پڑاؤ کیا [illegible] بصرہ سے [illegible] اس سے بمقابلہ سلطان مسعود امداد دینے [illegible] اور امرائے سلجوقیہ جو خلافت مآب کے ہمرکاب تھے وہ خلافت مآب کو سلطان مسعود سے جنگ کرنے کو [illegible] رہے تھے [illegible] اس کے بعد [illegible] خلافت مآب نے بھی [illegible] کی طرف [illegible] امراء سے [illegible] فوج کی تعداد [illegible] خلافت مآب کی اطاعت و فرمانبرداری [illegible] سلطان مسعود [illegible] ان لوگوں

نے تالیف قلوب کی اور بہم آہنگ بنایا۔ وہاں لوگوں کے مل جانے سے اس کے لشکر کی تعداد پندرہ ہزار تک پہنچ گئی۔

معرکہ دیمرگ: خلیفہ مسترشد کی فوج کے بہت سے جنگ آزمودہ سپاہی سلطان مسعود کے لشکر میں آ گئے تو لشکر خلافت مآب کی رکاب میں صرف پانچ ہزار فوج باقی رہ گئی۔ ملک داؤد بن محمود نے آذربائیجان سے کہلا بھیجا "آپ سلطان مسعود کے لشکر سے مقابلہ کرنے کو دینور کا قصد فرمائیے" چنانچہ خلافت مآب نے بقصد جنگ سلطان مسعود دینور کی جانب کوچ کیا۔ ترکی امراء جو خلیفہ مسترشد کے ہمراہ تھے اور جن میں سے بعض میمنہ میں تھا۔ جاولی برکی امیر ساتھ اور میسرہ پر تھے۔ اتفاقاً وہ شخص جس کو خلیفہ مسترشد نے امرائے جنگ میں سے ممتاز کیا تھا اس نے باہم سازش سلطان مسعود کر رکھا تھا۔

خلیفہ مسترشد کی گرفتاری: ۱۰ رمضان ۵۲۹ھ کو دونوں حریف معرکہ آرا ہوئے۔ اثنائے جنگ میں میمنہ مسترشد کا کچھ لڑ کر چلا آیا۔ سلطان مسعود نے اپنے میمنہ کو بڑھنے اور میسرہ پر حملہ کرنے کا حکم دیا۔ خلیفہ مسترشد نے قلب لشکر کو میسرہ کی مدد پر بھیجا۔ سلطان مسعود نے فوراً قلب لشکر پر حملہ کر دیا۔ خلافت مآب کی فوج بھاگ کھڑی ہوئی۔ خلیفہ مسترشد مع ارکان کے گرفتار کر لئے گئے جن میں وزیر شرف الدین علی بن طراد زینبی، قاضی القضاۃ، خطیب، فقہاء اور شہود تھے۔ خلیفہ مسترشد ایک خیمہ میں اتارا گیا باقی عمائد و ارکان قید کر دیئے گئے۔ بعدہ سلطان مسعود نے میدان جنگ سے ہمدان کی جانب مراجعت کی۔

خلیفہ کی گرفتاری پر اہل بغداد کا ماتم اور خونریزی: اس کامیابی کے بعد سلطان مسعود نے امیر بک آبہ محمودی کو شحنہ مقرر کر کے بغداد کی جانب روانہ کیا اس کے ہمراہ عمید بھی تھا۔ آخری ماہ رمضان ۵۲۹ھ کو یہ بغداد پہنچا۔ خلیفہ مسترشد کے جس قدر املاک تھے سب کو ضبط کر لیا۔ غلہ اور اسباب خلافت کو لوٹ لیا۔ اس سے اہل بغداد کو سخت صدمہ ہوا۔ وہ اپنے خلیفہ کی گرفتاری پر رونے لگے۔ عورتوں نے واویلا کیا۔ عوام الناس منبر کی طرف دوڑ پڑے اور اس کو توڑ ڈالا۔ خطیب کو خطبہ پڑھنے نہ دیا۔ بازاروں میں کہرام مچ گیا۔ لوگ سروں پر خاک اڑاتے تھے۔ وہاں پہنچتے ہی شحنہ بغداد کی فوج سے باہم سخت ہنگامہ گرم ہوا۔ خونریزی کی نوبت آ گئی۔ شحنہ کی فوج اور عمید جب شہر چھوڑ کر بھاگ گئے اسی طرح کچھ مدت کے فتنہ و فساد کے بعد امن و عافیت کی صورت دکھائی دیتی تھی۔ انہی دنوں ماہ شوال ۵۲۹ھ میں یہ خبر مشہور ہوئی کہ ملک داؤد بن سلطان محمود نے مراغہ میں علم بغاوت بلند کیا ہے۔ چنانچہ سلطان مسعود فوجیں مرتب کر کے ملک داؤد سے جنگ کرنے کو روانہ ہوا اور خلیفہ مسترشد اس کے ساتھ ساتھ تھا۔ ان میں باہم مصالحت کے نامہ و پیام شروع ہوئے۔

سلطان مسعود اور خلیفہ مسترشد میں مصالحت: ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ سلطان مسعود مع خلیفہ مسترشد کے مراغہ کی جانب روانہ ہو گیا ہے اور خلیفہ مسترشد وہاں ایک علیحدہ خیمہ میں نظر بند کر دیا گیا ہے جس کی حفاظت پر ایک دستہ فوج متعین ہے۔ مراغہ کے پہنچنے کے وقت سے سلطان مسعود اور خلیفہ مسترشد میں مصالحت کی گفتگو شروع ہوئی آخرکار ان شرائط پر باہم صلح ہوئی:

---

[1] یہ مقام ہمدان کے قریب میں واقع تھا۔ مترجم

۱) خلیفہ مسترشد سلطان مسعود کو بارہ لاکھ دینار سالانہ ادا کیا کرے۔

۲) خلیفہ مسترشد کو خیال جنگ اور تیاری فوج رکھنے کا اختیار نہ ہوگا۔

۳) کسی غرض سے کسی وقت میں خلیفہ مسترشد دارالخلافت سے باہر نہ نکلے۔ صلح نامے کے لکھے جانے کے بعد فریقین کے وکلاء نے صلح نامہ کو اپنے دستخطوں سے مرتب کیا۔

خلیفہ کا قتل: خلیفہ مسترشد بقصد واپسی بغداد سامان سفر درست کرنے لگا۔ روانے خلافت مآب روانگی کی نوبت نہیں پہنچی تھی کہ ملک سنجر کا قاصد آیا۔ اس وجہ سے خلیفہ مسترشد کی روانگی میں تاخیر ہوئی اور سلطان مسعود ملک سنجر سے ملنے کو سوار ہو گیا۔ خلیفہ مسترشد کا خیمہ شاہی کیمپ کے باہر ایک میدان میں علیحدہ نصب ہوا۔ تقریباً بیس نفر یا اس سے کچھ زیادہ باطنی بقصد خلافت مآب کے خیمہ میں گھس پڑے اور اس کی زندگی کا خاتمہ کر دیا۔ سر کاٹ کر صلیب پر چڑھا دیا۔ یہ واقعہ ماہ ذیقعدہ ۵۲۹ھ کا ہے۔ ساڑھے سترہ سال خلافت کی۔ قاتل گرفتار کئے گئے اور قتل کر ڈالے گئے۔

باب : ۲۲

منصور مسترشد باللہ ۵۲۹ھ تا ۵۳۰ھ

محمد بن مستظہر الامر اللہ ۵۳۰ھ تا ۵۵۵ھ

تخت خلافت: اس کے بعد اس کا بیٹا ابو جعفر راشد باللہ اپنے باپ کے مسند خلافت پر رونق افروز ہوا۔ بغداد میں عام بیعت راشد کی خلافت کی بیعت ہو گئی۔ اقبال خادم مسترشد کا غلام اس وقت بغداد ہی میں تھا۔ جب یہ حادثہ پیش آیا تو سامان عربی کو ہمراہ کر کے کثیر جمعیت کو ساتھ لیا، مجاہد بن بہروز کے پاس جا کر قیام کیا۔

دبیس کا قتل: خلیفہ مسترشد کے قتل کے چند دنوں بعد دبیس بن صدقہ بھی شہر خوئی کے باہر سرادق کے دروازے پر مارا گیا۔ سلطان مسعود نے ایک ارمنی غلام کو اس کے قتل پر مامور کیا تھا۔ چنانچہ اس نے راہ چلتے میں اس کو مار ڈالا۔ دبیس کے قتل کے بعد اس کا لڑکا اس کے غلاموں اور اس کے بیٹے صدقہ کے پاس حلہ میں جو کہ جمع ہوئے۔ قتلغ تکین بھی اسی وجہ سے حلہ میں اس کے پاس چلا گیا۔ سلطان مسعود نے امیر بک محمد شحنہ بغداد کو حلہ پر قبضہ کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ امیر بک نے اپنی فوج کا ایک حصہ حلہ کی جانب روانہ کیا۔ صدقہ نے مقابلہ سے انکار و گریز کی۔ یہاں تک کہ ۵۳۱ھ میں سلطان مسعود وارد بغداد ہوا۔ اس وقت صدقہ نے حاضر ہو کر مصالحت و صفائی کر لی اور اسی کے ہمراہ رہا۔

خلیفہ راشد اور برتقش کی جنگ: مسند خلافت پر خلیفہ راشد کے متمکن ہونے کے بعد برتقش زکوی سلطان مسعود کے پاس سے راشد سے چار لاکھ دینار وصول کرنے کو بغداد آیا جس کا اقرار اس کے باپ خلیفہ مسترشد نے کیا تھا اور جو چار لاکھ کی رقم تھی۔ خلیفہ راشد نے جواب دیا "میرے پاس کیا رکھا ہے ایک حبہ تک بھی نہیں چھوڑ گئے۔ جو کچھ مال و اسباب اور زر نقد تھا وہ سب کا سب لے گئے"۔ برتقش یہ سن کر خاموش ہو رہا۔ اس کے بعد لوگوں نے خلیفہ راشد سے یہ جڑ دیا کہ "برتقش محل سرائے خلافت پر بزور قبضہ کرنے کی فکر میں ہے اور اپنی فوج اور سامان اور ہتھیار جمع کر رہا ہے۔" خلیفہ راشد یہ سنتے ہی چوکنا ہو گیا۔ فوجیں فراہم کر لیں۔ شہر پناہ کی مرمت کرائی۔ موقع موقع سے مورچے دور دور سے بنوائے۔ بعد اس کے برتقش مع زکویہ کے اور جو محل سرائے خلافت کے لوٹنے کو نکلا۔ عوام الناس اور خلافت مآب کے لشکر نے مقابلہ کیا۔ گھمسان کی لڑائی ہوئی۔ آخر کار خلافت مآب کے لشکر نے برتقش کی فوج کو میدان جنگ سے مار بھگایا۔ برتقش نے دار الخلافت سے نکل کر خراسان کا راستہ لیا۔

خلیفہ راشد اور سلطان مسعود میں کشیدگی: ادھر جب سنجر بغداد سے بھی خراسان کی جانب چلا گیا تو برنقش نے مال کے لیے ایسا پریشان کیا کہ عوام اور شہریوں نے سلطان کے مکان اور دیوان خانہ وغیرہ کو لوٹ لیا۔ اس واقعہ سے باہمی سلطنت پناہ اور خلافت مآب میں منافرت و کشیدگی پیدا ہو گئی۔ ارکان سلطنت اور امرائے مملکت سلطان کی اطاعت سے منحرف ہو گئے۔ خلافت مآب کے آگے سر اطاعت جھکا دیا۔ ملک داؤد بن سلطان محمود بن ملک شاہ آذربائیجان سے بغداد کی جانب روانہ ہوا اور ماہ صفر ۵۳۰ھ میں وارد بغداد ہوا، اتابک زنگی موصل سے حاضر خلافت میں آ گیا۔

جلال الدین ابو الرضا کا عہدہ وزارت پر تقرر: عماد الدین زنگی موصل سے، برنقش بازدار امرائے قزوین سے، برنقش بیگ والی اصفہان اصفہان سے، صدقہ بن دبیس والی حلہ حلہ سے، ابن برسق، احمد یلی وغیرہ بھی آ پہنچے۔ ملک داؤد نے برنقش بازدار کو بغداد کی شحنگی عنایت کی اور خلیفہ راشد نے تاج الدولہ ابو طاہر حسن بن جہیر استاد دار اور جمال الدین اقبال کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا۔ جمال الدین اقبال کی رہائی عماد الدین زنگی کی سفارش سے ہوئی، اقبال رہا کر دیا گیا، وہاں سے بعد وہ زنگی ہی کے پاس رہا۔ وزیر السلطنت جلال الدین ابو الرضا ابن صدقہ زنگی سے جا ملا اور چند دنوں تک اس کے پاس مقیم رہا۔ زنگی نے اس کی سفارش کر دی۔ خلافت مآب نے پھر اس کو عہدہ وزارت عطا فرمایا۔ قاضی القضاۃ زینبی بھی زنگی کے پاس آ گیا تھا اور پھر اس کے ہمراہ موصل روانہ ہوا۔ اسی اثناء میں سلجوقی شاہزادہ آ گیا اور میر آ کر گرفتار کر کے اس کے مال و اسباب کو لوٹ لیا۔ زنگی بیچ بچاؤ کا واسطہ بنا تھا اور دونوں میں مصالحت ہو گئی، مستقل ہو کے بغداد واپس آیا۔

سلطان مسعود کا بغداد کا محاصرہ: اس واقعہ کے بعد ملک داؤد نے بقصد جنگ سلطان مسعود طریق خراسان کی طرف کوچ کیا۔ زنگی بھی اس کے رکاب میں تھا۔ خلیفہ راشد بھی اپنی فوج آراستہ کر کے ۲ رمضان ۵۳۰ھ کو بغداد سے طریق خراسان کی جانب روانہ ہوا، مگر تیسرے ہی روز لوٹ آیا اور ملک داؤد اور کل امراء و زنگی بھی جب چنانچہ ملک داؤد اور کل امراء و ارکان دولت واپس آئے۔ سب نے اس امر پر اتفاق کیا کہ شہر پناہ کے اندر سے ملک مسعود سے جنگ اور معرکہ آرائی کی جائے۔ اتنے میں سلطان مسعود کا خط بایں مضمون صادر ہوا "میں بدل و جان خلافت مآب کی اطاعت پر آمادہ ہوں، مجھ سے معرکہ آرائی کی کیا ضرورت ہے۔" خلافت مآب نے اس خط کو ارکان دولت کے روبرو پیش کیا، ان لوگوں نے سلطان مسعود سے مخالفت کرنا منظور کیا۔ چونکہ خلافت مآب نے بھی ان لوگوں کی رائے سے اتفاق کیا، سلطان مسعود نے جواب باصواب نہ پا کر بغداد کا قصد کیا اور سامنے آ کر بغداد پہنچا اور شہر کا محاصرہ کر لیا۔ اوباشوں اور جرائم پیشوں کی بن آئی، ان لوگوں نے لوٹ مار شروع کر دی۔ تقریباً پچاس دن تک سلطان مسعود بغداد کا محاصرہ کئے رہا۔ جب کامیابی کی صورت نظر نہ آئی تو محاصرہ اٹھا کر ہمدان کی طرف روانہ ہوا۔

سلطان مسعود کا بغداد پر قبضہ: اسی عرصہ میں طرنطائی والی واسط ایک بیڑہ جنگی کشتیوں کا لئے ہوئے آ پہنچا۔ سلطان مسعود نے اسی وقت پھر بغداد کی جانب مراجعت کی، بغداد کی شہر پناہ عبور کرنے سے روک کر سلطان مسعود کا لشکر [illegible]

کو مکمل طریقے سے محصور کیا اس سے خلیفہ راشد کے امراء و سرداران لشکر میں پھوٹ پڑ گئی سب نے بلا اجازت خلیفہ اپنے اپنے شہروں کی راہ لی۔ زنگی اس وقت [illegible] سلطان مسعود کی فوج سے مصروف جدال و قتال تھا۔ خلیفہ راشد اس کے [illegible] زنگی الٹا آیا اس نے بھی میدان جنگ اپنے حریف [illegible] ڈیرا جما دیا۔

خلیفہ راشد کی معزولی: ۱۵ ذیقعدہ ۵۳۰ھ کو سلطان مسعود مظفر و منصور بغداد میں داخل ہوا اور امان کی منادی کرا دی۔ قضاۃ، فقہاء اور شہود کو طلب کر کے خلیفہ راشد کا حلف نامہ دکھایا جس میں بخط خاص لکھا تھا "جس وقت میں سلطان مسعود کے مقابلہ پر لشکر آرائی کا قصد کروں یا سلطان مسعود سے جنگ کرنے کو خروج کروں یا سلطان مسعود کے کسی آدمی سے مصروف جدال و قتال ہوں تو اس وقت میں معزول سمجھا جاؤں گا میں خود اپنے آپ کو عہدہ خلافت سے سبکدوش کر دوں گا" قضاۃ اور فقہاء نے خلیفہ راشد کی خلع خلافت اور معزولی کا فتویٰ دیا۔ [illegible] نے اس رائے پر موافقت ظاہر کی اور خلیفہ کے معائب بیان کرنے پر سب کے سب متفق ہو گئے۔ سلطان مسعود نے حکم صادر کیا کہ خلیفہ راشد کی معزولی کا اعلان کر دیا جائے اور آج کی تاریخ سے اس کے نام کا خطبہ موقوف کیا جائے۔ چنانچہ ۱۵ ذیقعدہ کو بغداد اور کل بلاد اسلامیہ میں اس کے نام کا خطبہ موقوف کر دیا۔ خلیفہ راشد نے ایک سال خلافت کی۔

مقتفی لامر اللہ کی خلافت: خلیفہ راشد کی معزولی اور اس کے نام کا خطبہ موقوف ہونے کے بعد سلطان مسعود نے اراکین دولت اور مشیران سلطنت کو انتخاب خلیفہ کا حکم دیا۔ ان لوگوں نے متفق ہو کر محمد بن مستظہر کو منتخب کیا۔ سلطان مسعود نے خلیفہ راشد کی معزولی کا محضر لکھوایا۔ محضر میں ظلم، غصب اور قتل اور افعال کا تذکرہ کیا گیا۔ جو منافی شان امامت و خلافت تھے اور محضر میں یہ عبارت لکھوائی کہ جس شخص میں ایسی صفات ہوں وہ امامت و خلافت کی قابلیت نہیں رکھتا۔ قاضی ابو طاہر بن کرخی کی موجودگی میں محضر پر شہادت لکھی گئی اور قاضی صاحب نے خلیفہ راشد کی معزولی کا حکم صادر فرمایا اور [illegible] نے بھی اس حکم کی تعمیل کی۔ قاضی القضاۃ ان دنوں دار الخلافت میں موجود نہ تھا۔ زنگی والی موصل کے پاس گیا ہوا تھا۔ سلطان مسعود دربار خلافت میں حاضر ہوا۔ وزیر السلطنت شرف الدین زینبی اور صاحب مخزن ابن عسقلانی ساتھ ساتھ تھے۔

بیعت خلافت: ابو عبد اللہ محمد بن مستظہر کو [illegible] سے طلب کر کے مسند خلافت پر متمکن کیا۔ سلطان مسعود اور جدید خلیفہ نے مراسم اتحاد قائم رکھنے کی قسم کھائی۔ سلطان مسعود نے ہاتھ بڑھا کر حسب دستور بیعت کی۔ بعد ازاں اراکین دولت ارباب منصب، ائمہ اور قضاۃ نے بیعت کی۔ ۱۸ ذی الحجہ ۵۳۰ھ کو یہ مہم انجام پائی۔ خلیفہ "مقتفی لامر اللہ" کے لقب سے ملقب کیا گیا۔ شرف الدین علی بن طراد زینبی کو قلمدان وزارت سپرد ہوا۔ معزول خلیفہ کی معزولی اور مقتفی کی خلافت کا شقہ فرمان تمام بلاد اسلامیہ میں بھیجا گیا۔ قاضی القضاۃ ابو القاسم علی بن حسین زینبی کو موصل سے طلب کر کے بدستور قاضی القضاۃ کے عہدہ پر مامور کیا اور کمال الدین طلحہ صاحب مخزن کو بھی اس کے سابق عہدہ پر بحال رکھا۔

سلطان مسعود اور ملک داؤد کی جنگ: خلیفہ مقتفی کی بیعت خلافت لینے کے بعد سلطان مسعود نے اپنی فوج کے ایک

حصہ کو ملک داؤد کی تعاقب اور سرکوبی کے لئے روانہ کیا۔ مقام مراغہ میں ملک داؤد سے مڈبھیڑ ہوئی۔ دوبدو چار ہاتھ لڑ کر ملک داؤد بھاگ کھڑا ہوا۔ قراسنقر نے آذربائیجان پر قبضہ کر لیا اور ملک داؤد خوزستان پہنچ کر فوجیں اکٹھی کرنے لگا۔ تھوڑے دنوں میں ترکمانوں کا ایک لشکر فراہم ہو گیا جس کی تعداد دس ہزار جوانوں سے کم نہ تھی۔ ملک داؤد نے ان کو مرتب اور مسلح کر کے تستر پر محاصرہ ڈالا۔ سلجوق شاہ اس وقت واسط میں تھا۔ اپنے بھائی سلطان مسعود کو اس واقعہ سے آگاہ کر کے امداد کی درخواست کی۔ سلطان مسعود نے ایک فوج سلجوق شاہ کی کمک پر بھیج دی۔ سلجوق شاہ اس امدادی فوج کی مدد سے تستر بچانے کو روانہ ہوا۔ ملک داؤد نے کمال مردانگی اور ہوشیاری سے مقابلہ کیا۔ سلجوق شاہ کو شکست ہوئی۔

سلطان مسعود کا بغداد میں قیام ان دنوں سلطان مسعود اس خوف سے کہ مبادا معزول خلیفہ راشد موصل سے عراق کا قصد کر بیٹھے بغداد ہی میں مقیم تھا اور اسی زمانہ قیام میں سلطان مسعود نے زنگی کو مقتفی کے نام کا خطبہ پڑھے جانے کی بابت تحریر کیا چنانچہ زنگی نے ماہ رجب ۵۳۱ھ میں خلیفہ راشد کا خطبہ موقوف کر کے خلیفہ مقتفی کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ خلیفہ راشد کو زنگی کا یہ فعل ناگوار گزرا۔ موصل کو چھوڑ کر چل کھڑا ہوا۔ سلطان مسعود نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر اپنے امراء لشکر کو ان کے بلاد کی طرف مراجعت کرنے کا حکم دیا۔ صدقہ بن دبیس والی حلہ نے اپنی بیٹی کو سلطان مسعود سے نکاح کر کے حلہ کی جانب مراجعت کی۔

بقش سلاری کا عہدہ شحنگی پر تقرر اسی اثناء میں ایک گروہ ان امراء کا جو ملک داؤد کے ساتھ تھا سلطان مسعود کی خدمت میں حاضر ہوا جن میں بقش سلاری برسق بن برسق والی تستر اور سنقر خمار تکین شحنہ ہمدان تھے۔ سلطان مسعود نے ان لوگوں سے بحال شدہ پیشانی سے ملاقات کی۔ عزت و احترام سے ٹھہرایا۔ خوشنودی مزاج کا اظہار فرمایا اور بقش سلاری کو دارالخلافت بغداد کی شحنگی عنایت کی اور انہوں نے رعایا کو اپنے ظلم و ستم سے پریشان کرنا شروع کیا۔

امراء کا خلیفہ راشد کی اطاعت کا عہد: خلیفہ راشد موصل سے نکل کر آذربائیجان کی جانب روانہ ہوا۔ کوچ و قیام کرتا ہوا مراغہ پہنچا۔ چونکہ بوزابہ والی خوزستان امیر عبدالرحمٰن طغرل بک والی خلخال اور ملک داؤد سلطان مسعود سے خائف اور اس کے مخالف تھے اس وجہ سے ان لوگوں نے امیر منکو برس والی فارس کے پاس جمع ہو کر اتفاق و اتحاد کی قسمیں کھائیں اور اس امر کا بھی عہد و پیمان کیا کہ خلیفہ راشد کی خلافت کی بیعت دوبارہ کر لینا چاہیے چنانچہ اس رائے کے مطابق خلیفہ راشد کے پاس ایک خط روانہ کیا۔ خلیفہ راشد نے ان لوگوں کی درخواست کو منظور فرمایا مگر اتفاق کچھ ایسا پیش آیا کہ خلیفہ راشد تک نہ پہنچ سکا اور اس کی خبر سلطان مسعود کو پہنچ گئی۔

امراء کی سرکوبی: سلطان مسعود نے لشکر آراستہ کر کے بغداد سے ماہ شعبان ۵۳۲ھ میں ان لوگوں کی طرف کوچ کیا خوزستان کے قریب مقابلہ ہوا۔ ایک خونریز جنگ کے بعد سلطان مسعود نے ان لوگوں کو شکست دی۔ امیر منکو برس والی فارس گرفتار کر لیا گیا۔ سلطان مسعود نے اس کو اپنے روبرو قتل کرا دیا۔ سارا لشکر اس کا تتر بتر ہو کر لوٹ مار کرتا ہوا ادھر ادھر بھاگ کھڑا ہوا۔ سلطان مسعود نے اپنی فوج کو بھگوڑوں کے تعاقب پر روانہ کیا۔ بوزابہ اور عبدالرحمٰن نے سلطان مسعود کی فوج کی کمی محسوس کر کے دوبارہ لڑائی کی ٹھان لی۔ ہنگامہ کارزار پھر گرم ہو گیا۔ سلطان مسعود کے امراء لشکر کا ایک گروہ گرفتار ہو گیا

اور اتابک صدقہ بن دبیس، ابن قراسنقر صاحب آذربائیجان اور عنتر بن ابوالعسکر بھی تھا۔

جانبین کے امراء کا قتل اس جنگ میں میدان جنگ بوزابہ اور عبدالرحمن کے ہاتھ رہا ملک مسعود کے لشکر کو شکست ہوئی۔ جس وقت بوزابہ کو یہ معلوم ہوا کہ سلطان مسعود نے امیر صدقہ بن دبیس کو قتل کر ڈالا ہے اسی وقت اس نے ان سب قیدیوں کو جو سلطان مسعود کی طرف سے قید کئے گئے تھے قتل کر دیا۔ اس لڑائی میں یہ عجیب اتفاق پیش آیا کہ دونوں فریق کو شکست ہوئی اور دونوں فوجیں میدان جنگ سے ہٹ گئیں۔ اس واقعہ کے بعد سلطان مسعود نے آذربائیجان کا قصد کیا اور ملک داؤد نے ہمدان کی جانب قدم بڑھایا۔ راستے میں خلیفہ راشد آ پہنچا۔ بوزابہ نے جو اس گروہ کا سردار تھا فارس پر قبضہ کرنے کی رائے دی چنانچہ ان لوگوں نے فارس پر پہنچ کر قبضہ حاصل کر لیا اور بوزابہ نے اپنے دائرہ حکومت کو خوزستان تک بڑھا لیا۔

سلجوق شاہ کا بغداد پر ناکام حملہ انہی واقعات کے اثناء میں سلجوق شاہ برادر سلطان مسعود کو بغداد کے قبضہ کی سوجھی۔ لشکر آراستہ کر کے دارالخلافت بغداد کی جانب بڑھا بقش شحنہ بغداد اور نظر خادم امیر حاج اس کی مدافعت کی غرض سے شہر سے معرکہ آرا ہوئے۔ بازار لٹ گیا اور باشندوں کی جان پر آ بنی۔ بغداد میں قحط پڑ گیا۔ گرانی کی گرم بازاری ہوئی۔ شہر اور دیہات والے گھر چھوڑ چھوڑ کر بھاگ گئے جب سلجوق شاہ نے بے مثل مراسم وحشت کی۔ بقش سلطان نے بغداد میں واپس آ کر لوٹ مار کرنے والوں کو چن چن کر قتل و قید کرنا شروع کر دیا اور لوگوں کو سخت سزائیں دیں۔

صدقہ بن دبیس کے قتل کے بعد سلطان مسعود نے حلہ پر اس کے بھائی محمد بن دبیس کو مامور کیا اور انتظام و سیاست کی غرض سے مہلہل برادر عنتر بن ابوالعسکر کو اس کے ساتھ بھیجا۔

خلیفہ راشد کا قتل خلیفہ راشد اور ملک داؤد نے فارس اور خوزستان پر قبضہ کرنے کے بعد جیسا کہ ابھی آپ اوپر پڑھ آئے ہیں عراق کا قصد کیا۔ خوارزم شاہ بھی انہی لوگوں کے ہمراہ تھا جس وقت یہ لوگ [illegible] کے قریب پہنچے سلطان مسعود لشکر اور فوج لئے ہوئے ان کے استقبال کو نکلا یہ لوگ اس خبر کو سن کر متفرق و منتشر ہو گئے ملک داؤد فارس چلا گیا تو خوارزم شاہ اپنے مستقر حکومت کی جانب لوٹا۔ خلیفہ راشد تن تنہا رہ گیا۔ مجبوراً اصفہان کا راستہ اختیار کیا اثناء راہ میں چند خراسانی غلاموں نے جو اس کے ہم رکاب تھے [illegible] اصفہان ۵۳۲ھ میں (جس وقت کہ راشد کھانا کھا کر قیلولہ کر رہا تھا) دفعتہ حملہ کر کے مار ڈالا۔ مقام شہرستان میں اصفہان کے باہر دفن کیا گیا۔

غلاف خانہ کعبہ انہی واقعات پر ۵۳۲ھ کا دور تمام ہو جاتا ہے اور اسی غلاف کعبہ کی ابتداء سے وہاں تبدیلی حکومت کی وجہ سے [illegible] نظر آتا ہے قسمت کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ غلاف کعبہ جو ہمیشہ سے سلاطین و خلفاء وقت بغداد سے جایا کرتا تھا اس سنہ میں بھیجا جاتا ہے ایک سوداگر رامشت فارسی نامی جس کی ذمہ داری پر سلسلہ تجارت ہندوستان تک ہوا کرتی تھی دوران [illegible] کو انجام دیتا ہے۔ غلاف خانہ کعبہ کی تیاری میں اٹھارہ ہزار دینار مصری صرف کرتا ہے۔ باطنیوں کی [illegible] اسی سنہ میں حدت سے [illegible] جاتی ہے یہاں تک کہ یہ لوگ جمع ہو کر دارالخلافت بغداد کو آ گھیرتے ہیں اور ان کا سردار [illegible] شہر بغداد میں چلا رہتا ہے۔ شحنہ بغداد اور وزیر السلطنت اس گروہ کے قتل و قمع پر کمر باندھ کر اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور گروہ کے

سرداروں کو قتل کر دیا جاتا ہے عوام الناس اور رعایا ان اوباشوں کے ظلم و ستم اور تعدی سے ان کاروائیوں کو یرنقش شحنہ بغداد کی طرف منسوب کرتی ہے اس عداوت سے کہ اس نے پہلے بھی ان لوگوں کو ستایا تھا۔

یرنقش شحنہ بغداد کا قتل: پس سلطان مسعود یرنقش شحنہ بغداد کو گرفتار کر کے تکریت کے جیل میں ڈال دیتا ہے اور بعد چندے مجاہد بن بہروز والی تکریت کے پاس اس کے قتل کا حکم بھیج دیتا ہے اور مجاہد یرنقش کو قتل کروا دیتا ہے۔ اس اثناء میں ۵۴۳ھ شروع ہو جاتا ہے۔ سلطان مسعود ماہ ربیع الاول میں حسب دستور سابق دار بغداد میں آتا ہے۔ سلطان مسعود موسم سرما ہمیشہ عراق میں بسر کیا کرتا تھا اور ایام گرما میں پہاڑوں پر چلا جایا کرتا تھا۔ اس مرتبہ جب دار الخلافت بغداد میں آیا تو متعدد ٹیکس موقوف کر دیئے اور معافی کا حکم لکھوا کر بازاروں اور جامع مسجد کے دروازوں پر چسپاں کرا دیا۔ عوام الناس اور رعیت سے اکثر ٹیکس معاف کر دیئے۔ اس سے لوگوں نے اس کو دعا اور شکریے سے یاد کرنا شروع کیا۔

وزرائے خلافت کی تبدیلیاں: ۵۴۲ھ میں المقتفی لامر اللہ اور وزیر السلطنت علی بن طراد زینبی میں آن بن ہو گئی اس وجہ سے کہ وزیر السلطنت خلافت مآب کے کاموں پر اکثر معترض ہو جاتا تھا۔ وزیر السلطنت کو اپنی اس حرکت پر خوف پیدا ہوا۔ سلطان مسعود کے پاس جا کر پناہ گزیں ہوا۔ سلطان مسعود نے وزیر السلطنت کی سفارش کی مگر خلافت مآب نے اس کو عہدہ وزارت پر بحال نہ کیا بلکہ اس کے نام کو سرکاری کاغذوں سے خارج کر دیا اور بجائے اس کے قاضی القضاۃ زینبی کو جو چچا زاد وزیر کا تھا مامور فرمایا۔ بعد چندے اس کو معزول کر کے سدید الدولہ انباری کو یہ عہدہ عطا کیا۔ بعد ازاں ۵۴۴ھ میں سلطان مسعود دار الخلافت بغداد میں آیا۔ معزول وزیر تو پہلے ہی دار الحکومت میں موجود پایا۔ اپنے وزیر کو خلافت مآب کی خدمت میں وزیر السلطنت کی عفو تقصیر کرانے اور اس کو اس کے مکان پر جانے کی اجازت دلوانے کو بھیجا۔ چنانچہ خلافت مآب نے سلطان مسعود کی درخواست پر وزیر السلطنت کو اس کے مکان پر جانے کی اجازت مرحمت فرمائی۔

شحنگی بغداد پر مجاہد بن بہروز کی تقرری: ۵۴۴ھ میں مجاہد بن بہروز شحنہ بغداد معزول کیا گیا۔ سلطان مسعود کے دربار میں سے امیر قزل جو حکومت بصرہ پر تھا اس عہدہ پر مامور ہوا۔ اس تبدیلی سے اوباشوں نے سر اٹھایا لیکن جب سلطان مسعود دار الخلافت بغداد میں وارد ہوا تو اس نے اس نقصان کا خیال کر کے مجاہد بن بہروز کو پھر شحنگی بغداد پر متعین کیا مگر اس مرتبہ مجاہدین کی شحنگی سے لوگوں کو نفع نہ پہنچا اس وجہ سے کہ اوباشوں نے ابن وزیر اور ابن قاورت سے جو سلطان مسعود کا سالا تھا ساز باز کر لی تھی جو مال غارت گری سے ہاتھ آتا تھا ان میں سے یہ دونوں بھی حصہ لیا کرتے تھے۔ ۵۴۵ھ میں سلطان مسعود نے مجاہد بن شحنہ بغداد کے ذریعہ سے اوباشوں اور جرائم پیشہ لوگوں کا انسداد کرنے پر سخت تاکید کی۔ مجاہد نے عرض کیا "حضور ہم خانہ زادوں کا اس میں کچھ قصور نہیں ہے۔ ابن وزیر اور ابن قاورت نے اوباشوں سے ساز باز کر لی ہے اسی وجہ سے ان کا انسداد نہیں ہوتا"۔ سلطان مسعود نے قسم کھائی کہ تحقیق و تفتیش کے بعد ثبوت الزام پر ان دونوں کو صلیب پر چڑھاؤں گا چنانچہ اپنے سالے ابن قاورت کو گرفتار کر کے صلیب دے دی۔ ابن وزیر یہ سن کر بھاگ گیا۔ اکثر اوباش گرفتار کر لئے گئے اور کچھ بھاگ گئے۔ رعایا اور خلق اللہ ان کے ظلم و ستم سے بچ گئی۔

سلطان مسعود کے خلاف امراء کی بغاوت: ۵۴۰ھ میں بوزابہ والی فارس و خوزستان مع اپنی فوج کے قاشان کی جانب روانہ ہوا۔ ملک محمد بن سلطان محمود بھی اس کے ہمراہ تھا۔ ملک سلیمان شاہ بن سلطان محمد بھی ان لوگوں سے آ ملا۔ بوزابہ نے امیر عباس والی رے سے مراسلت کی، وہ بھی ان سے متفق ہو کر سلطان مسعود کی مخالفت پر کمربستہ ہو گیا اور سلطان مسعود کے اکثر بلاد مقبوضہ پر قبضہ کر لیا۔ سلطان مسعود اس واقعہ سے مطلع ہو کر بغداد سے روانہ ہوا۔ [illegible] نام مع ایک گروہ غلامان مسعود کے آ پہنچا۔ اس مہم میں عبدالرحمن طغرل بک حاجب بھی شریک تھا۔ یہ شخص نہایت چالاک اور صاحب اقتدار تھا۔ سلطان مسعود سے جو چاہتا تھا منوا لیتا تھا۔ اس کے ہمراہ عبدالرحمن کا [illegible] کی طرف تھا جو سلطان مسعود سے ناراض تھے۔ سلطان مسعود اور امیر عبدالرحمن نے اپنے حریف کے لشکر کے قریب پہنچ کر [illegible] قیام کیا۔ صلح کا پیام شروع ہوا۔ سلیمان شاہ اپنے بھائی سلطان مسعود سے ملنے آیا۔ باتوں باتوں میں صلح کی گفتگو ہونے لگی۔ امیر عبدالرحمن دونوں فریق کی صلح کا خواہاں ہو رہا تھا۔ آخر کار فریقین میں مصالحت ہو گئی۔ امیر عبدالرحمن کو علاوہ ان شہروں کے جو اس کے زیر حکومت تھے آذربائیجان اور آرمینیہ کی حکومت بھی عنایت ہوئی اور ابو الفتح بن دارست کو سلطان مسعود کی وزارت عطا کی گئی۔ یہ بوزابہ کا وزیر تھا۔

امیر عبدالرحمن کا قتل: ان لوگوں نے سلطان کو سلطنت و حکومت میں ایسا دبا لیا کہ وہ اپنے تصرفات اور احکام جاری و نافذ نہ کر سکتا تھا۔ بظاہر یہ لوگ اس کے ساتھ تھے مگر حقیقت میں اس سے علیحدہ تھے کہ ارسلان بن بلنگری معروف بہ خاص بک کو بھی ان لوگوں نے ملا لیا جو سلطان کا خاص ملازم اور اس کا پروردہ تھا۔ اس کی سازش سے ان لوگوں نے [illegible]۔ سلطان مسعود کی ہر ایک بات میں یہ لوگ دخل در معقولات کر بیٹھتے تھے اور سلطان مسعود [illegible] تھا۔ آخر جب عبدالرحمن والی خلخال اور بعض امرائے آذربائیجان کا قبضہ ہو گیا اس وقت یہ حال ہو گیا کہ سلطان مسعود صرف نام کا سلطان رہ گیا اور زمام حکومت عبدالرحمن کے قبضہ اقتدار میں آ گئی تو سلطان مسعود نے خاص بک کو طلب فرما کر اپنے حالات بتائے اور عبدالرحمن کے مار ڈالنے کا اشارہ کیا۔ خاص بک نے ان چند امراء سے سازش کر لی جو درپردہ سلطان مسعود کے ہوا خواہ تھے اور عبدالرحمن کے مخالف۔ آخر سلطان مسعود کے حالات سن کر خاص بک کا دل بھر آیا اور رخصت ہو کر اپنے مکان پر آیا اور چند امیروں کو عبدالرحمن کے قتل کا اشارہ کر دیا۔ چنانچہ ان لوگوں میں سے ایک شخص نے عبدالرحمن کے سر پر جب کہ وہ اپنی فوج میں تھا ایک گرز رسید کیا۔ عبدالرحمن بلبلا کر زمین پر گرا اور تڑپ تڑپ کر دم توڑ دیا۔

امیر عباس کا خاتمہ: یہ خبر سلطان مسعود کو بغداد میں ملی۔ عباس والی رے اس کے ہمراہ تھا اس کا لشکر سلطانی لشکر سے بڑھا ہوا تھا۔ یہ خبر سنتے ہی عباس کی آنکھوں میں خون اتر آیا۔ سلطان مسعود نے اس کو محسوس کیا اور عباس سے نرمی و ملاطفت سے پیش آنے لگا۔ ایک روز موقع پا کر عباس کو اپنے محل میں بلا بھیجا۔ اس وقت اپنے باڈی گارڈ سے علیحدہ ہو کر تنہا حفاظتی کی طرف بڑھا۔ سلطان مسعود نے اشارہ کر دیا۔ غلاموں نے لپک کر مار ڈالا۔ عباس سلطان محمود کا غلام تھا۔ نہایت عادل، رحمدل، دیندار، امور سیاست سے واقف اور فرقہ باطنیہ کا جانی دشمن تھا۔ اس فرقہ پر عباس ہمیشہ جہاد کیا کرتا تھا۔ اس معاملہ میں اس نے ہزاروں باطنیوں کو قتل کئے تھے۔ ماہ ذیقعدہ ۵۴۱ھ میں اس کا قتل وقوع میں آیا۔

معرکۂ مرج قراتکین اور امیر بوزابہ کا خاتمہ: جب عبدالرحمن اور عباس کے مارے جانے کے بعد سلطان مسعود نے اپنے بھائی سلیمان شاہ کو تکریت میں نظر بند کر دیا [illegible] ان دونوں امیروں کے قتل کی خبر بوزابہ کو فارس میں ملی تو اس نے فارس اور خوزستان سے ایک عظیم لشکر مرتب کر کے اصفہان پر چڑھائی کر دی اور پہنچتے ہی محاصرہ کر لیا۔ [illegible] اصفہان [illegible] ۵۴۲ھ [illegible] مرج قراتکین [illegible] دونوں لشکر [illegible] اس جنگ میں بوزابہ مارا گیا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ایک تیر اس کو آ لگا تھا۔ جس سے وہ گھوڑے سے گر کر مر گیا۔ بعضوں کا بیان ہے کہ وہ گرفتار ہو گیا تھا سلطان مسعود نے اس کو قتل کرا دیا۔ غرض بوزابہ کے قتل ہوتے ہی اس کے لشکر میں بھگدڑ مچ گئی کوئی ہمدان کی طرف بھاگا اور کسی نے خراسان میں جا کر دم لیا۔

امیر خاص بیگ کا عروج: سلطان مسعود اپنے امیروں سے [illegible] خاص بیگ کو اپنا مصاحب [illegible] امیر خاص بیگ میں قابلیت کا مادہ موجود تھا تھوڑے دنوں میں سلطان مسعود کی ناک کا بال ہو گیا [illegible] کے احکام جاری ہونے لگے۔

امرا میں بے چینی: [illegible] خاموش رہے مگر پوشیدہ طور پر [illegible] بوزابہ [illegible] ہوتا گیا۔ اس خیال کا پیدا ہونا تھا [illegible] سلطان مسعود [illegible] عراق کی طرف چل کھڑے ہوئے۔ [illegible] مسعودی [illegible] اہل بغداد اور عراق کو خطرہ پیدا ہوا۔ خلیفہ مقتفی [illegible] آپ لوگ بلا اجازت بغداد میں نہ آئیں [illegible] بغداد پہنچے۔ ملک محمد بن سلطان محمود بھی [illegible] بغداد کے [illegible] مسعود بلال [illegible] بھاگ گیا [illegible] بدحواسی پھیل گئی۔

بغداد پر سلجوقی امرا کا حملہ: اسی اثنا میں علی بن دبیس [illegible] بغداد [illegible] بغداد کے [illegible] ان کا تعاقب [illegible] ان لوگوں نے بغداد [illegible] مسعود بلال [illegible] بغداد [illegible] ان لوگوں نے عراق کو چھوڑ دیا اور خود بھی منتشر ہو گئے۔

سلطان مسعود اور ملک سنجر کی ملاقات: [illegible] سلطان سنجر [illegible]

مقتفی باللہ سے اور اس کے چچا ملک سنجر سے برابر عداوت ہوتی رہی اور یہ اس کو ناگوار بات کہنے سے بڑھنے اور ارادہ کی دولت کی طلبی پر نصیحت و فہمیت کرتا رہا تھا۔ اسی اثنا میں ۵۴۴ھ میں وفات ہو گئی۔ ملک سنجر نے رے کی جانب کوچ کیا۔ سلطان مسعود یہ خبر پا کر اپنے چچا سے ملنے آیا۔ معذرت کی۔ عذرات معقول تھے ملک سنجر نے قبول کر لئے۔

بقش کی نہروان میں غارت گری اس کے بعد جب ۵۴۳ھ میں ارکان دولت کا ایک گروہ جس میں بقش کون خر طرنطائی اور ابن دبیس وغیرہ تھے عراق کی جانب واپس آیا۔ ملک شاہ بن سلطان محمود بھی ان لوگوں کے ہمراہ تھا۔ ان لوگوں نے خلافت مآب سے ملک شاہ کے خطبہ کی بابت خط و کتابت کی مگر خلافت مآب نے منظور نہ فرمایا۔ فوجیں فراہم کر کے دارالخلافت کی قلعہ بندی کر لی۔ سلطان مسعود کو ان لوگوں کے آنے کا حال لکھ بھیجا۔ سلطان مسعود نے آنے کا وعدہ کیا لیکن اپنے چچا ملک سنجر کی وجہ سے نہ آ سکا رے میں ٹھہرا رہا۔ بقش کو جب یہ خبر پہنچی کہ خلافت مآب نے سلطان مسعود کو طلب کیا ہے تو اس نے نہروان کو لوٹ لیا۔ طرنطائی [illegible] ادھر طرنطائی مارا گیا۔ اس کے بعد ماہ شوال ۵۴۳ھ میں سلطان مسعود وارد بغداد ہوا۔ بقش نے یہ سن کر نہروان چھوڑ دیا اور روانگی کے وقت قتل و غارت گری کر گیا۔

یحییٰ بن ہبیرہ کا عہدۂ وزارت پر تقرر ۵۴۴ھ میں خلیفہ مقتفی نے یحییٰ بن ہبیرہ ابو المظفر کو وزارت پر مامور فرمایا چونکہ زمانہ محاصرہ بغداد میں یحییٰ نے بڑی جانفشانی اور قابل تعریف کارگزاری سے کام لیا تھا اسی وجہ سے اس کے صلہ میں خلافت مآب نے عہدۂ وزارت عطا فرمایا۔

ملک شاہ کی تخت نشینی یکم رجب ۵۴۷ھ کو سلطان مسعود نے پچیس برس حکومت کر کے [illegible] اور اپنے بھائی کی متابعت کے [illegible] بمقام ہمدان [illegible] وفات پائی۔ خاص بیگ نے جو اس کے عہد حکومت میں پیش پیش تھا اس کے بعد ملک شاہ بن سلطان محمود کو مسند خلافت پر بٹھایا۔ حکومت و سلطنت کی اس کے ہاتھ پر بیعت کی۔ چنانچہ جمعہ کے دن جامع مسجد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔

سلطان مسعود ملوک سلجوقیہ کا آخری بادشاہ تھا جس نے بغداد میں حکومت کی۔ اس کے مرنے سے خاندان سلجوقی کی سعادت و نیک نامی مفقود ہو گئی اس کے بعد کوئی شخص ایسا نہ ہوا جس کی طرف التفات کی جاتی۔ نہایت خلیق، منکسر المزاج، عادل اور نماز روزے کا پابند تھا۔

مسعود جلال کا حلہ پر قبضہ اور فرار سلطان ملک شاہ نے تخت نشینی کے بعد ایک فوج بسرکردگی امیر سالار کرد حلہ پر قبضہ کرنے کو روانہ کی۔ امیر مذکور نے پہنچتے ہی حلہ پر قبضہ کر لیا۔ مسعود جلال شحنۂ بغداد یہ خبر پا کر حلہ چلا آیا۔ امیر سالار کرد نے اس کا [illegible] والی شاہ وصف کی اور [illegible] کا اظہار کیا۔ دو تین روز بعد موقع پا کر امیر سالار کرد کو گرفتار کر کے دریا میں ڈلوا دیا اور خود حلہ پر حکمرانی کرنے لگا۔ رفتہ رفتہ خلافت مآب تک اس کی خبر پہنچی۔ ایک لشکر مرتب کر کے بہ افسری وزیر السلطنت عون الدولہ ابن ہبیرہ مسعود جلال کی سرکوبی کو روانہ فرمایا۔ مسعود جلال نے یہ لشکر آتا دیکھ کر دریائے فرات کو

عیاری اور کمال مردانگی سے سینہ سپر ہو کر مقابلہ پر آیا مگر پہلے ہی حملہ میں شکست کھا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ اہل حلہ نے علم خلافت کی اطاعت قبول کر لی اور کسی باغی و سرکش کو شہر میں گھسنے نہ دیا۔ مجبوراً تکریت کی طرف لوٹ اور وزیر السلطنت مظفر و منصور حلہ میں داخل ہوا۔

وزیر ابن ہبیرہ کا کوفہ اور واسط پر قبضہ بعد ازاں وزیر السلطنت نے ایک دستہ فوج کوفہ کی طرف اور ایک دستہ فوج واسط کی جانب روانہ کی چنانچہ ان فوجوں نے کوفہ اور واسط پر قبضہ کر لیا اس کے بعد ہی ملک شاہ کی فوج واسط کی جانب آئی۔ خلافت مآب کی فوج نے واسط چھوڑ دیا۔ خلافت مآب یہ سن کر بہ نفس نفیس ایک فوج کے ساتھ واسط پر آ پہنچے اور سلطانی لشکر کے قبضہ سے اس کو نکال لیا۔ دو چار روز قیام کر کے حلہ کی طرف کوچ فرمایا۔ بعدہ ماہ ذیقعدہ ۵۴۹ھ کو دارالخلافت بغداد واپس آ گئے۔

امیر خاص بیگ کا قتل ان واقعات کے بعد امیر خاص بیگ جو سلطان ملک شاہ کو تخت حکومت پر بٹھائے ہوئے تھا اس بات کا طامع تھا کہ خود مستقل حکمران ہو جائے۔ سلطان ملک شاہ سے کچھ خائف ہوا۔ اور نظر بند کر دیا۔ ملک محمد سلطان محمود کو خوزستان سے ۵۴۸ھ میں بلا بھیجا اور کچھ عرصہ تک اس کے نام پر حکومت و سلطنت کی۔ لیکن نیت یہی تھی کہ زمانہ کے فرصت دے تو ملک محمد کو بھی میں سازش ہو گئی تھی کہ کسی طرح سے اس کو بھی گرفتار کر کے اپنی حکومت و سلطنت کی نوبت بجوا دے چنانچہ وقت معینہ کے دوسرے روز امیر خاص بیگ ملک محمد کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ملک محمد اس کے تیور سے تاڑ گیا کہ اس کی نیت اچھی نہیں۔ فوراً تلوار کھینچ کر اس کی گردن اڑا دی۔ ابو الفوارس ترکمانی عرف شملہ نے جو امیر خاص بیگ کے معتمد دوستوں سے تھا خاص بیگ کو ملک محمد کے پاس جانے سے منع کیا تھا لیکن خاص بیگ نے اس پر کچھ توجہ نہ کی۔ پس جب یہ مارا گیا تو شملہ نے اس کے لشکر کو لوٹ کر خوزستان میں جا کر دم لیا۔ امیر بیگ ایک ترکمان کا لڑکا تھا۔ تیز ذہین اور ہوشیار تھا۔ سلطان مسعود کی ملازمت نے رفتہ رفتہ اس کو اس قدر عروج ہوا کہ کل اراکین دولت اس سے دب گئے۔

محاصرہ تکریت ۵۴۸ھ میں خلیفہ مقتفی نے ایک فوج ابو الفرج ابن ہبیرہ وزیر عون الدین اور امیر ترشک جو خلافت مآب کا خاص مصاحب تھا تکریت کے محاصرہ کو روانہ فرمائی۔ اتفاق وقت سے مابین ابن ہبیرہ وزیر اور ترشک ان بن ہو گئی۔ امیر ترشک نے اسی خوف سے کہ مبادا ابن ہبیرہ مجھے گرفتار کر لے مسعود بلالی شحنہ والی تکریت سے مل کر ابن ہبیرہ وزیر اور ان امیروں کو جو اس کے ساتھ تھے گرفتار کر کے والی تکریت کے حوالہ کر دیا۔ والی تکریت نے ان کو جیل میں ڈال دیا اس سے لشکر میں بھگدڑ مچ گئی۔ لشکر کا حصہ کثیر دریا میں ڈوب گیا۔ ترشک اور شحنہ نے طریق خراسان کا قصد کیا۔ اثنائے راہ میں جس قدر آبادیاں پڑیں ان کو تاخت و تاراج کرتے گئے۔ خلافت مآب نے ان دونوں باغیوں کا نہروان تک تعاقب کیا۔ یہ دونوں باغی بھاگ کھڑے ہوئے۔ خلافت مآب نے تکریت پہنچ کر محاصرہ کر لیا چند روز محاصرہ کیے رہا۔ بعد ازاں دارالخلافت کی جانب مراجعت فرمائی۔ اس کے بعد ۵۴۹ھ میں خلافت مآب نے ابن ہبیرہ وزیر وغیرہ قیدیوں کی غرض سے ایک قاصد تکریت روانہ کیا۔ اہل تکریت نے قاصد کو بھی گرفتار کر لیا۔ تب خلافت مآب نے ان کی سرکوبی کو ایک فوج روانہ کی۔ اہل تکریت نے مقابلہ کیا۔ خلافت مآب کی فوج شہر پر قبضہ نہ کر سکی۔ خلافت مآب کو اس کی خبر لگی لشکر مرتب فرما کر بماہ صفر سنہ مذکور میں بذات خاص اس مہم پر تشریف لے گئے۔ شہر

تکریت پہنچتے ہی قبضہ کر لیا، مگر قلعہ تکریت فتح نہ ہوا۔ محاصرہ کر لیا پھر دو مہینے کے آخری ماہ ربیع الاول سنہ مذکورہ کو بے نیل و مرام بغداد کی طرف مراجعت کی۔

قلعہ تکریت کا محاصرہ: بعد ازیں وزیر السلطنت کو ایک عظیم لشکر کے ساتھ محاصرہ تکریت پر روانہ کیا۔ قلعہ نشین متحصنین آلات حصار اور دوسرے سامان جنگ مرتب فرمایا۔ ماہ ربیع الثانی کو وزیر السلطنت نے قلعہ تکریت کا حصار کیا اور چاروں طرف سے ناکہ بندی کر کے اہل قلعہ کو تنگ کرنے لگا۔ اسی اثناء میں یہ خبر لگی کہ مسعود بلال شحنہ و ترشک ایک عظیم لشکر کے ساتھ تکریت میں آ گئے ہیں۔ انہی لوگوں نے سرکشی کی ہے۔ انہی لوگوں نے ملک محمد کو قصد عراق پر ابھارا تھا۔ مگر چونکہ اس پر وہ آمادہ نہیں ہوا تھا، مگر البقش کون خر نے ان لوگوں کی مدد کی۔ علاوہ اس کے ترکمانوں کا ایک گروہ بھی اس لشکر میں آ ملا ہے۔

معرکۂ عقر بابل: خلیفہ مقتفی یہ سنتے ہی خود فوج لے کر بڑھا اور خمرہ کا راستہ کر کے مقابلہ کی غرض سے کوچ کر دیا۔ مسعود بلال شحنہ ایک چھاپہ مار کر لشکر خلیفہ کے مقابلہ سے بھاگا اور ملک ارسلان بن سلطان طغرل بن سلطان محمد کو جو ایک مدت سے تکریت میں قید تھا نکال لایا۔ آپ کے مقابلہ پر چڑھ آیا اور اپنی فوج اور ترکمانوں کو یہ دھوکہ دیا کہ سلطان ارسلان سلطان ہے، اس کے ساتھ ہو کر دربار خلافت سے لڑ رہے ہو اور حقیقت میں یہی خلافت کا حق ہے۔ مقام عقر بابل میں دونوں حریفوں کا مقابلہ ہوا۔ اٹھارہ دن تک برابر لڑائی ہوتی رہی۔ آخر کار آخری رجب میں خلافت مآب کا میمنہ شکست کھا کر بغداد کی جانب بھاگا۔ حتیٰ کہ اس گروہ نے خزانہ لوٹ لیا۔ بڑی دھوم سے مال کی لوٹ اور بھاگنے والوں کے پیچھے لگ گئے۔ خلافت مآب کے لشکر کا میسرہ بھی اکھڑ کر بھاگ گیا تھا۔ مگر خلافت مآب نہایت استقلال اور مردانگی سے مقابلہ پر جمے رہے اور اپنی فوج کو للکارتے رہے۔

اس استقلال اور جرأت قدمی کا نتیجہ یہ ہوا کہ کوئی فوج میدان جنگ سے بھاگ نہ سکی۔ خلافت مآب کو فتح نصیب ہوئی۔ ترکمانوں کا قتل عام ہوا، اسباب لوٹ لیے گئے۔ عورتیں اور لڑکے گرفتار کر کے غلام بنا لیے گئے۔ البقش کون خر ملک ارسلان بن طغرل کو لے کر بھاگ گیا اور خلافت مآب نے ماہ شعبان سنہ مذکورہ کو دارالخلافت بغداد کی جانب مراجعت فرمائی۔

مسعود بلال و ترشک کی سرکوبی: اس واقعہ کے بعد مسعود بلال شحنہ اور ترشک نے پھر فوجیں فراہم کیں اور بقصد غارت گری واسط کی طرف بڑھے۔ خلافت مآب نے وزیر السلطنت ابن ہبیرہ کو مسعود بلال کی سرکوبی پر متعین فرمایا۔ چنانچہ وزیر السلطنت نے ان باغیوں اور سرکشوں کو پہلے ہی معرکہ میں میدان جنگ سے مار بھگایا اور مظفر و منصور بہت سا مال غنیمت لے کر دارالخلافت بغداد واپس آیا۔ خلافت مآب نے خوش ہو کر ''سلطان العراق'' کا لقب عنایت کیا۔

ارسلان بن طغرل: ارسلان بن طغرل جیسا کہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں البقش کون خر کے ساتھ قلعہ ماہکی میں چلا گیا تھا۔ سلطان محمد نے یہ خبر پا کر البقش کو ارسلان کے حوالہ کر دینے کو لکھا۔ اتفاق یہ کہ البقش کون خر نے اسی سنہ کے ماہ رمضان میں وفات پائی اور ارسلان البقش کے بیٹے اور حسن جاندار کے قبضہ میں ہو گیا۔ یہ دونوں اس کو بلاد جبل لے کر چلے گئے۔ پھر وہاں سے [illegible] ہو کر سلطان محمد کے پاس جا پہنچے۔ جس طغرل کو خوارزم شاہ نے قتل کیا تھا وہ ارسلان کا بیٹا تھا اور یہی سلاطین سلجوقیہ کا آخری بادشاہ تھا۔

ان واقعات کے بعد خلیفہ مقتفی نے تکریت [illegible] فوج کشی کی۔ چند روز تک اس کا محاصرہ کئے رہا بالآخر یہ خبر پا کر کہ مسعود اس کی مدافعت کو آ رہا ہے، دار الخلافت بغداد واپس آ گیا۔

شملہ کا خوزستان پر قبضہ: جیسا اوپر بیان کر آئے ہیں کہ شملہ ترکمانی [illegible] کا [illegible] تھا اور [illegible] ترکمانی کے [illegible] سے تھا جس [illegible] سلطان محمد [illegible] اس کے [illegible] قتل کیا [illegible] خوزستان کی جانب بھاگ گیا [illegible] ملک شاہ [illegible] سلطان محمد [illegible] خوزستان کا حکمران تھا۔ خلیفہ مقتفی نے یہ خبر پا کر شملہ [illegible] خوزستان کی جانب [illegible] ایک فوج اس کے تعاقب میں روانہ کی۔ شملہ نے اس فوج کا مقابلہ [illegible] شکست دے دی۔ اس کے [illegible] بغداد [illegible] کے خلافت مآب کی خدمت میں [illegible] اور [illegible] کی [illegible] تھا۔ خلافت مآب نے اس کا عذر منظور کر لیا۔ تب خوزستان کی طرف بڑھا اور [illegible] قبضہ [illegible] سلطان [illegible] کے قبضہ [illegible] حکمرانی کرنے لگا۔

سلطان سنجر کا زوال: سلطان سنجر سلطان ملک شاہ کا بیٹا تھا جس وقت سلطان برکیاروق [illegible] ملک شاہ [illegible] خراسان [illegible] تھا [illegible] کے حالات [illegible] تفصیل [illegible] سنجر خراسان [illegible] امیر [illegible] برکیاروق کی جانب سے خوارزم [illegible] سلطان محمد نے [illegible] حکومت [illegible] سلطان برکیاروق سے [illegible] سنجر [illegible] ایک مدت تک [illegible] اس وقت تک سنجر خراسان کی حکومت سلطان محمد نے [illegible] کا حقیقی بھائی [illegible] سنجر خراسان پر حکمرانی کرتا رہا [illegible] سلطان محمد کے بعد [illegible] کی اولاد میں اختلاف پیدا [illegible] اس [illegible] حکومت [illegible] کے لقب سے [illegible] وغیرہ سلاطین [illegible] ترکستان [illegible] ۵۳۶ھ میں [illegible] کے حالات میں ان واقعات کو با تفصیل بیان کر چکے ہیں۔ سلطان سنجر نے ان [illegible] کی مدافعت کی غرض سے لشکر کشی کی [illegible] شکست [illegible] اس کے قوائے حکمرانی میں اختلال پیدا ہو گیا۔

خوارزم شاہی حکومت کا آغاز: خوارزم شاہ [illegible] خراسان [illegible] حکومت [illegible] خراسان [illegible] ترکستان [illegible] خراسان [illegible] سلطان سنجر [illegible] حکومت کا [illegible]

[illegible]

فوج کشی کی۔ ان لوگوں نے سلطان سنجر کو شکست دی اس کے لشکر گاہ کو لوٹ لیا اور اس کو قید بھی کر لیا۔ کل بلاد خراسان پر قابض و متصرف ہو گئے امراء و ارکان دولت منتشر و متفرق ہو گئے جو جس شہر میں تھا وہاں کا والی بن بیٹھا۔ ترکان غز ان کو بھی زیر و زبر کرنے لگے۔ سلطان سنجر کو نظر بند کیے ہوئے تمام ممالک کو لوٹتے پھرتے تھے۔ یہی ذریعہ ان کے لوٹ لینے اور تاخت و تاراج کرنے کا تھا۔ رفتہ رفتہ اکثر شہروں پر قابض ہو گئے تا آنکہ سلطان سنجر ان کی حراست سے ۵۵۱ھ میں نکل بھاگا اور ۵۵۲ھ میں ترکان خطا کی مدافعت کی تمنا لیے ہوئے فوت ہو گیا۔ اس وقت خراسان ان کے امراء پر تقسیم ہو گیا جیسا کہ آئندہ ہم ان کے حالات کے ذیل میں تحریر کریں گے۔ بعد ازاں بنی خوارزم شاہ نے ان کل بلاد پر اور نیز اصفہان، رے اور ہمدان پر بنی سبکتگین سے قبضہ حاصل کر لیا اور بجائے سلاطین سلجوقیہ کے حکمرانی کرنے لگے یہاں تک کہ چنگیز خان بادشاہ تاتار نے اوائل ساتویں صدی میں ان کے دولت و حکومت کا خاتمہ کر دیا جیسا کہ ہم آئندہ جہاں پر ان لوگوں کے حالات علیحدہ علیحدہ تحریر کرنے والے ہیں مفصل تحریر میں لائیں گے۔

سلیمان شاہ اور خوارزم شاہ سلیمان شاہ بن محمد بن ملک شاہ اپنے چچا ملک سنجر کے پاس خراسان میں مقیم تھا ملک سنجر نے اس کو اپنا ولی عہد مقرر کیا تھا اور منابر خراسان پر اس کے نام کا خطبہ بھی پڑھوایا تھا پھر جب ترکان غز نے ملک سنجر کو مغلوب کر کے گرفتار کر لیا تو سلیمان شاہ اس کے لشکر پر حکومت کرنے لگا۔ بعد ازاں ترکان غز سے مغلوب ہو کر بھاگ کر خوارزم شاہ کے پاس پہنچا۔ خوارزم شاہ نے اس کی بڑی عزت کی۔ اپنی بھتیجی سے اس کا نکاح کر دیا لیکن بعد چندے کسی وجہ سے ناراض ہو گیا۔ سلیمان شاہ نے اصفہان کا راستہ لیا۔ شحنۂ اصفہان نے داخل نہ ہونے دیا۔ تب سلیمان شاہ نے قاشان کی جانب کوچ کیا۔ سلطان محمد نے یہ خبر پا کر ایک فوج بھیج دی۔ جس نے سلیمان شاہ کو قاشان میں بھی داخل نہ ہونے دیا۔ بعد ازیں مجبوری خوزستان کا رخ کیا وہاں ملک شاہ نے روکا۔ غرض جب کسی طرف سے خیر مقدم کی آواز سنائی نہ دی اور ہر طرف سے ناکامیوں اور محرومیوں سے استقبال ہوتا نظر آیا تو نجف چلا گیا اور رئیس نجف کے پاس قیام پذیر ہوا۔

سلیمان شاہ کی بغداد میں آمد: خلافت مآب سے بغداد میں داخل ہونے کی اجازت طلب کی اور اس غرض سے کہ آئندہ خلافت مآب کی اطاعت و فرمانبرداری کرتا رہوں گا اپنی بیوی اور بچوں کو دربار خلافت میں بھیج دیا۔ حصول اجازت کے بعد تھوڑی سی فوج کے ساتھ جس کی تعداد تین سو سے زیادہ تھی دارالخلافت بغداد میں داخل ہوا۔ وزیر السلطنت کے بیٹے قاضی القضاۃ اور ارکان دولت نے استقبال کیا چنانچہ سلیمان شاہ نے ماہ محرم ۵۵۱ھ میں دربار خلافت میں حاضر ہوا۔ قاضی القضاۃ، ارکان دولت اور خاندان عباسیہ کے نامی نامی افراد موجود تھے۔ سلیمان شاہ نے دستور کے مطابق اطاعت اور فرمانبرداری کی قسم کھائی اور اس امر کا اقرار کیا کہ آئندہ عراق میں معترض نہ ہوگا۔ خلافت مآب نے خوش ہو کر خلعت دی۔ جامع بغداد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھے جانے کا حکم دیا اور اس کو وہی خطابات اور القاب عنایت فرمائے جو اس کے باپ کے تھے اور لشکر بغداد سے تین ہزار سوار مرحمت فرمائے امیر قویدان والئ حلہ کو طلب فرما کر اس کا امیر حاجب مقرر کیا۔

سلیمان شاہ اور سلطان محمد میں جنگ: ماہ ربیع الاول ۵۵۱ھ میں سلیمان شاہ نے بلاد جبل کی جانب کوچ کیا اور خلافت مآب بہ موکب ہمایوں حلوان کی جانب روانہ ہوا۔ ملک شاہ بن سلطان محمود برادر سلیمان شاہ والی خوزستان کو خلافت

مقتفی نے طلب کر کے سلیمان شاہ کی دلجوئی و دلدہی کی اور اپنی اطاعت کی قسم لی اور اس امر کا عہد لیا کہ سلیمان شاہ کے بعد ملک شاہ وارث تخت و تاج ہوگا۔ اس کے بعد خلافت مآب نے دو ہزار سوار مال و اسباب کے ساتھ روانہ کئے۔ امرائے عرب سے [illegible] سب جمع ہو کر ہمدان اور اصفہان کی طرف بڑھے ایلدکز والی بلاد جبال بھی ان کے ساتھ تھا۔ سلطان محمد نے ان کی بیعت سے انکار کیا۔ سلطان محمد والی ہمدان نے تمام [illegible] کی تکمیل کی۔ قطب الدین مودود زنگی والی موصل اور اس کے نائب زین الدین کو لکھا اور امداد طلب کی ان لوگوں نے نہایت خوشی سے یہ درخواست منظور کی چنانچہ سلطان محمد نے ان کو سلیمان شاہ سے مقابلہ کرنے کو روانہ کیا۔ ماہ جمادی الاولیٰ سنہ ۵۵۱ھ میں سب آمنے سامنے ہوئے۔ تین روز مسلسل لڑائی ہوتی رہی آخر کار سلیمان شاہ کو شکست ہوئی۔ اور [illegible] لشکر متفرق و منتشر ہو گیا۔ ایلدکز اپنے شہر چلا گیا۔ سلیمان شاہ نے بغداد کا ارادہ کیا شہرزور ہو کر گزرا۔ زین الدین کوچک (یہ قطب الدین کا نائب تھا) نے تھوڑی سی فوج کے ساتھ زین الدین کی طرف سے شہرزور پر تعرض کر لیا تھا۔ آگے بڑھ کر [illegible] سلیمان شاہ گرفتار ہو گیا۔ زین الدین نے موصل میں لا کر قید میں نظر بند کر دیا۔ اور ایک خط [illegible] سلطان محمد والی ہمدان کو مطلع کیا۔

محاصرۂ بغداد سلطان محمد نے دربار خلافت میں یہ درخواست بھیجی کہ میرے نام کا خطبہ بغداد کی جامع مسجدوں میں پڑھا جائے خلافت مآب نے اس سے انکار کیا اور کہلا بھیجا کہ سلیمان شاہ سے اپنی اطاعت اور وفاداری کا حلف لے کر اس کے نام کا خطبہ پڑھوایا جا چکا ہے اب دوسرے کا نہیں پڑھا جا سکتا۔ سلطان محمد نے یہ سن کر لشکر آراستہ کر کے ہمدان سے عراق کی جانب کوچ کیا ماہ ذی الحجہ ۵۵۱ھ میں بغداد پہنچا۔ قطب الدین والی موصل اور اس کے نائب زین الدین کی طرف سے فوجیں بھی سلطان محمد کی کمک پر آ پہنچیں۔ بغداد میں اس سے بے حد اضطراب پیدا ہو گیا۔ [illegible] خلافت مآب نے بھی قرابین فوج کی جانب توجہ فرمائی۔ [illegible] ایک لشکر [illegible] نے حملہ پر قبضہ کر لیا۔ وزیر السلطنت ابن ہبیرہ [illegible] بندوبست میں مصروف ہوا۔ [illegible] تاہم [illegible] بھی [illegible] خلافت کے لئے تیار [illegible] اہل بغداد غربی جانب سے [illegible] بغداد کی [illegible] خلافت میں [illegible] خلیفہ [illegible] اور سلطان محمد سے [illegible] مزاحمت کی۔ ایک مدت تک یہ سلسلہ جنگ جاری رہا۔ سلطان محمد نے دجلہ کے ساحل پر [illegible] ایک پل [illegible] جانب سے بھی ہنگامہ قتل و غارت گرم کر دیا۔

سلطان محمد کی مراجعت اب بغداد میں ہر طرف سے لڑائی چھڑی ہوئی تھی [illegible] سلطان محمد کی [illegible] اتفاق سے [illegible] نور الدین محمود زنگی نے قطب الدین [illegible] الدین کو خلافت مآب سے جنگ کرنے پر ملامت [illegible] ایلدکز والی [illegible] ملک طغرل بن سلطان محمد نے ہمدان پر قبضہ کر لیا۔ سلطان محمد یہ سنتے

ٹی کا محاصرہ سے دست کش ہو کر آخری ماہ ربیع الاولی ۵۵۲ھ میں ہمدان کی طرف کوچ کر گیا اور زین الدین نے موصل کی جانب معاودت کی۔

ملک شاہ اور ایلدکز کی پسپائی: سلطان محمد نے جس وقت ہمدان کا قصد کیا تو ملک شاہ اور ایلدکز مع اپنے رفقاء اور ہمراہیوں کے رے چلے آئے تھے اینانج شحنہ رے نے مزاحمت کی لڑائی ہوئی۔ ان لوگوں نے اینانج کو شکست دے دی۔ سلطان محمد نے یہ خبر پا کر امیر عثمان بن قایماز کو بسر افسری ایک فوج کے اینانج کی کمک پر روانہ ہوا۔ امیر عثمان ہنوز رے نہ پہنچنے پایا تھا کہ ملک شاہ اور ایلدکز رے سے لوٹ کھڑے ہوئے تھے اور بقصد محاصرہ بغداد جا رہے تھے۔ اثناء راہ میں امیر عثمان سے مڈبھیڑ ہوگئی ایک خونریز جنگ کے بعد امیر عثمان کو شکست ہوئی۔ سلطان محمد نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر ملک شاہ اور ایلدکز کے تعاقب میں خوزستان کی جانب کوچ کیا حلوان میں پہنچ کر یہ خبر گوش گزار ہوئی کہ ایلدکز تو اس وقت دینور میں ٹھہرا ہوا ہے اور اینانج نے بعد روانگی ملک شاہ و ایلدکز ہمدان میں پھر داخل ہو کر قبضہ کر لیا ہے اور بدستور سابق سلطان محمد کے نام کا خطبہ پڑھا جاتا ہے اس خبر کی استماع سے سلطان محمد کے تن مردہ میں جان سی پڑ گئی اسی وقت ہمدان کی جانب معاودت کا حکم دے دیا۔ باقی رہ گئے ملک شاہ اور ایلدکز ان کے رفقاء متفرق و منتشر ہو گئے۔ شملہ والی خوزستان نے بھی ساتھ چھوڑ دیا۔ ملک شاہ اور ایلدکز کے چھکے چھوٹ گئے۔ چار و ناچار اپنے اپنے شہروں کی طرف بھاگ کھڑے ہوئے۔

سنقر ہمدانی کی سرکشی و اطاعت: سنقر ہمدانی والی لحف نے ان جھگڑوں اور ہنگامات سے سواد بغداد کو تاخت و تاراج کیا تھا اور ایک خاصا لشکر بھی مرتب اور تیار کر لیا تھا۔ خلیفہ مقتفی کو جب ایک گونہ فراغت حاصل ہوئی تو اس نے سنقر ہمدانی کی سرکوبی کی جانب توجہ کی۔ ماہ جمادی الاولی ۵۵۱ھ میں لشکر آراستہ کر کے سنقر کی طرف بڑھا۔ لحف کے قریب پہنچ کر امیر قطلوبرس نے گزارش کی "خلافت مآب یہیں قیام فرمائیں یہ خادم اس مہم کو سر کرے گا"۔ خلیفہ مقتفی نے اس رائے کو پسند فرما کر امیر قطلوبرس کو روانگی کا حکم دیا چنانچہ امیر قطلوبرس نے سنقر کے پاس جا کر سمجھایا بجھایا اور اس کو حکم خلافت کا مطیع بنا کر خلافت مآب کی خدمت میں واپس آیا اور کل حالات عرض کئے خلافت مآب نے خوش ہو کر امیر قطلوبرس اور امیر ارغش کو بلاد لحف میں جاگیریں عنایت فرما کر دار الخلافت کی جانب مراجعت کی۔

سنقر کی بغاوت اور شکست: واپسی کے بعد خلافت مآب اور امیر ارغش نے بلاد لحف کا قصد کیا سنقر امیر ارغش کو بلاد لحف سے نکال باہر کر کے تنہا حکومت کرنے لگا اور سلطان محمد کے نام کا خطبہ پڑھوایا۔ امیر قطلوبرس یہ خبر پا کر دار الخلافت بغداد سے ایک لشکر لے کر روانہ ہوا۔ سنقر مقابلہ پر آیا گھمسان کی لڑائی ہوئی میدان امیر قطلوبرس کے ہاتھ رہا۔ سنقر کو شکست ہوئی۔ چار سو سواروں کی جمعیت سے قلعہ ماکی کی طرف بھاگ گیا جو امیر قایماز حمیدی کے قبضہ و تصرف میں تھا اس کے بعد ۵۵۳ھ میں اپنی فوج کو آراستہ اور درست کر کے پھر بلاد لحف کا قصد کیا۔ امیر ارغش نے مقابلہ کیا لڑائیاں ہوئیں آخرکار امیر ارغش کو شکست ہوئی بکمال ابتری سے بغداد کی جانب مراجعت کی۔ خلافت مآب نے یہ خبر پا کر لشکر کو تیاری کا حکم دیا اور نہایت تیزی سے اپنی فوج کو آراستہ کر کے نعمانیہ کی جانب کوچ فرمایا اور بطور مقدمۃ الجیش ایک فوج بسرافسری ترشک سنقر کی

ہزیمت اٹھائی۔ سنقر نے پیش قدمی کر کے بہروزوں کا راستہ لیا۔ ترشک نے اس کے تمام مال و اسباب کو لوٹ کر قلعہ ماہکی پر قبضہ کر لیا۔ چند روز کا محاصرہ کر کے بقیہ تکین کی طرف مراجعت کی اور ایک عرضی واشت اطلاع کی دارالخلافت بغداد میں بھیج دی۔

سنقر کی اطاعت: سنقر ہمدانی بھاگ کر ملک شاہ کے پاس پہنچا ملک شاہ نے پانچ سو سواروں سے اس کی مدد کی۔ سنقر نے پھر اپنے شہر اور قلعہ کا قصد کیا۔ ترشک نے بھی پیش قدمی کر کے خلیفہ مقتفی سے امداد طلب کی۔ خلافت مآب نے ایک فوج امدادی بھیج دی۔ سنقر نے ایک سفیر صلح کی گفتگو کرنے کو ترشک کے پاس بھیجا ترشک نے اس کو قید کر لیا اور لشکر تیار کر کے حملہ کر دیا۔ سنقر اس اچانک حملہ سے گھبرا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ سارا لشکر پامال ہو گیا مال و اسباب لوٹ لیا گیا۔ سنقر نے زخمی ہو کر بھاگ کر ... میں جا کر دم لیا۔ ایک مدت تک ... اس کے بعد ماہ ذی الحجہ ۵۵۲ھ کے آخر میں پوشیدہ طور سے بغداد آیا اور خلیفہ کے دروازہ پر پڑا رہا۔ خلیفہ مقتفی نے خوش ہو کر دربار خلافت میں حاضر ہونے کی اجازت دی۔

شملہ کا فرار: ۵۵۳ھ میں شملہ اور قایماز سلطانی نے عراق پر لشکر آرائی کی تھی قایماز اس جنگ میں شکست کھا کر مارا گیا۔ خلیفہ مقتفی نے اس واقعہ سے مطلع ہو کر ایک فوج شملہ پر حملہ کرنے کو روانہ کی۔ شملہ یہ خبر پا کر ملک شاہ کے پاس بھاگ گیا۔

سلطان محمد کی وفات: سلطان محمد بن محمود بن محمد بن ملک شاہ کا محاصرہ بغداد سے واپسی کے بعد سل کے مرض میں مبتلا ہوا۔ مرض نے اس قدر طول کھینچا کہ اسی عارضہ میں مقام ہمدان ماہ ذی الحجہ ۵۵۴ھ میں ساڑھے سات برس حکومت کے بعد وفات پائی۔ بوقت وفات آقسنقر احمدیلی کو طلب کر کے اپنے بیٹے کو سپرد کیا اور یہ کہا کہ مجھ کو معلوم ہے کہ میرے بعد ارکان دولت اس لڑکے کی اطاعت نہ کریں گے تم اس کو اپنے ملک لے کر چلے جاؤ چنانچہ بعد وفات سلطان محمد آقسنقر اس کے بیٹے کو لے کر مراغہ چلا گیا۔

سلیمان شاہ کی تخت نشینی: انتقال کے بعد سلطان محمد کے ارکان دولت میں اختلاف پڑا ایک گروہ سلیمان شاہ (سلطان محمد کے چچا) کو تخت نشین کرنا چاہتا تھا اور ایک گروہ سلطان محمد کے بھائی ملک شاہ کو تخت پر بٹھانے کا قصد رکھتا تھا اور بعض لوگ ارسلان بن طغرل کی طرف مائل تھے جو ایلدگز کے ساتھ تھا۔ ہمدان میں مقیم تھا۔ ارکان دولت اسی کشمکش میں پڑے ہوئے تھے کہ ملک شاہ مع شملہ ترکمانی اور دکلا کے فارس کے خوزستان سے اصفہان آ پہنچا۔ ابن خجندی نے سر اطاعت جھکا دیا۔ رسد و شکار فراہم کر دیا اور لشکر ہمدان کو اطاعت کا پیام بھیجا۔ لشکر ہمدان نے انکاری جواب دیا بعد ازاں ہمدان کے بڑے بڑے امراء نے قطب الدین مودود بن زنگی والی موصل کے پاس ماہ ربیع الاول ۵۵۵ھ میں پیام بھیجا کہ سلیمان شاہ کو قید سے رہا کر کے ہمدان روانہ کر دو ہم لوگ بدل و جان اس کی حکومت و سلطنت کے خواہاں ہیں چنانچہ قطب الدین نے اس شرط سے سلیمان شاہ کو رہا کر کے اپنے نائب زین الدین علی کوچک کے ہمراہ موصل کے ایک دستہ فوج کے ساتھ ہمدان روانہ کیا کہ تخت حکومت پر متمکن ہونے کے بعد ملک سلیمان شاہ جو اتابک قطب الدین مودود زنگی ہو اور جمال الدین کو جو قطب الدین کا وزیر ہے عہدہ وزارت عطا ہو۔ جوں ہی سلیمان شاہ ہمدان میں داخل ہوا ہر طرف سے فوجیں جوق جوق

آنے لگیں۔ زین الدین کو اس سے خطرہ پیدا ہوا۔ بلا اطلاع سلیمان شاہ موصل کی جانب مراجعت کر دی۔ زین الدین کی واپسی سے سلیمان شاہ کا شیرازہ نظم درہم برہم ہو گیا جس قصد سے خروج کیا تھا وہ پورا نہ ہو سکا۔ بمشکل اپنے ہمت ادا کی۔ ہمدان میں داخل ہوا۔ اہل ہمدان نے اس کی سلطنت و حکومت کی بیعت کی۔ دار الخلافت بغداد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔

ملک شاہ کا خاتمہ اس اثناء میں ملک شاہ کی جمعیت بھی اصفہان میں بڑھ گئی۔ دار الخلافت بغداد میں کہلا بھیجا "سلیمان شاہ کا خطبہ موقوف کر کے میرے نام کا خطبہ پڑھا جائے اور جو تا امین عراق پہلے تھے پھر جاری کئے جائیں ورنہ میں پھر فوج کشی کروں گا"۔ وزیر عون الدین ابن ہبیرہ نے حکمت عملی سے کام لیا۔ ایک لونڈی ملک شاہ کے پاس بھیج دی جس نے زہر دے کر اس کی زندگی کا خاتمہ کر دیا۔ یہ واقعہ ۵۵۵ھ کا ہے۔

سلیمان شاہ اور شرف الدین میں کشیدگی ملک شاہ کے مرنے کے بعد اہل اصفہان نے ملک شاہ کے کل ہمراہیوں اور مصاحبوں کو نکال دیا اور سلیمان شاہ کے نام کا خطبہ پڑھنا شروع کیا۔ شملہ نے خوزستان کی جانب معاودت کی اور ان کل بلاد پر قبضہ کر لیا جن پر ملک شاہ متصرف اور قابض تھا غرض اس طرح سے سلیمان شاہ کی حکومت کا سکہ ان شہروں میں چلنے لگا تھوڑے دنوں بعد لہو و لعب میں منہمک ہو گیا۔ کاروبار سلطنت چھوڑ کر ناچ رنگ میں اپنی اوقات صرف کرنے لگا۔ دن رات شراب نوشی کا شغل رہنے لگا۔ امراء اور ارکین دولت کی طرف مخاطب نہ ہوتا تھا۔ مسخروں، گویوں اور رقاصوں سے دربار بھرا رہتا تھا امور سلطنت شرف الدین کردبازو جو مشائخ سلجوقیہ سے تھا انجام دے رہا تھا یہ شخص نہایت دیندار صاحب عقل اور باتدبیر تھا۔ امراء اور ارکین دولت اس سے اکثر سلیمان شاہ کی شکایت کیا کرتے تھے ایک روز یہ سلیمان شاہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور نصیحتانہ کچھ عرض معروض کرنے لگے۔ سلیمان شاہ اس وقت نشہ میں تھا۔ مسخروں کو اشارہ کر دیا۔ انہوں نے شرف الدین کو بنانا شروع کر دیا۔ شرف الدین ناراض ہو کر اٹھ کر چلا آیا۔

سلیمان شاہ کا قتل: سلیمان شاہ کو جب ہوش آیا تو شرف الدین سے عذر خواہی کی شرف الدین نے سلیمان شاہ کا عذر قبول کر لیا مگر تاہم ایک قسم بند کر دیا۔ سلیمان شاہ کو اس سے کچھ خطرہ پیدا ہوا۔ اینانج والی رے کو اپنی کمک پر بلا بھیجا اینانج ان دنوں علیل تھا۔ معذرت کی کہ صحت کے بعد میں مع اپنی فوج کے حاضر ہوں گا۔ اتفاق یہ کہ اس کی خبر شرف الدین تک پہنچ گئی اس سے سخت ناراضی اور بے حد کشیدگی بڑھ گئی۔ ایک روز دعوت کے بہانہ سے سلطان سلیمان شاہ کو مع اس کے ساتھیوں کے اپنے مکان پر مدعو کیا اراکین دولت تو اس سے تنگ آ ہی رہے تھے۔ شرف الدین کا اشارہ پا کر سلیمان شاہ کو مع اس کے مصاحبوں اور وزیر ابو القاسم محمود بن عبد العزیز حامدی کے ماہ شوال ۵۵۶ھ میں گرفتار کر لیا گیا۔ وزیر اور مصاحبوں کو تو اسی وقت قتل کر ڈالا اور سلیمان شاہ کو چند روز قید میں رکھا۔ بعد ازاں ایک شخص کو اشارہ کر دیا۔ اس نے گلا گھونٹ کر سلیمان شاہ کو مار ڈالا۔

ایلدگز اور اینانج کا تسلط: اینانج والی رے کو اس کی خبر لگی تو فوجیں مرتب کر کے غارت گری کرتا ہوا ہمدان پہنچ کر محاصرہ کر لیا۔ شرف الدین نے اتابک اعظم ایلدگز کو اس واقعہ سے مطلع کر کے ارسلان شاہ بن طغرل کو بیعت کرنے کی غرض سے

بلا بھیجا۔ چنانچہ ایلدگز بیس ہزار سواروں کی جمعیت سے ہمدان آ پہنچا۔ اینانج محاصرہ سے دست کش ہو کر چلا گیا۔ ایلدگز نے ہمدان میں داخل ہو کر ارسلان شاہ بن طغرل کے نام کا خطبہ پڑھا اس کی حکومت و سلطنت کی اہل ہمدان سے بیعت لی۔ ایلدگز اس کا اتابک مقرر کیا گیا اور پہلوان بن ایلدگز اس کا حاجب بنایا گیا۔ دربار خلافت میں اس واقعہ کی اطلاع کی عرضداشت بھیجی گئی اور یہ درخواست کی گئی کہ سلطان ارسلان شاہ کے نام کا خطبہ جامع بغداد میں پڑھا جائے اور جیسا کہ سلطان مسعود کے عہد حکومت میں عراق کا انتظام تھا ویسا ہی اب پھر جاری کیا جائے۔ خلافت مآب نے سفیر کو جواب نہ دیا اور دربار خلافت سے نہایت بے عزتی سے نکلوا دیا۔ باقی رہا اینانج والی رے، اس نے ایلدگز سے سازش کر لی اور اپنی بیٹی کا عقد پہلوان بن ایلدگز سے کر کے ہمدان چلا آیا۔ ایلدگز سلطان مسعود کے غلاموں سے تھا۔ اس کو اران اور بعض مقامات آذربائیجان کی حکومت دی گئی تھی اور سلاطین سلجوقیہ کی کسی خانہ جنگی میں شریک نہیں ہوا۔ اس نے مادر ارسلان شاہ یعنی زوجہ طغرل سے انتقال کے بعد ملک طغرل سے نکاح کر لیا تھا جس سے پہلوان محمد و قزل ارسلان عثمان پیدا ہوئے۔

معرکہ نہر اسپرود: ایلدگز اور اینانج میں مصالحت ہو جانے کے بعد ایلدگز نے آقسنقر احمدیلی والی مراغہ کو ارسلان شاہ کی اطاعت کو لکھ بھیجا۔ آقسنقر نے اطاعت قبول کرنے سے انکار کیا بلکہ ایک لڑکے کے نام کا خطبہ پڑھنے اور اس کی بیعت کرنے کی دھمکی بھی دی۔ یہ لڑکا اس کے پاس موجود تھا یعنی محمود بن ملک شاہ۔ اصل یہ ہے کہ وزیر السلطنت ابن ہبیرہ نے اس لڑکے کے نام کا خطبہ پڑھے جانے اور اس کی بیعت کرنے کی تحریک کی تھی۔ اس بناء پر ایلدگز نے ایک فوج بسرافسری اپنے بیٹے پہلوان کے لئے روانہ کی۔ یہ فوج کوچ و قیام کرتی ہوئی مراغہ کی جانب بڑھی۔ آقسنقر نے یہ خبر پا کر شاہ ارمن والی خلاط سے امداد طلب کی چنانچہ شاہ ارمن نے ایک فوج ابن آقسنقر کی کمک پر بھیج دی۔ آقسنقر اور پہلوان کا نہر اسپرود پر مقابلہ ہوا۔ پہلوان نے شکست کھا کر ہمدان کی طرف مراجعت کی اور آقسنقر مظفر و منصور مراغہ لوٹ آیا۔

محمود بن ملک شاہ کی رہائی: جس وقت ملک شاہ بن محمود نے اصفہان میں زہر سے وفات پائی جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں تو اس کے مصاحبوں کا ایک گروہ اس کے بیٹے محمود کے پاس بلاد فارس کی طرف چلا گیا۔ زنگی بن دکلا سلغری والی فارس نے محمود بن ملک شاہ کو ان لوگوں سے چھین کے قلعہ اصطخر میں لے جا کر نظر بند کر دیا جب ایلدگز نے بغداد میں اپنے ربیب ارسلان کے نام کا خطبہ پڑھے جانے کا پیام بھیجا تو وزیر السلطنت عون الدین ابوالمظفر یحییٰ بن ہبیرہ نے گردونواح کے امراء اور والیان ملک سے سازشیں شروع کر دیں۔ زنگی بن دکلا کو یہ کہلا بھیجا "ایلدگز پر میں فوج کشی کرنے والا ہوں اگر اس کے مقابلہ میں مجھے کامیابی حاصل ہو گی تو بہتر ہو گا کہ تم محمود بن ملک شاہ کی حکومت و سلطنت کی بیعت کر کے اس کے نام کا خطبہ اپنے ملک میں پڑھوا دو"۔ چنانچہ زنگی نے محمود بن ملک شاہ کو رہا کر کے حکومت و سلطنت کی اس کے ہاتھ پر بیعت کی۔ بعد ازاں اس کے دروازہ پر نوبت بجنے لگی۔ اینانج والی رے کو یہ واقعہ لکھ بھیجا اور اتفاق رائے کی درخواست کی۔ اینانج نے اقراری جواب دیا اور ساتھ ہی اس کے دس ہزار فوج کی جمعیت سے زنگی کی طرف کوچ کیا۔

ایلدگز اور اینانج کی جنگ و مصالحت: آقسنقر احمدیلی نے بھی یہ خبر پا کر پانچ ہزار سوار زنگی کے پاس بھیج دیئے۔ رفتہ رفتہ ایلدگز کو ان واقعات کی خبر لگی ایک لشکر عظیم مرتب اور جمع کر کے بقصد بلاد فارس و اصفہان کی جانب روانہ ہوا اور زنگی

بن برکیارق والی فارس کے پاس ارسلان کی اطاعت وفرمانبرداری اور حاضری کا پیام بھیجا۔ زنگی نے رکھائی سے جواب دے دیا اور یہ کہلا بھیجا " مجھے ملنے کی فرصت نہیں ہے میں اس وقت اپنی جاگیر پر جا رہا ہوں جو حال میں دربار خلافت سے مجھے عطا ہوئی ہے"۔ خیر خود سے خلافت مآب اور وزارت پناہ سے امداد طلب کی خلافت مآب اور وزارت پناہ نے امداد وکمک کا وعدہ کیا اور ان امراء کو جو خطاب آمیز خطوط بھی تحریر کئے جو ایلدگز کے ہمراہ اور اس کے مطیع تھے۔ ایلدگز نے پہنچنے اپنی فوج سے پیشتر جہاز خوزستان کی جانب میں یہ خبر مسموع ہوئی کہ زنگی نے بیہم اور اس کے مضافات کو لوٹ لیا ہے۔ فوراً دس ہزار سواروں کو زنگی سے مزاحمت کرنے اور مقابلہ کرنے کو روانہ کیا۔ زنگی نے ان کو پہلے ہی حملہ میں شکست دے دی تب ایلدگز نے آذربائیجان کی فوج کو طلب کیا۔ تھوڑے دنوں بعد اس کا بیٹا قزل ارسلان آذربائیجانی لشکر لئے ہوئے آ پہنچا۔ زنگی نے بھی یہ سن کر ابن بوزابہ کی کمک پر فوجیں روانہ کر دیں مگر بذات خود اس خوف سے کہ مبادا شملہ والی خوزستان معرض زوال میں آ جائے اس مہم میں شریک نہ ہو سکا۔ ماہ شعبان ۵۶۰ھ میں ایلدگز اور ابن بوزابہ نے صف آرائی کی۔ متعدد معرکے ہوئے آخرکار ابن بوزابہ شکست کھا کر بھاگا اس کا لشکر لوٹ لیا گیا ایلدگز نے تعاقب کر کے ابن بوزابہ کا محاصرہ کر لیا بعد ازاں دونوں میں مصالحت ہوگئی۔ مصالحت کے بعد ایلدگز نے ہمدان کی جانب مراجعت کی۔

مستنجد: خلیفہ مستنجد خلفاء بنی عباس کا پہلا خلیفہ ہے جس نے استقلال اور استحکام کے ساتھ زمام حکومت اپنے ہاتھ میں لی جس وقت کہ شیرازہ حکومت وخلافت زمین موصل و واسط بصرہ اور علاوہ ان منتشر ہو گیا تھا اور حکمرانی کی کشتی کے پرزے ڈھیلے ہو گئے تھے۔

خلیفہ مقتفی کی وفات: خلیفہ مقتفی لامر اللہ ابو عبداللہ محمد بن مستظہر نے ماہ ربیع الاول ۵۵۵ھ میں اپنی خلافت کے چوبیس برس چار مہینے بعد وفات پائی۔ خلفاء بنی عباسیہ کا یہ پہلا شخص ہے جس نے بلا شرکت کسی سلطان کے عراق پر جب سے کہ دیلمیوں کا دور دورہ ہوا تھا حکمرانی کی۔ لشکریوں اور مصاحبوں کو اپنے قابو میں رکھا جس قدر بلاد و صوبجات وسعت بیرونی تغلب سے باقی رہ گئے تھے ان پر بیدار مغزی اور ہوشیاری سے حکومت کی۔ جس وقت اس کے مرض میں اشتداد کی کیفیت پیدا ہوئی اور زندگی سے ایک گونہ مایوسی محسوس ہوئی اسی وقت سے اس کے حرموں کو اپنے اپنے لڑکوں کی تخت نشینی کی فکر پیدا ہوگئی۔ ماں مستنجد اپنے بیٹے کی خلافت کی فکر میں لگی ہوئی تھی اس کے بھائی ابو علی کی ماں اپنے لڑکے کو مسند خلافت پر متمکن کرنے کی تدبیر میں تھی بلکہ اس غرض کو حاصل کرنے کے لئے مستنجد کے قتل کا قصد کر لیا تھا۔

مستنجد کے قتل کا منصوبہ: چنانچہ بیمار خلیفہ مقتفی کے دیکھنے کے بہانہ سے مستنجد کو بلا بھیجا اور یہ تدبیر کر رکھی کہ محلسرائے خلافت کی لونڈیوں کو چھریاں دے دیں اور وہ خود اور اس کا بیٹا شمشیر بکف ہو بیٹھا تھا کہ جوں ہی محلسرائے خلافت میں قدم رکھے چاروں طرف سے یورش کر کے قتل کر ڈالا جائے۔ اتفاق یہ کہ اس کی خبر مستنجد تک پہنچ گئی۔ اپنے باپ کے خواجہ سرا کو طلب کر کے اس واقعہ سے اس کو آگاہ کیا اور اپنے ہمراہیوں اور فراشوں کو مسلح کر کے محلسرائے خلافت میں داخل ہوا اس کے داخل ہوتے ہی ایک لونڈی نے بڑھ کر حملہ کیا۔ مستنجد کے ہمراہیوں میں سے ایک شخص نے لپک کر گرفتار کر لیا۔ دوسری لونڈیاں یہ دیکھ کر بھاگ کھڑی ہوئیں۔ مستنجد نے اپنے بھائی ابو علی اور اس کی ماں کو گرفتار کر لیا۔ لونڈیوں میں سے بعض کو قتل کر ڈالا اور بعض کو دجلہ میں ڈبو دیا۔ اسی اثناء میں خلیفہ مقتفی نے وفات پائی۔

باب: ۳۲

یوسف بن مقتفی باللہ ۵۶۶ھ تا ۵۷۵ھ

الحسن مستنجد باللہ مستضی بامر اللہ ۵۶۶ھ تا ۵۷۵ھ

بیعت خلافت: مستنجد نے بیعت خلافت بیٹے کو دی اور مستضی کو بیٹا اور قابلیت کے اقرار سے جانشینی سب کے پہلے اس کے چچا ابوطالب نے بیعت کی۔ پھر اس کے بعد اس کے وزیر سلطنت عضد الدین ابی الفرج محمد اور قاضی القضاۃ نے بیعت کی۔ بعد ازاں ارکان دولت اور علماء بیعت کرنے کی غرض سے پیش ہوئے تھے۔ جامع مسجد میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ عضد الدین کو بدستور سابق عہدۂ وزارت پر بحال رکھا گیا اور قیماز کو اپنے منصب پر بحال کر دیا گیا۔ تخت نشینی کی خوشی میں ٹیکس اور محصول معاف کر دیا گیا۔ رعیت ... اور دار العلم ... قاضی القضاۃ ابوالحسن علی بن احمد دامغانی معزول ہوا۔ بجائے اس کے عبدالواحد ثقفی عہدۂ قضا پر مقرر کیا گیا۔

امیر ترشک کا خاتمہ: ۵۷۰ھ میں ترکمانوں نے خراسان ... کی سرکوبی ... امیر ترشک نے بغداد سے طلب فرمایا۔ امیر ترشک نے حاضری بغداد سے معافی چاہی اور ترکمانوں کے ... جائے تو ترشک سے مدد لی جائے۔ خلافت مآب نے ترشک کا مقابلہ ... فوج میں ترشک کی سرکوبی کو روانہ کیں ... امیر نے ترشک کے ... اس کو مار ڈالا اور سر اتار کر دار الخلافت بغداد کو بھیج دیا۔

قلعہ ہاتی کی واپسی: ۵۷۰ھ میں خلافت مآب نے ... کو سنجر ہمدانی نے ... کے قبضے سے نکال لیا۔ سنجر ہمدانی اس قلعہ کا والی تھا۔ قلعہ ... ترکمانوں اور کردوں نے بغاوت کر دی ... دروازے کھول دیے ... کی مدافعت کی ... خلافت مآب کو اس کی اطلاع ہوئی ... قلعہ ہاتی ... چھین لیا ... قبضہ ہو گیا۔ قلعہ ... خلافت ... ترکمانوں اور کردوں کے قبضہ میں تھا۔

خفاجہ کی سرکوبی اور اطاعت: ۵۷۱ھ میں خفاجہ (عربوں کا ایک قبیلہ ہے) ... جمع ہو کر ... ... مستضی کے غلام تھے ... خلیفہ نے ...

پر غارت گری شروع کر دی۔ ارتش اور قیصر نے فوجیں آراستہ کر کے خفاجہ کا تعاقب کیا۔ رحبہ تک پیچھا کرتے چلے گئے خفاجہ نے مصالحت کی درخواست کی ارتش اور قیصر نے انکاری جواب دیا۔ تب خفاجہ بھی مقابلہ پر تل گئے گھمسان کی لڑائی ہوئی انجام کار شاہی لشکر شکست اٹھا کر بھاگا قیصر اثناء دار و گیر میں مارا گیا۔ ارتش نے رحبہ میں جا کر پناہ لی۔ خفاجہ نے اس کو امن دیا اور بہ حفاظت دار الخلافت بغداد روانہ کر دیا۔ اس واقعہ میں اکثر حصہ لشکر شاہی کا شدت تشنگی سے میدان میں تباہ ہو گیا۔ باقی ماندہ کسی طرح جان بچا کر بغداد پہنچے۔ وزیر السلطنت فخر الدین بن جہیر کو خفاجہ کی اس حرکت ناشائستہ پر طیش آ گیا لشکر آراستہ کر کے خفاجہ کی سرکوبی کو روانہ ہوا۔ خفاجہ یہ سن کر جنگل اور پہاڑوں میں چلے گئے وزیر السلطنت نے بغداد کی جانب مراجعت کی۔ خفاجہ رفتہ رفتہ بصرہ پہنچے اور معذرت نامہ لکھ کر دربار خلافت میں روانہ کیا۔ مصالحت کی درخواست کی خلافت مآب نے منظور فرمائی۔

بنی اسد کا عراق سے اخراج چونکہ بنی اسد کا ان علاقوں نے اس سے پیشتر بے حد شورش بپا کی تھی علاوہ بریں زمانہ محاصرہ بغداد میں ان لوگوں نے بساسیری کا ساتھ بھی دیا تھا۔ یہی باعث تھا کہ خلیفہ مستظہر کے دل میں ان لوگوں کی طرف سے ناراضگی اور کبیدگی تھی۔ چنانچہ ۴۹۸ھ میں خلیفہ مستظہر نے امیر یزدان بن قماج کو ان لوگوں کی جلا وطنی اور سرکوبی پر مامور فرمایا۔ یہ لوگ حلہ کے تمام اطراف میں پھیلے ہوئے تھے۔ امیر یزدان فوجیں آراستہ کر کے دار الخلافت بغداد سے حلہ کی طرف روانہ ہوا اور ابن معروف کو بصرہ سے اپنی کمک پر بلا بھیجا۔ چنانچہ ابن معروف براہ دریا جنگی کشتیاں لئے ہوئے مع ایک عظیم لشکر کے آپہنچا۔ ایک زمانہ تک امیر یزدان بنی اسد کا محاصرہ کئے رہا خلیفہ مستظہر کو جنگ کا طول کھینچنا گوارا نہ ہوا۔ بذریعہ عتاب آمیز خط کے امیر یزدان کو شجاعت سے آمادہ کیا اور سختی کی کہ اب جنگ میں طوالت کچھ ہوئی تو تیری خیر نہیں ہے امیر یزدان اس عتاب آمیز خط کو پڑھ کر چونک پڑے۔ ابن معروف کو یہ فرمان خلافت مآب کا خط دکھلایا۔ دونوں نے باتفاق رائے لشکر آراستہ کر کے چاروں طرف سے بنی اسد پر حملہ کر دیا پانی رسد اور غلہ کی آمد و رفت بند کر دی۔ مجبوراً بنی اسد بھی کمر ہمت کس کر نکل پڑے چار ہزار بنی اسد مارے گئے باقی ماندہ لوگوں کی نسبت یہ کارروائی کی گئی کہ بذریعہ منادی یہ اعلان کیا گیا کہ آج کے بعد جو شخص بنی اسد کا حلہ میں نظر آئے گا وہ بلا تفتیش کسی امر کے قتل کر ڈالا جائے گا پوچھ گچھ نہ ہوگی۔ اندر جس کو جہاں جانا ہو چلا جائے چنانچہ بقیۃ السیف بنی اسد عراق چھوڑ کر نکل کھڑے ہوئے ایک شخص بھی بنی اسد کا عراق میں باقی نہ رہ گیا۔ حلہ اور کل بلاد بنی اسد ابن معروف کو سند دیئے گئے۔

واسط میں بغاوت بصرہ امیر سکمن بن ارتق کی جاگیر میں تھا جو خلیفہ مستظہر کا آزاد کردہ غلام تھا۔ ۴۹۹ھ میں خلافت مآب نے اس کو قتل کر کے بجائے اس کے کمشتکین کو مامور فرمایا۔ ابن سنقاء برادر زادہ شحنہ والی خوزستان نے اس کو مقتضیات سے قید کر کے بصرہ پر چڑھائی کر دی اس کے اطراف و جوانب کے دیہاتوں اور قصبوں کو تاخت و تاراج کرنے لگا۔ دربار خلافت سے کمشتکین کے نام ابن سنقاء سے جنگ کرنے کا فرمان صادر ہوا۔ کمشتکین نہ تو فوجیں فراہم کر سکا اور نہ ابن سنقاء کے طوفان بے تمیزی کو روک سکا۔ اس سے ابن سنقاء کے حوصلے بلند ہو گئے واسط کی طرف بڑھا اور اس کے اطراف و مضافات کو لوٹنے لگا۔ امیر صدقہ بن مزید اس صوبہ کا جاگیردار تھا۔ اس نے فوجیں فراہم کر کے ابن سنقاء سے مزاحمت کی ہنگامہ کارزار گرم ہو گیا۔ اثناء جنگ

میں ابن سنکا نے اُن امراء کو ملا لیا جو امیر قطلو بری کے ہمراہ تھے لہٰذا یہ لوگ عین لڑائی کے وقت امیر قطلو بری کو حریف کے مقابل لا کر خود علیحدہ ہو گئے امیر قطلو بری کو ابن سنکا کے ہمراہیوں نے گرفتار کر لیا اس کا سارا لشکر تتر بتر ہو گیا۔ فتح جنگ کے بعد ابن سنکا نے امیر قطلو بری کو ۵۵۵ھ میں قتل کر دیا بعد ازاں ۵۵۶ھ میں ابن سنکا نے پھر بصرہ کا قصد کیا اور اس کے شرقی حصہ کو لوٹ لیا۔ کمشتکین نے ابن سنکا کی روک تھام کرنے کو فوج روانہ کی۔ دونوں حریف میں لڑائی ہوئی بالآخر ابن سنکا نے جنگ سے اعراض کر کے واسط کی جانب کوچ کیا اہل واسط بخوف آمد و جان کانپ اٹھے مگر ان کی خوش قسمتی تھی۔ ابن سنکا واسط نہ پہنچ سکا۔

شملہ کی شورش ۵۶۲ھ میں شملہ والی خوزستان نے قصد عراق کوچ کیا۔ ستر و قیام کرتا ہوا قلعہ ماکی تک پہنچا خلافت مآب سے صوبجات اسلامیہ کی گورنری کی درخواست کی۔ اور درخواست میں ادب کا پہلو بھی ترک کر دیا۔ خلافت مآب نے اس کے طوفان بے تمیزی کی روک تھام کو ایک فوج بھیجی اور بغاوت و سرکشی کے عواقب سے ڈرایا۔ شملہ نے معذرت کی کہ ”ایلدکز اور سلطان ابن سلطان شاہ نے ان بلاد کی حکومت مجھے عطا کی ہے جو اس وقت میرے پاس ہے اور سلطان شاہ ملک شاہ کا بیٹا ہے جو بصرہ، واسط اور حلہ کا ایک حکمران ہے۔ مجھے اور کسی شہر سے کوئی غرض نہیں ہے میں انہی تینوں شہروں کی حکومت پر اکتفا کرتا ہوں اور حلہ کی غرض سے سلطانی فرمان بھی پیش کرتا ہوں“ خلافت مآب کو شملہ کی جسارت ناگوار گزری حکم صادر فرمایا ”شملہ کا شمار اس وقت سے خوارج میں ہے خلافت کے ممبروں پر اس پر لعن کی جائے اور اسی وقت ارغش مسترشدی کے پاس خواشی میں اور شرف الدین ابو جعفر بلدی ناظر واسط کے پاس حکم بھیجا جائے کہ بہت جلد فوجیں فراہم اور مرتب کر کے اس سرکش و باغی کو گوشمالی دیں“۔

شملہ کی مراجعت اسی زمانہ میں شملہ نے اپنے برادرزادہ شیخ کو چند دستہ فوج کے ساتھ کردوں سے جنگ کرنے کو روانہ کیا تھا اتفاق سے ارغش کو اس کی خبر لگ گئی۔ جھپٹ کر شیخ کو اور نیز اس کے ہمراہیوں کو گرفتار کر کے بغداد بھیج دیا۔ شملہ نے یہ سن کر مصالحت کی درخواست کی جس کا انکاری جواب ملا۔ اس واقعہ کے بعد ارغش گھوڑے سے گر کر مر گیا اس کا لشکر وہیں مقیم رہا اور شملہ نے آغاز سفر کے چوتھے ماہ اپنے شہر کی جانب مراجعت کی۔

شرف الدین کا عہدہ وزارت پر تقرر جمادی الاول ۵۶۰ھ میں وزیر السلطنت عون الدین یحییٰ بن محمد بن ہبیرہ نے وفات پائی۔ خلیفہ مستنجد نے اس کے بیٹوں اور کل خاندان کو گرفتار کر لیا چندے وزارت کا کام نائب وزیر انجام دیتے رہے بعد ازاں خلافت مآب نے ۵۶۳ھ میں شرف الدین ابو جعفر احمد بن محمد سعید معروف ابن بلدی ناظر واسط کو قلمدان وزارت سپرد فرما دیا چونکہ عضد الدین ابو الفرج بن رئیس الرؤسا امور سلطنت میں حد سے زیادہ دخیل اور پیش پیش ہو گیا تھا اس وجہ سے خلافت مآب نے وزیر السلطنت کو حکم دیا کہ عضد الدین اور اس کے ہمراہیوں کو معمولی فرو گزاشتوں پر معتوب کر کے تباہی کی جائے اور عضد الدین کے کل اختیارات سلب کر لیے جائیں چنانچہ وزیر السلطنت نے اس کے بھائی تاج الدین سے نہر الملک کا حساب عہد خلافت مقتفی سے اس وقت تک کا طلب کیا۔ اسی قسم کی کارروائی اور عمال کے ساتھ جو کہ عضد الدین کے آوردہ اور ہوا خواہ تھے کی اس سے ارکان دولت کے کان کھڑے ہو گئے ہوشیاری اور دیانت داری سے

کام ہونے لگا۔ بدنظمی اور ابتری بڑھتی رہی۔

عضد الدین اور خلیفہ میں کشیدگی خلیفہ مستنجد کے عہد خلافت میں عضد الدین ابو الفرج ابن رئیس الرؤساء جو دربار خلافت بغداد کے امیروں میں اعلیٰ درجہ کا شخص تھا امور سلطنت میں دخیل اور ہر کام میں پیش پیش ہوتا تھا حقیقۃً زمام حکومت اسی کے قبضۂ اقتدار میں تھی۔ قطب الدین قایماز مقتفوی اس معاملہ میں اس کا ہم خیال اور ہمراز تھا جس وقت خلافت مآب نے عہدۂ وزارت سے شرف الدین جعفر کو سرفراز فرمایا اور وزیر السلطنت کو عضد الدین کے کاموں پر حرف گیری اور اس کے اختیارات سلب کرنے کا اشارہ کیا اسی وقت سے مابین وزیر السلطنت اور عضد الدین میں عداوت اور مخالفت کی بنا پڑ گئی بات بات پر وزیر السلطنت عضد الدین اور اس کے اعمال سے الجھتا تھا۔ خلافت مآب بھی عضد الدین اور اس کے ہم خیال قطب الدین کو بری نگاہوں سے دیکھتے تھے عضد الدین اور قطب الدین اس معاملہ میں وزیر السلطنت کو متہم کیا کرتے اور خلافت مآب کی ناراضگی کا باعث وزیر السلطنت کو بتایا کرتے تھے۔

خلیفہ مستنجد کا قتل ۵۶۶ھ میں خلافت مآب بیمار پڑے۔ رفتہ رفتہ مرض کی شدت بڑھتی گئی۔ عضد الدین اور قطب الدین خلافت مآب کی بیماری سے تنگ آ گئے تھے شاہی طبیب سے سازش کر لی اس نے خلیفہ کی موت کی یہ تدبیر نکالی کہ خلافت مآب کو حمام میں داخل کر کے دروازہ بند کر لیا خلافت مآب کا دم گھٹ گیا تھوڑی دیر میں جان بحق تسلیم ہوا۔ بعض مورخین عضد الدین اور قطب الدین کی مخالفت اور عداوت کا سبب یہ تحریر کرتے ہیں کہ خلافت مآب نے وزیر السلطنت شرف الدین کو عضد الدین اور قطب الدین کے قید و قتل کی بابت ایک تحریر بھیجی تھی اتفاق سے یہ تحریر عضد الدین کے ہاتھ پڑ گئی۔ عضد الدین نے قطب الدین، یزدن اور اس کے بھائی تامش کو بلا کر وہ تحریر دکھائی۔ ان لوگوں نے متفق ہو کر یہ رائے قائم کی کہ خلافت مآب کو کسی حیلے سے مار ڈالنا چاہیے چنانچہ یہ لوگ محل سرائے خلافت میں آئے اور جبراً خلافت مآب کو حمام میں لے جا کر باہر سے دروازہ بند کر دیا خلافت مآب چلاتے رہے مگر کوئی سننے والا نہ تھا۔ یہ واقعہ ۹ ربیع الآخر ۵۶۶ھ کا ہے دس سال خلافت کی اور ربیع الثانی ۵۱۰ھ میں پیدا ہوا۔ پچپن برس کی عمر پائی۔

خلیفہ مستضی بامر اللہ کی بیعت خلافت جس وقت خلیفہ مستنجد کی موت کی ہولناک خبر مشہور ہوئی اور مستنجد نے دم توڑا ہی تھا کہ وزیر السلطنت امرائے لشکر اور کل فوج مسلح ہو کر محل سرائے خلافت کے دروازہ پر آ گئی عوام الناس کا بھی جم غفیر ان کے ساتھ تھا قتل و غارت کی تیاری تھی۔ عضد الدین نے اس خوف سے کہ مبادا وزیر السلطنت خلافت مآب کی موت کا یقین کر کے [illegible] بلند آواز سے پکارا "امیر المومنین کو غش آ گیا تھا اب غش سے نجات مل گئی ہے"۔ وزیر السلطنت نے اس خیال سے کہ عوام الناس اور لشکر محل سرائے خلافت میں گھس پڑیں، دار الوزارت کی جانب مراجعت کی۔ امرائے لشکر اور نیز عوام الناس منتشر و متفرق ہو گئے عضد الدین اور قطب الدین نے جھٹ پٹ محل سرائے خلافت کے دروازے بند کر لیے اور خلیفہ مستنجد کے بیٹے ابو محمد حسن کو طلب کر کے فوراً خلافت کی بیعت کر لی۔ "المستضی بامر اللہ" کا لقب دیا۔ ابو محمد کو مسند خلافت پر متمکن کرنے کے وقت اس سے یہ اقرار لے لیا کہ قلمدان وزارت عضد الدین کو سپرد کیا جائے اس کا بیٹا کمال

الدین احمد وزیر مقرر ہوا اور امراء نے مستضیء کی مرضی اور قطب الدین قایماز کو دور کر دیا جائے۔ چنانچہ خلیفہ نے ان لوگوں کی خواہش کے مطابق ایسا کیا۔ خلیفہ نے اس کو منظور فرمایا۔ چونکہ ان کا دامن خلافت سے وابستہ تھا۔ [illegible] اس کے بعد خلیفہ مستضیء کی وفات واقع ہوئی۔ اس کے بعد [illegible] ناصر کی بیعت عامہ ہوئی۔

وزیر شرف الدین کا قتل: خلیفہ مستضیء نے خلافت پر متمکن ہوتے ہی [illegible] ابو الفرج [illegible] کو اپنے لڑکوں کی [illegible] دے دیے تھے [illegible] وزیر [illegible] خلیفہ کی [illegible] تو اس کے ہاتھوں [illegible] سے [illegible] جاتے رہے اپنی [illegible] اور [illegible] حاصل تھا [illegible] جس وقت [illegible] خلیفہ نے [illegible] شرف الدین کے [illegible] سے [illegible] قلم [illegible] خلیفہ مستضیء نے قاضی [illegible] کے جیل خانہ میں [illegible] تھا [illegible] خلیفہ مستضیء [illegible] ان لوگوں نے [illegible] اپنے [illegible] ان [illegible] ہوئے [illegible] کا لقب [illegible]

فاطمی خلافت کا خاتمہ: خلیفہ مستضیء نے [illegible] خلافت میں [illegible] مصر کی [illegible] خلافت عباس [illegible] خلیفہ مستضیء کا خطبہ [illegible] جامع مسجد میں پڑھا گیا۔ اس [illegible] کو سب سے پہلے [illegible] صلاح الدین [illegible] کے انقلاب [illegible] تھا [illegible] کا [illegible] انقلاب [illegible] ہو گیا تھا [illegible] کا خلیفہ تھا۔ [illegible] کے [illegible] القادر [illegible] وقت [illegible] وزارت پر [illegible] ہو [illegible] دولت [illegible] امراء [illegible] کے ہاتھوں [illegible] تھے [illegible] مصر [illegible] کی [illegible] الملک العادل نور الدین محمود زنگی کے [illegible]

وزیر شاور کی تباہی اور بد عہدی: الملک العادل نور الدین محمود سلاطین سلجوقیہ کے [illegible] امراء میں تھا [illegible] خلافت عباسیہ [illegible] صلاح الدین یوسف بن نجم الدین ایوب بن شادی [illegible] اپنے [illegible] اسد الدین شیر کوہ [illegible] الملک العادل نور الدین کی خدمت میں [illegible] وقت [illegible] نور الدین [illegible] الملک العادل نور الدین نے [illegible] اسد الدین شیر کوہ [illegible] مصر [illegible] کے [illegible] وزارت [illegible] اس [illegible] کا [illegible] سے [illegible] تھا۔

شاور کی بد عہدی: [illegible] سے [illegible] مصر [illegible] کے [illegible] تھا [illegible] اور [illegible] حمل

عقیدہ پیدا ہو گیا تھا [illegible] بعض بعض مصاحبوں اور بعض نے بھی دولت عبیدیہ سے وصول کر لیے تھے غرض دولت عبیدیہ کا چراغ عیسائیوں کی بدولت [illegible] ہوا ہے شاور نے عیسائیوں کو جزیرہ [illegible] دیے اور ان کے ارادوں کو خوب [illegible] احسان فراموشی پر [illegible] کہ مبادا اسد الدین شیرکوہ شاور سے بد عہدی کی ہے عہدہ وزارت پر مستولی اور متصرف ہو جائے۔

خلیفہ عاضد کا خاتمہ خلیفہ عاضد کو شاور کی ان حرکات کا پتہ چلا گیا تھا عیسائیوں کی زیادتیوں کی شکایت کرنے اور ان کے مقابلہ میں امداد طلب کرنے کو شیرکوہ کی خدمت میں روانہ کیا لیکن حقیقت میں شاور کی سازش [illegible] کرتے دوسری جانب کی قوت سے شیرکوہ کو بلا بھیجا چنانچہ شیرکوہ دوبارہ مصر سے [illegible] ہو کر مصر آیا۔ خلیفہ عاضد نے اس کو خلعت وزارت سے سرفراز فرمایا اور [illegible] کے قتل کا [illegible] عقیدہ کا [illegible] دیا۔ اسی دوران میں شاور نے [illegible] جلد قتل ہو گیا۔ شیرکوہ نے اس کی زندگی کا خاتمہ کر کے اس کی جگہ [illegible] معزول کر دیا لیکن افسوس ہے کہ شیرکوہ نے اپنی وزارت کے ایک ہی [illegible] بعد وفات پائی [illegible] تھا۔

صلاح الدین یوسف کا عہدہ وزارت پر تقرر شیرکوہ کی وفات کے بعد خلیفہ عاضد نے شیرکوہ کے بھتیجے صلاح الدین یوسف بن نجم الدین ایوب کو مقرر فرمایا صلاح الدین نے عہدہ وزارت پر متمکن ہو کر اصلاح حال [illegible] اور انتظام امور سلطنت کی طرف توجہ کی اور اس کا چچا اسد الدین شیرکوہ چونکہ ملک العادل نور الدین محمود کا نائب تصور کرتا تھا جس نے اس کو مع اس کے چچا کو مصر میں بھیجا تھا اور مصر میں قیام کرنے کی ہدایت کی تھی جب صلاح الدین کا قدم استقلال سے مصر میں جم گیا تو [illegible] خلیفہ عاضد کے بجائے [illegible] حاصل ہو گیا اس کا نام [illegible] خلیفہ عاضد کے [illegible] خلافت پر [illegible] متصرف ہو گیا۔

مصر میں عباسی خطبہ کا اجراء اس وقت ملک العادل نور الدین محمود زنگی نے شام سے یہ پیام بھیجا کہ خلیفہ عاضد کا خطبہ موقوف کر کے دولت عباسیہ کے [illegible] خلیفہ مستضی کے نام کا خطبہ پڑھا جائے۔ صلاح الدین نے اس تحریک میں اہل مصر کی مخالفت کی [illegible] خلیفہ مستضی کے نام کا خطبہ پڑھا جانا [illegible] دولت [illegible] خلافت عباسیہ کا [illegible] کامیابی کی [illegible] سے مصر میں دولت ایوبیہ کی حکومت کی بنیاد پڑی ہے بعد از آں [illegible] ایوب نے شام میں ملک العادل نور الدین کے ممالک مقبوضہ پر بھی قبضہ کر لیا۔ شام [illegible] تک ان کی حکومت پھیل گئی جیسا کہ [illegible] ان کے حالات کے ضمن میں بیان کیا جائے گا۔ جس وقت مصر میں خلافت عباسیہ کا خطبہ پڑھا گیا نور الدین محمود زنگی نے دمشق سے دار الخلافت بغداد میں [illegible] بشارت روانہ کیا خلافت مآب نے [illegible] کی نوبت [illegible] بغداد میں [illegible] نور الدین اور صلاح الدین کو [illegible] عماد الدین صندل کی معرفت [illegible] روانہ کیں۔ عماد الدین صندل خلیفہ مستضی کا خادم تھا وہ خلیفہ مستضی کے [illegible] خلافت کو [illegible] دمشق میں [illegible] کے پہنچے نور الدین نے بھی بہت بڑی مسرت [illegible] صلاح الدین اور مصر کے خطیبوں کو [illegible] روانہ کیں [illegible] پھریرے بھیجے۔ اسی وقت سے مصر میں خلافت عباسیہ کا جھنڈا گڑ گیا جو ایک مدت تک قائم رہا ہے۔

نور الدین محمود کی سفارت: اسی وقت کے بعد نور الدین محمود نے دربار خلافت میں قاضی کمال الدین ابو الفضل محمد بن عبداللہ شہرزوری کو روانہ کیا (جو ایک مدت تک [illegible] قاضی رہ چکا تھا) اور سوغات، مصر و شام [illegible] نور الدین نے [illegible] تھی ان کی [illegible] حکومت کی درخواست کی اور جب [illegible] عراق و بغداد [illegible] طلب کیا [illegible] خلافت مآب نے نور الدین محمود کے سفیر کی بڑی آؤ بھگت کی، عزت و احترام سے ملا اور [illegible] نور الدین محمود کی درخواستیں منظور [illegible]۔

خوزستان کی بغاوت کی سرکوبی: خلیفہ مستضی نے امیر یزدن کو [illegible] کی حکومت [illegible] اس کی مخالفت و حمایت [illegible] خوزستان [illegible] بیٹھے تھے۔ امیر یزدن نے [illegible] ہونے کے بعد [illegible] عراق میں [illegible] امیر یزدن نے اپنی فوج آراستہ کر کے خوزستان پر چڑھائی کی۔ [illegible] امیر یزدن کے [illegible] ایک روز شب کے وقت [illegible] تیر [illegible] اس واقعہ کے بعد [illegible] خلافت مآب نے اس کے بیٹے [illegible] کا لقب عطا کیا۔

[illegible] کا قتل: [illegible] خلافت مستضی میں [illegible] خوزستان کی [illegible] اس کے مقابلہ میں ایک قلعہ [illegible] خلیفہ مستضی کی خلافت [illegible] خلافت مآب نے [illegible] بغداد [illegible] ایک مدت تک [illegible] نے اس کا سر [illegible] کر دیا گیا۔

عضد الدین کی معزولی: [illegible] خلیفہ مستضی کی [illegible] خلیفہ مستضی [illegible] عضد الدین ابو الفرج [illegible] وزارت عطا کیا تھا۔ بعد چند سے جب [illegible] حکومت کا [illegible] خلیفہ مستضی کو عضد الدین ابن الفرج وزیر السلطنت کی معزولی پر [illegible] خلافت مآب نے [illegible] وزیر السلطنت کو معزول کر دیا۔ [illegible] میں پھر خلافت مآب نے اس کی [illegible] اور خلیفہ کے [illegible] کرنے کی غرض سے [illegible] خلافت مآب نے [illegible] خلافت کے [illegible] سے متصل [illegible] کے مطابق عضد الدین کو وزارت [illegible] اس وقت تک [illegible] جب تک عضد الدین کو [illegible] خلافت مآب نے [illegible] عضد الدین [illegible] قتل [illegible] کا حکم

اور عضد الدین نے شیخ الشیوخ صدر الدین عبدالرحیم بن اسماعیل سے اس کی درخواست کی۔ شیخ موصوف نے اس کو پناہ دے کر اپنے رباط میں داخل کر لیا چنانچہ وہ بچ گیا۔

قطب الدین قائماز کی بغاوت: اس کے بعد قائماز اپنی جرأت سے دولت عباسیہ پر مستولی ہو گیا۔ عضد الدین [illegible] کو منصب سے معزول کر دیا۔ قائماز اور [illegible] نے تنہا ہو کر دولت و حکومت کی ہر ایک بات اپنے قبضہ میں کر لی۔ تھوڑے دنوں بعد قائماز نے ظہیر الدین ابن العطار صاحب مخزن سے ناراض ہو کر اس کے مال و اسباب کو لوٹ لیا۔ [illegible] ظہیر الدین خلافت مآب کی ڈیوڑھی میں (دولت سرا میں) چلا گیا۔ قائماز نے اس کی گرفتاری کا حکم دیا۔ ظہیر الدین چھپ کر بھاگ گیا۔ تب قائماز نے اپنے امیروں اور ہمراہیوں کو جمع کر کے خلیفہ مستضی سے جنگ کرنے پر آمادہ کیا اور دارالخلافت کا محاصرہ کر لیا کہ ظہیر الدین کو نکال دو۔ خلیفہ مستضی کو اس وقت کوئی چارہ نہ رہا تو خلافت کی چھت پر [illegible] خلافت مآب نے بآواز بلند اہل بغداد کو حکم دیا کہ قطب الدین قائماز کا مال و اسباب لوٹ لو۔ [illegible]

قائماز کا فرار: عوام الناس خلافت مآب کا حکم سنتے ہی قطب الدین کے گھر کی طرف دوڑ پڑے۔ قطب الدین پشت مکان سے نکل بھاگا۔ عوام الناس نے اس کا گھر لوٹ لیا۔ [illegible] قائماز بھاگ کر حلہ پہنچا۔ اس کے امراء بھی اس کے پیچھے پیچھے چلے گئے۔ خلیفہ مستضی نے اس خیال سے کہ مبادا قائماز پھر بغداد کا قصد کرے [illegible] شیخ الشیوخ عبدالرحیم کو اس کی طرف روانہ کیا کہ قائماز کو تشفی دے [illegible] چنانچہ شیخ الشیوخ کی ملاقات سے قائماز موصل چلا گیا۔ اثنائے راہ میں اس کو اور اس کے ہمراہیوں کو پیاس کی بے حد تکلیف اٹھانی پڑی۔ قائماز اور اکثر ہمراہی شدت تشنگی سے مر گئے۔ یہ واقعہ ماہ ذی الحجہ ۵۷۰ھ کا ہے۔

عماد الدین تتمش کا انجام: باقی رہا عماد الدین تتمش، وہ موصل میں قیام پذیر رہا۔ آخر خلافت مآب نے [illegible] اور نہایت حسرت سے تنگ دستی کی حالت میں مر گیا۔ اسی نے قائماز کو ان حرکات پر آمادہ کیا تھا [illegible] خلافت مآب نے [illegible] ظلم [illegible] خلافت کا [illegible] ذوالحجہ میں [illegible] صاحب [illegible] کر دیا۔

والی خوزستان کی سرکشی: ہم اوپر بیان کر آئے ہیں کہ [illegible] خوزستان میں قیام کیا تھا اور شملہ والی خوزستان [illegible] خلفاء کے عہد میں [illegible] اطاعت [illegible] ۵۷۰ھ میں شملہ [illegible] اس کا بیٹا [illegible] انتقال ہو گیا۔ شملہ کا بیٹا [illegible] خوزستان میں [illegible] ۵۷۰ھ میں عراق [illegible] نے

دروازے کھل گئے وزیر عضد الدین ابو الفرج نے شاہی لشکر لے کر مقابلہ کیا۔ ملک واسط کی فوجیں بھی تاشتکین امیر حاج اور عز علی کے ہمراہ آ پہنچیں۔ اگرچہ ابن ملک شاہ کے ہمراہ ترکمانوں کا بہت بڑا گروہ تھا مگر لشکر بغداد کی آمد کی خبر پا کر انہوں نے اپنا لشکر کا بھوڑ دیا لشکر بغداد نے ان کو لوٹ لیا۔ ابن ملک شاہ کو اس سے بے حد صدمہ ہوا اپنے ہمراہیوں کو سمجھا بجھا کر پھر اسی مقام پر واپس لایا اور شاہی لشکر سے بھڑ گیا ایک مدت تک لڑائی ہوتی رہی انجام کار بغیر آخری فیصلے کے ابن ملک شاہ اپنے مستقر حکومت کو لوٹ گیا اور شاہی فوجیں بغداد کی جانب واپس آ گئیں۔

وزیر عضد الدین کا قتل ہم اس سے پیشتر وزیر السلطنت عضد الدین ابو الفرج محمد بن عبد اللہ بن ہبۃ اللہ بن مظفر بن رئیس الرؤساء ابو القاسم بن مسلمہ کے حالات تحریر کر آئے ہیں اس کا باپ عبداللہ خلیفہ مقتفی کے عصر سے خلافت کا استاد دار تھا جب وہ مر گیا تو اس کے بجائے اس کے بیٹے محمد مقرر کیا گیا اور جب خلیفہ مقتفی نے وفات پائی اور خلیفہ مستنجد مسند خلافت پر جلوہ فروز ہوا تو اس نے محمد کو اسی کے عہدے پر بحال رکھا اور توقع سے زیادہ قدر افزائی کی پھر جب مستضی کا دور خلافت آیا تو اس نے محمد کو وزارت کے عہدہ جلیلہ پر ترقی دی اس سے وہ قایماز سے ان بن ہو گئی جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں اور یہی سبب ہے وہ معزول کیا گیا تھا بعد چندے خلافت مآب نے پھر اس کو عہدہ وزارت پر بحال فرمایا ۵۷۳ھ میں خلافت مآب سے اجازت حاصل کر کے حج کو روانہ ہوا اور دجلہ کو عبور کر کے ایک بہت بڑے قافلے کے ساتھ جس میں ارباب مناصب بکثرت تھے سرزمین حجاز کی طرف کوچ کیا۔ اثنائے راہ میں ایک شخص فقیرانہ صورت بنائے ہوئے "فریاد فریاد" چلاتا ہوا وزیر السلطنت کے قریب آیا جونہی وزیر السلطنت نے اس کی طرف توجہ کی اس شخص نے چھری بھونک دی۔ وزیر السلطنت گھوڑے سے زمین پر آ رہا۔ اس کا ابن معوج دربان شور وغل کی آواز سن کر فوراً حالت دریافت کرنے کو پہنچا، قاتل نے اس کو بھی ایک چھری رسید کی۔ یہ بھی زخمی ہو کر گر پڑے دونوں اپنے مکان پر اٹھا لائے گئے اور اسی صدمہ سے مر گئے۔

ظہیر الدین بن عطار کو عہدۂ وزارت پر تقرر وزیر السلطنت کے مارے جانے کے بعد ظہیر الدین ابو منصور ابن نصر معروف بہ ابن عطار قلمدان وزارت کا نائب ہوا۔ لیکن اس نے ارکان دولت کو اپنی حکمت عملیوں سے دبا لیا اور من مانی تصرف کرنے لگا۔

خلیفہ مستضی کی وفات ۲ ذی قعدہ ۵۷۵ھ میں خلیفہ مستضی بامر اللہ ابو محمد حسن بن یوسف مستنجد نے جب کہ خلافت کو نو برس چھ مہینے گزر چکے تھے اس دار فانی سے انتقال فرمایا۔

باب : ۳۵

احمد بن مستضی الناصر الدین اللہ ۵۷۵ھ تا ۶۲۲ھ

محمد بن ناصر ظاہر بامر اللہ ۶۲۲ھ تا ۶۲۳ھ

ظہیر الدین ابو بکر بن عطار کا انجام: ظہیر الدین ابن عطار نے اس کے بیٹے ابو العباس احمد کو مسند خلافت پر متمکن کیا اور "الناصر الدین اللہ" کا لقب دیا۔ جدید خلیفہ نے تکمیل بیعت کے بعد زمام حکومت اپنے ہاتھ میں لی تو ظہیر الدین ابن عطار کو گرفتار کر کے جیل میں ڈال دیا۔ دو دن بعد ۱۸ ذی قعدہ کو وہ جیل خانے سے نکالا گیا تو وہ مردہ تھا۔ اس کو ایک جنازے پر رکھ کر جیل سے باہر لائے۔ عوام الناس نے بڑھ کر اس کی نعش کو کھینچ لیا اور کان میں رسی ڈال کر بازار میں لے جا کر پھرایا اس کے بعد مجد الدین ابوالفضل بن صاحب استاد دار حکمرانی کرتا رہا۔

بیعت خلافت: خلیفہ ناصر کی بیعت ہوتے ہی ابن عطار کے باغی ہونے کی خبر کے ساتھ ایک گروہ اسماعیلیہ میں جدید خلیفہ کی بیعت لینے کو روانہ کئے گئے۔ خلیفہ نے صدر الدین شیخ الشیوخ کو پہلوان والی ہمدان، اصفہان اور رے کے پاس روانہ کیا۔ پہلوان نے بیعت کرنے سے انکار کیا۔ صدر الدین کے ساتھ تحقیر کا سلوک پیش آیا۔ صدر الدین نے اس کے ہمراہیوں کو ابھار دیا۔ ان لوگوں نے اعلان کیا: "اگر تم خلافت مآب کی بیعت نہ کرو گے تو ہم تمہاری حکومت سے الگ ہو کر متفرق اور باغی ہو جائیں گے۔" پہلوان پیچ و تاب کھا کر رہ گیا۔ مجبوراً بیعت کی اور خلافت مآب کے نام کا خطبہ پڑھا۔

عبیداللہ بن یونس کا عروج: ۵۸۳ھ میں خلافت مآب نے استاد دار مجد الدین ابوالفضل بن صاحب کو اس وجہ سے گرفتار کر کے قتل کر ڈالا کہ اس نے زمام حکومت اپنے ہاتھ میں لے لی تھی اس کی وجہ سے گویا خلافت مآب کی کچھ حیثیت ہی نہ تھی علاوہ ازیں اس کی ثروت اور مال و دولت اس حد تک بڑھ گئی تھی کہ خلافت مآب کے خزانہ کی اس کے مقابلہ میں کچھ بھی حقیقت نہ تھی۔ جب یہ قتل ہو گیا تو عبیداللہ بن یونس کی جو ظہیر الدین کے مصاحبوں سے تھا خلافت مآب نے قدر کی جلال الدین عبیداللہ بن یونس کو عہدہ وزارت سے سرفراز کیا اور "جلال الدین" کا لقب دیا۔ اس کی کنیت ابوالمظفر تھی اس کا باپ ہمدان کا رہنے والا تھا کہ ابتدائی حالت یہ تھی کہ قاضی القضاۃ کی کچہری میں وکالت کیا کرتا تھا۔

سلجوقی حکومت کا خاتمہ: جب ۵۸۲ھ میں پہلوان نے وفات پائی تو سلطان طغرل بن ارسلان شاہ بن طغرل بن محمد کے متعلق

ہونے اور اتابک ایلدگز کی رے کی لڑائیوں کے حالات اور ہم ایلدگز کے واقعات کسی قدر تفصیل سے تحریر کر چکے ہیں بعد ازاں ۵۷۰ھ میں ایلدگز والی رے کو قتل کر کے رے پر قبضہ کر لیا تھوڑے دنوں بعد ایلدگز اتابک بھی ۵۶۸ھ میں مقام ہمدان میں انتقال کر گیا۔ بجائے اس کے اس کا بیٹا محمد جہان پہلوان جانشین ہوا اور اس کا بھائی سلطان ارسلان بن طغرل بن مسعود اس کی کفالت کرتا رہا۔ ۵۷۳ھ میں جب یہ مر گیا تو جہان پہلوان نے اس کے بجائے اس کے بیٹے طغرل کو تخت نشین کیا۔ بعد ازاں ۵۸۲ھ میں جہان پہلوان نے بھی وفات پائی ہمدان، رے، اصفہان، آذربائیجان اور اران وغیرہ اسی کے زیر حکومت تھے اور سلطان طغرل بن ارسلان اسی کی کفالت اور نگرانی میں تھا جہان پہلوان کے مرنے پر اس کا بھائی قزل ارسلان موسوم بہ عثمان حکمرانی کرنے لگا چونکہ اس میں مادہ حکمرانی و سیاست قدرتی طور سے کم تھا طغرل اس سے علیحدہ ہو کر نکل آیا اور امراء اور ارکان دولت اور لشکریوں کو اپنا کر ایک خاص گروہ بنا لیا اور آہستہ آہستہ بعض شہروں پر قبضہ بھی کر لیا اسی وجہ سے اس میں اور قزل میں متعدد لڑائیاں ہوئیں انجام یہ ہوا کہ طغرل کی قوت اور جمعیت پراگندہ ہو گئی۔ قزل نے دربار خلافت میں عرضی روانہ کی جس میں طغرل کی بڑھتی ہوئی قوت کا ذکر کر کے اور آئندہ کے خطرے سے خلافت مآب کو آگاہ کیا تھا اس کے مقابلہ پر دربار خلافت سے امداد طلب کی تھی اور اعانت و فرمانبرداری کا حسب مرضی خلافت مآب سے وعدہ کیا تھا۔

معرکۂ ہمدان: طغرل نے بھی یہ خبر پا کر ایک سفیر دربار خلافت میں روانہ کیا اور دار السلطنت کی تعمیر اور مرمت کی اجازت طلب کی۔ اس سے پیشتر سلاطین سلجوقیہ کی حکومت کا تذکرہ بغداد اور عراق میں مٹ چلا تھا مگر عہد خلافت مستضئ سے یہ تعلق باقی تھا اور دار السلطنت بے مرمت ہو گیا تھا خلافت مآب نے قزل کے قاصد کی عزت و توقیر کی امداد دینے کا وعدہ کیا اور طغرل کے سفیر کو بلا جواب واپس کر دیا ان قاصدوں کی واپسی کے بعد خلافت مآب نے سلاطین سلجوقیہ کے دار السلطنت کے انہدام کا حکم صادر فرمایا جس پر نہایت تیزی سے عمل درآمد کیا گیا اس کے بعد دربار خلافت سے وزیر السلطنت جلال الدین ابو المظفر عبید اللہ بن یونس بسر افسری ایک لشکر عظیم کو قزل کی کمک پر ماہ صفر ۵۸۴ھ میں روانہ کیا گیا مقام ہمدان میں قزل کے آنے سے پیشتر طغرل سے مقابلہ ہوا ۸ ربیع الاول ۵۸۴ھ کو طغرل اور عبید اللہ سے سخت و خونریز لڑائی ہوئی میدان جنگ طغرل کے ہاتھ رہا لشکر بغداد بھاگ کھڑا ہوا وزیر السلطنت گرفتار کر لیا گیا۔

طغرل کا قتل: بعد ازاں قزل کو طغرل پر فتح نصیب ہوئی قزل نے طغرل کو گرفتار کر کے ایک قلعہ میں نظر بند کر دیا اور وسعت ملک و استقلال کے ساتھ کل صوبجات پر حکمرانی کرنے لگا اپنے نام کا منبروں پر خطبہ پڑھوایا۔ دروازہ پر پنج وقتہ نوبت بجوائی۔ تھوڑے دنوں بعد ۵۸۷ھ میں طغرل اپنی خوابگاہ میں قتل کر ڈالا گیا۔ یہ نہ معلوم ہو سکا کہ کس نے اس کو قتل کیا۔ اس کے قتل سے دولت سلجوقیہ کا چراغ گل ہو گیا۔

خلیفہ ناصر کا تکریت اور دقوقا پر قبضہ: ۵۸۹ھ میں امیر عیسیٰ والی تکریت کو اس کے بھائی نے قتل کر کے قبضہ کر لیا تھا خلافت مآب کو اس کی اطلاع ہوئی ایک فوج تکریت پر قبضہ کرنے کے لئے روانہ فرمائی چنانچہ اس فوج نے تکریت پہنچ کر محاصرہ کر لیا۔ متعدد لڑائیوں کے بعد امان کے ساتھ تکریت مفتوح ہوا امیر عیسیٰ کے بھائی گرفتار کر کے بغداد لائے گئے ان لوگوں نے وہیں سکونت اختیار کی خلافت مآب نے ان لوگوں کو جاگیریں عنایت کیں۔ اس کے بعد ۵۹۰ھ میں دربار خلافت سے ایک

[illegible] پر قبضہ کرنے کو روانہ ہوا۔ ایک مدت تک محاصرہ رہا۔ جنگ جاری رہی۔ آخر [illegible] نے امان حاصل کر کے شہر [illegible] کے حوالہ کر دیا۔ خلافت مآب نے بھی [illegible] ان لوگوں کو جاگیریں دیں۔

بصرہ کا تاراج ہونا: بصرہ کی زمام حکومت [illegible] خلیفہ ناصر کے قبضہ اقتدار میں تھی بصرہ [illegible] کی جاگیر میں تھا [illegible] کی طرف سے محمد [illegible] بصرہ پر حکومت کر رہا تھا۔ ۵۹۳ھ میں بنی عامر بن صعصعہ [illegible] بصرہ کی [illegible] محمد بن اسماعیل نے ان کا [illegible] مقابلہ کیا [illegible] یہ تمام دن لڑائی ہوتی رہی [illegible] رات کے وقت عربوں نے شہر پناہ کی دیوار [illegible] شہر میں گھس کر غارت گری شروع کر دی [illegible] ان اثناء میں [illegible] خفاجہ اور منتفق بہت بڑی جمعیت کے ساتھ بصرہ کے قریب پہنچ گئے [illegible] بصرہ [illegible] خفاجہ اور منتفق [illegible] قریتین میں قصاص کی لڑائی ہوئی [illegible] آخر خفاجہ اور منتفق کو شکست ہوئی [illegible] نے ان کے مال و اسباب کو لوٹ لیا [illegible] اہل بصرہ [illegible] کے [illegible] بصرہ میں واقع ہوا [illegible]

مؤید الدین ابن قصاب کا عہدۂ وزارت پر تقرر: خلیفہ ناصر [illegible] وزارت مؤید الدین ابو عبداللہ محمد بن علی معروف بہ ابن قصاب کو عنایت فرمایا تھا اور مؤید الدین خوزستان وغیرہ [illegible] کی سند حکومت بھی عطا کی تھی۔ جس وقت [illegible] خوزستان [illegible] وفات پائی اور اس کے لڑکوں میں [illegible] پیدا ہوئی۔

وزیر مؤید الدین کا خوزستان پر قبضہ: وزیر السلطنت نے خوزستان پر قبضہ کرنے کی غرض سے لشکر کشی کی اجازت [illegible] خلافت مآب نے اجازت دے دی۔ چنانچہ وزیر السلطنت نے فوجیں آراستہ کر کے ۵۹۱ھ میں خوزستان کی طرف [illegible] خوزستان [illegible] مقابلہ [illegible] وزیر السلطنت [illegible] کے ساتھ قبضہ حاصل کیا بعد ازاں [illegible] قلعوں اور شہروں پر قابض و متصرف ہو گیا [illegible] گرفتار کر کے دار الخلافت بغداد روانہ کر دیا۔ خلافت مآب نے [illegible] وزیر السلطنت نے خوزستان [illegible] کے حوالہ کر کے [illegible] کا قصد کیا [illegible] قبضہ [illegible] شکست دے کر [illegible] پر قبضہ کر لیا تھا۔

وزیر ابن قصاب کا ہمدان پر قبضہ: قطلغ نے وزیر السلطنت کی خدمت میں حاضر ہو کر کل حالات عرض کئے اور اس کے [illegible] ہمدان کی طرف [illegible] وزیر السلطنت کی آمد کی خبر پا کر [illegible] کی طرف [illegible] وزیر السلطنت نے [illegible] ہمدان پر قبضہ حاصل کر کے ابن خوارزم شاہ [illegible] تعاقب کیا [illegible] شہروں کی طرف [illegible] خوارزم شاہ [illegible] عافیت کی صورت [illegible] وزیر السلطنت نے ابن خوارزم شاہ کے [illegible] ہمدان [illegible] کی جانب مراجعت کی اور [illegible]

جانے سے قیام پذیر رہا۔

قتلغ کی سرکشی و شکست: اسی دوران میں قتلغ کو حکومت سلطنت کی طمع نے وزیر السلطنت سے باغی ہو جانے پر مجبور کیا رے کی ناکہ بندی کر کے مخالفت کا اعلان کر دیا۔ وزیر السلطنت نے اپنی فوج کو محاصرہ کا حکم دیا۔ قتلغ نے مجبوراً رے سے نکل کر شہر آوہ کا راستہ لیا تھا آوہ نے جو وزیر السلطنت کی طرف سے مامور تھا قتلغ کو آوہ میں داخل نہ ہونے دیا۔ وزیر السلطنت کو اس کی خبر کر دی۔ وزیر السلطنت نے قتلغ کے تعاقب میں رے سے ہمدان کی جانب کوچ کیا راستے میں یہ خبر پہنچی کہ قتلغ نے شہر کرج کا قصد کیا ہے۔ فوراً کرج پہنچ کر قتلغ سے جنگ کی۔ ایک سخت خونریز جنگ کے بعد قتلغ کو شکست دے کر ہمدان واپس آیا۔

خوارزم شاہ کا ہمدان پر قبضہ: اسی کے قریب سے بیٹے خوارزم شاہ کا قاصد مع تحفہ وزیر السلطنت کی خدمت میں حاضر ہوا اور بلاد پر قبضہ کرنے کی شکایت کی اور واپسی کی درخواست کی۔ وزیر السلطنت نے انکاری جواب دیا۔ اس پر خوارزم شاہ نے ہمدان پر فوج کشی کی۔ اتفاقات سے وزیر السلطنت کا ماہ شعبان ۵۹۲ھ میں انتقال ہو چکا تھا۔ اس کی نعش ہمدان میں تھی جو اس وقت ہمدان میں موجود تھی وہ مقابلہ پر آئی اور خوب لڑائی کی۔ آخر میدان جنگ خوارزم شاہ کے ہاتھ رہا اور فوج خلافت کو شکست ہوئی خوارزم شاہ نے ہمدان پر قبضہ کر لیا۔

سیف الدین طغرل کا اصفہان پر قبضہ: ہمدان پر خوارزم شاہ نے قبضہ حاصل کرنے کے بعد اصفہان میں ایک عظیم فوج کے ساتھ اپنے بیٹے کو بھیجا چونکہ اہل اصفہان خوارزمیوں سے خوش نہ تھے اس وجہ سے صدر الدین خجندی رئیس شافعیہ نے دربار خلافت میں اس مضمون کی درخواست بھیجی کہ خلافت مآب تھوڑی سی فوج اصفہان روانہ فرمائیں ہم لوگ بہ طیب خاطر شہر حوالہ کر دیں گے چنانچہ خلافت مآب نے ایک لشکر بہ افسری سیف الدین طغرل جاگیردار ملک اصفہان کی جانب روانہ فرمایا۔ سیف الدین نے اصفہان پر قبضہ کر کے اس کی حفاظت کا خاطر خواہ انتظام کر دیا۔

کوکجہ کو سند امارت: قبل اس واقعہ کے خراسان کی جانب سے خوارزم شاہ کی مزاحمت کرنے کے بعد پہلوان کے غلاموں نے مجتمع ہو کر رے پر قبضہ کر لیا تھا اور اپنے سرداروں میں سے کوکجہ نامی ایک شخص کو اپنا سردار بنا لیا تھا کوکجہ یہ خبر پا کر کہ اصفہان میں خوارزم شاہ کا بیٹا موجود ہے مع اپنے لشکر کے اصفہان کی طرف بڑھا آ رہا تھا قریب اصفہان پہنچ کر یہ معلوم ہوا کہ خوارزمی لشکر اصفہان چھوڑ کر چلا گیا ہے اور خلافت مآب کی فوج اس پر قابض و متصرف ہے یہ سن کر کوکجہ نے دارالخلافت بغداد میں عرض داشت مظہر اطاعت و فرمانبرداری روانہ کی اور یہ درخواست کی کہ رے سے ساوہ، قم، کاشان کی حکومت اس کو عطا ہو اور اصفہان، ہمدان، زنجان اور قزوین پر خلافت مآب کا قبضہ و دخل رہے۔ خلافت مآب نے یہ درخواست منظور فرمائی جس سے کوکجہ کے قوائے عمل بھی مضبوط ہو گئے اور اس کی حکومت و شوکت کو استحکام و استقلال حاصل ہو گیا۔

امیر ابوالہیجا والئ بیت المقدس کی معزولی: ۵۹۳ھ میں الملک العزیز اور الملک العادل نے شہر دمشق کو الملک الافضل بن سلطان صلاح الدین سے چھین لیا اور امیر ابوالہیجا سمین کو جو امرائے ایوبیہ کا ایک نامور شخص اور بیت المقدس کا والی تھا معزول کر دیا ابوالہیجا ملک شام کو خیرباد کہہ کر دار الخلافت بغداد میں حاضر ہوا خلیفہ ناصر نے اس کی عزت افزائی کی

اور ایک لشکر مرتب فرما کر ہمدان کی روانگی کا حکم دیا۔ امیر ابوالہیجاء نے ہمدان میں پہنچ کر ازبک بن پہلوان امیر علم اور ططلمش سے ملاقات کی ان لوگوں نے دربار خلافت کی مجلس شوری سے خط و کتابت کر کے علم خلافت کی اطاعت قبول کر لی تھی لیکن امیر ابوالہیجاء نے امیر علم کے ورغلانے سے ازبک اور ابن ططلمش کو گرفتار کر لیا۔ دربار خلافت سے امیر ابوالہیجاء پر ناراضگی اور ازبک و ابن ططلمش کی رہائی کا حکم صادر ہوا۔ ساتھ ہی رہائی پانے والوں کی تالیف قلوب کے لئے خلعتیں بھی آ گئیں لیکن ان سے ان لوگوں کے دل پھٹ چکے تھے اور انہوں نے بھی ابوالہیجاء کی رفاقت ترک کر دی۔ ابوالہیجاء کو خلافت مآب کی جانب سے خطرہ پیدا ہوا ہمدان چھوڑ کر اپنے مولد قدیم اربل کا راستہ لیا اور قبل اس کے اربل تک پہنچتا اثنائے راہ میں جاں بحق ہو گیا۔

کوکجہ کا خاتمہ کوکجہ نے دربار خلافت سے سند حکومت حاصل کرنے کے بعد بلاد جبل میں قیام اختیار کیا اس کا رفیق ایغلمش امور سیاست و حکومت کی نگرانی کرتا تھا چند دنوں بعد چھٹی صدی کے آخر میں ایغلمش نے اپنے خاص غلاموں کی ایک معقول جمعیت تیار کر لی اور کوکجہ کی مخالفت کا علم بلند کر کے باغی ہو گیا کوکجہ نے اس کی گوشمالی کی جانب توجہ کی مگر کامیاب نہ ہوا اثنائے جنگ میں مارا گیا۔ ایغلمش نے اس کے کل مقبوضہ بلاد پر قبضہ کر لیا اور ازبک بن پہلوان کو برائے نام بادشاہ بنا کر درحقیقت خود حکمرانی کرنے لگا۔

سنجر کا جبال ترکستان پر حملہ ۶۰۲ھ میں طاشتکین امیر خوزستان نے وفات پائی خلیفہ ناصر نے اس کی جگہ پر اس کے داماد سنجر کو متعین فرمایا ۶۰۴ھ میں سنجر نے جبال ترکستان کا قصد کیا یہ عظیم الشان پہاڑ قدرتی قلعان اصفہان اور خوزستان کے درمیان واقع ہیں یہاں کا والی ابوطاہر نامی ایک شخص تھا اس نے خلافت مآب کے خادم قشتمر کو پناہ دے دی تھی اور اپنی بیٹی سے اس کا عقد کر دیا تھا۔ قشتمر وزیر السلطنت کی چشم نمائی سے بد دل ہو کر جبال ترکستان چلا آیا تھا۔ تھوڑے دنوں بعد ابوطاہر مر گیا اس وقت اہل ترکستان نے قشتمر کو حکومت کی کرسی پر بٹھایا اور یہاں پر حکمرانی کرنے لگا رفتہ رفتہ اس کی خبر دربار خلافت تک پہنچی۔ خلافت مآب نے سنجر والی خوزستان کو قشتمر پر فوج کشی کرنے کا حکم دیا چنانچہ سنجر نے لشکر آراستہ کر کے جبال ترکستان پر حملہ کیا۔ قشتمر نے یہ خبر پا کر کہلا بھیجا "علم خلافت کا مطیع ہوں آپ مجھ پر حملہ آور نہ ہوں"۔ سنجر نے کچھ توجہ نہ کی قشتمر نے مجبوری اطراف و جوانب سے فوجیں فراہم کر کے مقابلہ کیا۔ لڑائی ہوئی اتفاق یہ کہ میدان قشتمر کے ہاتھ رہا اور سنجر شکست کھا کر بھاگا اس سے قشتمر کی جرأت اور قوت بڑھ گئی۔ ابن دکلا والی فارس اور ایغلمش والی اصفہان رے وغیرہ سے خط و کتابت کر کے ان کو اپنا ہم آہنگ بنا لیا۔ چنانچہ ابن دکلا اور ایغلمش خلیفہ ناصر کے مقابلہ میں قشتمر کے حامی و مددگار بن گئے۔ اس سے قشتمر کی حالت پہلے سے اچھی ہو گئی۔

وزیر نصیر الدین کی معزولی نصیر الدین ناصر مہدی علوی رے کے بہت بڑے خاندان کا ایک نامور رکن تھا جس وقت وزیر السلطنت مؤید الدین ابن قصاب نے رے پر قبضہ حاصل کیا تھا اسی زمانہ میں نصیر الدین رے سے دارالخلافت بغداد چلا آیا تھا خلافت مآب نے بہ اعزاز و قدر افزائی اس کو وزیر السلطنت کی نیابت عطا فرمائی۔ بعد چندے اس کو وزارت عطا کی اور اس کے بیٹے کو وزیر خزانہ مقرر کیا۔ نصیر الدین نے عہدۂ وزارت پا کر تمکنت کی کل اراکین دولت کو دبا لیا اور خلیفہ ناصر کے خدام کے ساتھ کج ادائی کرنے لگا۔ مظفر الدین سنقر معروف بہ وجہ السبع امیر حاج ۶۰۳ھ میں حج کرنے گیا جب بادیہ مقام مرجوم میں

[illegible] خلافت [illegible] سلطنت [illegible] خلافت مآب [illegible]

فخر الدین [illegible]

[illegible] خلافت مآب [illegible] فخر الدین [illegible]

[illegible] کو قید سے رہا کر کے خلعت عنایت کیا۔

منکلی اور ایغلمش: امرائے پہلوانیہ میں سے ایغلمش کی دست درازی اور بالادستی بڑھ جانے اور اصفہان اور رے وغیرہ پر قابض و متصرف ہو جانے کی وجہ آپ اوپر پڑھ آئے ہیں۔ ان علاقوں پر متصرف اور قابض ہو جانے سے ایغلمش کی قوت و عظمت بہت بڑھ گئی اور اس نے [illegible] کی طرف قدم بڑھایا۔ اس کے مقابل ازبک بن جہان پہلوان نے آگے بڑھ کر ان قبضوں کو کم کرنے کی کوشش کی۔ اسی اثنا میں امرائے پہلوانیہ سے ایک دوسرا امیر منکلی نامی بڑھ کر کھڑا ہوا اور عظمت و سلطنت کے حاصل کرنے کی غرض سے ایغلمش سے بگڑ گیا۔ فوراً لڑائیاں چھڑ گئیں۔ ایغلمش کی بڑھتی ہوئی قوت کو جانے نہ دیکھ کر طاقت و اقتدار کی روشنی پھیل رہی تھی۔ منکلی نے ان کل صوبجات پر کامیابی کے ساتھ قبضہ کر لیا جن پر ایغلمش قابض تھا۔ ایغلمش منکلی کا مقابلہ نہ کر سکا اور فوراً بغداد بھاگ گیا۔ خلیفہ ناصر نے بڑی دلداری سے ایغلمش کا استقبال کیا۔ [illegible] جگہ جگہ بھی اس کا تھا۔

ایغلمش کا قتل: منکلی کو ایغلمش کے بغداد چلے جانے سے خطرہ پیدا ہوا۔ اپنے بیٹے محمد کو چند امراء کے ساتھ بطور وفد دربار خلافت بغداد روانہ کیا۔ اس وفد کے پہنچنے سے پیشتر خلیفہ ناصر نے ایغلمش کی امداد کا ارادہ کر لیا تھا۔ چنانچہ دربار خلافت سے ایک فوج عنایت کی۔ ایغلمش دربار خلافت سے رخصت ہو کر ہمدان کی جانب روانہ ہوا۔ راستہ میں سلیمان ابن برجم ترکمانی ایوائی کے ملک میں پہنچا۔ خلافت مآب نے سلیمان کو کسی وجہ سے اس قوم کی سرداری سے معزول کر کے اس کے بھائی کو مقرر کر دیا تھا۔ سلیمان نے منکلی کو ایغلمش کے آنے کی خبر کر دی۔ منکلی نے ایک فوج ایغلمش کی گرفتاری کو متعین کی۔ اس فوج نے ایغلمش کو گرفتار کر کے مار ڈالا۔ لشکر منتشر و متفرق ہو گیا۔ خلافت مآب کو اس کی خبر لگی۔ ازبک بن جہان پہلوان والیٔ آذربائیجان و اران نے منکلی کی سرکوبی کا قصد کیا۔ اس سے قبل خلافت مآب نے جلال الدین حسن والیٔ قلعہ جات الموت (یعنی ابو الحجاج) کو ترغیب دی۔ اعانت کی تاکید کی اور یہ تحریر فرمایا کہ کامیابی کے بعد بلاد جبل کو باہم تقسیم کر لینا۔ اس کے بعد بھی جب اس کو تسلی نہ ہوئی تو موصل، جزیرہ اور بغداد سے شاہی لشکر فراہم کر کے اپنے غلام مظفر الدین وجہ السبع کو سپہ سالار بنا کر منکلی کی سرکوبی کو روانہ فرمایا اور مظفر الدین کوکبری بن زین الدین علی کوچک والیٔ اربل و شہرزور کو حکم دیا کہ ان لشکر کے منکلی کے مقابلہ پر جانے کو جمع ہوں اور یہ تحریر کیا کہ جب یہ سب فوجیں فراہم ہو جائیں تو تم ان تمام کے سپہ سالار ہو۔ سب سے پہلے۔

منکلی کا انجام: جس وقت یہ لشکر ہمدان کے قریب پہنچا منکلی پہاڑ پر بھاگ گیا۔ کرج سے [illegible] شاہی لشکر نے اس پہاڑ کو گھیر لیا۔ [illegible] ایک روز منکلی نے پہاڑ سے اتر کر ازبک کے لشکر پر حملہ کیا۔ ازبک کی فوج کو شکست ہوئی۔ میدان جنگ سے پیچھے ہٹ کر بھاگ گیا۔ دوسرے روز منکلی پھر پہاڑ سے اتر آیا اور ایک فوج کو [illegible] کر کے لڑائی ہوئی۔ شاہی فوجوں نے چاروں طرف سے جنگ چھیڑ دی۔ آخرکار منکلی شکست کھا کر بھاگا۔ سارا لشکر منتشر ہو گیا۔ شاہی لشکر نے اس کے ملک اور شہروں پر قبضہ کر لیا۔ جلال الدین والیٔ قلعہ جات الموت نے حسب قرارداد سابق منکلی کے مقبوضات کو حصہ رسد قبضہ کر لیا۔ باقی بلاد پر ازبک بن جہان پہلوان قابض و متصرف ہوا۔

فوجیں اپنے اپنے شہروں کی طرف واپس ہوئیں اور نکلی بعد شکست ہوا اور اس کا بیٹا محمد رزدوسے گرفتار کر کے مار ڈالا گیا۔ جب سے اس مرکز خلافت کے بیان رت نامہ کے ساتھ وہ دارالخلافت بغداد میں پہنچا وہ بیداقہ ماہ جمادی الثانی ۶۱۲ھ کا ہے۔

ولی عہد کا انتقال: خلیفہ ناصر کا ایک چھوٹا لڑکا تھا جس کا نام علی اور کنیت ابوالحسن تھی خلیفہ ناصر کو اس سے بہ نسبت اور لڑکوں سے بہت زیادہ محبت تھی اسی باعث سے اپنے بڑے لڑکے کو ولی عہدی سے معزول کر کے اسی کو ولی عہد بنایا تھا لیکن بقضائے الٰہی ماہ ذیقعدہ ۶۱۲ھ میں اس کا انتقال ہو گیا خلافت مآب کو اس کی وفات سے اس درجہ صدمہ و رنج ہوا کہ جس کا پایاں نہیں عام اور خواص کو بھی اس کی ناگہانی اور غیر متوقع موت سے مغموم اور رنجیدہ ہوئے مرحوم نے وقت وفات دو لڑکے یادگار چھوڑے تھے ایک کا لقب مؤید تھا اور دوسرے کا موفق خلیفہ ناصر نے ان دونوں کو ماہ محرم ۶۱۳ھ میں ایک عظیم لشکر کے ساتھ تستر (متعلقات خوزستان) کی طرف سند امارت عطا فرما کر روانہ کیا اور مؤید الدین نائب وزیر اور عزالدین کو اتالیقی اور نگرانی کی غرض سے ساتھ کر دیا۔ ایک مدت تک یہ لوگ وہاں مقیم رہے۔ بعد ازاں موفق تو نائب وزیر اور شرابی کے ربیع الاول ۶۱۳ھ میں بغداد واپس آیا اور مؤید تستر ہی میں مقیم رہا۔

خوارزم شاہ کا بلاد جبل پر قبضہ: قتل ابن المغلش نے بہ دستیاری و حکمت عملی بلاد جبل پر قبضہ حاصل کر لیا تھا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں اور اس کی مدد اسماعیلیوں سے اس کے قدم استقلال اور استحکام کے ساتھ حکومت و سلطنت کے زینے پر جم گئے تھے اس کے بعد ۶۱۳ھ میں فرقہ باطنیہ میں سے کسی شخص نے اس کو قتل کر ڈالا۔ خوارزم شاہ علاء الدین محمد بن تکش باستثنائے سرحد ملک کوہ جو خراسان و ماوراء النہر پر مستولی ہو رہا تھا ان بلاد پر قبضہ ہونے کا شوق پیدا ہوا۔ لشکر آراستہ کر کے ان پر فوج کشی کی اور ادھر اتابک سعد بن زنگی والی فارس کو بھی ابن المغلش کے قتل ہو جانے پر بلاد جبل کی طمع ہوئی فوجیں فراہم کر کے اصفہان پر چڑھ آیا۔ اہل اصفہان نے اطاعت قبول کر لی۔ اتابک سعد اصفہان پر قبضہ کر کے آگے بڑھا اس وقت تک اس کو خوارزم شاہی فتوحات اور آمد کی خبر نہ تھی مقام رے میں ایک دوسرے سے مقابلہ ہو گیا ایک سخت خونریز جنگ کے بعد اتابک کو شکست ہوئی خوارزم شاہ نے اس کو گرفتار کر لیا۔ بعد ازاں ساوہ کی جانب بڑھا ساوہ والوں پر بھی کامیابی کے ساتھ قبضہ حاصل کر کے قزوین زنجان ابہر اور ہمدان پر قبضہ کرتا ہوا ہمدان پہنچا۔ اہل ہمدان نے سر اطاعت جھکا دیا۔

خوارزم شاہی فوج کی پامالی: تب اصفہان کا رخ کیا اور اس پر بھی بلا جدال و قتال قابض و مستولی ہو کے قم اور کاشان کو بھی لے لیا۔ والی آذربائیجان اور اران نے بغیر کسی تردد کے اس کی اطاعت قبول کر لی اور اسی کے نام کا خطبہ پڑھنے لگے۔ جب اس کے حوصلے بڑھ گئے تھے۔ دارالخلافت میں اپنے نام کا خطبہ پڑھے جانے کا اس نے پیام دیا تھا مگر دربار خلافت سے صاف انکاری جواب آیا تو خوارزم شاہ کو غصہ آ گیا دارالخلافت پر حملہ کرنے کا قصد کر لیا چنانچہ ایک امیر کو علاوہ سند امارت عطا کر کے چودہ ہزار سواروں کی جمعیت سے بغداد کی طرف بڑھنے کا حکم دیا اس کے بعد ایک دوسرے امیر کو بھی روانہ کیا چونکہ یہ لوگ ہمدان سے چلے اس قدر برف پڑی کہ تقریباً ساری فوج ہلاک ہو گئی جو باقی رہ گئے ان کو بنو برجم (ترکی) اور بنو ہکار (کردوں) نے لوٹ مار کر کے پامال کر دیا۔ معدودے چند جان بچا کر خوارزم شاہ کے پاس واپس آئے۔ خوارزم شاہ نے اس سے بدفالی لی اور خراسان کی جانب واپسی کا حکم دیا۔ ہمدان پر طائسی کو مامور کر کے اپنا کل

شیروں کی امارت اپنے بیٹے رکن الدین کو دی تھا۔ [illegible] حکومت کا کام [illegible] تفویض کیا اور اپنے ملک [illegible] سے خلیفہ [illegible] کا خطبہ موقوف کر کے ۶۱۴ھ میں خراسان کی طرف [illegible] ہوا۔

بنی معروف کا اخراج: بنی معروف قبیلہ ربیعہ سے تھے ان کا سردار معلّی نامی ایک شخص تھا۔ بطائح کے قریب غربی فرات میں یہ لوگ رہتے تھے جب ان کا ظلم فساد اور رہزنی حد سے تجاوز ہو گئی اور قافلے تباہ ہونے لگے تو شہروں کے باشندوں نے دربار خلافت میں شکایت کی اور دربار خلافت سے شریف سعد والی [illegible] ۶۱۶ھ میں ان لوگوں کی سرکوبی اور جلاوطن کرنے کا حکم دیا چنانچہ شریف سعد نے [illegible] بنی معروف پر چڑھائی کر دی اور ان کو [illegible] قتل کر ڈالے [illegible] اور بقیہ [illegible] غرق کر دیے گئے [illegible] جلاوطن کر دیئے گئے [illegible] ۶۱۶ھ میں بغداد پہنچائے گئے۔

تاتاریوں کی یلغار: ۶۱۶ھ کی ابتدا میں یعنی ۶۱۶ھ میں ان ترکوں نے جو [illegible] کی جانب سے خروج کیا [illegible] چین کی حد کے پہاڑوں پر رہتے تھے [illegible] ترکستان سے چھ مہینے کی مسافت پر واقع ہے ان کے بادشاہ کا نام چنگیز خان تھا [illegible] ترکوں نے [illegible] خوارزم شاہ سے جا ٹکرائے [illegible] بخارا [illegible] سمرقند [illegible] خوارزم شاہ [illegible] تاتاریوں کا ایک گروہ [illegible] خراسان [illegible] ہندوستان [illegible] ان کی [illegible] ظلم [illegible] ان کے ہاتھوں سے [illegible] اس وقت تک [illegible] نہ تھے۔

خوارزم شاہ کی وفات: خوارزم شاہ نے ان تاتاریوں سے شکست کھا کر طبرستان کے ایک جزیرہ میں جا کر پناہ لی اور وہیں ۶۱۷ھ میں اپنی سلطنت کے [illegible] خوارزم شاہ کی شکست کے بعد اس کے بیٹے جلال الدین کو تاتاریوں نے غزنی میں شکست دی۔ چنگیز خان دریائے سندھ تک تعاقب کرتا چلا آیا۔ جلال الدین دریائے سندھ کو عبور کر کے ہندوستان میں داخل ہو گیا اور [illegible] ان کے [illegible] ایک مدت تک ہندوستان میں قیام [illegible] بعد ازاں ۶۲۸ھ میں [illegible] سال [illegible] عیسائیوں [illegible] خوارزم شاہ کے حالات [illegible] بیان [illegible] واقعات کی تفصیل [illegible]۔

خلیفہ ناصر کا کردار: آخر ماہ رمضان ۶۲۲ھ میں اپنی خلافت کے [illegible] خلیفہ ابوالعباس احمد ناصر الدین اللہ [illegible] وقت [illegible] ایک آنکھ [illegible]

[illegible] گئی تھی۔ [illegible] ان فتوحات [illegible] [illegible] [illegible] ان [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ہو گئے [illegible] [illegible] اس قسم [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] اور [illegible] [illegible]

خلیفہ ناصر کی وفات: خلیفہ ناصر نے مرنے سے پہلے اپنے بیٹے ابو نصر کی خلافت کی بیعت لے لی اور الظاہر بامر اللہ کا لقب دیا۔ پہلے [illegible] خلیفہ ناصر نے [illegible] ولی عہدی [illegible] طبیعت ان سے [illegible] چھوٹے بھائی ابو الحسن علی کی ولی عہدی کا اعلان کیا۔ اتفاق سے ۶۱۲ھ میں ان کا انتقال ہو گیا تب خلیفہ ناصر نے [illegible] ابو نصر کو دوبارہ ولی عہد بنایا۔

ظاہر بامر اللہ کی بیعت خلافت: خلیفہ ظاہر نے تخت نشینی کے بعد عدل و انصاف سے اس قدر کام لیا کہ [illegible] کہا جاتا ہے کہ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] ۶۲۲ھ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

خلیفہ کا فرمان: [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

دل اپنی خواہش ہی کی طرف [illegible] آپ کی رائے کو [illegible] حق و باطل کو ملا جلا دیتے ہو اس سے کچھ [illegible] تمہاری رائے سے موافقت کی جاتی ہے [illegible] اس حقیقت کی تم [illegible] موافقت کیا اپنا اختیار کرتے ہوئے [illegible] حقیقتاً [illegible] مخالف اور سرکشی [illegible] خوف کو اپنی [illegible] باطل کو حق سے تبدیل کر دیا اور ایک ایسا [illegible] ہے جو تمہارے [illegible] اور اپنی [illegible] سے [illegible] انتقام لے گا [illegible] اپنی [illegible] حقوق سے [illegible] تم کو عدل و انصاف کرنے کا حکم دیتے ہیں ان کو یہ مقصود ہے کہ تم لوگ ہمیشہ عدل و انصاف کرو اور ظلم سے [illegible] ظلم و ستم [illegible] اس سے [illegible] خائف [illegible] اطاعت کی [illegible] کر تم نے [illegible] اختیار [illegible] ہو جاؤ گا [illegible] اسلام"۔

باب: ۳۶

منصور بن ظاہر مستنصر باللہ ۶۲۳ھ تا ۶۴۰ھ

عبداللہ بن مستنصر مستعصم باللہ ۶۴۰ھ تا ۶۵۵ھ

خلیفہ ظاہر کی وفات کے بعد اس کے بیٹے ابوجعفر مستنصر کی خلافت کی بیعت کی گئی اس نے بھی اپنے مرحوم باپ کا طریقہ اختیار کیا مگر اس کے عہد خلافت میں شیرازہ حکومت درہم برہم ہو گیا خزانہ کم ہو کر تقریباً معدوم ہو گیا تھا صوبجات کے حصے بخرے ہو گئے تھے ان وجوہات سے لشکریوں کی تنخواہیں دی نہیں جا سکتی تھیں اور نہ ان کے وظائف دیئے جاتے تھے مجبوراً لشکر کا حصہ کثیر موقوف اور تخفیف کر دیا گیا تھا۔ بے حد تغیرات وقوع میں آئے اسی کے زمانہ میں محمد بن یوسف بن ہود نے اندلس میں آخری زمانہ حکومت موحدین میں دعوت عباسیہ کا اعادہ کیا تھا یہ واقعہ ۶۲۹ھ کا ہے جیسا کہ ان کے حالات کے ضمن میں بیان کیا جائے گا اسی کے آخری دور حکومت میں تاتاریوں نے بلاد روم کو غیاث الدین کیخسرو آخری بادشاہ بنی قلج ارسلان کے قبضہ سے نکال لیا تھا اس کے بعد بلاد ارمینیہ کے تاخت و تاراج کرنے کو بڑھے اور اس پر قبضہ کر لیا اس واقعہ کے بعد غیاث الدین نے تاتاریوں سے امان طلب کی انہوں نے اپنی طرف سے بلاد روم پر اس کو مقرر کیا چنانچہ یہ ان کی ماتحتی و اطاعت میں بلاد روم پر حکومت کرنے لگا آگے چل کر ان کے حالات کے ضمن میں یہ واقعات تحریر کیے جائیں گے۔

خلیفہ مستنصر کی وفات خلیفہ مستنصر دارالخلافت بغداد اور اس کی بلاد پر حکمرانی کر رہا تھا ہر چند کہ اس کے صوبجات اور اطراف و جوانب کے والیان ملک کے دست برد اور قبضہ و تصرف سے نکل گئے تھے جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں بعد چندے اس نظام میں بھی خلل واقع ہوا تاتاریوں نے کل بلاد اسلامیہ پر قبضہ حاصل کر لیا اور گورنران صوبجات اسلامیہ اور اطراف و جوانب کے والیان ملک کو زیر کر کے ان کی دولت اور حکومتوں کا نام صفحہ ہستی سے محو کر کے دارالخلافت بغداد کو تاخت و تاراج کرنے کی غرض سے بڑھے آتے تھے کہ خلیفہ مستنصر کا ۶۴۰ھ میں اپنی خلافت کا سولھواں سال پورا کر کے انتقال کر گیا۔

خلیفہ مستعصم باللہ: اس کا بیٹا عبداللہ مسند خلافت پر متمکن ہوا اور المستعصم باللہ کا لقب اختیار کیا یہ فقیہ اور محدث تھا

مؤید الدین ابن علقمی رافضی اس کو وزیر بنا لیا تھا۔ اس کی نااہلیت سے دارالخلافہ بغداد میں شیعہ اہل سنت و جماعت حنابلہ اور دیگر اہل مذہب میں آئے دن جھگڑے ہوتے۔ جب خلیفہ کا بیٹا ابوبکر شیعوں اور سنیوں کی لڑائیوں میں آ کے [illegible] ایک فساد برپا ہو جاتا تو کوئی تدبیر نہ ہوتی۔ [illegible] دولت کے لئے [illegible] حکومت و سلطنت کا رعب داب سب سے اٹھ گیا تھا۔ [illegible] خلیفہ مستعصم کی خود بہت تنگی سے بسر ہو رہی تھی اور ان کی تنخواہ تخفیف کر دیا گیا تھا۔ [illegible] کا محصول وصول کر لیتے تھے۔ [illegible] خلافت مآب کی [illegible] اتفاق سے ان ایام دارالخلافت بغداد میں آتش فساد مشتعل ہوئی [illegible] باہم دست و گریباں ہو گئے۔

وزیر ابن علقمی کی غداری شیعوں کا مسکن محلہ کرخ بغداد [illegible] میں تھا اور وزیر ابن علقمی اسی گروہ کا ایک ممتاز رکن تھا۔ ان لوگوں نے اہل سنت و جماعت پر ظلم و تعدی کی۔ خلیفہ مستعصم نے اپنے بیٹے ابوبکر اور رکن الدین دوادار کو شیعوں کی سرکوبی [illegible] اور باغیان کرخ کے مکانات لوٹ لینے کا حکم دیا۔ اس معاملہ میں خلافت مآب نے وزیر ابن علقمی کا کچھ لحاظ نہ کیا۔ ابن علقمی کو یہ ناگوار گزرا۔ [illegible] موقع اور وقت کا انتظار کرنے لگا۔ آخر اس نے خلافت کی فوج کے بہت بڑے حصے کو موقوف کر دیا اور خود خلافت مآب پر یہ ظاہر کیا کہ اب ہمیں تاتاریوں کے مقابلہ پر [illegible] اور علاوہ اس کے دارالخلافت بغداد میں [illegible] ۶۵۵ھ میں ہلاکو خان نے عراق پر چڑھائی کی [illegible] اصفہان [illegible] فتح کرتا ہوا [illegible] ۶۵۶ھ میں [illegible] ان علاقوں اور قلعوں کا [illegible] ابن علقمی وزیر خلیفہ مستعصم کا [illegible] ابن علقمی نے ہلاکو کو دارالخلافہ بغداد پر حملہ کرنے کی ترغیب دی تھی۔

تاتاریوں کا بغداد پر حملہ چنانچہ ہلاکو نے ملاحدہ سے فراغت کر کے بغداد کا قصد کیا [illegible] طرف سے بغداد پر [illegible] کی جانب سے آتے تھے جس وقت بغداد کے قریب تاتاری لشکر پہنچا، ایبک دوادار مقابلہ پر آیا۔ پہلے حملہ میں تاتاری لشکر کو شکست ہوئی۔ تاتاریوں نے دوبارہ حملہ کیا [illegible] بغداد کی جانب [illegible] تاتاریوں نے بغداد کا راستہ [illegible] بغداد کے [illegible] پانی [illegible] اسلامی فوج [illegible] کھول کر پانی چھوڑ دیا [illegible] قتل کر دئے گئے۔

خلیفہ مستعصم کا خاتمہ ہلاکو نے بغداد میں پہنچ کر [illegible] ابن علقمی [illegible] شہر سے نکل کر ہلاکو کے پاس آیا [illegible] خلافت مآب سے [illegible] ہلاکو [illegible] بغداد [illegible] مستعصم [illegible] ہلاکو نے ان [illegible] اسی وقت قتل کر ڈالا۔

بعد ازاں خلیفہ مستعصم [illegible] نے بھی بیعت [illegible] مستعصم [illegible] ہلاک [illegible] ان [illegible] نے خلیفہ کی [illegible] لاش [illegible] سے [illegible] کے خون کا بدلہ [illegible] ہے۔

بغداد کی تباہی اور قتل عام: اس کے بعد [illegible] بغداد میں [illegible] قتل عام [illegible] قرآن [illegible] [illegible] قتل [illegible] [illegible] خلافت [illegible] [illegible] ہو گیا [illegible]

علمی ذخائر کی بربادی: [illegible] کتب [illegible] [illegible] [illegible]

ہلاکو کی فتوحات: [illegible] بغداد کے بعد ہلاکو [illegible] [illegible] شام [illegible] [illegible]

[illegible] خلافت [illegible] بغداد میں بنو عباس کے [illegible] [illegible] [illegible]

عجیب بات ہے کہ [illegible] خلافت کی مدت [illegible] مستعصم [illegible] بغداد میں ختم ہوئی۔

واللہ وارث الارض ومن علیہا وھو خیر الوارثین

شجرۂ دودمانِ خلفائے عباسیہ جنہوں نے بغداد میں خلافت کی


عباس بن عبد المطلب
علی
عبد اللہ
محمد
١ سفاح
٣ مہدی
٢ منصور
٥ ہارون رشید
٤ ہادی
٦ امین
٧ مامون
٨ معتصم
٩ واثق باللہ
١٠ متوکل علی اللہ
١١ منتصر باللہ
١٢ مستعین باللہ
١٤ مہتدی باللہ
١٣ معتز باللہ
موفق
١٥ معتمد علی اللہ
١٦ معتضد باللہ
١٧ مکتفی باللہ
٢١ متقی للہ
١٨ مقتدر باللہ
١٩ قاہر باللہ
٢٠ راضی باللہ
طائع للہ
٢٣ مطیع للہ
اسحاق
٢٥ قادر باللہ
٢٦ قائم بامر اللہ
راشد باللہ
٢٩ مسترشد باللہ
٢٨ مستظہر باللہ
٢٧ مقتدی بامر اللہ
محمد
٣١ مقتفی لامر اللہ
٣٢ مستنجد باللہ
٣٣ مستضیء بامر اللہ
٣٤ ناصر الدین اللہ
٣٧ مستعصم باللہ
٣٦ مستنصر باللہ
٣٥ ظاہر باللہ

[illegible]

احمد بن ظاہر مستنصر باللہ ۶۵۹ھ تا ۶۶۰ھ

خلافت عباسیہ مصر: جس وقت خلیفہ مستعصم تاتاریوں کے ظلم وستم کا شکار ہو گیا اور تاتاریوں نے ممالک اسلامیہ پر قبضہ و تصرف حاصل کر لیا اس وقت مسلمانوں کی جماعت متفرق ہو گئی شیرازہ خلافت درہم برہم ہو گیا۔ خاندان خلافت کے ارکان کلمرائے خلافت سے نکل کر ادھر ادھر بھاگ گئے ان میں جو سب سے بڑا تھا اس نے مصر میں جا کر دم لیا وہ کون تھا؟ احمد بن خلیفہ ظاہر شہید خلیفہ مستعصم کا چچا مرحوم خلیفہ مستنصر کا بھائی اس وقت مصر کی زمام حکومت الملک الظاہر کے قبضہ اقتدار میں تھی جو بنی ایوب کے بعد مصر و شام میں ترکوں کا تیسرا بادشاہ تھا۔ الملک الظاہر یہ خبر پا کر کہ خاندان خلافت کا ایک نامور رکن احمد نامی حسن اتفاق سے مصر آیا ہوا ہے۔ جوش و تزک سے اٹھ کھڑا ہوا۔ امراء دولت ساتھ تھے۔ تشریف آوری کی خوشی میں شہر کو آراستہ کرایا۔ یہ واقعہ ماہ رجب ۶۵۹ھ کا ہے۔

تخت نشینی: احمد کے مصر میں رونق افروز ہونے کے بعد الملک الظاہر نے قلعہ جبل میں دربار عام کیا ارکین دولت، روساء ملک، علماء حسب مراتب حاضر ہوئے قاضی القضاۃ تاج الدین بن بنت الاعز بھی موجود تھا اسے ان عربوں کی شہادت سے جو احمد کے ہمراہ آئے ہوئے تھے۔ احمد کا خاندان خلافت سے ہونا ثابت کیا۔ اگرچہ احمد کوئی غیر مشہور شخص نہ تھا تاہم ضابطہ کا عمل کیا گیا پہلے الملک الظاہر نے احمد کی خلافت کی بیعت کی۔ بعد ازاں حاضرین دربار یکے بعد دیگرے بیعت کرتے گئے کمال خوشی ومسرت سے احمد کو خلافت اسلامیہ کے فرائض منصبی ادا کرنے کا موقع دیا گیا اور "مستنصر باللہ" کا مبارک لقب حاصل ہوا۔ منبروں پر احمد کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ سکہ مسکوک ہوا اور گشتی فرمان الملک الظاہر کے ممالک محروسہ میں خلیفہ مستنصر کی بیعت لینے کا بھیجا گیا۔ اس کے بعد خلیفہ مستنصر نے زمام حکومت الملک الظاہر کے ہاتھ میں دی اور اپنی جانب سے ایک توقیع لکھ کر عنایت فرمائی۔ اگلے دن سلطان الملک الظاہر نے شہر کے باہر نکل کر ایک کھلے میدان میں خیمہ نصب کیا اراکین دولت، مشیران سلطنت، امراء، علماء، ملت حاضر ہوئے الملک الظاہر نے خلافت مآب کی توقیع کو پڑھا لوگوں نے خوشی کے نعرے بلند کیے سلطان الملک الظاہر نے حسب خاطر اس جدید خلیفہ کے لئے ارباب مناصب اتابک استادار شرابدار حاجب اور کاتب وغیرہ متعین فرمائے۔ نیز خلیفہ کے آرام کی تمام اشیاء مہیا کیں۔ خیمے فرش لوازم اور طرح طرح کے اسباب وسامان آرائش فراہم کئے بیان کیا جاتا ہے کہ الملک الظاہر نے اس موقع پر ایک کروڑ دینار سرخ صرف کئے تھے۔

خلیفہ مستنصر باللہ اور تاتاریوں میں جنگ: چند دن بعد سلطان الملک الظاہر نے ممالک اسلامیہ کو کفار کے قبضہ سے نکالنے کی غرض سے بلاد عراق پر فوج کشی کرنے کا قصد کیا۔ خلیفہ مستنصر نے بنفس نفیس اس مہم پر جانے کی تیاری کی۔ اتنے میں صالح بن لولو والی موصل یہاں آ پہنچا۔ اس کو بھی تاتاریوں نے اس کے مرنے کے بعد موصل سے نکال دیا تھا۔ الملک

الظاہر نے اس سے بھی اس کا ملک واپس دلا دینے کا وعدہ کر لیا تھا۔ چنانچہ جب خلیفہ مع سامان کے ایک عظیم لشکر مرتب کر کے روانہ ہوا۔ الملک الظاہر بھی مشایعت کی غرض سے شہر سے باہر آیا اور آخر کار الظاہر بھی ان دونوں کے ہمراہ دمشق پہنچا۔ دمشق پہنچ کر سلطان الملک الظاہر نے اپنے امیروں سے دو امیر بعرض امداد ان کے ساتھ روانہ کیے اور یہ حکم دیا کہ ان کی معیت میں فرات تک جانا۔ تاتاریوں کو یہاں کی خبر لگ گئی تو فوجیں مرتب کر کے جنگ کرنے کی غرض سے دریا کی موجوں کی طرح بڑھے۔ دونوں گروہوں میں ایک مقام پر مڈبھیڑ ہوئی۔ تاتاریوں نے اپنے پُرزور حملوں سے خلیفہ مستنصر کے لشکر کو ایسا گھبرا دیا کہ دبنے کا کیا ذکر ہے بھاگنے تک کی طاقت نہ رہی سب کے سب میدان جنگ ہی میں موت کی نیند سو گئے خلیفہ احمد بھی ان ہی لوگوں کے ساتھ شہید ہو گیا۔ تاتاری لشکر اس مہم سے فارغ ہو کر موصل کی جانب بڑھا۔ سات مہینے تک صالح کا موصل میں محاصرہ کیے رہا۔ بالآخر بزور تیغ مفتوح کر لیا اور قتل و غارت گری کرتا ہوا موصل میں گھس پڑا۔ صالح غریب بھی ان کے ہاتھوں شہید ہو گیا۔

احمد بن ابو علی حسن حاکم بامر اللہ ۶۶۱ھ تا ۷۰۱ھ

خلیفہ مستنصر کی شہادت کے بعد الملک الظاہر کو مصر میں خاندان خلافت کے ایک دوسرے فرد کی تلاش ہوئی جو منصب خلافت کے فرائض منصبی ادا کرنے کا اہل ہو۔ آیندہ و روندہ سے استفسار کر رہا تھا کہ دفعتاً بغداد سے ایک شخص مصر میں وارد ہوا جو اپنے کو الراشد بن مسترشد کی طرف منسوب کرتا تھا۔ صاحب جہاں آرا اپنی تاریخ میں نسابہ مصریہ سے روایت کرتے ہیں کہ یہ شخص احمد بن حسن بن ابی بکر بن امیر ابو علی بن امیر حسن بن راشد تھا اور علامہ سیوطی ان کا نسب یوں بیان کرتے ہیں کہ یہ احمد بیٹا ہے امام ابوبکر کا۔ ابوبکر بیٹا علی کا، علی بیٹا احمد کا اور احمد بیٹا ہے امام مسترشد کا۔ انتہیٰ کلام صاحب مساق۔

احمد کے آباء میں مابین اس کے اور خلیفہ راشد و مسترشد کے کوئی اور شخص خلیفہ نہیں ہوا۔ الغرض الملک الظاہر نے اس کے ہاتھ پر خلافت اسلامیہ کی بیعت کی اور "الحاکم بامر اللہ" کا لقب دیا اس نے اپنی طرف سے امور خاصہ اور عامہ کے سفید و سیاہ کا اختیار الملک الظاہر کو مرحمت کیا۔ منبروں پر اس کے نام کا خطبہ پڑھا جانے لگا سکہ پر اس کا نام مسکوک کیا گیا۔ خلیفہ حاکم اسی حالت میں بیبرس الملک الظاہر اور اس کے بیٹوں کے زمانہ حکومت میں رہا۔ بعد اس کے صالح قلاوون اور اس کے بیٹے اشرف کا دور حکومت آیا اور خلیفہ حاکم بدستور اسی حال میں برج میں ٹھہرا رہا۔ پھر الملک الناصر محمد بن قلاوون کا دور دورہ ہوا۔ اسی کے عہد حکمرانی کے زمانہ میں خلیفہ حاکم نے ۷۰۱ھ میں وفات پائی۔

سلیمان بن حاکم مستکفی باللہ ۷۰۱ھ تا ۷۴۰ھ

حاکم کا جانشین اس کا بیٹا ابو الربیع سلیمان ہوا۔ اور "المستکفی باللہ" کا لقب اختیار کیا۔ بدستور قدیم اس کے نام کا خطبہ منبروں پر پڑھا گیا۔ سکہ مسکوک ہوا۔ ۷۰۲ھ میں خلیفہ سلیمان الملک الناصر محمد کے ساتھ دوبارہ تاتاریوں سے لڑنے کو نکلا۔ ۷۳۶ھ میں سلطان الملک الناصر محمد کو خلیفہ مستکفی سے سوء ظنی پیدا ہوئی گرفتار کر کے قلعہ میں نظر بند کر دیا ایک برس تک کسی سے

سے چلے جاؤ۔ یہ سن کر خلیفہ کو بڑا غصہ آیا، دونوں سے چلتے چلتے ان کی اہانت ہوئی۔ بعد چندے محمد تشیولی نے ترقی کی۔ اس پر سلطان الناصر نے خلیفہ مستکفی کو ۷۳۷ھ میں قوص کی طرف جلاوطن کر دیا۔ چنانچہ قوص ہی میں وہ ۵ برس بعد ۷۴۰ھ میں قبل وفات الملک الناصر مستکفی مر گیا۔

ابراہیم بن واثق باللہ ۷۴۰ھ تا ۷۴۱ھ

مستکفی نے خلافت سے پہلے اپنے بیٹے کو اپنا ولی عہد مقرر کیا تھا۔ چنانچہ وفات کے بعد مستکفی احمد کی خلافت کی بیعت کی گئی۔ احمد نے بیعت خلافت لینے کے بعد "الحاکم بامر اللہ" کا لقب اختیار کیا۔ مگر سلطان الملک الناصر نے اس ولی عہدی اور بیعت خلافت کو تسلیم نہ کیا۔ بعد اس کے مستکفی کے بھائی ابراہیم کو خلیفہ بنایا اور "الواثق باللہ" کا لقب دیا۔

احمد بن مستکفی حاکم بامر اللہ ثانی ۷۴۱ھ تا ۷۵۳ھ

اس واقعہ کے تھوڑے ہی دنوں بعد الملک الناصر کا انتقال ہو گیا تو امرائے سلطنت نے الملک الناصر کی اس تجویز کو فسخ کر کے واثق کو خلافت سے معزول کیا اور احمد کی خلافت کی بیعت کی اور "الحاکم بامر اللہ" کے لقب سے یاد کرنے لگے۔ واثق نے ۷۴۲ھ میں اور ۷۵۳ھ میں اس نے بھی وفات پائی۔

محمد بن معتضد متوکل علی اللہ ۷۶۳ھ تا ۷۸۵ھ

تب اس کا بھائی ابوبکر خلیفہ بنایا گیا اور "المعتضد باللہ" کے لقب سے ملقب ہو کر دس برس خلافت کر کے ۷۶۳ھ میں رحلت پائی۔ اس کا بیٹا محمد منصب خلافت پر سرفراز کیا گیا اور "المتوکل علی اللہ" کا لقب دیا گیا۔ ۷۷۸ھ میں سلطان اشرف شعبان بن حسین بن الملک الناصر کے ساتھ حج کو روانہ ہوا۔ ترکوں نے بدعہدی کی۔ بغاوت اور مخالفت کا بازار گرم کر دیا۔ مجبوراً سلطان اشرف مصر واپس آیا۔ امرائے ترک نے خلیفہ متوکل کو سلطنت اور بیعت خلافت کے بیعت کرنے کو طلب کیا۔ خلیفہ متوکل نے انکار کیا اور جواب دیا۔ ایک شخص نے جو امرائے ترک سے تھا، اس وقت تو حکومت و سلطنت پر مستولی ہو گیا تھا۔ ۷۷۹ھ میں ایبک کے تخت جاہ کے اور خلیفہ متوکل کے درمیان پیدا ہوئی تھی، خلیفہ متوکل کو معزول کر دیا اور اس کی جگہ زکریا بن ابراہیم کو منصب خلافت پر متمکن کیا۔ پانچ ماہ بعد ارکین دولت نے زکریا کو معزول کر کے خلیفہ متوکل کو دوبارہ منصب خلافت پر متمکن کیا۔ تھوڑے دنوں کے بعد پیش آیا قرطائی مصر کا ایک سردار تھا، خلیفہ کی سازش سے ۷۸۵ھ میں الملک الظاہر برقوق کے مقابلہ پر آیا۔ سلطان الملک الظاہر سے پہلے قرطائی نے خلیفہ متوکل کی سازش سے بغاوت اور سرکشی کی۔ الملک الظاہر نے مستعجل ہو کر سب خلیفہ متوکل کو قلعہ میں قید کر دیا۔

محمد بن ابراہیم واثق باللہ ۷۸۵ھ تا ۷۸۸ھ و زکریا بن ابراہیم ۷۸۸ھ تا ۷۹۱ھ

بجائے اس کے عمر بن ابراہیم الواثق کو منصب خلافت پر مامور کیا "الواثق باللہ" کا لقب دیا تقریباً تین برس زندہ رہ کر ۷۸۸ھ میں واثق نے وفات پائی۔ اس وقت سلطان الملک الظاہر نے اس کے بھائی زکریا کو مسند خلافت پر متمکن کیا جس کو بلبغا ترکی نے مسند خلافت پر بٹھایا تھا جیسا کہ ہم اوپر بیان کر آئے ہیں۔

محمد بن معتضد متوکل علی اللہ ۷۹۱ھ تا ۸۰۸ھ

اس کے بعد ۷۹۱ھ میں بلبغا ناصری نے اپنی طلب سے خلیفہ متوکل کو قید کرنے کی وجہ سے سلطان الملک الظاہر کی مخالفت کی اور جماعت جیزی سے فوج کشی کی سلطان الملک الظاہر نے خلیفہ متوکل کو قید سے باہر کر کے بدستور سابق منصب خلافت پر متمکن کیا اور پہلے سے زیادہ عزت و احترام کیا۔ ان دو قوتوں کے سلسلے میں بہت سے واقعات پیش آئے ہیں جن کا ہم کامل طور سے ان ترکوں کی حکومت کے ضمن میں بیان کریں گے جو منجملہ ان مقاصد کی رسم خلافت کے قائم کرنے والے تھے۔ بے شک اس مقام پر خلفاء کے حالات کے لکھنے پر ہم نے اکتفا کیا ہے جو خلافت کے متعلق تھے اور ان اخبار کو جو دولت و سلطنت سے تعلق نہیں رکھتے نظر انداز کر دیا ہے

منصب خلافت: یہ خلفاء منصب خلافت پر رسم خلافت کے پورا کرنے کے فرض منصبی کی بہ طریق شریعت ادائی و ارکان خاندان وغیرہ کو خطاب دینے کے لئے ہوتے تھے اور بعض کمال ایمان اور فرط محبت بغرض اتباع شروط و امامت یہ رسم قدیم ادا کی جاتی تھی۔ ملوک ہند کیا جس قدر بلاد بنگلہ میں اسلامی سلاطین تھے وہ برابر ان کی خلافت اور نیز ان سے جو پیشتر گزر چکے تھے خطابات اور سندات حکومت حاصل کیا کرتے تھے یہ سندات ملوک بنی تغلق وغیرہ کے ذریعہ توسط سے جو مصر میں تھے پیشوا ہوا کرتے تھے اور درخواستیں خلافت مآب کی خدمت میں پیش کر کے منظور کراتے تھے خلعت سند حکومت اور خطابات وغیرہ ان کو بھیجا کرتے تھے اور وہ ملوک ان امراء کی جو منصب خلافت کے قائم رکھنے والے تھے امداد بھی کیا کرتے

بمن اللہ و لطفہ

شجرہ انساب خلفاء عباسیہ جنہوں نے خلافت بغداد کے بعد مصر میں خلافت کی


مستظہر باللہ
ظاہر باللہ
احمد مستنصر باللہ
مسترشد باللہ
الحسن
علی
ابوبکر
احمد حاکم بامراللہ
مستکفی باللہ
ابوبکر معتضد باللہ
واثق باللہ
حاکم بامراللہ
متوکل علی اللہ
ابو زکریا

---

[1] خلفاء عباسیہ میں سب سے پہلے اسی کی خلافت کی مصر میں بیعت کی گئی۔

[2] اس کو ایبک نے منصب خلافت پر منصوب کیا تھا جو چند روز بعد معزول کیا گیا اس وجہ سے اس پر نمبر نہیں لگایا گیا۔